تاریخ
قطب شاہی علوی اعوان

مستند قدیم عربی، فارسی اور انگریزی کتب کی روشنی میں

محمد کریم خان اعوان

تاریخ قطب شاہی علوی اعوان

محمد کریم خان اعوان

محمد کریم خان اعوان کی دیگر کتب

ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان، سنگولہ، راولاکوٹ آزاد کشمیر

ISBN 978-969-7570-00-3

حضرت سالار مسعود غازیؒ | حضرت سالار ساہو غازیؒ | حضرت علی کرم اللہ وجہہ | حضرت سالار قطب حیدر شاہ غازی علویؒ | حضرت بابا سجاول علوی قادریؒ | حضرت سلطان باھوؒ

شجرہ نسب علوی، بنی عون، اعوان، قطب شاہی اعوان

تحقیق: محمد کریم اعوان وائس چیئرمین ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان 0312-9206639

تصدیق شدہ مستند شجرہ نسب علوی اعوان (بنی عون)

(1)	(2)	(3)	(4)	(5)	(6)	(7)	(8)
کتاب نسب قریش عربی (156ھ-236ھ) لابی عبداللہ المصعب صفحہ 77	کتاب المعقبین عربی 214ھ-277ھ ابی الحسن یحیٰ ص 101	جمہرۃ الانساب العرب عربی (384ھ) لابی محمد علی بن احمد صفحہ 59	تہذیب الانساب ونہایۃ الانساب عربی 449ھ ابی الحسن محمد ص 74-273	منتقلۃ الطالبیہ عربی 471 ھ۔ ابی اسماعیل ابراہیم طباطبا ص 303,352	المنتخب فی نسب قریش و خیار العرب عربی (656ھ) ابی عبداللہ بن عیسیٰ صفحہ 26	منبع الانساب فارسی (830ھ) سید معین الحق جھونسوی ص (103)363	بحر الانساب عربی (900 ہجری) تالیف السید محمد بن احمد صفحہ 245
ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب
علی	علی	علی	علی	علی	علی	علی المرتضی	علی
محمد الاکبر[محمد حنفیہ]	محمد بن الحنفیہ	محمد بن الحنفیہ	محمد [حنفیہ]	محمد [حنفیہ]	محمد الاکبر[محمد حنفیہ]	ابوالقاسم محمد حنیف	محمد بن الحنفیہ
علی	علی	علی	علی	علی	علی	علی عبدالمنان	علی برغوث
عون	عون	عون	عون	عون	عون	عون عرف قطب غازی	عون
محمد [اعہل]	محمد		محمد اعہل	محمد اعہل	محمد [اعہل]	محمد آصف غازی	محمد
''بنی عون''			علی	علی	قبیلہ ''بنی عون''	شاہ علی غازی	علی
			محمد[غازی]، احمد[غازی]	محمد، احمد، الحسین، عیسیٰ		شاہ محمد غازی	محمد، احمد، الحسین، عیسیٰ، الحسن، علی
						طیب غازی	
						طاہر غازی	

عطااللہ غازی

مندرجہ بالا شجرہ نسب کی وضاحت اور حوالہ جاتی کتب کے لیے رابطہ فرمائیں محمد کریم اعوان 0312-9206639

(9)	(10)	(11)	(12)	(13)	(14)	(15)	(16)
مرات مسعودی فارسی (1037ھ) عبدالرحمٰن چشتی ص 7	تاریخ حیدری اردو (1909ء) مولوی حیدر علی اعوان ص 7	بحر الجمان اردو (1332ھ) سید محبوب شاہ دانا صفحہ 135	تحقیق الاعوان (1966ء) ایم خواص خان گولڑہ اعوان صفحہ 148، 156	تاریخ علوی اعوان (1999ء) محبت حسین اعوان صفحہ 347، 370	علامہ یوسف جبریلؒ تعارف علوی قبیلہ ص 10 و انگلش بک ص 637	حقیقت الاعوان (2002ء) صوبیدار (ر) محمد رفیق علوی صفحہ 32، 52	تاریخ سادات وعلوی اعوان مشائخ (2001ء) زین العابدین علوی ص 14، 33
ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب
علی	علی	علی	علی	حضرت علیؓ	علی	حضرت علی کرم اللہ وجہہ	علی
محمد حنفیہؒ	محمد [محمد حنفیہ]	ابوالقاسم محمد الاکبر	محمد الحنفیہ	محمد الاکبر[محمد حنفیہ]	محمد الحنفیہ	ابوالقاسم محمد حنفیہ	محمد بن الحنفیہ
[علی]عبدالمنان	عبدالمنان غازی	علی	علی عبدالمنان	علی عبدالمنان	عبدالمنان	عبدالمنان غازی	علی
بطل غازی	بطل غازی	عون عرف قطب غازی بابا	عون عرف قطب غازی بابا	عون عرف قطب غازی	بطل غازی	بطل غازی	عبدالمنان عون سکندر غازی
محمد آصف [اعہل]	محمد محمد آصف [اعہل]	محمد آصف غازی	محمد آصف غازی	آصف غازی	آصف غازی	محمد آصف غازی	شاہ بطل غازی
عمر[علی] غازی	عمر[علی] غازی	شاہ غازی	شاہ عمر[علی]	شاہ غازی	عمر غازی	عمر غازی	شاہ عمر غازی
محمد غازی	محمد غازی	شاہ محمد غازی	شاہ محمد غازی	شاہ محمد غازی	محمد غازی	محمد غازی	شاہ محمد غازی
طیب غازی	طیب غازی	طیب غازی	شاہ طیب غازی	طیب غازی	طیب غازی	طیب غازی	شاہ طیب غازی
طاہر غازی	طاہر غازی	طاہر غازی	شاہ طاہر غازی	طاہر غازی	طاہر غازی	طاہر غازی	شاہ طاہر غازی
عطااللہ غازی	میر عطااللہ غازی	عطااللہ غازی	عطااللہ غاز	عطااللہ غازی	عطااللہ غازی	عطااللہ شاہ غازی	عطااللہ شاہ غازی
سالار ساہو غازی (داؤد)	میر قطب حیدر	سالار ساہو غازی	میر قطب حیدر (قطب شاہ)	قطب حیدر شاہ	قطب حیدر شاہ غازی	سالار میر قطب شاہ غازی	حضرت قطب شاہ غازی
سالار مسعود غازی		سالار مسعود غازی	11 فرزندان	11 فرزندان		9 فرزندان	مزمل علی کلغان

(17)	(18)	(19)	(20)	(21)	(22)	(23)	(24)
تاریخ اعوان (2009ء) محمد سرور خان اعوان صفحہ 163، 241، 247 شجرہ 27	تاریخ قطب شاہی علوی اعوان (2015) محمد کریم اعوان و مشتاق الٰہی اعوان ص 6	سوانحیات ملک قطب حیدر شاہ (2014) حافظ ریاض سیالوی ص 26	متاع رفتہ (تواریخ ہزارہ۔ ایک نظر میں) پروفیسر بشیر احمد سوز	تاریخ نیازی قبائل (2014) اقبال خان نیازی ص 1175	رحیل کارواں (2019) آمین یوسف زئی صفحہ 434	اعوان شخصیات ہزارہ (2019) محمد عظیم ناشاد صفحہ 4	حضرت بابا سجاول علوی قادریؒ تاریخ کے آئینے میں (2019) محمد کریم اعوان ص 9
ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب	ابی طالب
علی	حضرت علی کرم اللہ وجہہ	حضرت علی کرم اللہ وجہہ	حضرت علی کرم اللہ وجہہ	حضرت علیؓ	حضرت علی کرم اللہ وجہہ	حضرت علی کرم اللہ وجہہ	حضرت علی کرم اللہ وجہہ
محمد حنفیہؒ	محمد الاکبر[محمد حنفیہ]	حضرت محمد بن حنفیہؒ	محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ)	محمد الاکبر[محمد حنفیہ]	حضرت محمد حنفیہؒ	حضرت محمد حنفیہؒ	حضرت محمد حنفیہؒ
علی	علی عبدالمنان	غازی عبدالمنان	علی عبدالمنان	علی	غازی عبدالمنان	علی عبدالمنان	علی عبدالمنان
عون عرف قطب غازی بابا	عون قطب غازی	غازی بطلؒ	عون عرف قطب غازی	بطل (بطال)	عون قطب غازی	عون عرف قطب غازی لقب بطل	عون عرف قطب غازی لقب بطل
محمد آصف غازی	محمد آصف (اعہل) غازی	ملک آصف	محمد آصف غازی	محمد آصف غازی	محمد آصف غازی (محمد اعہل)	محمد آصف غازی	محمد آصف غازی
سید شاہ غازی	شاہ غازی	غازی عمرؒ	شاہ علی غازی	عمر غازی	شاہ علی غازی	شاہ علی غازی	شاہ علی غازی
محمد غازی	شاہ محمد غازی	غازی محمدؒ	شاہ محمد غازی	شاہ محمد غازی	شاہ محمد غازی	محمد غازی	شاہ محمد غازی
طیب غازی	طیب غازی	غازی طیبؒ	طیب غازی	طیب غازی	طیب غازی	طیب غازی	شاہ طیب غازی
طاہر غازی	طاہر غازی	غازی طاہرؒ	طاہر غازی	طاہر غازی	طاہر غازی	طاہر غازی	شاہ طاہر غازی
عطااللہ غازی	عطااللہ غازی	غازی نوراللہ (عطااللہ)	عطااللہ غازی	ابوعلی عرف عطااللہ غازی	عطااللہ غازی	عطااللہ شاہ غازی	عطااللہ شاہ غازی
شاہو غازی و میر قطب حیدر	سالار میر قطب حیدر	حضرت ملک قطب شاہؒ	سالار قطب حیدر شاہ غازی	میر قطب حیدر شاہ علوی اعوان	قطب حیدر شاہ غازی	سالار میر قطب شاہ غازی	حضرت قطب شاہ غازی
ص 163، 9 بیٹے	11 فرزندان	گیارہ فرزندان		11 فرزندان	گیارہ فرزندان	9 فرزندان	11 فرزند

ابی طالب
↓
حضرت علی کرم اللہ وجہہ
↓
حضرت محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہؒ
↓
علی عبدالمنان
↓
عون عرف قطب غازی لقب بطل غازی (قطب شاہ بابا)
↓
محمد آصف غازی
↓
شاہ علی غازی
↓
شاہ محمد غازی
↓
طیب غازی
↓
طاہر غازی
↓
عطااللہ غازی
↓
قطب حیدر شاہ غازی علوی (قطب شاہ ثانی)

عبداللہ گولڑہ — محمد شاہ کنڈان — مزمل علی کلگان — محمد علی — بہادر علی — نجف علی — زمان علی کھوکھر — جہان شاہ — فتح علی — نادر علی — کرم علی

نوٹ: قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے شجرہ نسب کی تصدیق کے لیے یہاں چند کتب کا حوالہ دیا گیا ہے جب کہ ان کے علاوہ سینکڑوں کتب ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان کی لائبریری میں موجود ہیں جن کی عکسی نقول عند الطلب مہیا کی جا سکتی ہیں

تاریخ

قطب شاہی علوی اعوان

مستند قدیم عربی، فارسی وانگریزی کتب کی روشنی میں

☆☆☆☆☆

کتاب ہذا میں

مارچ 2016ء تک دستیاب ہونے والے حوالہ جات بھی شامل ہیں

محمد کریم خان اعوان آف وادی سنگولہ

(e.mail:muhammad.karim1964@gmail.com)

اور

ملک مشتاق الٰہی اعوان آف وادی سون سکیسر

(e.mail:mushtaqelahi@yahoo.com.)

کی مشترکہ پیشکش

ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان، سنگولہ، راولاکوٹ آزاد کشمیر

ISBN 978-969-7570-00-3

نام کتاب	تاریخ قطب شاہی علوی اعوان
مولف	محمد کریم خان اعوان (0312-9206639)
معاون مولف	ملک مشتاق الٰہی اعوان (0302-2144561)
ناشر	سنگولہ پبلشرز 40 اردو بازار لاہور
سن اشاعت	ستمبر 2015ء
تعداد	1000
قیمت	795 روپے

کتاب ملنے کا پتہ

سنگولہ پبلشرز، 40 اردو بازار، لاہور (غلام شبیر اعوان 0321-4527293)	042-37245918
مسٹر بکس F-6/1، سپر مارکیٹ اسلام آباد	051-2278843
احمد بک کارپوریشن اقبال روڈ نزد کمیٹی چوک راولپنڈی	051-5558320
آزاد بک ڈپو بنک روڈ مظفر آباد	05822-442752
مکہ بکس بنک روڈ مظفر آباد	05822-449627
الطاہر بکس اینڈ اسٹیشنرز مدینہ مارکیٹ نزد سنگولہ روڈ راولاکوٹ آزاد کشمیر	0333-5993842
حاجی محمد سعید اعوان، ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان، اعوان منزل دبن سنگولہ راولاکوٹ	0346-5468623
محمد اکرم اعوان، پرنسپل حرا پبلک سکول آگرہ، ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان آگرہ سنگولہ	0312-4172883
ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان، یونی شاپنگ سینٹر عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی	0300-8939799
ملک مشتاق الٰہی اعوان ساکن مردوآل وادی سون سکیسر حال محمود آباد نزد تاج مسجد کراچی	0302-2144561
عبداللہ جان اعوان ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان، اسلام آباد	0334-5150817
ملک شوکت محمود اعوان، واہ کنٹ ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان	0300-9847582
ملک نذیر احمد اعوان، لاہور ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان	0331-0487990
ملک طارق محمود اعوان راولپنڈی، ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان	0333-5258450
ملک طارق مصطفیٰ اعوان، کھاریاں، گجرات، ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان	0304-8989860
ملک شوکت حسین علوی، مری، ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان	0315-5339063
ملک میر افضل اعوان، ایبٹ آباد، ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان	0301-8143847
مختصر خان اعوان، سعید مارکیٹ، بٹ گرام، ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان	0300-8112015
ملک عظیم ناشاد، مانسہرہ، ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان	0333-5020645

انتساب

عون قطب شاہ غازی

جد اعلیٰ

قطب شاہی علوی اعوان

قبیلہ

کے

نام

رجزی ترانہ از علامہ یوسف جبریؔل رحمتہ اللہ علیہ آف وادی سون سکیسر

ہندوستان میں ہم نے پیغام حق سنایا　　اپنے لہو سے اس کو اک گلستان بنایا
تاریکیوں کو ہم نے اس ملک سے مٹایا　　قرآں کی خوشبوؤں میں ہم نے اسے بسایا
علوی اعوان ہم وہی ہیں اولاد ہیں علیؓ کی

شیر ببر محمد بن حنفیہؒ وغا کے　　حسنینؓ کے وہ بھائی بیٹے وہ مرتضیٰ کے
بدلے لئے جنہوں نے شہدائے کربلا کے　　نام و نشان مٹائے دینا سے اشقیاء کے
علوی اعوان ہم وہی ہیں اولاد ہیں علیؓ کی

غازی امیر ساہو سالار غزنوی کے　　ہندوستان کی جنگوں میں یار غزنوی کے
عالی گہر قطب شاہ سردار غزنوی کے　　اعوان غزنوی کے انصار غزنوی کے
علوی اعوان ہم وہی ہیں اولاد ہیں علیؓ کی

ہاں تجھ کو یاد ہوگا اے سومنات جس دن　　توڑے تھے ہم نے تیرے لات و منات جس دن
باطل کی مٹ گئی تھی تاریک رات جس دن　　تھی آخرت کی ہم نے چاہی حیات جس دن
علوی اعوان ہم وہی ہیں اولاد ہیں علیؓ کی

بھڑائچ کی وغا میں سالار سترہ سالہ　　برسا عدو پہ بن کر اک شعلہ ء جوالہ
اور اپنا خوں بکھیرا میدان میں مثل لالہ　　سالار غازی مسعود اسلام کا جیالہ
روضے میں سو رہا ہے وہ اوڑھ کر دوشالہ　　قبر شہید کیا ہے اک روشنی کا ہالہ
علوی اعوان ہم وہی ہیں اولاد ہیں علیؓ کی

اے ارض پاک تو ہے اسلام کا ستارہ　　تیرے لئے ہے قربان جو کچھ بھی ہے ہمارا
اٹھیں گے ہم تڑپ کر تو نے جہاں پکارا　　تیری پکار ہو گی بارود کو اک شرارا
علوی اعوان ہم وہی ہیں اولاد ہیں علیؓ کی

جبریؔل دوربین نے لکھا ہے یہ ترانہ　　کہتا ہوں تجھ سے آخر اک حرف محرمانہ
نمرود نے جلائی پھر آگ ظالمانہ　　ہم پھر ادا کریں گے کردار مومنانہ
علوی اعوان ہم وہی ہیں اولاد ہیں علیؓ کی

(ہم نے طویل جدوجہد کے بعد قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ از اولاد عون قطب شاہ غازی بن علی بن محمد حنفیہؒ بن حضرت علیؓ کے جو قدیم ماخذ حاصل کیے ہیں وہ مرحوم علامہ یوسف جبریلؒ نے روحانی کشف کے ذریعہ رجزی ترانہ میں پہلے ہی بیان کردیئے ہیں)

فہرست

حضرت علی کرم اللہ وجہہ

حضرت امام حسنؓ — حضرت امام حسینؓ — حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) — حضرت عباسؓ علمدار — حضرت عمر الاطرفؒ

ابو ہاشم عبداللہ — علی عبدالمنان — جعفر

حسن — عبیداللہ — عون قطب شاہ غازی (جد اعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان) — عبداللہ — محمد الاکبر — محمد الاصغر

آصف غازی (محمد اصل)

علی شاہ غازی

علی — موسیٰ — حسن — شاہ محمد غازی — شاہ احمد غازی — حسین — عیسیٰ

طیب غازی

طاہر غازی

عطاءاللہ غازی

سالار ساہو غازی — سالار قطب حیدر غازی — سالار سیف الدین غازی

سعید الدین سالار مسعود غازی

عبداللہ گولڑہ — محمد کندلان — مزمل علی کلگان — در یتیم جہاں شاہ — زمان علی کھوکھر — فتح علی — محمد علی — نادر علی — بہادر علی — کرم علی — نجف علی

کتاب نسب قریش عربی ص77	منتقلۃ الطالبیہ عربی ص303	منبع الانساب فارسی ص103	مرات مسعودی فارسی ص7	بحر الجمان اردو ص135	تاریخ حیدری اردو ص7	تحقیق الاعوان اردو ص156	تاریخ علوی اعوان اردو ص47
لابی عبداللہ المصعب بن عبداللہ	ابی اسماعیل بن ناصر ابن طباطبا	سید معین الحق جھانسوی	عبدالرحمٰن چشتی	سید محبوب شاہ	مولوی حیدر علی لدھیانوی	ایم خواص خان ہزاروی	محبت حسین اعوان
(156ھ۔236ہجری)	(471ہجری)	(830ہجری)	(1005۔1094ہجری)	(1332ہجری)	(1909ء)	(1966ء)	(1999ء)

دیباچہ:

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ راقم مولف کی تصانیف ا۔تحقیق الانساب جلد اوّل 2007ء ۲۔تحقیق الانساب جلد دوم 2013ء میں شائع ہو چکی ہیں ان میں درجنوں قبائل کی تاریخ و شجر ہائے نسب درج ہیں۔ان کے علاوہ ،۳۔مختصر تاریخ علوی اعوان معہ ڈائریکٹری 2015ء ،۴۔تاریخ قطب شاہی علوی اعوان 2015ء تصانیف کی گئیں۔۵۔تحقیق الانساب جلد سوم ،۶۔حضرت بابا سجاول علوی قادریؒ تاریخ کے آئینے میں ،۷۔وادی سنگولہ تاریخ کے آئینے میں زیر طباعت ہیں اور ۸۔تاریخ قطب شاہی علوی اعوان جلد دوم بھی انشاء اللہ تصنیف کرنے کا ارادہ ہے۔ارشاد باری تعالیٰ ہے:۔**یا ایها الناس انا خلقنكم من ذكر و انثى و جعلنكم شعوبا و قبائل لتعارفو ا ان اكرمكم عند الله اتقكم ان الله عليم خبير .** اے لوگو ہم نے تمہیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تمہیں شاخیں اور قبیلے کیا کہ آپس میں پہچان رکھو۔ بیشک اللہ کے ہاں عزت والا وہ ہے جو تم میں سے زیادہ پرہیزگار ہے بیشک اللہ جاننے والا خبردار ہے (سورۃ الحجرات۔۱۳) رحمت عالم ﷺ کی ولادت اور بعثت کے وقت مکہ اور مدینہ میں کئی قبائل آباد تھے آپ ﷺ کی نبوت اور رسالت کے بعد بھی قبائل کا تصور اور وجود برقرار رہا، بلکہ نسل انسانی کی بقاء اور پہچان کے لیے قبائل اور گروہ کا وجود ہونا لازمی ہے۔آقائے دو جہاں حضرت محمد ﷺ کی تعلیمات اور ارشادات ربانی کی روشنی میں یہ بات بالکل واضح ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑھائی اور بزرگی کا معیار صرف اور صرف تقویٰ ہے۔

مولف کا مختصر تعارف : راقم مولف کی تاریخ پیدائش بمطابق میٹرک سرٹیفیکیٹ 15 جنوری 1964 ہے۔راقم کے والد محترم گاؤں سنگولہ دبن کے نمبردار تھے۔پرائمری تک تعلیم پرائمری سکول بیرموں سنگولہ، چھٹی وساتویں بوائز مڈل سکول بن بیک اور آٹھویں کی تعلیم بوائز ہائی سکول سنگولہ سے حاصل کی۔راقم نے فارسی کی تعلیم چھٹی وساتویں میں مڈل سکول بن بیک کے استاد محترم الیاس صاحب سے حاصل کی اور عربی کی تعلیم اسی سکول کے معلم محترم محمد اشرف صاحب اور ہائی سکول سنگولہ میں محترم محمد صابر صاحب سے حاصل کی۔میٹرک کا امتحان پرائیویٹ طور پر کراچی بورڈ سے پاس کیا، آئی کام گورنمنٹ نیشنل کالج شہید ملت روڈ کراچی، بی کام جامعہ ملیہ کالج ملیر کراچی، ایم اے بین الاقوامی تعلقات، ایم اے تاریخ اسلام کی اسناد بطور پرائیویٹ امیدوار جامعہ کراچی سے حاصل کیں اور وفاقی اردو لاء کالج کراچی سے قانون میں گریجویشن کی سند حاصل کی اور بی ایڈ کی سند آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹی مظفرآباد سے حاصل کی۔مشہور و معروف روحانی بزرگ حضرت بابا سجاول علوی قادریؒ

جن کا مزار سجاول شریف مانسہرہ میں مرجع خلائق عام ہے کے فرزند حضرت بابا سادم خان جو ہزارہ میں شادم خان کے نام سے مشہور ہیں اور ان کی اولاد ہزارہ میں شادوآل اور کشمیر میں سادوآل مشہور ہے تقریباً 600 سال قبل پچھلی ہزارہ سے نقل مکانی کرتے ہوئے ریاست پونچھ (راولاکوٹ کشمیر) آباد ہوئے ان کے پوتے حضرت بابا بہرام خان نے سنگولہ آباد کیا۔ان کے تین فرزند حضرت بابا اسماعیل خانؒ، حضرت بابا جمال خانؒ اور حضرت بابا سیٹ خانؒ ولی اللہ گزرے ہیں۔راقم کا شجرہ نسب اس طرح ہے: محمد کریم خان بن محمد خان نمبردار بن حشمت خان نمبردار بن غلام علی خان نمبردار بن فیض بخش خان نمبردار بن تاج محمد خان (نمبردار اوّل سنگولہ) بن تابڑ خان بن مومن خان بن رحمت اللہ خان بن کالا خان بن کلو خان بن محمود خان بن گھراج خان بن فیروز خان بن حضرت بابا اسماعیل خانؒ بن حضرت بابا بہرام خانؒ بن حمید اللہ عرف بڑھا بابا بن حضرت بابا سادم خانؒ بن حضرت بابا سجاول علوی قادریؒ بن بابا پیو خان بن بابا موپال خان بن بابا کالا خان بن بابا قابل خان بن بابا سانس خان بن خلیل خان بن مزمل علی کلگان بن سالار قطب حیدر غازی بن عطا اللہ غازی بن طاہر غازی بن طیب غازی بن شاہ محمد غازی بن شاہ علی غازی بن محمد آصف غازی بن عون عرف قطب شاہ غازی لقب بطل غازی (جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان) بن علی عبدالمنان بن حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔

نومبر 2014ء کے آخری ہفتہ میں ہمارے نہایت ہی مخلص ساتھی ملک مشتاق الٰہی اعوان ساکن مردوآل وادی سون سکیسر حال محمود آباد کراچی (0213-5899733) جو قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کی تاریخ و تحقیق پر اپنی عمر کا بیشتر حصہ صرف کر چکے ہیں نے بذریعہ فون خوشخبری دی کہ قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کی ایک اور چھ سو سالہ پرانی قدیم اور مستند تاریخ ''منبع الانساب'' فارسی تالیف سیّد معین الحق جھونسوی قدس سرہ العزیز (1426 عیسوی) کا اردو ترجمہ علامہ ڈاکٹر ارشاد احمد رضوی ساحل شہسرامی ایم اے پی ایچ ڈی علی گڑھ دستیاب ہو چکی ہے۔جس میں قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کا ''قطب شاہی علوی اعوان'' ہونے کا ایک اور مستند ثبوت اور شجرہ نسب ص 363 تا 366 پر عون قطب شاہ غازی بن علی عبدالمناف بن محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد سے سالار مسعود غازیؒ (قطب شاہی علوی اعوان) وغیرہ درج ہیں اور یہ کتاب انٹرنٹ پر www.makhdoom-e-jhunsi.webs.com پر دستیاب ہے۔اللہ تعالیٰ کی مزید کرم نوازی یہ ہوئی کہ ملک مشتاق الٰہی اعوان ہی کی نشاندہی پر مرات مسعودی از عبدالرحمٰن چشتی (سن 1074ھ) کے چار قدیم خطی قلمی نسخے بزبان فارسی راقم نے حاصل کیے۔مرات مسعودی کا سب سے قدیم اور مستند نسخہ جو محمد اویسؒ نے 22 جمادی الاوّل 1074ھ کو مولف کتاب ہذا عبدالرحمٰن چشتی کی زندگی میں کتابت کیا تھا اور یہ نسخہ کتبخانہ گنج

بخش مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان اسلام آباد میں اصل حالت میں موجود ہے اور اس کی نقل راقم مولف کے بھتیجے عبداللہ جان اعوان آف دبن سنگولہ حال ایگزیکٹیو ایڈیٹر ماہنامہ اعوان انٹرنیشنل اسلام آباد کی وساطت سے حاصل ہوئی۔اس اہم اور بنیادی ماخذ مخطوطہ کا باریک بینی سے مطالعہ کیا گیا بعد از مطالعہ یہ بات سامنے آئی کہ ابتدائی صفحات 1 تا 13 نصف بوسیدہ ہو چکے ہیں اور چار صفحات 69،70،208و209 سرے سے موجود ہی نہیں۔مزید تین قدیم فارسی نسخہ جات خطی جو نور میکرو فلم دہلی انڈیا و مولانا آزاد لائبریری مسلم یونیورسٹی علی گڑھ (انڈیا) میں اصل حالت میں موجود ہیں کے حصول کے لئے راقم مولف نے نور میکرو فلم کی انتظامیہ سے رابطہ قائم کرتے ہوئے ان تین نسخہ جات کی عکسی نقول بھی حاصل کیں۔ان تین نسخہ جات کی دستیابی اور تحقیقی تقابلی جائزہ کے بعد ''قطب شاہی علوی اعوان'' کی تاریخ کے اہم ماخذ ''مرات مسعودی فارسی'' کا ایک مستند اور نادر نسخہ ترتیب دیا گیا۔اس نسخہ کی ترتیب میں راقم کے بھتیجے مولانا ضیاء اللہ جان اعوان ساکن دبن سنگولہ حال رائے ونڈ لاہور اور فارسی اور عربی کے ماہر ریٹائرڈ پروفیسر محمد فضیل ہاشمی ساکن مظفر آباد نے بھی رہنمائی فرمائی۔راقم مولف کی عربی اور فارسی کمزور تر ہے اسی لیے راقم نے اصل عبارت اور عکسی نقول شامل کتاب کی ہیں تا کہ میری غلطیوں کو نظر انداز کرتے ہوئے قارئین کرام خود مطالعہ فرماتے ہوئے سچ اور حقیقت تک پہنچ سکیں۔

ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان کے بانی چیئرمین و مولف تاریخ علوی اعوان محترم جناب محبت حسین اعوان جو اس تمام تگ و دو میں شامل رہے ان سے درخواست کی گئی کہ وہ موجودہ دریافت شدہ ماخذوں کی روشنی میں ''قطب شاہی علوی اعوان'' کے نام سے کتاب لکھیں مگر انہوں نے راقم مولف محمد کریم خان اعوان سے فرمایا کہ آپ ''تاریخ علوی اعوان'' کا از سر نو جائزہ لیں اور نئی کتاب لکھیں انہوں نے مزید ارشاد فرمایا کہ تاریخ علوی اعوان میں شامل شجر ہائے نسب کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے ایک ایسی کتاب ترتیب دیں جس پر مورخین انگشت نمائی نہ کر سکیں۔آپ نے خصوصی طور پر اس خواہش کا اظہار بھی فرمایا کہ کتاب مختصر اور جامع ہونی چاہیے اور موجودہ نادر ماخذوں کی عکسی نقول بھی اصل حالت میں شامل کتاب کی جائیں تا کہ قارئین پڑھ کر خود فیصلہ کر سکیں کہ حق اور سچ کیا ہے۔چنانچہ حکم ہذا کی تعمیل کی گئی راقم نے مناسب سمجھا کہ اس اہم فریضہ کی ادائیگی کے لئے محترم ملک مشتاق الٰہی اعوان ساکن مردوآل وادی سون سکیسر حال کراچی کی تحقیقی کاوش سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ان کی تحقیق کو بھی ''تاریخ قطب شاہی علوی اعوان'' کا حصہ بنایا جائے تا کہ قارئین کرام ان کی تحقیقی کوششوں سے بھی مستفید ہو سکیں۔لہذا حسب الارشاد جناب محبت حسین اعوان مرات مسعودی فارسی کی مکمل عکسی نقول کے علاوہ 13 انساب کی عربی و فارسی کتب کی متعلقہ حصہ کی عکسی نقول کتاب ہذا کے ص 422 تا 431 پر بطور ضمیمہ شامل

کرتے ہوئے عون قطب شاہ غازی (جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان) اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد ہونے کی مناسبت سے کتاب ہذا کا نام ''تاریخ قطب شاہی علوی اعوان'' تجویز ہوا۔

سب سے پہلے ''تاریخ علوی اعوان'' کا ان نادر ماخذوں کی روشنی میں جائزہ لیا گیا۔تاریخ علوی اعوان ایڈیشن 1999ء کے صفحہ 264 و ایڈیشن 2009ء کے صفحہ 272 پر محبت حسین اعوان رقمطراز ہیں ''محمد الاکبر کے بیٹے علی کی اولاد سے ایک بیٹے کا نام عون تھا غالباً عون کا لقب سکندر غازی (عرف قطب غازی) ہو کیونکہ مراۃ مسعودی (تاریخ حیدری ص 7) میں عون سکندر غازی کا نام سالار مسعود غازی کے شجرہ نسب میں آتا ہے اس لئے اس نام کی اہمیت اپنی جگہ پر موجود ہے اگر شجرہ نسب کی ترتیب درست کر دی جائے تو پھر سکندر غازی ''عون'' کا لقب تھا اور عون، علی کا بیٹا، محمد الاکبر کا پوتا اور حضرت علیؓ کا پڑپوتا تھا۔علوی اعوان اسی عون سکندر غازی (عرف قطب شاہ غازی) کی نسل سے ہیں'' جناب محبت حسین اعوان نے تاریخ علوی کے ایڈیشن 1999ء کے ص 347 شمارہ نمبر 28 پر اور تاریخ علوی اعوان ایڈیشن 2009ء کے ص 360 کے شمارہ نمبر 28 پر تذکرۃ السادات بحر الجمان تالیف سیّد محبوب شاہ کے حوالہ سے سو فیصد وہی شجرہ نسب درج کیا ہے جو منبع الانساب میں بھی درج ہے۔لیکن محبت حسین اعوان نے مرات مسعودی کو بحر الجمان سے قدیم ماخذ جانتے ہوئے اس کے مطابق شجرہ نسب سائنسی و تکنیکی بنیاد پر ترتیب دیا۔

اب جب کہ مرات مسعودی سے بھی دو سو سالہ قدیم اور مستند کتاب منبع الانساب جو 830 ھجری بمطابق 1426 عیسوی میں لکھی گئی ہے فارسی و اردو ترجمہ دونوں دستیاب ہو چکی ہیں کے مطابق ''حضرت شاہ ابوالقاسم محمد حنیف بن علی مرتضیٰ بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے فرزند حضرت علی عبدالمناف تھے ان کے ایک صاحبزادے عون عرف قطب غازی (جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان) تھے۔حضرت عون عرف قطب غازی کے ایک صاحبزادے آصف غازی تھے اور آصف غازی کے ایک صاحبزادے شاہ غازی، شاہ غازی کے دو صاحبزادے شاہ محمد غازی اور شاہ احمد غازی تھے۔شاہ احمد غازی نے سبزاوار کو اپنا وطن بنایا۔سید حامد خان سبزاواری بھی شاہ احمد کی نسل سے ہیں جن کا مزار قلعہ مانک پور میں ہے حضرت سید احمد غازی کی اولاد بہت ہیں۔سید شاہ محمد غازی کے ایک صاحبزادے سید طیب غازی ہیں جن کے ایک صاحبزادے سید طاہر غازی ہیں۔سید طاہر غازی کے ایک صاحبزادے سید عطاء اللہ غازی اور ان کے صاحبزادے سید ساہو غازی ہیں۔سید ساہو غازی کی شادی سلطان محمود غزنوی کی ہمشیرہ کے ساتھ ہوئی۔ان سے ایک صاحبزادے سید سعید الدین سالار مسعود غازی ہیں۔آپ سادات علوی سے ہیں۔اکثر اشراف سادات حضرت سید سالار مسعود غازی کے ہمراہ ہندوستان تشریف

لائے ہیں۔منبع الانساب میں درج شجرہ نسب کا دیگر تاریخی کتب تذکرۃ السادات بحر الجمان، مستطاب آئینہ اعوان تحقیق الاعوان اور تاریخ علوی اعوان کے عین مطابق پایا۔اس طرح صدیوں پرانی روایات جن کے مطابق قطب شاہی علوی اعوان، حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد ہیں کی تصدیق پر ایک اور مہر ثبت ہوئی۔منبع الانساب میں عون عرف قطب شاہ غازی جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان واضح طور پر درج ہے۔ مرات مسعودی میں عون قطب شاہ غازی کے نام اورعرف کے بجائے صرف لقب بطل غازی درج ہے یہ یا تو کتابت کی غلطی کی وجہ سے ہوا ہے قطب اور بطل میں ط مشترک ہے نیز لقب بھی بطل غازی ہوسکتا ہے جس کے معنی نامور، ہیرو، بہادر، غازی کے ہیں۔نیز ابن بطوطہ نے اپنے سفر نامہ ہند (734ھ تا 743ھ) میں جب سالار مسعود غازی (قطب شاہی اعوان) کے مزار واقع بہڑائچ شریف، سلطان فیروز شاہ تغلق کے ہمراہ حاضری دی اور اس نے سفر نامہ میں سالار مسعود غازی کے نام سے پہلے ''بطل'' یعنی نامور، ہیرو، بہادر، غازی درج کیا۔سفر نامہ ابن بطوطہ عربی کے مطابق بھی سالار مسعود غازی کے نام کے ساتھ البطل اور نام عود درج ہے۔نزہۃ الخواطر میں بھی درج ہے ''الصالح البطل سالار مسعود'' معلوم ہوا کہ بطل نام نہیں بلکہ لقب ہے اور جیسا کہ عرب میں ہر شخص کا نام، عرف، کنیت ولقب کا عام رواج ہے اسی طرح قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ جو کہ عربی النسل ہے کے جداعلیٰ کا نام عون عرف قطب شاہ غازی اور لقب بطل غازی ہے۔عون کا عرف قطب غازی تھا۔''قطب'' کے معنی سردار قوم۔اعلیٰ و برگزیدہ کے ہیں۔عون قطب شاہ غازی کا لقب بطل ہے اور سالار مسعود غازی کا لقب بھی بطل ہے نیز سپہ سالار یا قائد حریت کے نام کے ساتھ بطل حریت لکھا جاتا ہے کشمیر کے کئی آزادی پسند حریت رہنماؤں کے نام کے ساتھ بطل حریت لکھا جاتا ہے۔لیکن سب سے اہم بات یہ ہے کہ منبع الانساب فارسی اور مرات مسعودی فارسی میں درج دونوں شجرہ نسب میں 11، 11 پشتیں درج ہیں جو ہر لحاظ سے درست، مستند اور آپس میں مطابقت رکھتی ہیں۔

مرات مسعودی میں عون قطب شاہ کے بجائے صرف لقب بطل غازی درج ہونے سے یہ سمجھا جار ہا تھا قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے شجرہ نسب میں درج سالار قطب حیدر غازی کے نام میں بھی ''قطب'' آتا ہے۔اور قطب کی وجہ سے سالار قطب حیدر غازی ہی تمام قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے جداعلیٰ ہیں۔لیکن 600 سالہ قدیم و مستند فارسی کتاب منبع الانساب میں بطل غازی لقب کے بجائے عون قطب شاہ غازی سے یہ ثابت ہو چکا کہ عون قطب شاہ غازی جن کا لقب بطل غازی ہے ہی تمام قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے جداعلیٰ ہیں اور سالا قطب حیدر غازی کے علاوہ مندرجہ بالا سات پشتوں سے جو اولاد ہوئی وہ بھی سب کی سب

قطب شاہی علوی اعوان ہے۔اور سالار قطب حیدر غازیؒ، سالار ساہو غازیؒ، سالار سیف الدین غازیؒ اور سلطان الشہداء سالار مسعود غازی شہیدؒ سب ہی قطب شاہی علوی اعوان ہیں اور سالار مسعود غازی کے ساتھی شہداء اور غازیان کی تعداد جو تقریباً 1000 تھی اور ان میں زیادہ تر قطب شاہی علوی اعوان ہیں۔

جناب محبت حسین اعوان کی تالیف تاریخ علوی اعوان کا دوسری صدی ہجری کی معروف کتاب نسب قریش عربی کے مندرجات سے تقابلی جائزہ لیا گیا کتاب نسب قریش عربی کے ص 77 پر عون (قطب شاہ غازی) کی اولاد بنی عون درج ہے نیز قدیم عربی مخطوطہ فی تسمیۃ من ولد الامام امیر المومنین، المعقبون، کتاب المقالات الفرق، جمہرۃ الانساب، تہذیب الانساب، الفخری، لباب الانساب، منتقلۃ الطالبیہ، منبع الانساب، عمدۃ الطالب، کتاب المعقبون جلد سوم، کتاب المعقبین، بحر الانساب، مرات مسعودی، مرات الاسرار، تذکرۃ السادات بحر الجمان، نزھت الخواطر، تاریخ حیدری اور تحقیق الاعوان وغیرہ میں درج تاریخی حوالہ جات اور شجرہ نسب کا تقابلی جائزہ لیا گیا بعد از تحقیق یہ ثابت ہوا کہ تاریخ علوی اعوان ایڈیشن 1999ء کے صفحہ 264 و 370 و ایڈیشن 2009ء کے صفحہ 272 و 384 پر درج مندرجات اور منبع الانساب فارسی میں درج شجرہ نسب میں سو فیصد مطابقت ہے۔منبع الاناب فارسی ص 103 اردو ترجمہ ص 64-363 اور تاریخ علوی اعوان میں درج شجرہ نسب شمارہ 28 ''سعید الدین سالار مسعود غازی بن سالار ساہو غازی بن عطاء اللہ غازی بن طاہر غازی بن طیب غازی بن شاہ محمد غازی بن سید [علی] شاہ غازی بن آصف غازی [محمد اسھل] بن عون عرف قطب شاہ غازی بن علی عبد المنان بن محمد الاکبر بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ سو فیصد درست مستند اور قدیم ہے۔اور معمولی ترمیم و تصحیح کے بعد بلا شک وشبہ یہ ثابت ہوا کہ بیسویں صدی عیسوی میں قطب شاہی علوی اعوان پر لکھی جانے والی کتاب ''تاریخ علوی اعوان'' کو مستند ماخذ کی حیثیت حاصل ہے۔قطب شاہی علوی اعوانوں کی تاریخ یقیناً اب تمام مراحل اور امتحانوں سے گزر کر پاس ہو چکی ہے۔جس کے لئے ہم جناب محبت حسین اعوان کی بے لوث خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے نسب قریش عربی، منبع الانساب فارسی اور تہذیب الانساب عربی منتقلۃ الطالبیہ عربی کی عدم دستیابی کے باوجود جو تاریخ لکھی وہ بعد میں دستیاب ہونے ماخذ سے مکمل مطابقت رکھتی ہے۔بلا مبالغہ محبت حسین اعوان نے تاریخ علوی اعوان لکھ کر برصغیر پاک و ہند کے قطب شاہی علوی اعوانوں پر احسان عظیم کیا ہے۔

یاد رہے کہ شجرہ نسب تاریخ نہیں ہوتی بلکہ مختلف شجر ہائے نسب کا تقابلی جائزہ لیتے ہوئے تاریخی روایات کی روشنی میں ایک مستند اور بہتر شجرہ نسب ترتیب دیتے ہوئے تاریخ کی کڑیاں جوڑی جاتی ہیں۔جیسا کہ

کتاب نسب قریش عربی میں عون بن علی بن محمد (الحنفیہ) درج ہے جب کہ منبع الانساب فارسی میں عون عرف قطب غازی بن علی عبدالمنان بن ابوالقاسم محمد حنیف درج ہے۔اب یہ آپ پر منصر ہے کہ اس کو الجھانا چاہتے ہیں یا سلجھانا چاہتے ہیں۔قبل ازیں ہم زبانی روایات ،قدیم شجرہائے نسب اور مرات مسعودی کی روشنی میں قطب شاہی علوی اعوان کہلاتے چلے آرہے ہیں ۔دوسری صدی ہجری کی مستنداورقدیم کتاب نسب قریش عربی سے بنی عون (اعوان) اورآٹھویں صدی ہجری کی کتاب منبع الانساب سے'' قطب شاہی اعوان'' کہلائے جانے کے مستند ماخذ دستیاب ہوئے ہیں۔کتاب نسب قریش عربی کے ص 77 پر یوں درج ہے'' وولدعون بن علی بن محمد بن علی بن ابی طالب :محمداً؛ورقیہ؛وعلیۃ بنی عون ۔''۔ہمارے بزرگان دادتحسین کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اپنے قبیلہ کے اس عظیم نام کو صدیوں تک سنبھالے رکھا انہوں نے صدیوں پرانا قدیم ٹائیٹل ''قطب شاہی علوی اعوان'' کو درست اور صحیح سمجھتے ہوئے اپنایا۔اس طرح قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کا از اولاد حضرت محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے ہونا صدیوں پرانی عربی وفارسی کتب سے درست،صحیح اور سچ ثابت ہو چکا ہے۔اورسب سے اہم بات یہ ہے کہ نسب قریش عربی کے مصنف کا تعلق بنی مصعب زبیری قبیلہ سے ہے جوعون قطب شاہ غازی کے فرزند محمد آصف غازی کے سسرال والے ہیں اس طرح مصنف کتاب نسب قریش عربی عون قطب شاہ غازی کے گھر کے فرد تھے اور منبع الانساب فارسی کے مولف کا تعلق سادات حسینی سے ہے۔اس طرح ان دونوں مصنفین کی قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ سے قریبی خاندانی تعلق اور نسبت تھی اس لئے ان کی تحقیق ہر لحاظ سے درست ہے۔

مولوی حیدرعلی لدھیانوی نے 1896ء میں ''تاریخ علوی'' کے نام سے اعوانوں کی تاریخ لکھی جس میں سب کے سب اعوانوں کو حضرت محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ، کی اولاد سے درج کیا اس کے بعد مرات مسعودی کے حوالے سے مزید تحقیقی ثبوت کہ ساتھ تاریخ حیدری 1909ء میں لکھی جوان کی وفات کے بعد 1922ء میں ان کے فرزند نے شائع کی جس کے ص 7 پر قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کا یہ شجرہ نسب یوں درج ہے''میر قطب حیدر بن میر عطااللہ بن طاہر غازی بن طیب غازی بن عمر[علی]غازی بن محمد غازی بن[محمد] آصف غازی بن بطل غازی[عون عرف قطب شاہ غازی] بن [علی]عبدالمنان غازی بن عون سکندر غازی بن محمد حنفیہ بن علی مرتضیٰؓ۔'' راقم مولف کا خیال ہے کہ مولوی حیدرعلی اعوان ،قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے پہلے شخص ہیں جہنوں نے یہ دو کتب'' تاریخ علوی'' اور''تاریخ حیدری'' لکھیں ان دونوں کتب میں قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کو محمد حنفیہؒ کی اولاد درج کیا۔حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد ہاشمی،سادات ،حسنی،گیلانی، حسینی،موسوی ، بخاری،گردیزی،ترمذی، علوی،اعوان،قطب شاہی علوی اعوان، گولڑہ،کلگان، شادوآل،تاجوآل اور اسی طرح

کی ہزار ہا شاخ سے لکھی اور پکاری جاتی ہے۔اورنسب کی تمام کتب میں عون بن علی بن محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ درج ہونے کی وجہ سے یہ قبیلہ عون جس کی جمع اعوان ہے کے نسبی نام سے پکارا جارہا ہے نیز سبکتگین اور سلطان محمودغزنوی کی بھرپوراعانت کرنے پر بھی انہون نے بھی اعوان کا خطاب دیااور یہ ایک معتبر اور مستند روایت ہے یعنی لفظ''اعوان''نسبی بھی ہے اور خطابی بھی۔

مگر صد افسوس ہمارے ایک آدھ بھائی تحقیقی تنقید نہیں کرتے بلکہ ذاتیات پر اتر جاتے ہیں اور تنقیص کرتے ہیں جو کہ درست عمل نہیں ہے۔جیسا کہ میں نے قبل ازیں درج کیا ہے کہ جیسا کہ کتاب نسب قریش عربی میں عون بن علی بن محمد (الحنفیہ) درج ہے جب کہ منبع الانساب فارسی میں عون عرف قطب غازی بن علی عبدالمنان بن ابوالقاسم محمد حنیف درج ہے آپ نے اگر اس شجرہ نسب پر اعتراض کرنا ہے تو آپ کہیں گے کہ نسب قریش میں صرف''عون'' لکھا ہے اور منبع الانساب میں''عون عرف قطب غازی'' نسب قریش میں علی لکھا ہے اور منبع الانساب میں علی عبدالمنان درج ہے نسب قریش میں محمد بن علی بن ابی طالب ہے جبکہ منبع الانساب میں ابوالقاسم محمد حنیف لکھا ہے اوراسے پیوندکاری سمجھ بیٹھے۔جب کہ ماہرین انساب کے نزدیک یہ شجرہ نسب 100 فیصد درست ہے۔اوراس شجرہ نسب کی نفی کرنے والے جس شجرہ نسب کا وہ دعویٰ کرتے ہیں نسب کی کوئی بھی پرانی عربی وفارسی کتاب آج تک پیش نہ کر سکے اور فرضی کتب کے حوالے دے رہے ہیں جو آج تک انہوں نے نہیں دیکھی۔بس لکیر کے فقیر ہیں۔انہیں یہ یاد رکھنا چاہیے کہ حدیث نبویﷺ جس کا مفہوم ہے حضور نبی کریمﷺ نے فرمایا! جس نے اپنے آپ کو اپنے باپ کے سوا کسی اور کا بیٹا کہا اور وہ جانتا ہو کہ وہ شخص اس کا باپ نہیں اس پر جنت حرام ہے (بخاری،مسلم،ابوداؤد)۔کوئی بھی مسلمان جس نے یہ حدیث سنی یا پڑھی ہے وہ اپنے قبیلہ کا شجرہ نسب بغیر کسی حوالہ کے غلط نہیں درج کرسکتا۔لہذا یہ معاملہ پیچیدہ ہے ۔یہ انفرادی معاملہ نہیں ہے بلکہ یہ اجتماعی ہے زیادہ مستند قدیم روایات اور مستند ثبوت ہی قابل قبول ہوں گے تاوقت کہ اس سے بہتر اور مستند ثبوت میسر ہوتے۔ہمارے نزدیک حضرت عباس علمدارؓ اور حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) دونوں برابر ہیں اور قابل ذکر ہستیاں ہیں ۔حضرت عباس علمدارؓ نے کربلا میں امام عالی مقام کا ساتھ دیا اور حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) نے ان کے قاتلین سے انتقام لیا دونوں حضرت علی کرم اللہ وجہہ، کے فرزندار جمند ہیں اور حضرت عمرالاطرفؒ کی اولاد کا بھی انساب کی کتب میں ہرات و ملتان کا حاکم ہونا اور ہند،سندھ اور ملتان وغیرہ میں آباد ہونے کا مستند ثبوت ملتا ہے۔اوروہ بھی ہاشمی،علوی اور اعوان ہیں۔لیکن اب تک دستیاب ثبوت کے مطابق''قطب شاہی علوی اعوان''صرف محمد حنفیہؒ کی اولاد ہیں۔منبع الانساب فارسی ص 103 اردو ترجمہ ص 363 کے مطابق ابوالقاسم محمد حنیف المعروف م محمد حنفیہؒ کی

نویں پشت میں سالار ساہو غازی (سپہ سالار غزنی فوج) بن عطا اللہ غازی کی شادی سلطان محمود غزنوی کی ہمشیرہ ستر معلیٰ سے ہوئی تھی جن کے بطن مبارک سے سعید الدین سالار مسعود غازی (قطب شاہی علوی اعوان) پیدا ہوئے اور الفخری فی انساب الطالبین کے ص 178 کے مطابق حضرت عمر الاطرفؒ کی اولاد سے محمد بن اسماعیل بن ابی الحسن الرئیس ہرات بن الحسین بن حمزہ بن القاسم بن جعفر بن عقیل کا نکاح مشہور سلجوقی بادشاہ سلطان الپ ارسلان کی بیٹی سلجوقیہ بنت سلطان الپ ارسلان سے ہوا تھا جن کے بطن سے السید العالم المرتضٰی پیدا ہوئے۔علوی وقطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کی دونوں حکمران شاہی خاندانوں غزنوی اور سلجوقی سے قریبی رشتہ داری ہونا،ان کی جہاد ہند میں شمولیت مرتبہ ومقام سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ غزنی اور ہرات میں محمد حنفیہؒ اور عمر الاطرف کی اولادوں کی کس قدر اہمیت تھی۔

قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ حضرت محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد سے ہے اور اس قبیلہ کے لوگوں نے جہاد بھی کیا اور تبلیغ بھی۔اور اپنے حسن اخلاق سے غیر مسلموں کو حلقہ بگوش اسلام کیا جس کی مثال سعید الدین سالار مسعود غازیؒ ہیں جن کا رعایا کے ساتھ حسن سلوک مرات مسعودی میں درج ہے اور ہر سال ان کے عرس میں لاکھوں لوگ شامل ہوتے ہیں جن میں مسلمانوں کے علاوہ ہندو بھی کثیر تعداد میں شریک ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ان کے لشکر کے تمام ساتھی شہید ہونے کے باوجود ان کے مزارات اور قبروں کا صدیوں سے محفوظ ہونا بھی واضع مثال ہے بیان کیا جاتا ہے کہ سالار مسعود غازیؒ نے کسی کو زبردستی مذہب تبدیل کرنے پر مجبور نہیں کیا۔ایک ایسا قبیلہ جس نے آغاز اسلام سے ہی دین اسلام کی اشاعت اور سربلندی کے لئے اپنا آبائی وطن مکۃ المکرّمہ اور مدینہ طیبہ سے ہجرت کرتے ہوئے خراسان،غزنی،ہرات وہند میں اسلام کی سربلندی کے لئے فی سبیل اللہ جہاد کیا ہو اور جس قبیلے کے کارہائے نمایاں روز روشن کی طرح عیاں ہوں اور حیدر کرارؓ سے لے کر تا حال اس قبیلہ کے معززین اور عظیم سپوتوں نے دینی علمی وعسکری میدان میں اہم خدمات سرانجام دی ہوں۔ ان قابل قدر سپوتوں میں حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) نے حق وصداقت کا علم بلند رکھا ان کے بعد ان کے فرزند ابو ہاشم عبداللہ غازی نے بنوامیہ کے خلاف علویوں کی انقلابی تحریک کو جلا بخشی۔ابو ہاشم عبداللہ غازی کی وفات کے بعد ان کے بھائی علی اور ان کے بھتیجے عون قطب شاہ غازی نے بھی بنوامیہ کے خلاف خفیہ چھاپہ مار کاروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا۔

بنی امیہ کی بنی ہاشم اور خاص طور علویوں پر ظلم وستم اور بنی امیہ کے خلاف علوی تحریک کی چھاپہ مار کاروائیوں سے عیاں ہوتا ہے کہ عون قطب شاہ غازی (جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان) نے 126ھ سے پہلے

یابعد یا اسی زمانے یا بنی امیہ کے آخری دور حکومت میں ہی مدینہ منورہ سے معہ اہل وعیال اپنے بھتیجے یحیٰی بن زید کے ساتھ یابعد میں خراسان،غزنی وہرات کی جانب ہجرت کرنے میں ہی اپنی اور اپنے دین وخاندان کی عافیت جانی۔یحیٰی بن زید کی شہادت کے بعد عون قطب شاہ غازی یا ان کی اولاد نے غزنی وہرات کو اپنا مسکن بنایا جس کا واضع ثبوت صدیوں پرانی سینہ بہ سینہ روایات ہیں کہ ہم قطب شاہ غزنی وہرات کی اولاد سے ہیں ممکن ہے عون قطب شاہ غازی کا مدفن غزنی یا ہرات میں ہی ہو جس کی وجہ سے ہرات وغزنی کا نام ہمارے اجداد نے ہمیشہ بیان کیا ہے نیز سالار ساہو کی اہلیہ محترمہ ستر معلیٰ کا غزنی میں دفن ہونا اور سالار ساہو قطب شاہی علوی اعوان کا وطن غزنی ہونا مستند کتب سے ثابت ہونا یہ دلالت کرتا ہے کہ عون قطب شاہ غازی غزنی میں ہی قیام پذیر رہے ہوں گے۔ اور قطب شاہی اعوان بعد میں سبکتگین یا سلطان محمود غزنوی کے دور میں سابق ہند اور موجودہ پاکستان کے علاقوں وادی سون سکیسر،پشاور،ہزارہ اور کشمیر وغیرہ میں آباد ہوگئے جس کا ثبوت مختلف تاریخی کتب میں بھی ملتا ہے کہ سلطان محمود غزنوی نے قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کو دھن کوٹ (کالاباغ) وادی سون وغیرہ میں آباد کیا۔ نیز تیمور کے خلاف 1398ء میں قلعہ مریٹھ کا دفاع کرنے والوں میں الیاس اعوان کا نام بھی درج ہے جس نے جان قربان کر دی مگر ہتھیار نہ ڈالے۔آئین اکبری،اکبر بادشاہ کے دور میں لکھی گئی اس میں دریائے سندھ و دریائے جہلم کے درمیانی علاقوں کے نام لکھے ہیں اس میں ایک علاقے کا نام آوان درج کیا ہے اس علاقے میں قطب شاہی اعوان آباد ہیں اور یہ علاقہ صدیوں سے اعوان کاری کہلاتا ہے۔ایک علاقے کا نام دھن کوٹ (کالاباغ) درج ہے یہاں بھی قطب شاہی علوی اعوان آباد ہیں۔(واللہ العالم بالصواب)

جیسا کہ ذکر کیا جا چکا ہے کہ قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کی تاریخ مستند قدیم کتب کی روشنی درست اور مکمل ہے۔قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ ''عون'' جن کا عرف ''قطب غازی'' اور لقب بطل غازی ہے دوسری صدی ہجری میں لکھی جانے والی معروف کتاب نسب قریش میں ان کی اولاد اپنے جداعلیٰ عون قطب شاہ غازی کے نام کی نسبت سے ''بنی عون'' درج ہے۔نسب قریش میں بنی عون درج ہونا بھی ''اعوان'' قبیلہ کی وجہ تسمیہ کو مزید تقویت دیتا ہے اس کے علاوہ 600 سالہ قدیم مستند فارسی کتاب منبع الانساب میں عون کا عرف قطب غازی درج ہیں جو قطب شاہی علوی اعوان کہلانے کی نسبت ایک اور مستند ثبوت ہے۔سلطان محمود غزنوی سے جب اس کے بھائی اسماعیل نے حکومت چھین لی جب وہ مہم میں مصروف تھا تو قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے سالار ساہو غازی سپہ سالار،سالار سیف الدین غازی،سالار قطب حیدر غازی اور دیگر قطب شاہی علوی اعوانوں نے سلطان محمود غزنوی کی بھرپور مدد کرتے ہوئے اسے حکومت دلوانے میں اہم کردار ادا کیا نیز جہاد ہند میں بھی

سلطان محمود غزنوی کے ساتھ عظیم کارہائے نمایاں سرانجام دیتے ہوئے بھرپور مدد کی جس کا ذکر مرات مسعودی ،مرات الاسرار، تاریخ فیروز شاہی وغیرہ میں بھی درج ہے۔

اعوان کے معنی حامی و مددگار کے ہیں جس کی وجہ سے ایک معتبر روایت کے مطابق سلطان محمود غزنوی نے خوش ہو کر اپنی ہمشیرہ ستر معلیٰ کی شادی سالار ساہو غازی قطب شاہی علوی اعوان سے کردی اور قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کو جو پہلے ہی اپنے جداعلیٰ ''عون'' کی وجہ سے بنی عون/اعوان کہلاتا تھا جس کے معنی حامی و مددگار کے ہیں کو سلطان محمود غزنوی نے بھی'' اعوان'' کا خطاب عطا فرمایا۔ایک دوسری روایت میں سبکتگین و سلطان محمود غزنوی نے قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے امراء کو جہاد ہند میں بھرپور اعانت و مدد کرنے پر''اعوان'' کا خطاب دیا۔قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ اپنے جداعلیٰ عون کی وجہ سے اعوان اور قطب شاہ کی وجہ سے قطب شاہی اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی نسبت سے علوی بھی کہلاتا ہے ۔گمان کیا جاسکتا ہے کہ سبکتگین یا سلطان محمود غزنوی نے کہا ہو کہ آپ نسبی طور پر''اعوان'' ہیں۔اپنے نسبی نام کے عین مطابق آپ نے ہماری مدد کی ہم بھی آپ کو''اعوان'' کا خطاب دیتے ہیں۔جیسا کہ ذکر ہوا عون قطب شاہ ہی قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے جداعلیٰ ہیں جس کا ثبوت قدیم عربی و فارسی کتب سے بھی ہو چکا جن میں نسب قریش و منبع الانساب قابل ذکر ہیں کے علاوہ ابتدائی بندوبست، انگریز مصنفین کے علاوہ تاریخ تذکرۃ السادات ،بحرالجمان ،تحقیق الاعوان اور تاریخ علوی اعوان سے بھی یہ ثابت ہوا کہ قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) کی اولاد ہے۔اور قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے نسب نامہ میں جو معمولی فرق نام، عرف، کنیت اور لقب وغیرہ کا تھا وہ بھی درست ہو چکا ۔جیسا کہ قبل ازیں ذکر کیا جاچکا ہے کہ شجرہ نسب تاریخ نہیں ہوتی۔ بلکہ یہ تاریخ کے ان ذیلی علوم میں سے ایک ہے۔علم الانساب ،شجرہ نسب یا نسب نامہ کے ذریعہ خاندان یا قبیلہ کی اصل، علاقائی تعلق، خاندانی روایات اور خصوصیات وغیرہ کا مطالعہ کرنے سے حقیقی تاریخ معلوم کی جاسکتی ہے۔قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کی تعداد لاکھوں میں ہے اور یہ ممکن نہیں کہ ہر قطب شاہی علوی اعوان کے پاس مستند شجرہ نسب موجود ہو۔لہذا ضرورت اس امر کی ہے کہ قدیم تاریخی روایات اور شجرہائے نسب کا مختلف زاویہ نگاہ اور تکنیکی و سائنسی بنیادوں پر جائزہ لیتے ہوئے تاریخ کا حصہ بنایا جائے۔

علاوہ ازیں راقم مولف نے قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کی تاریخ سے دلچسپی و آگہی رکھنے والے حضرات کو بذریعہ فون اورانٹرنٹ مطلع کیا تھا کہ اگر کسی کے پاس حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے فرزندان محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ)، عباس علمدارؒ اور عمر الاطرفؒ کی اولادوں کا ہند میں آنے کا مستند ثبوت اور ان کا قطب شاہی

علوی اعوان ہونے کا مستند ثبوت عربی اور فارسی کتب و شجرہائے نسب کی روشنی میں اگر دستیاب ہو تو وہ راقم تک پہنچائیں انہی کے نام سے تاریخ قطب شاہی علوی اعوان میں شائع کیا جائے گا۔نیز سینکڑوں پمفلٹ بھی تنظیم الاعوان پاکستان اسلام آباد کے اجلاس میں تقسیم کیے گئے تھے لیکن تاوقت تحریر کسی نے رابطہ نہیں کیا۔راقم مولف نے شب و روز کی کوششوں سے ازگرہ خود لاکھوں روپے ماخذ اور طباعت و اشاعت پر صرف کیے اور تین درجن سے زائد نسب کی کتب کے مطالعہ کے بعد جس قدر تحقیقی معلومات دستیاب ہوسکیں انہیں مختصر تاریخ علوی اعوان اور تاریخ قطب شاہی علوی اعوان کا حصہ بناتے ہوئے ہوئے آپ تک پہنچایا ہے اس کا احساس انہی کو ہوگا جو ان منازل سے گزر چکے ہیں۔

میرا ہرگز یہ دعویٰ نہیں ہے کہ میری تحقیق سو فیصد درست، حتمی اور غلطیوں سے مبرا ہے۔غلطیاں ہوں گی کوشش کے باوجود کسی نہ کسی مقام پر غلطی رہ جاتی ہے،ان لوگوں کا ممنون احسان ہوں گا جو غلطیوں کی نشاندہی اور جائز تنقید و اصلاح کرتے ہوئے مجھے اپنی قیمتی آراء سے آگاہ فرمائیں گے انشاء اللہ بعد از تحقیق جلد دوم میں درستگی کی جائے گی۔آخر میں ان تمام مصنفین و مولفین جن کے حوالہ جات کتاب ہذا میں درج ہیں کا بے حد شکرگزار ہوں ان دوست احباب کا بھی خاص طور پر احسان مند ہوں جہنون نے کسی نہ کسی حوالہ سے کتاب ہذا کی تحقیق ،ترتیب و تدوین میں معاونت فرمائی خصوصاً ملک اورنگزیب اعوان ساکن برٹ مانسہرہ حال اسلام آباد، ملک مشتاق الٰہی اعوان ساکن مردوآل وادی سون حال کراچی ، غلام شبیر اعوان مالک سنگولہ پبلشرز لاہور، بلال مہدی بھکر، ملک شوکت حیات خان اعوان ساکن راولاکوٹ حال مظفرآباد، ،محمد فاروق اعوان آف سنگولہ دبن حال اسلام آباد، عبداللہ جان اعوان و مولانا ضیاء اللہ جان اعوان آف دبن سنگولہ حال اسلام آباد، ڈاکٹر ایس اے اعوان آف سنگولہ ہیمہ ناڑی حال اسلام آباد، ڈاکٹر شاہجہان اعوان (کینڈا) جاوید عزیز اعوان (امریکہ)، ملک میر افضل اعوان ایبٹ آباد، طارق محمود اعوان راولپنڈی، مختصر اعوان بٹ گرام، ملک عظیم ناشاد مانسہرہ، طارق مصطفیٰ اعوان کھاریاں، مہتاب احمد عباسی ،سیّد کاظم علی شاہ مظفرآباد، اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین۔

طالب دعا

محمد کریم خان اعوان

اعوان منزل دبن سنگولہ راولاکوٹ

18/ستمبر 2015ء

قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ انگریز مولفین کی نظر میں:

قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے افراد نے صدیوں پرانی روایات کی روشنی میں ہمیشہ یہ بیان کیا ہے کہ وہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے فرزند محمد الاکبر (محمد حنفیہ ؒ) کی اولاد ہیں اور محمد حنفیہؒ کی اولاد سے قطب شاہ تھے جس کی وجہ سے وہ قطب شاہی بھی کہلاتے ہیں اور ان کے اجداد نے سبکتگین اور سلطان محمود غزنوی کے ساتھ جہاد ہند میں حصہ لیا جس کی وجہ سے انہوں نے اعوان کا خطاب بھی دیا۔ تاریخی روایات کے علاوہ اعوان قبیلہ کے پاس شجرہ ہائے نسب دستاویزی ثبوت بھی تھے تاہم انگریز اور دیگر مصنفین نے ''اعوان'' قبیلہ سے متعلق مختلف آرا قائم کیں۔ لیکن قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے بزرگوں نے شجرہائے نسب کی روشنی میں جو صدیوں پرانی روایات بیان کین وہ نسب قریش 1 اور منبع الانساب 2 نے سچ ثابت کردیں۔ انگریز مصنفین نے قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کی تاریخ جس طرح بیان کی وہ یوں ہے:

گلوسری آف دی ٹرائبز 3 اینڈ کاسٹس آف دی پنجاب اینڈ نارتھ ویسٹ فرنٹئر پراونسیز کے مصنف ای ڈی میکلیگن اینڈ ایچ اے روز نے سر ڈینزل ابٹسن KCSI کی پنجاب مردم شماری رپورٹ 1892ء کی بنیاد پر مرتب کی اور یہ پہلی مرتبہ 1911ء میں شائع ہوئی تھی اس کا اردو ترجمہ ذاتوں کا انسائیکلوپیڈیا 4 کے ص 40 پر ''اعوان'' کے عنوان کے حوالہ سے لکھتے ہیں ''ایک روایت کے مطابق اعوان جو عرب ماخذ کے دعویدار ہیں قطب شاہ کی اولاد ہیں اور ہندوستان پر حملہ آور ہونے والی مسلمان افواج کے ساتھ بطور ''مددگار'' گئے۔ کپورتھلہ میں ایک اور روایت انہیں علوی سادات ثابت کرتی ہے جہنوں نے عباسیوں کی مخالفت کی اور بھاگ کر سندھ آ گئے، بالاآخر وہ سبکتگین کے حلیف بنے جس نے انہیں اعوان کا خطاب دیا لیکن اس قبیلے کے بارے میں دستیاب بہترین بیان یہ ہے کہ اعوان یقیناً عرب ماخذ رکھتے ہیں اور قطب شاہ کی نسل سے ہیں۔ لیکن کہا جاتا ہے کہ وہ ہرات پر حکومت کرتا تھا اور ہندوستان پر محمود غزنی کے حملے کے وقت اس کے ساتھ مل گیا۔ اس کے بیٹوں میں سے چھ ساتھ آئے: گوہر شاہ یا گورارا جو سکیسر کے قریب آباد ہوا؛ کلان شاہ یا کلگان جو دھن کوٹ (کالاباغ) کے قریب آباد ہوا؛ چوہان جس نے دریائے سندھ کے قریب پہاڑیوں کو بسایا۔ کھوکھر یا محمد شاہ جو چناب کے کنارے مقیم ہوا؛ توری اور جھجھ جن کی اولادیں اب بھی تیراہ اور گردونواح میں آباد بتائی جاتی ہیں۔۔۔ قطب شاہ کی اولاد ہونے کے دعویدار ہونے کے باعث اعوانوں کو اکثر قطب شاہی بھی کہا جاتا ہے''

Glossary of the Tribes and Castes of the Punjab & North West Frontier Province Based on the Census Report for the Punjab 1883 by late Sir DENZIL EBBETSON,K.C.S.I., and the Census Report for the Punjab, 1892, by the Hon. Mr. E.D.Mac LAGAN,C.S.I., & compiled by H. A. ROSE VOL-II,1911,Page No.26 as appended below:-"Awans, who claim Arab origin, are descendants of Qutb Shah, him self descended from Ali, and

were attached to the Muhammadan armies which invaded as auxiliaries,whence their name. In Kapurthala a moer precise version of their legend makes them Alwi Sayyids, who opressed by the Abbassides, sought refuge in Sindh; and eventually allied themselves with Sabuktagin, who bestowed on them the title of Awan. But in the best available accounts of the tribe the Awans are indeed to be of Arabian origin and deseendants of Qutb Shah, but he is said to have ruled Herat and to have joined Mahmud of Ghazni when he invaded India. With him came six of many sons: Gauhar Shah or Gorrara, who settled near Sakesar: Kalan Shah or Kalgan who settled at Dhankot(Kalabagh): Chauhan who coloniesed the hills near the Indus: Khokhar or Muhammad Shah who settled on the Chenab: Tori and Jhajh whose deseendants are said to be still found in Tirah and elsewhere...As claiming descent from Qutb Shah the Awans are often called Qutb-shahi, and sometimes style themselves Ulvi(Alvee). List of Awan sub-claus mentioned as: Bagwal, Bajra, Biddar, Chandhar, Gorare, Harpal, Jajkhuh, Jand, Jhan, Khambre, Kalgan, Malka, Mandu, Mangar, Mirza, Pappan, Ropar,etc.

پنجاب کاسٹس از سر ڈینزل ابٹسن 1881ء کی مردم شماری رپورٹس کا ترجمہ پنجاب کی ذاتیں 5 کے صفحہ 389 تا 398 پر اعوان قبیلہ کے حوالہ سے درج کیا مختصراً لکھا جاتا ہے۔ ''میں نے اعوانوں میں ان سب کو بھی شامل کیا ہے جہنوں نے خود کو قطب شاہی بتایا۔ وہ خود کو غزنی کے قطب شاہ کی نسل سے قرار دیتے ہیں جو حضرت علی کی کسی دوسری بیوی کی اولادوں میں سے تھا نہ کہ حضرت فاطمہؓ کی۔ قطب شاہ تقریباً 1035ء میں ہرات سے آ کر پشاور کے نواح میں رہائش پذیر ہوا۔ اس کے بعد سے وہ کوہستان نمک میں پھیل گئے اور اپنے آزاد قبیلہ تشکیل دیئے جن میں سے کالاباغ کا سردار بطور قبیلوی سربراہ تسلیم کیا گیا۔ مسٹر برانڈرتھ کی رائے میں یہ امکان زیادہ غالب ہے کہ وہ ''بیکٹرین یونیوں کی وہ اولادیں ہیں جہنیں خانہ بدوش تاتاری قبائل نے بلخ سے جنوب کی طرف دھکیل دیا اور وہ ہرات سے ہندوستان کی جانب مڑ گئے۔۔ مزید لکھتے ہیں اعوان گزشتہ 600 سال سے میانوالی کے خطہ کوہستان نمک میں بلا شرکت غیرے قابض رہے ہیں۔ مسٹر تھامسن نے اپنی جہلم سٹلمنٹ رپورٹ کے سیکشن 73 اور 74 میں اس حوالے سے بات کی ہے وہ اپنے اس نتیجے کی حمایت میں کافی ٹھوس دلائل پیش کرتے ہیں کہ اعوان ایک جٹ نسل ہیں۔۔ مسٹر تھامسن نے اعوانوں کو اپنی عادات واطوار میں صاف گو اور خوشگوار، لیکن کینہ جو پرتشدد اور فرقہ وارانہ کہا۔ کرنل ڈیویز بھی ان کے بارے میں پسندیدگی کے ساتھ سوچتے ہیں وہ لکھتے ہیں کہ اعوان ایک بہادر اور پرجوش لیکن نہایت آرام طلب نسل ہیں۔۔ وغیرہ وغیرہ''

The claim of deseent from Qutb Shah, who him self said to have been deseendant of Hazarat Ali son of Hazrat Abu Talib by other wives than Hazrat Fatima daughter of Hazrat Muhammad(P.B.U.H).(Ref: Revised Settlement District Shahpur 1866)

The Awan has been Muslaman from the begining and are Arabian orign and are descended from one Qutab Shah Ghazi and through him Hazrat Ali(RA) the son in law of Hazrat Muhammad(P.B.U.H) and Qutab Shah ruled in Herat but joined with his followers Sultan Mehmood Ghazni in invation of Indus receiving the name of Awan or Helper.(Ref: Jehlum Ghazatt 1904 part "A")

ہزارہ گزیٹیئر 1884ء از ایچ ڈی واٹسن 6اس کا ترجمہ پروفیسر افتخار احمد نے کیا اور 2010ء میں مکتبہ جمال لاہور نے شائع کیا کے صفحہ 44 پر درج ہے ''اعوان تمام ضلع میں پھیلے ہوئے ہیں۔ یہ ہر دوسرے قبائل کے ساتھ آباد ہیں ان کی تعداد 90474 ہے۔ یہ توانا، خوش اخلاق اور عمدہ کاشتکار ہوتے ہیں۔ ان میں زیادہ تر قطب شاہی ہیں۔ دوسری اہم شاخیں کھوکھر اور چوہان ہیں۔ سب سے اہم خاندان سکندر پور قاضی وں کا ہے ان کا تعلق گولڑہ قطب شاہیوں سے ہے۔ ان کا سردار قاضی عبدالغفور کا پوتا قاضی فضل الٰہی ہے قاضی عبدالغفور میجر ایبٹ کا دست راست تھا۔ اس کے پاس 2000 سے زائد کی جاگیر ہے اور وہ ہری پور کا میونسپل کمشنر بھی ہے اس خاندان کا ایک اور سرکردہ ممبر قاضی عبداللہ جان سب رجسٹرار ہری پور ہے۔ اس کا والد خان صاحب قاضی میر عالم مشہور کمشنر تھا ریٹائرمنٹ کے بعد اسے اعزازی مجسٹریٹ درجہ اوّل بنا دیا گیا''۔

The Turis themselves have two stories as to their orign, one of which is that they were formerly settled in Prsia, but, trubles breakingout, Toghani Turk, the common anecestor of the Turis and Jajis, fled east word and eventually settled at Nilab; while the other story states that they came originaly from Samarkand to Nilab.Both of these stories, though differing as to their original habitat of the tribe, are agreed that the tribe claims decent from a turk named, toghani. The Awans of the Jehlum District , who claim decent from one Kutab shah, a former ruler of Herat, state that the Jajis and Turis are also desended from him but by a Turky wife.(Ref:Book Frontier & Overseas Expeditions from India vol-II, ch.6 p/305)

انگریزوں کے مطابق اعوانوں نے بیان کیا کہ وہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی غیر فاطمی اولاد سے قطب شاہ کی اولاد ہیں جو غزنی سے سلطان محمود غزنوی کے ساتھ جہاد ہند میں شامل ہوئے 1035ء

کو ہرات سے پشاور آئے اور 600 سال سے بلاشرکت غیرے میانوالی پر قابض ہیں۔ قطب شاہ کے فرزند گوہر شاہ یا گورارا جو سون سکیسر، کلان شاہ یا کلگان دھن کوٹ (کالاباغ) آباد ہوئے چوہان دریائے سندھ کے کنارے اور کھوکھر یا محمد شاہ چناب کے کنارے آباد ہوئے۔ انگریزوں نے اعوان قبیلہ کا جٹ اور یونانیوں سے تعلق بھی بیان کیا لیکن وہ یہ ثابت نہ کر سکے۔ جب کہ اعوان قبیلہ نے سینہ بہ سینہ تاریخی روایات اور شجرہ ہائے نسب ثبوت پیش کرتے رہے۔ ایک ایسا قبیلہ جو سلطان محمود غزنوی کے ساتھ جہاد میں شامل رہا ہو اور جن کی تاریخ شہداء کے خون سے رنگین ہو اور اس کے ہزاروں آدمیوں نے جام شہادت نوش فرمایا ہو، باقی ماندہ بچ جانے والے لوگ بمشکل پشاور، وادی سون سکیسر اور دھن کوٹ (کالاباغ) وغیرہ پہنچے اور نئے سرے سے زندگی کی شروعات کیں۔ بلاشبہ اعوان قبیلہ نے اپنی جو تاریخ انگریزوں کے سامنے بیان کی تھی وہ منبع الانساب منظر عام پر آنے کے بعد سو فیصد درست ثابت ہو چکی۔

کتاب Frontier & Overseas Expeditions from India کے مندرجہ بالا اقتباس میں توری اور جاجی قبیلہ کو طوغانی ترک لکھا گیا ہے اور اسی کتاب میں ایک دوسری روایت کے مطابق ضلع جہلم (جس میں تلہ گنگ بھی شامل تھا) کے اعوانوں کا موقف درج ہے کہ وہ قطب شاہ جو ہرات کے حاکم تھے کی ترکی بیوی کی اولاد سے ہیں۔ تزک تیموری 1398ء میں وادی ایراب (Hariob Valley) کے باشندوں کو اوغان لکھا گیا ہے اور یہ تیمور کے وقت وہاں موجود تھے۔ بابر بادشاہ نے لوگر اور گردیز صوبوں کے باشندوں کو اوغان شال لکھا ہے ان صوبوں میں افغان اس وقت آباد نہ تھے جب کہ 1600ء میں لکھی گئی آئین اکبری میں اوغان یا اوغان شال قبیلے کا ذکر ان علاقوں میں درج نہ ہے۔ لباب الانساب کے ص 727 پر درج ہے ''السادات والاشراف الذین یاخذون الارزاق وریوع (فی جمیع النسخ: کانوا) الاوقاف من دیوان غزنہ ونواحیھاء باھتمام نقیب النقباء ابی محمد الحسن بن محمد الحسینی۔ اولاد محمد بن الحنفیہ: علی بن الحسین، وابناء الحسین بن علی، والقاسم بن علی، ومنصور بن علی وحمزہ بن علی وعبدالملک بن علی وسکینہ بنت علی ورسیۃ بنت علی''۔ تہذیب الانساب کے ص 74-273 کے مطابق علی بن محمد بن عون (قطب شاہ غازی) فرزند حسین بن علی کی اولاد کی اولاد ہند میں ہے۔ اور **منتقلة** الطالبیہ تالیف ابی اسماعیل بن ناصر ابن طباطبا (471ھ) کے ص 352 کے مطابق حسن بن علی بن محمد بن عون (قطب شاہ غازی) بن علی بن محمد الحنفیہ کی اولاد بھی ہند میں آباد ہے۔ لباب الانساب کی مندرجہ بالا عبارت سے اخذ ہوتا ہے یہ قطب شاہی علوی اعوان، حسین بن علی اور حسن بن علی کی اولاد سے ہوں۔ حیرت کی بات ہے کہ لباب الانساب میں سے سادات فاطمی؇، حضرت محمد حنفیہؒ اور حضرت عمر الاطرفؒ کی اولاد کا سندھ، ملتان و ہند کا حصہ غائب ہے جب کہ تہذیب الانساب، الفخری وغیرہ میں تفصیل کے ساتھ درج ہے۔ لباب الانساب جو 565ھ میں لکھی گئی کے ص 617 پر نقیب غزنی کے عنوان سے درج ہے ''ھو السید النقیب ابوالقاسم بن الحسین بن [عبداللہ بن] حمزہ بن القاسم بن جعفر بن عقیل بن جعفر الملک الملتانی ابن محمد بن

عبداللہ بن محمد بن عمر بن علی بن ابی طالب علیہ السلام ۔ وتقدم الکلام فی اولاد جعفر الملک ، اما عقیل بن جعفر، فقد مات والعقب منہ فی الرئیس حمزۃ ، وابی جعفر عبدالرحمٰن ، وعلی ، ومحمد ، وکان میران ، وجعفر وتوفّی عبیداللہ بن العباس وھوابن خمس وخمسین سنۃ“ ۔ مندرجہ بالاتحریروں سے معلوم ہوتا ہے کہ نقیب غزنی ونواح محمد حنفیہؒ وعمر الاطرف کی اولادیں قابل ذکر حیثیت وتعداد میں موجود تھیں ۔

محبت حسین اعوان مصنف ” اعوان اور اعوان “ گوتیں ص 90 پر توری اور ص 209 پر جھاج گوتوں کا اندراج کرتے ہوئے رقمطراز ہیں ”پشتون قبائل کے مولف محمد احسان اللہ نے انہیں اعوان گوت میں شمار کیا ہے لیکن یہ نہیں بتایا کہ قطب شاہ کے کس بیٹے کی اولاد ہیں“ ۔ مولف گلوسری آف ٹرائب نے توری اور جاجی کو قطب شاہی اعوان لکھا ہے ۔ اگر یہ عون قطب شاہ بن علی عبدالمنان ر عبدالمناف بن محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد سے نہیں ہیں تو ممکن ہے غزنی و گردونواح میں آباد حسن وحسین پسران علی بن محمد بن عون (قطب شاہ غازی) کی اولاد وہاں سے ہجرت کر کے اپنے دیگر بھائیوں کے پاس اعوان کاری میں آباد ہو گئے ہوں ۔ واللہ العالم بالصواب ۔

مارشل ریسز آف انڈیا کے مولف مائیک مون نے پنجابی مسلمانوں میں قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کو پہلے نمبر پر درج کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اعوان بہادر اور جنگجو اور آئیڈیل سولجر ہیں اور یہ عرب ماخذ اور حضرت علیؓ کی نسل سے ہیں ۔

مندرجہ بالا انگریز مورخین کی تحریر سے بھی یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچی کہ قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ نے خود کو حضرت علی اور ان کی اولاد سے قطب شاہ غزنی کی اولاد بیان کیا اور سلطان محمود غزنوی کے ہمراہ آنے کا ذکر کیا ۔ جس کا ثبوت سفر نامہ ابن بطوطہ، منبع الانساب، مرات مسعودی، مرات الاسرار، تاریخ بحرالجمان، قلمی کتاب مستطاب آئینہ الاعوان ودیگر قدیم نسخہ جات سے بھی ملتا ہے ۔ اور محمود غزنوی نے اعوانوں کو سکیسر میں آباد کیا اور کچھ علاقوں پر انہوں نے خود ہی قبضہ کر لیا جہلم سٹلمنٹ 1883ء کی رپورٹ کے مطابق تلہ گنگ جہلم میں تھا اور وادی سون بھی جہلم میں شامل تھی ۔

عبدالقادر حسن کا کالم ”دشمنیاں سیاسی وغیر سیاسی باتیں“ :

معروف کالم نگار اور اعوان قبیلہ کے عظیم سپوت عبدالقادر حسن آف کھوڑا وادی سون ، روزنامہ جنگ راولپنڈی مورخہ 19 اپریل 1994ء کے کالم دشمنیاں : سیاسی وغیر سیاسی باتیں میں اعوان قبیلہ کی آپس میں دشمنیاں قتل ولڑائی جھگڑوں کے حوالے سے لکھا ہے مختصراً اقتباس درج ہے ”صدیاں گزریں کہ اعوان قبیلہ سرزمین عرب سے ہجرت کر کے طول طویل مسافتیں طے کرتا ہوا افغانستان کے راستے پشاور کی وادی میں داخل ہوا کہا جاتا ہے کہ سلطان محمود غزنوی کے ہمراہ کسی حملے میں اس شمشیرزن قبیلہ کے بزرگ اس کے معاون تھے اور اسی سلسلے میں ہندوستان میں داخل ہوئے یہ قبیلہ جہاں سے گزرا اس کے کچھ لوگ وہاں آباد ہوتے چلے گئے ۔ افغانستان کا ایک لیڈر احمد شاہ مسعود اسی قبیلہ سے تعلق رکھتا ہے ۔ وادی پشاور میں اپنے کچھ افراد چھوڑتے ہوئے یہ مہاجر قبیلہ سلسلہ کوہستان نمک کے آخری حصہ میں آ کر رک گیا یہ اس کی طویل ہجرت کا آخری پڑھاؤ

تھا ۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ صدیوں پر پھیلے ہوئے اس سفر میں یہ لوگ چلتے چلتے تھک گئے تھے کہ کوہستان نمک کے سرسبز و شاداب وادیوں سے آگے نہ بڑھے یا پھر یوں عرب کے بے رنگ صحراؤں کے بعد انہوں نے جس خطے میں شادابی دیکھی تو ان کے قدم یہیں رک گئے ۔ پاکستان کے جن دوسرے حصوں میں اس قوم کے کچھ لوگ آباد ہیں وہ کوہستان نمک کی اپنی وادیوں میں سے اکادکا سفر کر کے وہاں پہنچے اور اس کی بڑی وجہ یہ تھی کہ اس قبیلے کی دشمنیاں اس قدر سخت وتوانا رہی ہیں آپس کی جنگوں میں جن لوگوں کو شکست ہوئی وہ اپنا علاقہ چھوڑ گئے“ آپ نے ملک وزیر علی اور کپتان ملک فتح خان کا ذکر بھی کیا جنہوں نے دشمنیوں کی وجہ سے اپنا علاقہ چھوڑ دیا ۔ نیز مندرجہ بالا عبارت سے عون قطب شاہ غزنی مراد ہیں ۔

کتاب منبع الانساب نے ”اعوانوں“ کا موقف سچ ثابت کر دیا:

انگریز دور میں قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے پاس مرات مسعودی 7 و مرات الاسرار 8 موجود تھیں مرات مسعودی میں درج شجرہ نسب ہی خاندانی شجرہ نسب کے طور پر موجود تھا اس شجرہ نسب میں عون عرف قطب غازی کا لقب بطل درج تھا ۔ عطاءاللہ غازی کے تین فرزند سالار ساہو غازی، سالار قطب حیدر غازی اور سالار سیف الدین غازی تھے ۔ سالار ساہو غازی، سالار سیف الدین غازی اور سلطان الشہداء سالار مسعود غازی کو ”علوی“ سمجھتے رہے اور سالار قطب حیدر غازی المعروف قطب شاہ کے نام کی وجہ سے صرف ان ہی کی اولاد کو قطب شاہی علوی یا اعوان سمجھتے رہے اور سلطان محمود غزنوی یا سبکتگین کی طرف سے ”اعون“ مددگار کا خطاب دیے جانے کی روایت بیان کرتے رہے ۔ جیسا کہ ذکر کیا جا چکا ہے کہ منبع الانساب کے منظر عام سے قبل اعوان قبیلہ کے پاس مرات مسعودی کا حوالہ تھا لیکن اس میں عون عرف قطب شاہ غازی کا لقب بطل غازی درج تھا ۔ اعوان قبیلہ نے کبھی بھی یہ دعویٰ نہیں کیا کہ سالار ساہو، سالار سیف الدین اور سلطان الشہداء سالار مسعود غازی بھی قطب شاہی علوی اعوان تھے ۔ ان کے شجرہ نسب میں قطب شاہ بن عطاءاللہ درج تھا جو سالار ساہو غازی کے چھوٹے بھائی اور سالار سیف الدین غازی سے بڑے تھے ۔ لیکن منبع الانساب 2 سے یہ ثابت ہوا کہ عون قطب شاہ بن علی عبدالمناف ہی قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے جداعلیٰ ہیں اور سالار ساہو، سالار سیف الدین اور سالار قطب حیدر سب ہی قطب شاہی علوی اعوان ہیں ۔ اگر مولف مرات مسعودی بطل غازی کا اصل نام عون اور عرف قطب شاہ درج کر دیتے تو قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کو اپنی تاریخ بہتر طور پر پیش کرنے میں اس قدر دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑتا کہ وہ حضرت محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہؒ کی اولاد سے ہیں ۔ چھ سو سالہ قدیم و مستند کتاب دستیاب ہو جانے کے بعد قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کا یہ موقف درست اور سچ ثابت ہوا کہ وہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ، کے فرزند محمد حنفیہؒ کی اولاد سے ہیں ۔

”اعوان“ کی وجہ تسمیہ:

حضرت محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ، کے فرزند علی عبدالمناف تھے ان کے فرزند عون قطب شاہ غازی تھے جن کا لقب بطل غازی تھا ان کی اولاد قطب شاہی اعوان کہلاتی

ہے۔قطب شاہی اعوان نسبی نام ہے اور خطابی بھی۔نسبی یوں ہے کہ اعوان قبیلہ کے جداعلیٰ کا نام عون قطب شاہ غازی ہے۔اور خطابی اس لئے کے سبکتگین یا سلطان محمود غزنوی نے بھی ''اعوان'' کا خطاب دیا۔کتاب نسب قریش 9ھ کے ص 77 پر درج ہے''وولد عون [قطب غازی] بن علی [عبدالمنان/عبدالمناف] بن محمد [محمدالاکبر (محمدحنفیه)] بن علی بن ابی طالب: محمداً؛ ورقیه؛ وعلیة بنی عون'' یعنی عون قطب شاہ (جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان) کے فرزند محمد (آصف): اور رقیہ اور علیہ ''بنی عون'' ہیں۔

عون'' کی جمع ''اعوان'' ہے۔رنگین فیروز الغات اردو جامع اشاعت پانچویں، سال 2012ء کے ص 106 پر یوں درج ہے ''اعوان (اع۔وان) (ع۔ا۔مذ) عون کی جمع۔بہت سے حامی اور مددگار، عربی اردو ڈکشنری بیان اللسان مع لغات قرآن دارالاشاعت میں درج ہے''عون۔پشتیبان۔مددگار (واحد وجمع مذکر ومونث) ج:۔اعوان۔''فرہنگ فارسی دارالاشاعت میں لکھا ہے''اعوان۔ع: مددگار، یاور (و۔عون)''۔ بیان للسان عربی ڈکشنری کے مطابق قطب کے معنی قوم کا سردار جس پر معاملات کا دارومدار ہو پیرومرشد۔رنگین فیروز الغات اردو جامع میں ''قطب'' کے معنی سردار قوم۔اعلیٰ و برگزیدہ کے ہیں۔اور بطل بھی عربی نام ہے جس کے معنی نامور، ہیرو، بہادر، غازی کے ہیں۔''بنی عون'' جس طرح ہاشم کی وجہ سے ان کی اولاد بنی ہاشم کہلاتی، مصعب کی اولاد بنی مصعب، امیہ کی اولاد بنی امیہ اور عباس کی اولاد بنی عباس یا بنوعباس مشہور ہے اسی طرح عون کی اولاد ''بنی عون'' نسب قریش میں درج ہے جب کہ برصغیر پاک وہند میں قطب شاہی اعوان مشہور ہے۔واضع ہو کہ'' قطب شاہی علوی اعوانوں'' نے سبکتگین اور سلطان محمود غزنوی کے ساتھ جہاد میں زبردست کارہائے نمایاں سرانجام دیے جس کا ذکر تفصیل سے'' مرات مسعودی'' و'' مرات الاسرار'' میں درج ہے۔سالار ساہو غازی کی قیادت میں اعوانوں نے سلطان محمود غزنوی کو اس کے بھائی سے حکومت دلوانے میں بھی اہم کردار ادا کیا۔سبکتگین کا ساتھ دینے یا سلطان محمود غزنوی کی مدد کرنے یا جہاد ہند میں جرات و بہادری کی تاریخ رقم کرنے پر اور ان کے معاون و مددگار ہونے کی وجہ سے انہوں نے یہ کہا ہو کہ'' آپ عون کی اولاد سے ہیں جس کے معنی معاون و مددگار کے ہیں آپ نے اپنے جدی نام''عون'' کا لحاظ رکھا ہم بھی آپ کو اعوان کا خطاب دیتے ہیں چونکہ آپ ہمارے معاون و مددگار رہے ہیں''اس طرح ''اعوان''نسبی اور خطابی ہونے کی وجہ سے یہ قبیلہ اپنے جداعلیٰ عون قطب شاہ غازی اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے نام کی نسبت سے قطب شاہی علوی اعوان کہلاتا ہے۔

یاد رہے کہ اگر سبکتگین یا سلطان محمود غزنوی اعوان کا خطاب نہ بھی دیتے تو یہ قبیلہ اپنے جداعلیٰ عون بن علی بن محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ، کے نام کی وجہ سے پہلے ہی ''اعوان'' کہلاتا تھا لیکن ان کی طرف سے عون کا خطاب دینے سے اس پر مزید مہر ثبت ہوئی۔چونکہ یہ روایت معتبر ہے اور تسلسل سے ہمارے قدیم ومستند نسب ناموں میں درج ہے کہ سبکتگین یا سلطان محمود غزنوی نے اعوان کا خطاب دیا اس لئے اس روایت کو جھٹلایا نہیں جاسکتا۔علاوہ ازیں اس قبیلہ کے کچھ لوگ اپنے نام کے ساتھ حضرت علیؓ کی اولاد ہونے کے

ناطے سے ''علوی'' اور کچھ لوگ بنی ہاشم ہونے کی وجہ سے ''ہاشمی'' بھی لکھتے ہیں۔قطب شاہی علوی قبیلہ کے افراد زیادہ تر اپنے نام کے ساتھ ملک بھی لکھتے ہیں۔ بیان اللسان عربی اردو ڈکشنری میں'' ملک'' کے معنی بادشاہ، کسی جماعت یا ملک کا صاحب حکم واختیار شخص کے ہیں۔جسٹس پیر کرم شاہ الازہریؒ ضیاء القرآن جلد اوّل میں سورہ المائدہ کی آیت 20 کی تفسیر میں ملک کے حوالے سے رقمطراز ہیں''حضرت زید بن اسلم نے حضور ﷺ کا یہ ارشاد بھی روایت فرمایا ہے جس کے پاس رہنے کے لیے گھر اور خدمت کے لیے خادم ہو وہ ملک ہے (ابن جریر)۔''

لفظ آوان یا اعوان کی مزید وضاحت:

محکمہ مال میں درج خانہ قوم یا گوت میں لفظ آوان یا اعوان کا مطلب ''اعوان'' ہی ہے۔محترم ایم خواص خان نے تحقیق الاعوان کے ص 226 تا 250 باب چہارم بے سروپا منسوبات کی تردید کرتے ہوئے مدلل جوابات دیے ہیں۔آئین اکبری میں دریائے سندھ اور دریائے جہلم کے درمیانی علاقے کو سندھ ساگر لکھا گیا ہے اور سندھ ساگر کے ایک علاقے کا نام'' آوان'' لکھا گیا ہے اور اس علاقہ میں سب قطب شاہی علوی اعوان آباد ہیں اور یہ علاقہ صدیوں سے اعوان قاری کہلاتا ہے۔آئین اکبری میں دوسرے علاقہ کا نام دھن کوٹ (کالاباغ) لکھا گیا ہے اس علاقہ میں بھی صدیوں سے قطب شاہی علوی اعوان سکونت پذیر ہیں تیسرے علاقے کا نام ریشان درج ہے۔چونکہ ان جملہ علاقوں میں قطب شاہی علوی اعوان آباد ہیں جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد سے ہیں۔نیز ایک اور قدیم تاریخی کتاب مخزن افغانی کے پانچ نسخوں میں سکندر لودھی کے ایک سردار فیروزاعوان کا نام کئی طریقوں سے درج ہے۔ایک نسخہ میں فیروزاوان ہے جب کہ ایشاٹیک سوسائٹی کلکتہ کی لائبریری میں موجود دوسرے نسخہ میں اسی سردار کا نام فیروز آوان درج ہے جب کہ تاریخ فرشتہ ترجمہ مولوی محمد فدا علی ص 85 پر اسی سردار کا نام فیروزاوغان لکھا گیا ہے۔ایک اور تاریخی کتاب طبقات اکبری میں اسی سردار کا نام فیروزاغوان درج ہے۔ فیروزاعوان درست معلوم ہوتا ہے۔ اور ممکن ہے یہ بھی قطب شاہی علوی اعوان ہوں۔ آئین اکبری میں جنجوعہ قبیلہ کا نام جانوحہ لکھا ہے۔علاوازیں اوغان، افغانوں کے لئے بھی استعمال ہوا ہے۔''اعوان'' کے معنی قبل ازیں وضاحت کے ساتھ تحریر کردیے گئے ہیں۔مختلف طریقوں سے اعوان لکھنے کا سبب یہ ہے کہ پرانے زمانے میں جب چھاپہ خانے دستیاب نہ تھے اور اصل مخطوطہ رنسخہ کی نقول کاتب تیار کرتے تھے جیسے ایک آدمی اصل نسخہ دیکھ کر با آواز بلند پڑھ رہا ہو اور کئی کاتبین آواز سن کر کتابت کرتے تھے وہاں اصل لفظ کا لحاظ نہیں رکھا جاسکتا ہے کیونکہ کے سننے والے کاتب کا دارومدار آواز پر ہوتا تھا اور آوان اور اعوان، اوان، اوغان کی آوازیں ایک جیسی ہی معلوم ہوتی ہیں۔اور کئی ایک شجرہائے نسب میں قطب شاہ کو کتب شاہ بھی درج کیا گیا ہے۔ق اور ک میں کوئی فرق قائم نہیں کیا گیا۔ایسی غلطیاں کاتب سے سرزرد ہوتی ہیں ہے اس سے کوئی اور معنی لینا کم علمی و کم فہمی ہے۔قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ نے انگریزوں کے سامنے اپنے قبیلہ کا درست نام ''اعوان'' لکھوایا جس کے معنی مددگار کے ہیں۔انگریزوں نے جملہ تاریخی کتب میں قطب شاہی اعوان

لکھا ہے۔اور اعوان کے معنی helper (مددگار) 10 کے ہی درج کیے ہیں۔

مختصر یہ کہ جہاں تک قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کا تعلق ہے یہ ''عون قطب شاہ غازی'' کے نام کی وجہ سے قطب شاہی اعوان اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے نام کی نسبت سے ''علوی'' بھی کہلاتا ہے ۔اسی نام کی مناسبت سے مولوی حیدر علی لدھیانوی نے 1896ء میں ''تاریخ علوی'' لکھی تھی اور محبت حسین اعوان نے بھی اسی نام کی نسبت سے ''تاریخ علوی اعوان'' 1999ء میں تالیف فرمائی۔اور عون قطب شاہ بن علی بن محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے نام ہی کی نسبت سے راقم نے زیرِ نظر کتاب کا نام بھی ''تاریخ قطب شاہی علوی اعوان'' تجویز کیا ہے۔

حضرت داتا گنج بخشؒ، صابونی حلوہ اور ''اعوان'':

اصل قلمی نسخہ جلیل القدر کشف المحجوب (فارسی) من تصنیف حضرت علی بن عثمان ہجویری المعروف بہ داتا گنج بخش قدس سرہ العزیز شائع کردہ الحاج میاں خوشی محمد سجادہ نشین داتا دربار لاہور کے ص 225 پر ''عوان بچہ'' اور ص 478 پر ''بدرگاہ سلاطین بغزنی'' ۔۔۔وآن دیگر راگفت حلوای صابونی غذای عوانان بود''۔منبع الانساب اور کشف المحجوب کے مندرجات سے تین باتوں کا انکشاف ہوتا ہے ، ا۔یہ کہ حضرت داتا گنج بخشؒ کا تعلق اعوان قبیلہ سے ہو،۲۔یہ کہ حضرت داتا گنج بخشؒ کے والد محترم سلطنت غزنوی سے وابستہ تھے ،۳۔یہ کہ صابونی حلوہ اعوانوں کی خوراک ہے ۔رسالہ ابدالیہ کے مطابق حضرت داتا گنج بخشؒ نے کم عمری میں سلطان محمود غزنوی کے دربار میں ہندوؤں سے مناظرہ کرتے ہوئے انہیں شکست دی تھی۔ حضرت داتا گنج بخشؒ نے تقریباً ایک ہزار سال قبل یہ درج کیا کہ صابونی حلوہ اعوانوں کی خوراک ہے اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ صابونی حلوہ عرب ،سبزہ وار، خراسان ،غزنی یا ہرات سے ہی اعوانوں کی پسندیدہ خوراک چلی آ رہی ہے۔اور وادی سون ،اعوان قاری اور ملحقہ علاقوں میں شادی بیاہ و اہم تقریبات میں صابونی حلوہ بطورِ خاص پکایا جاتا ہے اور اس سے لوگوں کی خاطر تواضع کی جاتی ہے ان علاقوں کے قطب شاہی علوی اعوان بڑے شوق سے یہ حلوہ کھاتے ہیں۔کشف المحجوب کی تحریروں سے یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ دربار سلطانی اور امراء کی خوراک بھی صابونی حلوہ تھی اور قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے کئی امراء لشکر سلطان محمود غزنوی سے وابستہ تھے۔رنگین فیروز الغات اردو جامع میں ''صابونی'' کے معنی ایک قسم کی مٹھائی درج ہے۔

منبع الانساب کے مولف سیّد معین الحق جھونسوی نے بھی حضرت داتا گنج بخشؒ کو حضرت عمر الاطرفؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد میں درج کیا ہے ۔راقم مولف نے تحقیق الانساب جلد دوم ص 37 پر تذکرۃ اولیاء پاک و ہند اور ایک جدید مطبوعہ شجرہ نسب کے حوالہ سے حضرت داتا گنج بخشؒ کو حضرت امام حسنؑ کی اولاد میں درج کیا ہے ۔مگر منبع الانساب چھ سو سالہ قدیم اور مستند کتاب ہے اور مولف منبع الانساب ماہر انساب تھے اور حضرت امام حسینؑ کی اولاد سے ہیں اس لئے ان کی تحقیق

درست ہوسکتی ہے ۔تہذیب الانساب ،منتقلۃ الطالبیہ، الفخری وغیرہ کے مطابق حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) کے فرزند علی بن محمد اور جعفر الاصغر بن محمد کی اولادیں غزنی ، ہرات ،خراسان ،مصر و برصغیر پاک و ہند میں آباد ہیں اور شجرۃ المبارکہ ،الفخری، لباب الانساب و تہذیب الانساب کے مطابق حضرت عمر الاطرف کی اولاد سے جعفر ملتانی تھے جنہوں نے ملتان میں حکومت بھی کی ان کے پچاس فرزند تھے اور زیادہ تر فرزندان سندھ ، ملتان، ہرات و غزنی وغیرہ میں آباد ہوئے نیز جعفر ملتانی کے بھائی عمر منجورانی کی اولاد بھی ہند میں آباد ہے ۔غزنی اور ہرات حضرت محمد حنفیہؒ اور حضرت عمر الاطرفؒ کی اولادوں کی سکونت کا مرکز اور گڑھ تھا اور حکومتوں کے دربار میں ان کو زبردست پذیرائی حاصل تھی۔

مختصر خلاصہ تاریخ قطب شاہی علوی اعوان:

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے پانچ فرزندوں حضرت امام حسنؑ، حضرت امام حسینؑ ،حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ)،حضرت عباس علمدارؒ و حضرت عمر الاطرف کی نسل جاری ہے ان میں حضرت امام حسنؑ و حضرت امام حسینؑ کی اولاد سیّد و سادات کہلاتی ہے اور برصغیر پاک و ہند میں موجود ہے۔ان کے تیسرے فرزند حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) کی اولاد عرب وغیرہ میں سادات اور علوی اور برصغیر پاک و ہند میں ان کے فرزند علی عبد المناف کی اولاد علوی اور قطب شاہی علوی اعوان کہلاتی ہے۔ ان کے فرزند عون قطب شاہ غازی (جدِ اعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان) ہیں۔ان کی ساتویں پشت میں سالار ساہو غازی، سالار قطب حیدر غازی و سالار سیف الدین غازی پسران عطاء اللہ غازی تھے جو چوتھی صدی کے آخر اور پانچویں صدی کے شروع میں سبکتگین اور سلطان محمود غزنوی کے ساتھ جہاد کی غرض سے سابق ہند میں داخل ہوئے۔سالار ساہو غازی، محمود غزنوی کی فوج کے سپہ سالار اور ان کے بہنوئی تھے ان کے بیٹے سلطان الشہداء سالار مسعود غازی کی درگاہ بہڑائچ انڈیا میں مرجع خلائق عام ہے۔ان سب نے سلطان محمود غزنوی اور اس کے خاندان کی بھرپور مدد کی تو انہوں نے بھی اس قبیلہ کو جو پہلے ہی بنی عون ،اعوان یا قطب شاہی علوی اعوان کہلاتے تھے سبکتگین یا سلطان محمود غزنوی نے بھی انہیں عون یا اعوان کا خطاب دیا۔اعوان جمع ہے ''عون'' کی ،جس کے معنی معاون و مددگار کے ہیں جیسا کہ اعوان کی وجہ تسمیہ میں درج کیا جاچکا ہے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے چوتھے فرزند حضرت عباس علمدارؒ کی اولاد سیّد یا علوی کہلاتی ہے ایران و عرب ممالک میں ان کی آبادی ہے جب کہ ہند میں عبد الرحمٰن چشتی علوی مولف مرات مسعودی و مرات الاسرار کا شجرہ نسب ان سے ملتا ہے لیکن مرات الاسرار کے ص 1010 خود عبد الرحمٰن چشتی لکھتے ہیں کہ عباس علمدارؒ کی اولاد بغداد، سمرقند، شیراز اور خراسان میں آباد ہے اور عبد الرحمٰن چشتی عباسی علوی کا خاندان جو خراسان سے ہندوستان آیا ان سب کے مفصل حالات انہوں نے مرات الاسرار میں درج کیے ہیں ان کے خاندان میں حضرت عباس علمدارؒ کی اولاد سے عون بن یعلی یا عون بن علی نامی کوئی بزرگ نہیں گزرے ہیں۔یاد رہے کہ انساب کی قدیم عربی و فارسی جن کا ذکر کتاب ہذا میں درج ہے کے مطابق قطب شاہی علوی اعوان صرف عون

قطب شاہ غازی بن علی بن محمد الاکبر المعروف محمد بن حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد سے ہیں۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ، کے پانچویں فرزند حضرت عمر الاطرفؒ کی اولاد علوی، عمری، ہاشمی، یا اعوان کہلاتی ہے اور سندھ وملتان وغیرہ میں ان کی اولاد کثیر موجود ہے۔ تہذیب الانساب ونہایۃ الاعقاب، الفخری ومنتقلۃ الطالبیہ کے مطابق جعفر الملتانی بن محمد بن محمد بن عبداللہ بن محمد بن حضرت عمر الاطرفؒ کی اولاد سندھ، ہند، خراسان، مصر، شام، یمن، کرمان، فارس وہرات وغیرہ میں آباد ہے۔ جن میں جعفر بن محمد اور عمر منجورانی بن محمد کی اولادیں بھی سندھ آ گئی تھیں اور سبکتگین کے حلیف بنے اور اس نے اعوان کا خطاب دیا۔ نیز عون بن جعفر بن محمد کے نام کی نسبت سے بھی اعوان ہو سکتے ہیں۔ لیکن یاد رہے کہ قطب شاہی علوی اعوان صرف عون قطب شاہ غازی بن علی بن محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد سے ہیں۔

سالار مسعود غازیؒ کی شہادت کے بعد قطب شاہی علوی اعوان پشاور، وادی سون سکیسر، دھن کوٹ (کالا باغ) کپورتھلہ وہند کے دیگر علاقوں میں آباد ہوئے اور زمانہ کی گردشوں کے ساتھ ساتھ بعد میں دیگر علاقوں میں آباد ہوئے۔ انگریز اس حد تک متفق دکھائی دیئے کہ ''قطب شاہی اعوان قبیلہ یقیناً عرب ماخذ ہے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی غیر فاطمی اولاد سے قطب شاہ غزنی تھے جنہوں نے سلطان محمود غزنوی کے ساتھ جہاد میں حصہ لیا''۔ ان کے فرزند گولڑہ (عبداللہ)، کلگان (مزمل علی)، محمد شاہ (کندلان)، کھوکھر (زمان علی)، چوہان (محمد علی)، بہادر علی، نجف علی، فتح علی، نادر علی، تھے۔ نیز نسب قریش، تہذیب الانساب، منبع الانساب، مرات مسعودی، تاریخ بحر الجمان اور مستطاب الاعوان نے قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے بزرگوں کی بیان کردہ تاریخ کو سچ ثابت کر دیا۔ یہ کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے فرزند حضرت محمد حنفیہؒ تھے ان کے فرزند علی عبد المناف تھے جو مرات مسعودی میں غلطی سے عبد المنان درج ہوئے یعنی ''ف'' کے بجائے ''ن'' درج ہوا۔ ان کے فرزند عون قطب شاہ غازی لقب بطل غازی جد اعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان ہیں ان کی فرزند محمد آصف غازی تھے ان کے فرزند شاہ علی غازی تھے ان کے دو فرزند شاہ محمد غازی وشاہ احمد غازی تھے۔ شاہ محمد غازی کے فرزند طیب غازی تھے ان کے فرزند طاہر غازی تھے ان کے فرزند عطاء اللہ غازی تھے ان کے تین فرزند سالار ساہو غازی، سالار قطب حیدر غازی وسالار سیف الدین غازی تھے سالار ساہو غازی کے فرزند سلطان الشہداء سالار مسعود غازی ہیں۔
مندرجہ بالا سب ہی عون قطب شاہ غازی کی اولاد ہیں اور بنی عون یا آل عون اور قطب شاہی علوی اعوان ہیں۔

امیر المومنین حضرت سیّدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی ازواج اور اولاد:

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے والد حضرت ابی طالب تھے جو حضورﷺ کے والد گرامی حضرت عبداللہ کے بھائی تھے یعنی نبیﷺ کا نسب مبارک [11] اور حضرت علیؓ کا نسب مبارک ایک ہی ہے۔ طبقات ابن سعد [12] کے ص 38 کے مطابق ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہﷺ نے فرمایا ''میں آدم (علیہ السلام) کی اولاد کا سردار ہوں۔ واثلہ بن اسقع سے روایت ہے کہ رسول اللہﷺ نے فرمایا ''اللہ تعالیٰ نے ابراہیمؑ کی اولاد سے اسماعیل، اسماعیل کی اولاد سے بنی کنانہ کو، بنی کنانہ میں سے قریش کو، قریش میں سے بنی ہاشم کو اور بنی ہاشم میں سے مجھ کو قبول فرمایا'' حضرت علیؓ نے نبی کریمﷺ کی آغوش شفقت میں پرورش

پائی۔ والدہ کا نام فاطمہ بنت اسد بن ہاشم تھا۔ آپؓ داماد رسول اللہﷺ بھی تھے۔ آپؓ کی ولادت 13 رجب 30 عام الفیل خانہ کعبہ میں ہوئی۔ حضرت خدیجہؓ کے بعد سب سے پہلے آپ نے اسلام قبول کیا۔ 2ھ کو خاتون جنت حضرت فاطمہؓ سے نکاح ہوا۔ دوشنبہ 21 ذی الحجہ 35ھ خلیفہ بنے۔ 17 رمضان 40ھ کو اشقی الناس ابن ملجم کے ہاتھ سے کوفہ میں زخمی ہو کر شہید ہوئے۔ خاتون جنت سیّدہ فاطمہؓ بنت رسول اللہﷺ کی زندگی میں حضرت سیّدنا علیؓ نے دوسری شادی نہیں کی۔ ان کی وفات کے بعد آپؓ نے متعدد شادیاں کیں اور اُن سے نہایت کثرت کے ساتھ اولادیں ہوئیں لیکن صرف پانچ صاحبزادوں [9] حضرت امام حسنؓ، حضرت امام حسینؓ، حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ)، حضرت عباس علمدارؒ و حضرت عمر الاطرفؒ کی اولاد موجود ہے:۔

1۔ حضرت فاطمہؓ کے بطن سے حسنؓ، حسینؓ اور محسنؓ اور لڑکیوں میں زینبؓ الکبریٰ اور ام کلثوم الکبریٰ پیدا ہوئیں۔ محسنؓ نے بچپن ہی میں وفات پائی۔ آپؓ کی اولاد سادات فاطمیہ، سادات حسنی وحسینی سیّد کہلاتی ہے۔

2۔ حضرت خولہ [13] بنت جعفر بن قیس کا تعلق بنوحنفیہ قبیلہ سے تھا ان کے بطن سے محمد بن علی (محمد الاکبر) جو محمد بن حنفیہ یا محمد حنفیہؒ کے نام سے مشہور ہیں۔ آپؒ کی اولاد سادات علوی اور قطب شاہی علوی اعوان کہلاتی ہے۔

3۔ حضرت ام البنین بنت حزام کے بطن سے عباس علمدار، جعفر، عبداللہ اور عثمان پیدا ہوئے یہ سب کربلا میں شہید ہوئے۔ حضرت عباس علمدارؒ کی اولاد سادات علوی کہلاتی ہے۔

4۔ حضرت اسماء بنت عمیس سے یحییٰ اور محمد الاصغر پیدا ہوئے۔

5۔ حضرت امامہ بنت ابی العاص۔ یہ حضرت زینبؓ کی صاحبزادی اور رسول اللہﷺ کی نواسی تھیں ان سے محمد اوسط پیدا ہوئے۔

6۔ حضرت لیلیٰ بنت مسعود کے بطن سے عبید اللہ اور ابوبکر پیدا ہوئے جو کربلا میں شہید ہوئے۔

7۔ حضرت صہبا ام حبیب بنت ربیعہ یہ ام ولد تھیں ان سے عمر اور رقیہ پیدا ہوئیں۔ حضرت عمر الاطرف کی اولاد علوی اعوان و ہاشمی کہلاتی ہے۔

8۔ حضرت اُم سعید بنت عروہ ان کے بطن سے اُم الحسن اور رملہ کبریٰ پیدا ہوئیں۔

9۔ حضرت محیات بنت عمر والقیس سے ایک بیٹی پیدا ہوئی جو بچپن ہی میں فوت ہو گئیں۔

تہذیب الانساب ونہایۃ الاعقاب تالیف ابی الحسن محمد بن ابی جعفر 449 ھجری کے ص 32 پر درج ہے ''**العقب من ولد امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ الصلاۃ والسلام من خمسۃ رجال: ۱. من ابی محمد الحسن السبط. ۲. وابی عبداللہ الحسین السبط. ۳. ومحمد ابی القاسم الشجاع. ۴. وعمر ابی القاسم. ۵. والعباس ابی الفضل**''

جمہرۃ النسب 14؎ لابن الکلبی ھشام ابولمنذر بن محمد بن السائب الکلبی 204ھ جلد اوّل ص 19 و جلد سوم ص 21 پر درج ہے ”فالعقب منهم للحسن والحسين والعباس ومحمدبن الحنفيه و عمر عليهم السلام“

فی تسمیۃ من ولد الامام امیر المومنین ابی الحسن علی بن ابی طالب علیہ السلام 15؎ قدیم مخطوطہ (214ھ۔277) کے ص 4 پر درج ہے ”المعقب من ولد امير المومنين ابى الحسن على بن ابى طالب عليه السلام خمسة نفر: الحسن والحسين ومحمدوعمروالعباس بنو على بن ابى طالب علهيم السلام. فام الحسن و الحسين: فاطمه بنت رسول ﷺ. وام محمدبن على :الحنفية خوله بنت جعفربن قيس بن مسلمه بن ثعلبة بن عبيد. وام عمربن على عليه السلام: الحبيبه ام حبيب ابنة ربيعة بن يحيىٰ بن العبد بن علقمه بن الحارث بن عتبه بن سعد. والعباس بن على عليه السلام قتل بالطف“.

کتاب المعقبون ولا امام امیر المومنین علی بن ابی طالب 16؎ تالیف ابی الحسین یحییٰ بن الحسن بن جعفر بن الحسین بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب (214ھ۔277ھ) کے ص 94-393 و تہذیب الانساب ص 32 پر نقل ہے ”المعقب من ولد امير المومنين ابى الحسن على بن ابى طالب عليه السلام خمسة نفر: الحسن والحسين ومحمدوعمروالعباس بنو على بن ابى طالب علهيم السلام. فام الحسن و الحسين: فاطمه بنت رسول ﷺ. وام محمدبن على :الحنفية خوله بنت جعفربن قيس بن مسلمه بن ثعلبة بن عبيدبن ثعلبة بن يربوع بن ثعلبة بن الدول بن حنيفة بن لجيم بن صعب بن على بن بكر بن وائل. وام عمربن على عليه السلام: الحبيبه ام حبيب ابنة ربيعة بن يحيىٰ بن العبد بن علقمه بن الحارث بن عتبه بن سعد. والعباس بن على عليه السلام قتل بالطف“.

عمدۃ الطالب فی نسب آل ابی طالب 17؎ تالیف الشریف جمال الدین احمد بن عتبہ (848ھ) کے ص 102 پر درج ہے ”(والعقب) من امير المومنين على رضى الله عنه فى خمسة رجال: الحسن والحسين و محمدبن الحنفية والعباس شهيدالطف، وعمر الاطرف فلنذكراعقابهم فى خمسة فصول.

نہج البلاغہ 18؎ کے ص 118 کے مطابق حضرت علیؓ کی سترہ لڑکیاں اور چودہ لڑکے تھے ان میں سے پانچ سے سلسلہ نسب جاری رہا ان کے نام یہ ہیں: امام حسنؑ، امام حسینؑ۔ محمد بن حنفیہؒ۔ عباسؓ۔ عمرؓ۔

1۔ حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ:

حضرت امام حسن 19؎ نصف رمضان 3ھ مدینہ میں پیدا ہوئے 9 رمضان 40 ہجری کو خلیفہ منتخب ہوئے اور چھ ماہ کے بعد خلافت سے کنارہ کش ہوگئے۔ 15 ربیع الاوّل 49ھ کو مدینہ میں انتقال فرمایا۔ آپؓ کی اولاد سادات حسنی، سادات گیلانی، سادات جیلانی وغیرہ مشہور ہے۔

2۔ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ:

حضرت امام حسینؓ 3 شعبان 4ھ مدینہ میں پیدا ہوئے۔ 10 محرم 61ھ کربلا میں شہید ہوئے۔ چھ بیٹے اور چار بیٹیاں تھیں۔ بیٹوں میں صرف امام زین العابدین کی نسل چلی باقی کربلا میں شہید ہوئے۔ آپؓ کی اولاد سادات حسینی، سادات بخاری، سادات گردیزیہ، سادات ترمزی، سادات کاظمی، سادات اسماعیلیہ، سادات سبزواری وغیرہ بے شمار شاخ ہا میں منقسم ہے۔

3۔ ابوالقاسم حضرت محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ:

حضرت محمد الاکبرؒ (محمد حنفیہؒ) بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ: کے نام محمد الاکبر، محمد بن علی، محمد بن حنفیہ، محمد حنفیہ، محمد حنیف، امام حنیف اور لقب ابوالقاسم اور ابوعبداللہ تھا اور کنیت ابن الحنفیہ تھی۔ آپؒ سن 16 ہجری میں پیدا ہوئے غیر فاطمی اولاد میں آپ سب سے بڑے تھے۔ اور 81 ہجری میں انتقال ہوا۔ کتاب ہذا میں آپ ہی کی اولاد درج کرنا مقصود ہے چونکہ آپ برصغیر پاک و ہند میں آباد سادات علوی اور قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے جداعلیٰ ہیں آپؒ اور آپؒ کی اولاد کے حالات آگے درج ہیں۔

4۔ حضرت عباس علمدارؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ:

حضرت عباس علمدارؒ 26 ہجری میں پیدا ہوئے آپ کی والدہ کا نام حضرت اُم البنین ہے۔ کربلا میں حضرت امام حسینؓ نے سب سے بڑا علم (جھنڈا) آپ کو عنایت فرمایا تھا اس لیے آپ کو علمدار کہا جاتا ہے۔ آپ امام حسینؓ کے ساتھ کربلا میں شہید ہوئے۔ آپ سے کئی کرامات منسوب ہیں۔ آپ کے تین فرزند تھے، فضل، قاسم اور عبداللہ۔ فضل و قاسم کربلا میں شہید ہو گئے تھے صرف عبداللہ زندہ تھے۔ عمدۃ الطالب 20؎ کے مطابق آپ کی نسل مکہ، مدینہ، مصر، بصرہ، یمن، سمرقند، طبرستان، اردن، حائر و میاط، کوفہ، قمر، یمن، آمل، شیراز، آذربیجان جوجان، مصر وغیرہ میں موجود ہے۔ عبدالرحمٰن چشتیؒ نے حضرت عباس علمدارؒ کی اولاد جو ہند میں آئی ان کے مفصل حالات مرات الاسرار 21؎ میں قلمبند کیے ہیں جو کتاب ہذا میں بھی درج کیے جاتے ہیں اور ان کے خاندان میں حضرت عباس علمدارؒ کی اولاد سے عون بن یعلی یا عون بن علی نامی کوئی بزرگ نہیں گزرے ہیں۔ انساب کی مستند عربی و فارسی کتب میں عون بن علی (جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان) حضرت محمد الاکبرؒ المعروف محمد حنفیہؒ کی اولاد سے ہیں۔ کتب کے اقتباس کی اصل عکسی نقول کتاب ہذا کے صفحہ 422 تا 432 پر بطور ضمیمہ ملاحظہ فرمائیں۔

منبع الانساب فارسی 22؎ میں درج ہے ”ابوالفضل عباس بن علی بن ابو طالب علیہ السلام را پسری بود عبداللہ نام و عبداللہ را پسری بود حسن نام و حسن را پنج پسر بودند عبداللہ و عباس و حمزہ و ابراہیم و فضل عبداللہ امیر حرمین شد و قاضی بود اوّل کسی کہ در اولاد در اولاد علی بن ابی طالب علیہ السلام در زمان عباسیان حاکم مکہ و مدینہ شد او بود عباس بن حسن را پسری بود عبداللہ نام فرزندان او در یمن و مکہ و مدینہ و کوفہ و مشہد حسین و مشہد موسی الجواد باشند و نسل حمزہ بن حسن در طبرستان و ترک و و ہرات اند ابراہیم بن حسن را پسری علی العرج نام و نسل او در دیار مصر باشند و فرزندان فضل ہمدان دیار باشند

وعلماء ہر چند وفتکہ جہت تحیح نسب سادات ضبط احوال ہر یک کہ با تعفات مطول سازندیا اگر کسی خود را بدیشان نسب یا از ایشان خود را بدیگری نسب دہد تحقیق ان نوانہ کرد"

عبدالرحمٰن چشتی صابری عباسی العلوی مولف مرات مسعودی ومرات الاسرار:

عبدالرحمٰن چشتیؒ 9ربیع الآخر1005 ہجری میں رسول پور دہنتی (لکھنو) میں پیدا ہوئے اورانتقال 1094 ہجری میں ہوا۔آپ نے قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کامستند ماخذمرات مسعودی (1014ھجری تا 1043ھجری)تصنیف کرنے کے بعدمرات الاسرار(1045ہجری تا 1065ہجری)تصنیف فرمائی۔مرات مسعودی میں آپ نے سلطان الشہد اءسالارمسعودغازی(قطب شاہی علوی اعوان) کی پیدائش سے شہادت تک کے واقعات قلمبند کیے ہیں اور قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کامستند ماخذشجرہ نسب بھی درج کیا ہے۔مرات الاسرار میں آپ نے اسلامی تاریخ کے پہلے ایک ہزار سال کی مکمل تاریخ تصوف لکھی ہے جس میں آپؒ نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ مبارک سے لے کر1065ھجری تک کے تمام سلاسل طریقیت ،مشائخ عظام اوران کے بیان کردہ حقائق کی پوری تصویرنہایت ہی عالمانہ اورفاضلانہ انداز میں پیش کی ہے۔

مرات الاسرارارردوترجمہ کےص1010پردرج ہے کہ عباسؓ بن علیؓ کاایمان بہت قوی تھااورامام حسین رضی اللہ عنہ کے ہمراہ چونتیس سال کی عمر میں جہادکرتے ہوئے شہید ہوگئے آپ کامزار بھی کربلا میں ہے رضی اللہ عنہ۔آپ کے بعدایک فرزند باقی رہ گیا جن کا نام عبیداللہ بن عباس تھا۔عبیداللہ کا بھی ایک بیٹا تھا جن کا نام حسن تھا جس کے پانچ لڑکے ہوئے اوّل: عبیداللہ جو مکہ مدینہ حاکم وقاضی تھے۔دوم: عباس بن حسن جو نہایت فصیح اورخطیب تھے۔سوم: حمزہ، چہارم ابراہیم ،پنجم فضل جوبڑے عالم اورشجاعت میں نامور تھے ان پانچ حضرات کی کثرت سے اولادہوئی جومختلف علاقوں میں پھیل گئی۔بعض بغداد چلے گئے ،بعض سمرقند بعض شیرازاور بعض خراسان میں جاکرسکونت پذیر ہوئے۔چنانچہ اس کتاب میں سب کے مفصل حالات دیئے گئے ہیں۔عبدالرحمٰن چشتی کاشجرہ نسب یوں درج ہے۔فقیرعبدالرحمٰن بن عبدالرسول بن قاسم بن شاہ بدھ بن میاں شیخ بن میاں دانیال ثانی بن بدرالدین بن معین الدین بن قطب بن فرید بن نظام بن نصیرالدین بن دانیال عرف مولاناعود بن میر بدرالدین بن حسن بن فضیل ثالث بن عبداللہ بن عباس ثانی بن یحییٰ بن فضیل ثانی بن حسن بن عبیداللہ بن عباس بن علی کرم اللہ وجہہ ہے۔آپ کے اجداد میں مولاناعود کے والدمیر بدرالدین ،سلطان غیاث الدین بلبن کے زمانہ میں خراسان سے ہندوستان آئے۔

عبدالرحمٰن چشتی علویؒ مرات الاسرار میں لکھتے ہیں کہ ہم نالائق جوشیخ قاسم وشیخ محمد بن شاہ بدھ کی اولاد ہیں اس ویرانے میں پڑے ہیں دعا ہے کہ حق تعالیٰ خواجگان چشت کے طفیل جوخالص ومخلص محبان اہل بیت ومحبان اصحاب رسول ﷺ ہیں ہماری عاقبت بخیرکرتے کیوں کہ ہم نے مولاناعود سے لے آج تک کسی دوسرے سلسلے میں بیعت نہیں کی اور نہ اس کے بعد ہمارے خاندان میں کوئی شخص کسی دوسرے سے بیعت کرے گا کیوں کہ ہم پشت بہ پشت خواجگان چشت کے کرم پروردہ ہیں غرض کہ میرے والدعبدالرسول بن قاسم بن شاہ بدھ نے 1002 ہجری میں اکبر بادشاہ کے زمانے میں امیتھی

دونگر سے نقل مکانی کر کے موضع رسول پورعرف دہنتی پرگنہ لکھنو میں سکونت اختیار کرلی اوراس فقیر کی ولادت بروز پنج شنبہ نوربیع الآخرکوواقع ہوئی چارسال کی عمر میں حضرت شیخ محمد بن بندگی شیخ نظام الدین امیتھی قدس سرہ حاضرہوئے چندسال والد کے ہمراہ علم معاش سپاہ گری اورآداب سلاطین سیکھے اور دیناوی عیش میں زندگی بسیر کی انیس سال کی عمر میں حق تعالیٰ نے عشق مجازی کے ذریعہ قلب میں طلب صادق پیدا کردی یہ نورالدین جہانگیر کا زمانہ تھا آپ کا دحظوظ نفس سے پاک ہوگیا چارپانچ برس امیروں کے لباس میں ریاضت شاقہ کرتے رہے اور ہر سلسلہ کے مشاغل پرعمل کرتے رہے جس سے کافی تصرفات حاصل ہوئے مختلف اطوار میں عالم مثال نمودار ہونے لگا جیسا کہ سالارمسعودغازی کے حالات میں مجملاً بیان کیا گیا ہے۔لیکن اس اثناء میں خلق سے میل جول بھی جاری رہا حتیٰ کہ آپ کے باطن میں صوفیائے اہل صفا کے مشرب کی استقامت یعنی کثرت میں شہوداحدیت حاصل ہوگیا اورعشق حقیقی کا بے حدغلبہ پیدا ہوا اس وقت تمام علائق دنیا کو چھوڑ کرفقیر کا لباس اختیار کیا اور گوشہ تجرید میں بیٹھ گئے سات سال اور چند ماہ تک خواجگان چشت قدس اسرارہم کی متابعت میں سلوک طے کرتے رہے اور بقدراستطاعت قسم وقسم کے مجاہدات میں مشغول رہے حتیٰ کہ رنج راحت میں اورمجاہدہ مشاہدہ میں مبدل ہوگیا اورحقیقی فتح باب سے نوازہ گیا اس کے بعد طالبین اورمریدین کی تربیت آپ کے سپرد ہوئی۔رجب 1032 ہجری میں نے اوراد چشتیہ جمع کئے جن سے ہر دوست بقدراستعداد فائدہ اٹھاتا ہے اس کے بعدانہوں نے اسباب معیشت بتدریج پیدا کئے اورکئی سال سے بحکم الہام سے امورانجام دیتے رہے آپؒ مرات الاسرار میں لکھتے ہیں کہ اپنے متعلق یہ چندکلمات اس لئے لکھے کہ حق تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اما بنعمت ربک فحدث (حق تعالیٰ کی نعمت کا اظہارکرو) یہ حروف 1050ھجری میں شہاب الدین محمدشاہجہان کے عہد میں لکھے گئے۔

5۔حضرت عمرالاطرف بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ،:

حضرت عمرالاطرف 23ے کی والدہ ماجدہ کا نام صہبا(ام حبیب) بنت ربیعہ ہے۔آپ کا شمار تابعین میں ہوتا ہے۔آپ کے فرزندمحمد تھے۔محمد کی شادی امام زین العابدین کی بیٹی خدیجہ سے ہوئی تھی جن کے بطن سے عبداللہ،عبیداللہ اورعمر پیدا ہوئے۔ام ہاشم سے جعفر پیدا ہوئے۔عبداللہ کے چارفرزنداحمد،محمد، عیسیٰ المبارک عیسیٰ صالح تھے ان تمام کی نسل جاری ہے۔محمد کے بیٹے قاسم 24ے کی اولادکثیر ملتان وغیرہ میں آباد ہے جہاں انہوں نے حکومت بھی کی۔عبیداللہ بن محمد کے فرزندطیب تھے جن کے بیٹے علی کی اولادبغداد وگردونواح میں آباد ہے۔عمر بن محمد کے دوفرزندابومحمداسماعیل اورابوالحسن ابراہیم تھے ان دونوں کی نسل بلخ وخراسان میں آباد ہے۔یہ تمام احادیث کے راوی بھی ہیں۔حضرت عمرالاطرفؒ کی اولادعلوی،عمری ،ہاشمی،یااعوان کہلاتی ہے اورسندھ وملتان وغیرہ میں ان کی اولادکثیرموجود ہے۔تہذیب الانساب ونہایۃ الاعقاب 25ے تالیف ابی الحسن محمد بن ابی جعفر 449ھجری وبحرالانساب 57ے عربی قلمی ازسیدابوجعفرحسنی مکی (کتب خانہ راجہ نورمحمدنظامی بوئی گاڑھطار) کے مطابق جعفرالملتانی بن محمد بن عبداللہ بن محمد بن حضرت

عمر الاطرفؒ کی اولاد سندھ، ہند، خراسان، مصر، شام، یمن، کرمان، فارس وہرات وغیرہ میں آباد ہے۔

منبع الانساب ترجمہ ڈاکٹر ارشاد احمد ساحل شاہسرامی کے ص 364 کے مطابقسید ناعمر بن علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ الکریم کے ایک صاحبزادے حضرت محمد تھے جن کے چار صاحبزادے تھے: ۱عبداللہ، ۲۔جعفر، ۳۔عمر، ۴۔محی الدین۔ حضرت عبداللہ بن محمد کی نسل بغداد اور نحل میں بہت کثیر ہے۔ پیر علی ہزبری جن کی قبر اطہر لاہور میں ہے آپ ہی کی نسل سے ہیں۔ حضرت جعفر بن محمد کی نسل عراق وعجم میں ہے۔ چنانچہ امام علی ولی الحق جن کا مزار مبارک سیالکوٹ میں ہے آپ ہی کی نسل سے ہیں۔ حضرت عمر بن مولائے کائنات علی مرتضٰی رضی اللہ تعالی عنہم کی نسل عراق، عرب اور شام میں بہت پھیلی ہوئی ہے۔ چنانچہ امام الشہداء حضرت میر سیّد بدرالدین بدر عالم، میر سیّد ابوالقاسم اور میر سید اسحٰق جن کے مزارات طیبات پانی پت میں ہین حضرت عمر بن محمد کی نسل سے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن محمد قدس سرہ کی نسل مبارک تین صاحبزادوں سے باقی رہی: حضرت یحییٰ، حضرت احمد، حضرت محمد۔ حضرت یحییٰ بن عبداللہ کی نسل مشہد میں ہے چنانچہ میراں سید محمود بہاری حضرت یحییٰ کی نسل سے ہیں۔ آپ کی قبر اطہر حضرت سلطان المشائخ محبوب الٰہی حضرت نظام الدین اولیا قدس سرہ، کی درگاہ سے متصل پورب کی جانب واقع ہے۔ حضرت احمد بن عبداللہ کی نسل عراق، عرب اور شام میں ہے۔ حضرت محمد بن عبداللہ کی نسل آپ کے دونوں صاحبزادگان حضرت قاسم اور حضرت جعفر سے چلی۔ حضرت قاسم ایک علاقے کے حاکم تھے۔ آپ کے صاحبزادے محمد بن قاسم تھے جو والد کے بعد اس جگہ کے حکمران بنے۔ حضرت جعفر بن محمد بن عبداللہ کا لقب الوئدمن الھسماء (یعنی آپ کی تائید اور خصوصی مدد آسمان کے مالک کے دربار سے ہوتی تھی۔۱۲ ساحل) تھا۔ آپ کو ملتان میں سندھیوں پر حاکم بنایا گیا۔ حضرت جعفر المویٔدمن السماء کے پچاس صاحبزادے تھے ان میں سے عبدالمجید بن جعفر ہندوستان کے علاقہ اوچ (اب یہ پاکستان میں ہے۱۲ ساحل) کے حکمران ہوئے۔ حضرت عبدالمجید کے ایک صاحبزادے سید احمد تھے جن کے ایک صاحبزادے سید کامل ہوئے۔ سید کامل کے ایک صاحبزادے سید مکمل تھے جن کے ایک بیٹے سید احمد ہوئے۔ سید احمد بن سید مکمل کے دو صاحبزادے تھے: سید محمد اور سید محمود۔ سید محمد کی اولاد دکن میں بیجاپور، بھاک نگر، حیدرآباد، برہان پور، ایلچ، بھانڈیر میں اور سورٹھ کے اطراف وجوانب میں ہیں دوسرے صاحبزادے سید محمود کو سید محمود زریں کہتے ہیں۔ ان کی اولاد کڑا اور کوڑہ اور قصبہ ایرایاں میں ہے جو کڑا سے متصل ایک دیہات ہے۔ عبدالجبار بن جعفر سیستان میں رہے اور وہاں کے حکمران ہوئے۔ حضرت جعفر کے صاحبزادوں کی نسل اب ہندوستان، سندھ، فارس، کرمان، سیستان، عراق عرب، عراق عجم، شام اور دیگر کئی ممالک میں موجود ہیں"۔ منبع الانساب کے مطابق اکثر سادات اشراف سالار مسعود غازی کے ہمراہ ہندوستان تشریف لائے۔ منبع الانساب کے مطابق حضرت داتا گنج بخشؒ اور امام علی ولی الحقؒ حضرت عمر الاطرفؒ کی اولاد سے ہیں۔ سالار مسعود غازی کی شہادت کے بعد حضرت داتا گنج بخشؒ لاہور اور حضرت امام علی ولی الحقؒ سیالکوٹ تشریف لائے۔

منبع الانساب فارسی میں لکھاہے "و عمر بن علی بن ابی طالب علیہ السلام راپسری بود محمد نام

او راچہار پسر بودند عبد اللہ و جعفر و عمر و محی الدین ونسل عبد اللہ در بغداد ونسل بسیار باشند علی ہزبری کہ قبر او در لاہور است از نسل ایشان اند ونسل جعفر در عراق وعجم اند چنانچہ امام علی ولی حق کہ قبر او در سیالکوت است از نسل ایشان اند ونسل عمر در عراق وعرب و شام بسیار اند چنانچہ امام شہید حضرت امام میر سیّد بدرالدین بدر عالم ومیر سیّد ابو القاسم ومیر اسحق اہم سادات کہ قبر ایشان در پانی پت است ونسل ایشان اند ونسل عبد اللہ از سہ پسر باز ماندہ یحییٰ واحمد ومحمد ونسل یحییٰ در مشہور است چنانچہ میر سیّد محمود بہار کہ قبر او در دہلی است بطرف مشرق متصل شہر نزد خانقاہ حضرت شاہ نظام الدین قدوس سرہ العزیز ونسل احمد در عراق وعرب و شام است ونسل محمد از دو پسر باز ماندہ قاسم و جعفر قاسم ملک طالقان شد وپسر از محمد بن قاسم بعد مکران و اصفہان حاکم بود و جعفر الموء ید من اللہ نقیب مقرر کردند او راد ر ملتان از اولاد ہندیہ حاکم کردند اور راپنجاہ پسر بودند یکی از فرزند عبدالمجید بن جعفر در ہند ملک اوچ شد واو را یک پسر سیّد احمد نام او را یک پسر کامل نام او را یک پسر بود سیّد مکمل نام او را یک پسر سیّد احمد نام او راد و پسر بودند سیّد محمد و سیّد محمود واولاد سیّد محمد بطرف دکن، بیجاپور، بہاک نکر وحیدرآباد وبرہان پور و ایلچ وبہاندیر و در نواح سورنھ اند وپسر دوم کہ سیّد محمود بود ایس را سیّد محمود زرین میکویند اولاد ایشان درمیان کرہ وکور ودر قصبہ ایرایان است موضع ایرایان یک دہی است متصل کراو عبدالمجید بن جعفر در بلاد سیستان ملک شد ونسل فرزندان جعفر اکنون در ہند وسندھ وفارس ومکران وسیستان وعراقین وشام ودیار بکر منتشر باشند"۔

تہذیب الانساب ونہایۃ الاعقاب کے ص 297 تا 301 کے مطابق حضرت عمر الاطرفؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے فرزند محمد تھے ان کے فرزند عبداللہ تھے ان کے فرزند محمد تھے ان کے دو فرزندان ابوعبداللہ جعفر الملک ملتانی و عمر بن محمد منجورانی کی کثیر اولاد ہرات، غزنی، بلخ اور برصغیر پاک وہند میں آباد ہے۔ ابوعبداللہ جعفر الملک کے پچاس فرزند تھے۔ عبداللہ جن کے نام کی شہرت کی وجہ سے جعفر الملک ابوعبداللہ کہلائے مشہور ومعروف گزرے ہیں آپ کی قبر ہرات میں ہے اور اولاد بھی ہرات میں آباد ہوئی۔ ان کے دیگر بھائیوں میں جعفر بن جعفر کی اولاد ہرات، عباس کی بلخ، ذاالکفل کی ہرات، ابوطالب کی منصورہ، اسماعیل اصغر کی بلخ، سندھ، جرجان وبغداد، حسین کی اولاد غزنی، حسن کی اولاد سندھ، عقیل کی سندھ وہرات، محمد کی اولاد مدینہ وطبرستان، عبدالجبار کی اولاد بلخ وعمان، عبدالعظیم کی اولاد سندھ، احمد کی اولاد ہند، ہاشم کی اولاد رے میں، ہارون کی اولاد سمرقند، بلخ، نیشاپور، عون بن جعفر کی اولاد بلخ، عمر بن جعفر کی اولاد ملتان، محسن کی اولاد ہند، یونس کی اولاد سندھ، مظفر کی اولاد ملتان، ادریس کی اولاد سندھ، عیسیٰ کی اولاد بلخ، صالح کی اولاد بلخ وکرمان اور عبدالصمد بن جعفر کی اولاد سندھ میں آباد ہے۔ نیز 1206ء تک ہرات وغزنی محمد حنفیہؒ اور عمر الاطرف کی اولادوں کا گڑھ تھا۔ ہلاکو خان وچنگیز خان وتاتاریوں کے حملوں اور بغداد کی تباہی کے بعد ہرات وغزنی سے یہ لوگ منتشر ہوکر ہجرت کر گئے۔ گمان غالب ہے کہ غزنی وہرات والے علویان وغازیان بھی اپنے بھائیوں کے پاس ہندوسندھ، ملتان، کپورتھلہ اور وادی

سون اور دھن کوٹ (کالا باغ) وغیرہ میں آباد ہوگئے ہوں گے۔ گلوسری آف دی ٹرائب کے مطابق بھی کپورتھلہ میں ایک اور روایت انہیں علوی سادات ثابت کرتی ہے جنہوں نے عباسیوں کی مخالفت کی اور بھاگ کر سندھ آگئے، بالآخر وہ سبکتگین کے حلیف بنے جس نے انہیں اعوان کا خطاب دیا۔ مندرجہ بالا عبارت سے یہ اخذ ہوتا ہے کہ عمر الاطرفؒ کی اولاد سے جعفر بن محمد اور عمر منجورانی بن محمد کی اولادیں بھی سندھ آگئی تھیں اور سبکتگین کے حلیف بنے اور اس نے اعوان کا خطاب دیا۔ نیز عون بن جعفر بن محمد کے نام کی نسبت سے بھی اعوان ہو سکتے ہیں۔ لیکن یاد رہے کہ قطب شاہی علوی اعوان صرف عون قطب شاہ غازی بن علی بن محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد سے ہیں۔

حضرت خولہؒ بنت جعفر بن قیس والدہ حضرت محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہؒ:

طبقات ابن سعد[34] جلد سوم حصہ پنجم و ششم کے ص 125، البدایہ والنہایہ تاریخ ابن کثیر[35] و تاریخ مکہۃ المکرّمہ[36] جلد اوّل ص 248 کے مطابق حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) کی والدہ خولہ بنت قیس تھیں ان کا نسب یوں ہے "خولہ بنت جعفر بن قیس بن مسلمہ بن عبید بن ثعلبہ یربوع بن ثعلبہ بن الدول بن حنفیہ بن لجیم بن صاحب بن علی بن بکر بن وائل بن قاسط بن ہنب بن دعمی بن جدیلہ بن اسد بن ربیعہ بن نزار بن معد بن عدنان کا تعلق قبیلہ بنو حنیف سے تھا۔ اس وجہ سے محمد الاکبرؒ اپنی والدہ کے قبیلہ یعنی اپنے ننیال کے نام سے محمد ابن حنفیہؒ مشہور ہوئے۔ مرات الاسرار کے مترجم کپتان واحد بخش سیال اور سلطان الشہداء کے مولف نے محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) کی والدہ کا نام اسماء بنت عمیس الحنفیہ درج کیا ہے جو کہ درست نہ ہے۔

حضرت محمد الاکبرؒ المعروف محمد حنفیہؒ (جد اعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان):

تاریخ ابن کثیر[26] جلد پنجم ص 50 کے محمد بن علی بن ابی طالب کا لقب ابوالقاسم اور ابوعبداللہ بھی تھا اور کنیت کے اعتبار سے ابن الحنفیہ کہلاتے تھے۔ آپ 16ھ میں پیدا ہوئے غیر فاطمی اولاد میں عمر میں آپ سب سے بڑے تھے۔ 81ھ میں انتقال ہوا جنت البقیع میں دفن ہیں اس کے علاوہ شام اور طائف بھی جائے مدفن بیان کیے گئے ہیں۔ آپؒ کی والدہ خولہ[27] بنت جعفر بن قیس کا تعلق بنو حنیف سے تھا اس لیے آپ حنفیہ مشہور ہوئے۔ نسب قریش، تہذیب الانساب، الفخری، المعقبین، عمدۃ الطالب فی نسب آل ابی طالب کے مطابق آپؒ کے تین فرزندوں[28] ابوہاشم عبداللہ، جعفر و علی سے اولاد چلی۔ ذکر العباس کے مطابق آپ کے چودہ بیٹے تھے علی اور جعفر سے نسل بڑھی[29]۔ رحمۃ اللعالمین[30] کے مصنف قاضی سلیمان منصور پوری جلد دوئم صفحہ 79 پر لکھتے ہیں کہ کل اولاد 24 تھے جن میں 14 فرزند اولاد نرینہ تھے تین سے نسل جاری ہوئی۔ جن کی نسل چلی وہ عبداللہ ابوہاشم، جعفر و علی ہیں علی اور جعفر کی نسل کثیر موجود ہے۔

نہج البلاغہ[31] ترجمہ رئیس احمد جعفری کے ص 158 کے مطابق جنگ جمل کے موقعہ پر جب اپنے لشکر کا پرچم امیر المومنین علیؑ نے اپنے صاحبزادے محمد بن حنفیہ کو عطا فرمایا تو کہا "**تزول الجبال ولاتزل عض علیٰ ناجذک اعر الله جمجمتک تدفی الارض قدمک ارم ببصرک اقصی القوم. وغض بصرک واعلم ان النصر من عندالله سبحانه.** اے بیٹے پہاڑ اپنی جگہ سے سرک

جائیں، مگر تم اپنی جگہ سے جنبش نہ کرنا۔ اپنے دانتوں کو مضبوطی سے، ایک دوسرے میں پیوست رکھنا۔ اپنا کاسہ سر خدا کو عاریت دے دو۔ زمین میں اپنے پاؤں میخ کی طرح جما دینا۔ تمہاری نگاہوں کی زد، دشمن کے لشکر کی آخری صف پر رہے اپنی نظر جھکائے رکھنا اور اے بیٹے اس بات پر ایمان محکم رکھو کہ فتح و فیروزی صرف خدا کی طرف سے ہے۔ یہ الفاظ امیر المومنین نے اس وقت ارشاد فرمائے تھے، جب جنگ جمل کے موقعہ پر، آپ نے لشکر کا پرچم، اپنے فرزند دل پسند حضرت محمد بن حنفیہ کو عطا فرمایا تھا، اور کوئی شبہ نہیں، باپ کی نصیحت بیٹے نے دل سے قبول کی اور میدان جنگ میں وہ کارنامے انجام دیے کہ بے ساختہ احسنت و مرحبا کی صدائیں بلند ہونے لگیں، زور بازو سے حیدر اور ذوالفقار علی کا نمونہ آنکھوں کے سامنے پھر گیا۔ حضرت محمد بن حنفیہ حضرت علی کے صاحبزادے تھے لیکن سیّدۃ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے نہیں، بلکہ حضرت خولہ دختر جعفر بن قیس (یکے از قبیلہ بنو حنیف) کے بطن سے! حضرت فاطمہ جب تک زندہ رہیں حضرت علی نے کوئی دوسرا عقد نہیں فرمایا۔ آپ کے وصال کے بعد آپ نے نے دوسری شادیاں کیں چنانچہ خولہ کے بطن سے محمد (محمد حنفیہ) پیدا ہوئے جو سعادت، شجاعت، شرافت و زہد و عبادت میں اپنے قابل نازش خاندان کے قابل فخر سپوت تھے، حسنین علیہما السلام بھی آپ پر ہمیشہ شفقت کرتے رہے اور جب تک زندہ رہے، بھائیوں (حسنؑ و حسینؑ) کی چاکری کو اپنا قابل فخر سرمایہ سمجھتے رہے۔ حضرت محمد بن حنفیہ عمر رضی اللہ عنہ کے عہد آخر میں تولد ہوئے، ۸۱ھ (یکم محرم الحرام) میں آپ کا انتقال ہوا۔ امیر المومنین علیؑ اکثر جنگوں اور معرکوں میں آپ کو بھیجا کرتے تھے اور حضرات حسنین علیہما السلام کو یہ کام نہیں سونپتے تھے، ایک مرتبہ کسی نے یہ سوال آپ سے کیا، تو کتنا بلیغ جواب دیا۔ فرمایا! **لانهما كانا عليـنيه و كنت يديه فكان يقيٰ عينيه بيديه،** یعنی حضرات حسنین علیہما السلام، امیر المومنین علیؑ کی دو آنکھوں کی حیثیت رکھتے تھے اور میں ان کا ہاتھ تھا، لہذا آنکھوں کو ہاتھ سے بچاتے تھے ان الفاظ سے جہاں حضرت علی کے جذبہ کی ترجمانی ہوتی ہے وہاں خود حضرت محمد حنفیہ کی سعادت بھی کس طرح جھلک رہی ہے! خود امیر المومنین علیؑ نے بھی اس سوال پر جنگ صفین کے موقع پر روشنی ڈالی تھی، عین اس وقت جب کہ جنگ زور شور سے جاتی تھی آپ کو اگر فکر تھی، تو بس حسنؑ و حسینؑ کی بار بار با آواز بلند آپ فرماتے تھے، [32] **املكوا عني هذين الفيتينا خاف ان ينقطع بهما نسل رسول الله** ﷺ، یعنی ان دونوں لڑکوں (حسنؑ و حسینؑ) کو روکے رہ، جنگ کے میدان میں نہ کودنے دو، میں ڈرتا ہوں کہیں ایسا نہ ہو کہ جنگ کے میدان میں کود پڑیں۔ جام شہادت نوش کریں اور اس طرح نسل رسول ﷺ منقطع ہو جائے۔

مروج الذہب و معادن الجواہر[33] (تاریخ المسعودی) حصہ دوم کے ص 350 کے مطابق حضرت علیؓ نے اپنے بیٹوں[26] حسن و حسین و محمد حنفیہ کو بلایا اور حسن و حسین کو قریب بلا کر درج ذیل وصیت فرمائی "خدا کی واحدنیت کا لحاظ رکھتے ہوئے ہمیشہ تقویٰ و طہارت پر قائم رہنا، دنیا تم سے کھنچے تو تم بھی اس سے کھنچے رہنا، دنیا کی کوئی شے تمہیں نہ ملے تو اس کی پروانہ کرنا، ہمیشہ حق بات کہنا، یتیموں پر رحم کرنا، کمزوروں کی مدد کرنا، ظالموں کے دشمن اور مظلوموں کے مددگار رہنا اور دنیا کی طرف سے ملامت کی پروانہ کرنا" اس کے

بعد محمد حنفیہ کی طرف نگاہ اٹھا کر بولے:۔ ''تم نے حسن و حسین کے حق میں میری وصیت سنی؟ پھر فرمایا تمہارے لیے بھی میری یہی وصیت ہے اس کے علاوہ یہ کہ اپنے بھائیوں کو عزت و حرمت کا ہمیشہ خیال رکھنا، ان کا ہر حکم ماننا، ان کے حکم کے خلاف کوئی کام نہ کرنا'' پھر حسنؓ و حسینؓ سے فرمایا! ''تمہارے لئے بھی میری اس بھائی کے حق میں یہی وصیت ہے کہ اس کا ہمیشہ خیال رکھنا یہ تمہاری تلوار اور تمہارے باپ کا بیٹا ہے اس کا ہمہ وقت خیال رہے''۔ محمد الاکبرؒ عبداللہ بن زبیرؓ کی قید میں بھی رہے مختیار ثقفی نے انہیں رہا کروایا۔

1۔ علی عبدالمنان (عبدالمناف) بن محمد الاکبر (محمد حنفیہ) بن حضرت علیؓ کی اولاد مدینہ، مصر، روم و برصغیر پاک و ہند میں آباد ہے جو سادات علوی، بنی عون، بنی تراب اور قطب شاہی علوی اعوان کے نام سے شہرت رکھتی ہے۔ منبع الانساب (فارسی) 37ھ کے صفحہ 103 کے مطابق ''علی عبدالمناف راپسری بود عون عرف قطب غازی و عون عرف قطب غازی راپسری بود آصف غازی و آصف غازی راپسری بود سیّد شاہ غازی و سیّد شاہ غازی راد و پسر بودند شاہ محمد غازی و شاہ احمد غازی در سبزوار کرفت چنانچہ بشتر سادات سبزواری از نسل او اند علی ھذا القیاس! سیّد حامد خان سبزواری کہ قبر او در قلعہ ما نک پور است از نسل سیّد احمد غازی است چنانچہ بسیار فرزندان سیّد احمد غازی اند و سیّد محمد شاہ غازی کہ برادر کلاں سیّد شاہ احمد غازی بود اورا ایک پسر بود سیّد طیب غازی اورا ایک پسر د سیّد طاھر غازی اوراپسری بود سیّد عطااللہ غازی اورا پسری بود سیّد شاہو غازی و سیّد شاہو غازی اوند ہمشیرہ سلطان محمود غزنوی کتخدا بودند از و یک پسر بود حضرت سیّد سعید الدین سالار مسعود غازی و ایشان سادات علوی اند و از سادات و شرطاتی در ہند ہمراہ ایشان آمدہ اند و ابو ھاشم بن محمد حنیف بن علیؑ آں است کہ عباسیان را بخلافت بشارت داد و کتاب وصایا امیر المومنین علی از وبستہ و نسل ایشان اکنون در شیر از باشند ذکر پسران دیگر و نسل پسران دیگر حضرت شاہ مرتضیٰ علی بن ابی طالب علیہ السلام کہ سوائے از بطن حضرت فاطمہ علیہ السلام بودند تمام شد''

2۔ حسن بن محمد الاکبر بہت بڑے عالم فاضل تھے 95ھ میں وفات پائی۔

3۔ قاسم بن محمد الاکبر۔ محمد الاکبر اپنے بیٹے قاسم کی وجہ سے ابوالقاسم کہلائے۔

4۔ ابو ہاشم عبداللہ غازی بن محمد الاکبر (محمد حنفیہ) کو شیعوں نے اپنا سردار بنانا چاہا تھا مگر آپ اچانک ملک شام میں انتقال کر گئے اور یہ سرداری آپ کی وصیت کے مطابق عبداللہ بن عباسؓ کی اولاد سے محمد بن علی کو ملی ایک دوسری روایت میں اپنے بھائی علی بن محمد کو دی۔ تاریخ ابن خلدون حصہ سوئم ص 26 و ابو ہاشم عبد اللہ کے دو فرزند یحییٰ و احمد ہوئے۔ یحییٰ کے پوتے صوفی ابراھیم بن محمد علوی تھے۔

5۔ الجعفر الاصغر بن محمد الاکبر، الجعفر الاصغر کے فرزند عبداللہ ہوئے۔ آپکی اولاد ہند میں علوی، عراق میں بنو نقیب اور ایران کے شہر قم، قزوین، اصفہان اور فارس میں ''سادات محمدی علوی'' کے عنوان سے معروف ہے۔ عبداللہ کے فرزند جعفر ثانی تھے۔ ان کے فرزند عبداللہ راس المذری نے سیّدہ آمنہ بنت الحسین الاصغر بن علیؑ بن امام الحسین بن علیؑ بن ابی طالب سے شادی کی جن سے ایک فرزند جعفر ثالث تھے جن کی نسل سے ایران کے سادات محمدی ہیں۔ آپ کے چھ فرزند علی، زید، عبداللہ، ابراھیم، قاسم اور اسحاق ملک تھے۔ علی

کی اولاد قم ایران اور بغداد میں آباد ہے۔ جعفر ثالث کی اولاد کوفہ، بصرہ، مشہد اور مصر میں آباد ہے۔ ابراھیم کی اولاد فارس، شام اور موصل میں اور القاسم کی اولاد مصر وغیرہ میں آباد ہے۔

امیر زبیر بن علی، زبیر قاسم بن علی، عون بن علی:

محترم جناب پروفیسر ڈاکٹر پیر سلطان الطاف علی اعوان سجادہ نشین دربار عالیہ نے رائیٹرز کانفرنس کے دوران یہ فرمایا تھا کہ امیر زبیر بن علیؓ کے نسب کی بھی تحقیق کی جائے۔ تحقیق الاعوان کے مولف ایم خواص خان نے ص 244 پر تاریخی کتب کے حوالہ سے بحث کرتے ہوئے اپنی ذاتی رائے یوں دی ہے: ''میری ذاتی رائے یہ ہے کہ اکثر شجرہ انساب میں آخر پر زبیر بھی آیا ہے جو حضرت محمد بن الحنفیہؒ کا لقب تھا۔ کئی زبانی بھی لقب روایت کرتے ہیں اور شجرہ انساب کے بیان نمبر۲ میں واضع ہے کہ زبیر لقب و کنیت محمد حنیفؒ کا تھا (اور کسی نے زبیر بیٹا محمد بن الحنفیہؒ کا کہہ دیا) اور مابعد والے فرق و تمیز نہ کر سکے۔ علاوہ ازیں سیرت سلطان العارفین حضرت سلطان باھوؒ تالیف سید ارتضٰی علی کرمانی کے مطابق حضرت سلطان العارفین سلطان باھوؒ کا شجرہ نسب امیر زبیر بن علیؓ سے درج ہے۔ اب تک عربی فارسی کئی کتب راقم کی نظروں سے گزری ہیں ان میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ، کے کسی فرزند کا نام امیر زبیر بن علیؓ نظر سے نہیں گزرا اور نہ ہی کسی کا لقب، عرف یا کنیت معلوم ہوئی۔ قلمی کتاب شجرات اقوام فارسی 38ھ مرتب کنندہ مستقیم بن جلال الدین قوم آوان 17 بیساکھ 1946 بکرمی بمطابق 29 اپریل 1889ء بروز پیر جوالکرم اسلامک لائبریری دربار کرمیہ طاہر آباد منگانی شریف موجود ہے اس کی نقل محترم ملک خورشید حسن علوی آف بھکر نے راقم مولف کو بھیجی ہے کے صفحہ 37 پر درج ہے ''بفرمان اعوان یعنے یاری دہ و یاری دہندہ است این خطاب بوقت سلطنت بادشاہ سلطان محمود غزنوی کہ بآن نصرت پیران حضرت قطب شاہ کردند ملک کوہستان و ہنداستان گرفتند بندہ از روئی نصرت ایشانرا اعوان خطاب دادہ شد'' ص 37 پر لکھتے ہیں حضرت قطب شاہ ہفت فرزندان مانند دو نزدیک پدر در ہرات مانند یکی شاہ توری و دیگر سید چوٹی و پنج فرزندان درین ولایت آمدند در عہد سلطان محمود برائی نصرت و بعد ازین در ملک پنجاب مانند تفصیل پنج فرزند کندان و جہان و کلکان و کولر و کھوکہر'' عون بن علی کے حوالہ سے ص 43 پر درج ہے ''محقق شد کہ در کتب زبیر قاسم را محمد زبیر و در بعضی کتاب زبیر قاسم و در بعضی جاء زبیر علی نوشتہ اند و در بعضی کتاب عون نیز گویند واللہ اعلم بالصواب'' مندرجہ بالا قدیم شجرہ نسب سے یہ ثابت ہوا۔

یہ کہ ''اعوان'' کا خطاب سلطان محمود غزنوی نے دیا تھا۔ اور یہ کہ قطب شاہ کے فرزند عبداللہ گولڑہ، مزمل علی کلگان، محمد شاہ کندلان، در یتیم جہان شاہ و زمان علی کھوکھر سب ایک ہی باپ کی اولاد ہیں اور ان کا شجرہ نسب زبیر بن علی سے ملایا گیا ہے۔ یہ کہ نسب قریش 39ھ کے ص 77 پر درج ہے

فولد محمد (آصف غازی) بن عون [عرف قطب غازی] بن علی بن محمد [محمد الاکبر (محمد حنفیه)] بن علی بن ابی طالب: علیا (شاه غازی)؛ وحسنة؛ وفاطمة؛ وامهم: صفية بنت محمدبن مصعب بن الذبير'' عرب میں جہاں کئی کئی شادیاں کی جاتی تھیں وہاں یہ رواج بھی عام تھا کہ اولاد اپنے ننیال کے نام سے مشہور ہو جاتی تھی جیسے حضرت محمد الاکبر

اپنی والدہ کے نام سے حنفیہ مشہور ہیں اسی طرح اور بھی بے شمار مثالیں دی جا سکتی ہیں۔ راقم کا خیال ہے کہ عون قطب شاہ غازی جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان کے فرزند محمد (آصف غازی) کی شادی صفیہ بنت محمد بن مصعب زبیر کے ساتھ ہوئی تھی ان کے بطن سے علی (شاہ غازی)، حسنہ و فاطمہ پیدا ہوئے۔ اور علی کا ننیال زبیر بن عوام کا خاندان تھا جس کی وجہ سے وہ اپنی والدہ کے خاندان کی وجہ سے زبیر مشہور ہوئے ہوں گے اور شجرہ نسب میں امیر زبیر بن علی درج ہو گیا۔ نیز سیرت حضرت سلطان باھوؒ میں خراسان اور ہرات کا ذکر بھی ہے۔

مزید یہ کہ عون بن علی یا زبیر قاسم بن علی سے مراد عون بن حضرت علیؓ بن ابی طالب نہیں ہے بلکہ اس سے مراد عون بن علی بن محمد بن حضرت علیؓ بن ابی طالب ہے۔ چونکہ منبع الانساب سے یہ ثابت ہو چکا کہ ’’عون بن علی‘‘ اصل میں عون قطب غازی [جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان] بن علی عبدالمناف بن محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) بن حضرت علیؓ بن ابی طالب ہیں۔

محمد بن مسلمہ انصاری اور بنی عون میں رشتہ داری:

عون قطب شاہ بن علی بن محمد الاکبر کی شادی مہدیہ بنت عبدالرحمٰن بن عمر بن محمد بن مسلمہ انصاری کے ساتھ ہوئی تھی جن کے بطن سے محمد (لقب آصف غازی)، رقیہ اور علیہ پیدا ہوئے۔ نسب قریش 58 کے ص 77 پر درج ہے ’’وولد عون [قطب غازی] بن علی [عبدالمناف] بن محمد [محمد الاکبر (محمد حنفیہ)] بن علی بن ابی طالب: محمداً؛ ورقیہ؛ وعلیۃ بنی عون، وامھم: مہدیۃ بنت عبدالرحمٰن بن عمر بن محمد بن مسلمہ انصاری‘‘۔ اس طرح بنی عون اور قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کا ننیال محمد بن مصعبؓ بن عوام کا قبیلہ ہے۔ طبقات ابن سعد 59 حصہ اوّل کے ص 245 کے مطابق ہجرت کے پچیسویں مہینے سریہ قتل کعب بن الاشرف ہوا۔ وہ نبی کریم ﷺ اور آپ ﷺ کے صحابہ کرامؓ کی ہجو کرتا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے اللہ ابن الاشرف کے اعلان شر اور شعر کہنے کو تو جس طرح چاہے روک دے نیز ارشاد فرمایا کو جو ابن الاشرف سے میرا انتقام لے کیوں کہ اس نے مجھے ایذا دی ہے۔ محمد بن مسلمہ نے عرض کی اس کے لئے میں ہوں یا رسول اللہ ﷺ میں اسے قتل کروں گا۔ آپ ﷺ نے اجازت دے دی اور محمد بن مسلمہ انصاری نے کعب بن الاشرف کو قتل کر دیا۔ البدایہ والنہایہ تاریخ ابن کثیر 60 جلد دوم ص 87-386 پر محمد بن مسلمہ انصاری کی کعب بن اشرف کو قتل کرنے کی مکمل روئیداد درج ہے مختصراً ذکر کیا جاتا ہے ابن اسحاق کا بیان ہے کہ عبداللہ بن مغیث بن ابی بردہ نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ’’کعب بن اشرف کو کون قتل کرتا ہے۔ یہ سن کر محمد بن مسلمہ برادر بنی عبدالاشھل نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں یہ کام انجام دوں گا میں اس کو قتل کروں گا آپ ﷺ نے فرمایا اگر قدرت ہو تو ایسا کر چنانچہ وہ واپس چلا آیا اور تین روز اس نے کچھ نہ کھایا مگر برائے نام رسول اللہ ﷺ کو یہ بات معلوم ہوئی تو آپ ﷺ نے اس کو بلا کر پوچھا تم نے کھانا پینا کیوں چھوڑ دیا اس نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں نے آپ ﷺ سے وعدہ کیا ہے معلوم نہیں پورا کر سکوں گا یا نہیں۔ یہ سن کر آپ ﷺ نے فرمایا تمھارا کام کوشش کرنا ہے۔ محمد بن مسلمہ نے ساتھیوں کے ساتھ مل کر قتل کا منصوبہ بنایا اور کعب کو بالوں سے پکڑ کر قابو کیا۔ محمد بن مسلمہ کا بیان ہے کہ مجھے یاد آیا کہ نیام میں خنجر ہے میں نے وہ پکڑ کر اس کے پیڑو میں گھونپ دیا اور اپنا سارا وزن اس پر ڈال دیا کہ خنجر نیچے تک پہنچ گیا اور اس کا کام تمام ہو گیا۔ آخری پہر رسول اللہ ﷺ نماز میں

مصروف تھے ہم نے سلام عرض کیا نماز سے فراغ ہو کر آپ ﷺ باہر تشریف لائے ہم نے کعب کے قتل کی خوشخبری سنائی‘‘۔

تاریخ ابن کثیر کے مطابق محمد بن مسلمہ انصاری، مصعب بن عمیر کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے۔ بدر اور دیگر غزوات میں سوائے تبوک کے شریف رہے غزوہ تبوک میں ایک قول کے مطابق رسول اللہ ﷺ نے مدینہ میں آپؓ کو نائب مقرر کیا تھا۔ ان صحابہ میں سے تھے جنہوں نے کعب بن اشرف کو قتل کیا (جس کا ذکر اوپر کیا جا چکا ہے) رسول اللہ ﷺ نے تقریباً 15 معرکوں میں امیر مقرر کیا۔ آپؓ نے بہت معرکے سرانجام دیئے اور دیانت و امانت کا سرچشمہ تھے رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ ستر سال کی عمر ہو چکی تھی۔ 46-45 ہجری میں وفات پائی جب کہ بعد کے نزدیک اس کے علاوہ کسی اور سال ان کی وفات ہوئی۔

بنی مصعب اور بنی عون کا خاندانی تعلق:

بنی مصعب کے جداعلیٰ مصعب بن زبیرؓ تھے۔ تاریخ ابن کثیر 61 جلد چہارم حصہ ہشتم کے ص 627 کے مطابق مصعب بن زبیر بن العوام بن خویلد بن اسد بن عبدالعزی بن قصی بن کلاب تھے۔ ابو عبداللہ اور ابو عیسیٰ دونوں آپ کنیت ہیں۔ حضرت عمرؓ، حضرت زبیرؓ اور حضرت سعد اور حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت کا شرف حاصل ہے۔ آپ حضرت ابو ہریرہؓ کے اصحاب میں سے تھے انتہائی خوبصورت شخص تھے شعبیؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ممبر پر آپؒ سے حسین شخص کوئی نہیں دیکھا 72 ہجری میں قتل ہوئے۔ خطیب بغدادی فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن زبیرؓ نے اپنے بھائی مصعب کو عراق کی امارت دی تھی 33 سال، 40 سال یا 45 سال کی عمر میں 72 ہجری میں قتل ہوئے۔

حضرت مصعبؒ بن زبیرؓ بن عوام بنی مصعب قبیلہ کے جداعلیٰ تھے اور عون قطب شاہ بن علی بن محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) بنی عون کے جداعلیٰ ہیں۔ عون قطب شاہ غازی کے بیٹے محمد المشہور بہ آصف غازی کی شادی صفیہ بنت محمد بن مصعبؓ بن زبیر بن عوام کے ساتھ ہوئی تھی ان کے بطن مبارک سے علی، حسنہ و فاطمہ پیدا ہوئے۔ کچھ کتب میں محمد بن عون کا لقب اشعل البقیع درج کیا گیا ہے۔ المعقبون کے حاشیہ کے مطابق اشعل البقیع محمد بن عون بن محمد حنفیہؒ کا لقب تھا۔ نسب قریش کے مصنف و مولف ابو عبداللہ مصعب بن عبداللہ بن مصعب بن ثابت بن عبداللہ بن زبیر بن عوام تھے۔ یعنی عبداللہ بن زبیر جنہوں نے یزید کی وفات کے بعد خلافت کا اعلان کر دیا تھا اور مصعب بن زبیر دونوں بھائی تھے۔

غازی کی شان: غازیان علویان، نقیب علویان اور سالار غازیاں اور سالار علویان:

قرآن مجید فرقان حمید اور احادیث مبارکہ میں مجاہد کی شان اور مقام بیان ہوا ہے۔ جب کہ غازی کا مجاہد سے بھی اعلیٰ مرتبہ و مقام ہے کیونکہ پہلے انسان ٹریننگ کر کے مجاہد بنتا ہے اور پھر معرکے سرانجام دیتا ہے۔ دشمن پر حملے کرتا ہے قتال کے میدان گرم کرتا ہے، اپنا خون گراتا ہے۔ کفار کو واصل جہنم کرتا ہے۔ پھر جا کے غازی 62 بنتا ہے۔ زیر نظر کتاب میں قدیم فارسی کتاب منبع الانساب اور مرات مسعودی اور فرہنگ آصفیہ میں سیّد سالار مسعود غازی سے عون قطب شاہ غازی جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان بن علی عبدالمنان غازی بن حضرت محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہ تا ک شجرہ نسب میں تمام ناموں کے ساتھ غازی ہی درج

ہے۔اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ غازی کی تعریف بھی کر دی جائے۔تاریخ بیہقی فارسی 63ھ جلد اوّل ص 57 پر جو سلطان مسعود بن سلطان محمود غزنوی کے دور کے حالات پر مبنی ہے اور 1059ء میں لکھی گئی میں علویان وغازیاں کے حوالہ سے یوں درج ہے ''این قوم مستحق ھم نیکوئھا ھستند بگوی تا قاضی ورئیس وخطیب ونقیب علویان وسالار علویان وسالار غازیان راخلعتھا راست کندھم اکنوں از رئیس ونقیب علویان وقاضی زرواز آن دیگرز رآندوذ'' یعنی غازیان علویان، نقیب علویان اور نقیب غازیان کے القابات درج ہیں۔ سعید الدین سالار مسعود غازی (قطب شاہی علوی اعوان) کی شہادت کے بعد سلطان محمود غزنوی کے بیٹوں کی آپس کی لڑائیوں میں سلطنت غزنوی کمزور ہو چکی تھی تاریخ بیہقی کے مطابق سلطان مسعود بن سلطان محمود غزنوی کے دور میں اس کی فوج میں بھی غازیان علویان، سالار علویاں ونقیب علویان اور سالار غازیان کی فوج موجود تھی سلطان مسعود نے ہانسی کا قلعہ خود فتح کرنے کا ارادہ ظاہر کیا تو اس کے مشیروں نے اسے مشورہ دیا کہ ہانسی کا قلعہ لاہور میں موجود سالار غازیان بھی فتح کر سکتے ہیں۔ یہ سالار غازیان/سالار علویان سلطان محمود غزنوی کے دور سے تنخواہ نہیں لیتے تھے یعنی جہاد فی سبیل اللہ کے طور پر شامل تھے۔

حضرت امام حسنؓ، امام حسینؓ، محمد الحنفیہؒ عباس علمدارؒ اور عمر الاطرفؒ کی اولادوں کی باہم رشتہ داریاں :

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی فاطمی وغیر فاطمی اولادوں میں بہت سی شادیاں ہوئیں جن میں سے چند کا ذکر کیا جاتا ہے۔ خدیجہ بنت امام زین العابدینؓ، محمد بن عمر الاطرف بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے نکاح میں تھیں۔ المعقبون جلد سوم ص 397 کے مطابق عبدہ بنت یحییٰ بن الحسین بن امام زین العابدینؒ، الحسن بن علی بن عبداللہ بن عبیداللہ بن عباس علمدارؒ کے نکاح میں تھیں۔ ریطۃ بنت ابی ہاشم عبداللہ غازی بن محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی شادی زید بن علی (امام زین العابدین) کے ساتھ ہوئی تھی ان کے بطن سے یحییٰ بن زید شہید بن علی (زین العابدین) پیدا ہوئے۔ اور دوسری بیٹی لبابہ بنت ابی ہاشم عبداللہ غازی، الحسن بن علی (عبدالمناف) بن محمد لاکبر (محمد حنفیہؒ) کے عقد میں تھیں ان کے بطن سے علی بن الحسن بن علی پیدا ہوئے۔ عون (قطب شاہ) بن علی عبدالمناف بن حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) کی بیٹی علیہ کی شادی علی بن الحسن بن علی عبدالمناف بن محمد حنفیہؒ کے کے ساتھ ہوئی تھی ان کے بطن سے الحسن بن علی تھے۔ المعقبین کے ص 72 کے مطابق رقیہ بنت عون (قطب شاہ) بن علی بن محمد حنفیہؒ کا عقد عبداللہ بن داؤد بن الحسن مثنیٰ بن امام حسنؓ سے ہوا تھا۔ المعقبون جلد سوم ص 423 کے مطابق حمدونۃ بنت الحسن بن علی بن محمد بن عون (قطب شاہ جد اعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان) بن علی بن محمد ابن حنفیہؒ کی شادی الحسن بن محمد الصوفی بن یحییٰ الصوفی بن عبداللہ بن محمد بن عمر الاطرفؒ سے ہوئی تھی جن کی اولاد کوفہ وطبرستان میں ہے۔

علویوں کا مدینہ سے خراسان کی طرف ہجرت کرنا:

تاریخ علوی اعوان 64ھ ایڈیشن 1999ء کے ص 291 وایڈیشن 2009ء کے ص 301 کے مطابق ''علوی اور ولید بن یزید (125ھ تا 126ھ) کے عنوان سے جناب محبت حسین اعوان رقمطراز ہیں یحییٰ بن زید بن علی بن حسین بن علیؓ جن کو محمد الاکبرؓ اور عمر بن علیؓ کی اولادوں کی بھرپور حمایت حاصل تھی، اپنے والد زید بن علی کی

وفات کے بعد سن 126ھ میں خراسان چلے گئے۔ آپ کے ساتھ محمد الاکبر کی اولاد نے بھی خراسان کی جانب کوچ کیا۔ یہ پہلا موقع تھا کہ محمد الاکبرؓ کی اولاد خراسان میں آباد ہوئی اور وہاں پر اپنا اثر ورسوخ پیدا کیا۔ یحییٰ بن زید کے ساتھیوں میں محمد الاکبرؓ کی اولاد میں سے لوگ شامل تھے اور ان کی کل تعداد ستر تھی۔ عمرو بن زرارہ ان کے پیچھے پڑ گیا۔ زبردست لڑائی ہوئی اور یحییٰ بن زید اس لڑائی میں مارے گئے۔ محمد الاکبرؓ کی اولاد میں جو لوگ بچے وہ ادھر اُدھر روپوش ہو گئے اور نیشاپور کے علاقے میں پناہ گزین ہوئے'۔ تاریخ علوی اعوان کے ص 258 پر درج ہے ''تاریخ ابن خلدون 65ھ اردو جلد پنجم ص 252 پر ابن خلدون نے علی بن محمد الاکبرؒ کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ علی بن محمد الاکبر کے بیٹے کا نام حسن تھا اور شیعہ ان کی امامت کے بھی قائل تھے دیگر معتبر مورخین کا بھی اس پر اتفاق ہے کہ علی بن محمد الاکبر نہ صرف صاحب اولاد تھے بلکہ ان کی اولاد کثرت سے پھلی پھولی۔ میری تحقیق کے مطابق علوی اعوان انہی کی پشت سے ہیں۔''

کربلا کے جگر سوز واقعہ اور مدینہ طیبہ میں واقعہ حرہ کے بعد بھی بنی امیہ نے بنی ہاشم اور بالخصوص حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد (علویان) کے لئے سرزمین عرب میں قیام کرنا محال کر دیا اور ان پر ظلم وستم پہاڑ توڑے۔ ایسے میں زید شہید بن علی (حضرت امام زین العابدینؒ) کی شہادت کے بعد ان کے فرزند یحییٰ بن زید نے ستر آدمیوں کے ہمراہ خراسان کی طرف ہجرت کی ان ستر آدمیوں میں زیادہ تر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد تھی۔ چونکہ بنی امیہ کی ظالم و جابر حکومت تھی اولاد علیؓ جہاں بھی جاتی اس کے پیچھے بنی امیہ کے جاسوس ہوتے تھے۔ زید بن علی (زین العابدین) ابو ہاشم عبداللہ بن محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) کے داماد تھے۔ اور یحییٰ بن زید بن علی (زین العابدین) عمر الاطرف بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ، کے داماد تھے یعنی یحییٰ کی والدہ ریطۃ بنت ابی ہاشم عبداللہ غازی بن محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) تھیں۔ اور یحییٰ بن زید بن علی کی زوجہ محترمہ محبۃ بنت عمر الاطرف بن حضرت علیؓ تھیں۔ اور خدیجہ بنت علی (زین العابدین) بن امام حسینؑ حضرت علی کرم اللہ وجہہ، محمد بن عمر الاطرف بن حضرت علیؓ کی زوجہ محترمہ تھیں۔ اس طرح امام علی (زین العابدین)، محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) اور عمر الاطرفؒ کی اولادیں یکجدی ہونے کے علاوہ دوہرے رشتوں میں بھی منسلک تھیں اور یہ سب اس وقت کی ایک ہی شاخ ''علویان'' سے تعلق رکھتے تھے۔ اب علویان کی ہزار ہا شاخیں ہیں۔

گمان غالب ہے کہ عون قطب شاہ غازی بن علی عبدالمناف بن حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) اپنی اولاد کے ساتھ اپنے بھتیجے یحییٰ بن زید بن علی (زین العابدین) کے ہمراہ یا بعد میں خراسان چلے گئے ان کے ہمراہ ستر آدمی تھے جو سب کے سب ان کے طرف دار تھے اور ان میں اکثریت بنی ہاشم اور بالخصوص علویوں کی ہی تھی۔ تقریباً ان سب ہی نے بنوامیہ کے خلاف جنگ میں شہادت پائی۔ جس کا ذکر تاریخ طبری جلد پنجم حصہ اوّل ص 268، تاریخ المسعودی مروج الذہب ومعادن الجواہر حصہ سوم ص 262، تاریخ ابن کثیر البدایہ والنہایہ حصہ دہم ص 227 وتاریخ ابن خلدون جلد دوم حصہ دوم ص 691و698 پر مفصل درج ہے۔ یاد رہے کہ قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے شجرہائے نسب میں عون قطب شاہ غزنی اور عون قطب شاہ ہرات درج ہے نیز انگریزوں نے بھی یہی قلمبند کیا ہے کہ اعوان قطب شاہ غزنی/ہرات کی اولاد ہیں جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ اولاد ہیں۔

عون قطب شاہ غازی بن علی بن محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ:

عون قطب شاہ غازی بن علی بن حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ اوران کی اولاد کا ذکر انساب کی قدیم مستند کتب میں درج ہے۔ سرسلسلۃ العلویہ سے قدیم اور مستند کتاب نسب قریش ہے جو دوسری صدی ہجری میں تالیف کی گئی اور مولف کتاب نسب قریشلا بی عبداللہ المصعب بن عبداللہ بن المصب بن زبیر بن عوامؓ کی عون قطب شاہ غازی (جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان) سے قریبی رشتہ داری تھی یعنی عون قطب شاہ غازی کے بیٹے محمد المشہور بہ آصف غازی کی شادی صفیہ بنت محمد بن مصعبؓ بن زبیر بن عوام کے ساتھ ہوئی تھی۔ اس لئے بنی عون شاخ سے متعلقہ مندرجات درست، غلطیوں سے مبرا اور مستند ہیں چونکہ وہ بنی عون کے گھر کے فرد تھے۔ کتاب نسب قریش عربی اور دیگر کتب کے نام مولفین و مصنفین اوران کی اشاعت کا زمانہ اورعون قطب شاہ غازی سے متعلقہ عبارت کے اقتباسات مختصر درج کیے جاتے ہیں تا کہ قارئین کرام کو سچ اور حقیقت معلوم ہو جائے۔

1۔ کتاب نسب قریش عربی (156-236 ھجری) میں بنی عون/قطب شاہی علوی اعوان کا ثبوت:

''کتاب نسب قریش'' (عربی) یہ انساب عرب کی قدیم اور کتب میں سے ایک ہے جو دوسری صدی ہجری میں لابی عبداللہ المصعب بن عبداللہ بن المصب بن زبیر بن عوام نے تالیف فرمائی۔ کتاب نسب قریش عربی 40ھ کے ص 77 پر درج ہے ''وولد علی [عبدالمنان/عبدالمناف] بن محمد [محمد الاکبر (محمد حنفیہ)] بن علی بن ابی طالب: حسناً؛ ومحمد الاکبر؛ وعبیداللہ؛ وعوناً؛ وعبداللہ؛ ومحمد الاصغر؛ وفاطمہ، ۔۔ فولد الحسن بن علی بن محمد [محمد الاکبر (محمد حنفیہ)] بن علی بن ابی طالب: علیاً، وامہ: لبابۃ بنت عبداللہ بن محمد بن علی بن ابی طالب۔ فولد علی بن حسن بن علی بن محمد [محمد الاکبر (محمد حنفیہ)] بن علی بن ابی طالب: الحسن بن علی، وامہ: علیۃ بنت عون [قطب شاہ غازی] بن علی بن محمد [محمد الاکبر (محمد حنفیہ)] بن علی بن ابی طالب ۔ وولد عون [قطب شاہ غازی] بن علی [عبدالمنان] بن محمد [محمد الاکبر (محمد حنفیہ)] بن علی بن ابی طالب: محمداً؛ ورقیہ؛ وعلیۃ <u>**بنی عون**</u>، وامھم: مھدیۃ بنت عبدالرحمٰن بن عمر بن محمد بن مسلمۃ الانصاری۔ فولد محمد بن عون بن علی بن محمد [محمد الاکبر (محمد حنفیہ)] بن علی بن ابی طالب: علیا؛ وحسنۃ؛ وفاطمۃ؛ وامھم: صفیۃ بنت محمد بن مصعب بن الذبیرؓ''۔

کتاب نسب قریش عربی کی مندرجہ بالا عبارت ہی قطب شاہی علوی اعوان کی بنیاد ہے۔ مولف کتاب نسب قریش عربی کا شمار قدیم معروف نسب دانوں میں ہوتا ہے جس کا ذکر منتقلۃ الطالبیہ کے مولف نے بھی کیا ہے۔ نسب قریش عربی کے مطابق عون (قطب شاہ غازی قطب شاہی علوی اعوان) کی اولاد <u>''بنی عون''</u> درج ہے۔ جیسے ہاشم کی اولاد بنی ہاشم، عباس کی اولاد بنی عباس ہے۔ عون کا مطلب معاون و مددگار ہے عون کی جمع ''اعوان'' ہے۔ عون کی وجہ سے یہ قبیلہ اعوان مشہور ہوا اور قطب شاہ غازی کی وجہ سے قطب شاہی اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی غیر فاطمی اولاد ہونے کے ناطے سے علوی ہے۔ ''عون قطب شاہ'' ہونے کا ثبوت قدیم شجرہ نسب کے علاوہ منبع الانساب فارسی میں سیّد معین الحق جھونسوی نے 830 ھجری میں اس طرح لکھا۔ ''علی عبدالمنان راپسری بود <u>**عون عرف قطب غازی**</u> وعون عرف قطب غازی راپسری بود اصف

غازی''۔ قدیم نسب ناموں میں بھی ''شاہ'' حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد کے ہر نام کے ساتھ درج ہے۔ منبع الانساب کے فارسی نسخہ میں پہلی سطر میں ''علی عبدالمنان'' اور دوسری سطر میں ن کے بجائے ف نظر آرہا ہے۔ علامہ ڈاکٹر ارشاد حسین ساحل شاہسرامی نے اردو ترجمہ کرتے ہوئے علی عبدالمناف ہی لکھا ہے۔ مرات مسعودی فارسی اور مرات الاسرار فارسی میں عبدالمنان لکھا ہے۔ میرے خیال میں عبدالمنان ہی درست ہے۔ اصل مخطوطہ بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔ بہرحال جو بھی ہو ''علی'' نسب کی تمام کتب میں درج ہے۔ بحرالجمان فی مناقب حالات سیّد الانس کے ص 135 پر ''عون عرف قطب غازی بابا'' بن علی بن ابوالقاسم محمد الاکبر معروف امام حنیف درج ہے۔ اور منبع الانساب فارسی میں عون عرف قطب غازی بن علی بن محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ تحریر ہونے سے ''قطب شاہی'' کہلانے کی وجہ تسمیہ بھی تاریخی حوالہ سے مستند ثابت ہو چکی ہے۔ سلطان محمود غزنوی یا سبکتگین کی طرف سے اعوان کا خطاب دیے جانے کی روایت بھی قدیم شجر ہائے نسب اور تاریخوں میں ملتی ہے۔ ممکن ہے سلطان محمود غزنوی یا سبکتگین نے یہ کہا ہو کہ آپ نسبی طور پر اعوان ہیں اور آپ نے جہاد ہند میں ہماری مدد کی لہذا ہم بھی آپ کو اعوان کا خطاب دیتے ہیں۔ نیز معجم البلدان والقبائل الیمنیہ جلد دوم کے ص 1145 پر بھی آل عون: کے عنوان میں درج ہے قبیلہ من'' آل محمد۔۔ وآل علی'' یعنی آل عون، آل محمد (حضرت محمد حنفیہؒ جن کا نام محمد ہے کی اولاد) وآل علی (علیؓ کی اولا یعنی ''علوی'')۔ یہ قبیلہ یمن میں آباد بیان کیا گیا ہے ممکن اس کا تعلق بھی عون بن علی بن محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد سے ہو جو بنی عون نسب قریش میں درج ہے۔ منتقلۃ الطالبیہ عربی اور مہاجران آل ابی طالب فارسی میں بھی حضرت محمد حنفیہؒ کی اولاد یمن میں آباد ہونا بیان کی گئی ہے۔ واضع ہو کہ مستند کتب کے حوالہ سے صرف عون قطب شاہ غازی بن علی عبدالمنان بن حضرت محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد ہی قطب شاہی علوی اعوان ہے۔

جہاں تک غوث الاعظم حضرت پیر عبدالقادر جیلانی کی طرف سے عون بن علی کو قطب الہند بنا کر ہندوستان بھیجنے اور قطب شاہی کہلائے جانے کی بات ہے وہ قطب الدین مدنی ہیں۔ منبع الانساب فارسی کے اردو ترجمہ کے ص 358 کے مطابق قطب الدین مدنی کے والد میر سیّد احمد اور حضور غوث الثقلین حقیقی چچازاد بھائی ہیں حضور غوث پاک کی ہمشیرہ بی مات حضرت میر سیّد احمد سے منسوب تھیں ان ہی سے میر قطب الدین مدنی تولد ہوئے حضرت کو مدنی اس لئے کہتے ہیں کہ حضرت میر سید احمد اپنے اہل خاندان کے ساتھ حج بیت اللہ کے لئے تشریف لے گئے تھے حج بیت اللہ کے بعد مدینہ منورہ میں روضہ رسول ﷺ پر حاضر ہوئے حضرت کی والدہ امید سے تھیں اور قطب الدین مدنی مدینہ میں پیدا ہوئے بعد میں غوث پاک کی خدمت میں حاضر ہوئے بعد کا خیال ہے کہ حضور غوث پاک کے صاحبزادے عبدالرزاق کی خدمت میں حاضر ہوئے اور باطنی تربیت حاصل کی صاحب کمال عارف باللہ تھے آپ کا مزار کڑا میں ہے آپ کو حسنی و حسینی اس لئے کہا جاتا ہے کہ آپ کے جد کریم عبداللہ المحیض بن حسن مثنیٰ بن امام حسنؓ کے شہزادے تھے اور امام حسینؓ کے نواسے تھے آپ کی اولاد یں کڑا اور اس کے مصافات میں موجود ہیں۔ نیز غوث پاک کے تمام خلفاء کے نام قدیم کتب میں موجود ہیں لیکن عون بن علی یا عون بن یعلی غوث پاکؒ کے خلفیہ نہیں گزرے۔

2۔فی تسمیۃ من ولدالامام امیرالمومنین ابی الحسن علی بن ابی طالب علیہ السلام عربی (214۔277ھ)

: فی تسمیۃ من ولدالامام امیرالمومنین ابی الحسن علی بن ابی طالب علیہ السلامؑ 41 تالیف ابی الحسن یحیٰ بن جعفر بن عبیداللہ بن الحسین بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ (214۔277ھ) قدیم اصل مخطوطہ کے ص 24 پر درج ہے "**والعقب من علی بن محمدبن علی بن ابی طالب علیهم السلام من عون بن علی وامه ام ولد. والعقب من عون بن علی بن محمدبن علی من محمدبن عون وامه مهدیه بنت عبدالرحمن بن عمرو بن محمد بن مسلمة الانصاری. والعقب من ولدمحمدبن عون بن علی بن محمدبن علی بن ابی طالب علیه السلام من علی بن محمد، وامه صفية بنت محمدبن مصعب بن الذبير بن العوام.** ۔اصل قدیم قلمی مخطوطہ 30 صفحات پر مشتمل ہے۔اسی کو بنیادی ماخذ جانتے ہوئے السیّد مھدی الرجائی الموسوی نے دیگر انساب کی کتب کے تقابلی جائزہ کے بعد تین جلدوں پر مشتمل کتاب المعقبون ترتیب دی۔اس کے علاوہ محمد الکاظم نے بعداز تحقیق اسی کے حوالہ سے کتاب المعقبین ،قم ایران سے 2001ء میں طبع کروائی۔فارس حسون کریم نے بھی المعقبون کے نام سے کتاب ترتیب دی۔

3۔المعقبون عربی (214-277 ھجری):

المعقبون 42 عربی جلد سوم تالیف الشریف ابی الحسن یحیٰ بن جعفر بن عبیداللہ بن الحسین بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ (214-277 ھجری) ترتیب السیّد مھدی الرجائی الموسوی 1427 ھجری قم ایران سے شائع ہوئی کے ص 393 سے مختصراً اقتباس درج کیا جاتا ہے

"**اماعون[قطب شاہ غازی]بن علی بن محمدالحنفیه ،فاعقب من ولده:محمداشهل البقیع، امه مهدیه بنت عبدالرحمن بن عمروبن محمدبن مسلمه الانصاری۔ امامحمداشهل البقیع بن عون، فاعقب من سبعة رجال، وهم:علی امه صفیه بنت محمدبن حمزه بن مصعب بن الزبیربن العوام ،وموسیٰ له عقب، والحسن له بقیه بالهند، وعیسیٰ،واحمد،ومحمد،والحسین۔ اماعلی بن علی بن محمداشهل البقیع،فاعقب من ولدیه، وهما: عیسیٰ له عقب بمصر،وابوتراب محمدالقتیل الاحول بمصرولد۔ اماعیسیٰ بن علی بن علی بن محمداشهل البقیع ،فاعقب من ثلاثه رجال، وهم : ابوتراب الحسن، وابوزبیه القاسم له ولد بمصر،والحسین التوم۔ اما الحسین التوم بن عیسیٰ بن علی بن علی ، فاعقب من ولده : محمد،اما محمدبن الحسین التوم، فاعقب من ولده: الحسین له عقب ۔واما ابوتراب محمدبن علی بن علی محمداشهل البقیع ،فاعقب من ولده**

محمد،امامحمدبن محمدبن علی بن علی ،فاعقب من ولده: ابی علی الحسین قتلته الروم وله اولاد۔ واما موسیٰ بن علی بن محمد اشهل البقیع ، فاعقب من رجلین، وهما: ؛حمزة، والحسین، ولهما عقب واولادبمصر واخوة فی صح ۔ "اسی کتاب کے ص 423 کے مطابق الحسن بن محمد الصوفی بن یحیٰ الصوفی بن عبداللہ بن محمد بن عمر الاطرفؒ کی اولاد کوفہ بصرہ، مصر میں کثیر ہے اور الحسن بن محمد الصوفی کی شادی حمدونۃ بنت الحسن بن علی بن محمد بن عون (قطب شاہ غازی جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان) بن علی بن محمد ابن الحنفیہؒ، کی شادی الحسن بن محمد الصوفی جوکہ حضرت عمر اطرفؒ کی اولاد سے تھے ہوئی تھی اور ان کی اولاد طبرستان میں درج ہے۔عون (قطب شاہ) بن علی عبدالمنان بن حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) کی بیٹی علیہ کی شادی علی بن الحسن بن علی عبدالمنان بن محمد حنفیہؒ کے کے ساتھ ہوئی تھی ان کے بطن سے الحسن بن علی تھے۔امنتقلۃ الطالبیہ کے ص 352 کے مطابق حسن بن علی بن محمد بن عون (قطب شاہ غازی) کی اولاد ہند میں آباد ہے مندرجہ بالا عبارت سے یہ اخذ ہوتا ہے کہ طویل فاصلہ پر ہجرت کے باوجود رشتہ داریاں ہوتی رہیں اور ان تمام علویان کا آپس میں رابطہ وتعلق موجود تھا۔اور عون قطب شاہ غازی کی بیٹیوں کے رشتے اور نسب نامے بھی انساب کی کتب میں درج ہیں۔

3۔کتاب المعقبین من ولدالامام امیرالمومنین ابی الحسن علی بن ابی طالبؓ علیہ السلام عربی (214-277 ھجری):

کتاب المعقبین 43 من ولدالامام امیرالمومنین ابی الحسن علی بن ابی طالبؓ علیہ السلام تالیف ابی الحسن یحیٰ بن جعفر بن عبیداللہ بن الحسین بن امام زین العابدینؒ المدنی العلوی النسابہ التحقیقی (214۔277ھ) تحقیق محمد الکاظم طبع قم ایران 2001ء کے ص 101 پر یوں درج ہے "**والعقب من عون بن علی بن محمدبن علی من محمد بن عون وامه مهدیه بنت عبدالرحمن بن عمرو بن محمد بن مسلمة الانصاری. والعقب من ولدمحمدبن عون بن علی بن محمدبن علی بن ابی طالب من علی بن محمدوامه صفية بنت محمدبن مصعب بن الذبیر بن العوام** ۔المعقبین کے ص 72 کے مطابق رقیہ بنت عون [قطب شاہ غازی] بن علی بن محمد حنفیہؒ کا عقد عبداللہ بن داؤد بن الحسن مثنیٰ بن امام حسنؓ سے ہوا تھا۔جس سے ثابت ہوا کہ عون قطب شاہ غازی جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان کی بیٹی رقیہ بنت عون کی شادی عبداللہ بن داؤد بن الحسن مثنیٰ بن امام حسنؓ سے ہوئی تھے۔یعنی بیٹیوں کے رشتے اور نسب نامے بھی انساب کی کتب میں درج ہیں۔

4۔کتاب المقالات والفرق عربی (301) ھجری:

کتاب المقالات والفرق 44 تالیف سعد بن عبداللہ الاشعری مولف کی وفات 301 ھجری میں ہوئی ص 178 پر علی الاکبر بن محمد الاکبر (محمد حنفیہ) کی اولاد درج کی ہے۔

5۔جمہرۃ انساب العرب (384 ھجری):

جمہرۃ انساب العرب 45 کے مولف لابی محمد علی بن احمد بن سعید بن حزم الاندلسی 384ھ میں

پیدا ہوئے اور 456 ھجری میں وفات پائی آپؒ نے جمہرۃ انساب العرب کے نام سے نسب کی کتاب تصانیف فرمائی جو انساب کی کتب میں اہم اور مستند ماخذ کی حیثیت رکھتی ہے جمہرۃ الانساب کے ص 59 پر درج ہے **"وولدعلی بن محمدبن الحنفیه :اسماعیل،ومحمد، وعبدالله،وعبیدالله،والحسن،وعون ؛ کان عقبهم بالمدینه۔ وولد عون بن [علی]بن محمدبن الحنفیه :محمد،امه مهدیة بنت عبدالرحمن بن عمروبن محمدبن مسلمة الانصاری وعقبه متفرق ۔"** عون بن علی عبدالمنان بن محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) کی اولاد مدینہ اور متفرق مقامات پر بیان کی گئی ہے۔

6۔تاریخ بیہقی (385ہجری۔470ہجری) میں قطب شاہی علوی اعوان کا ثبوت:

تاریخ بیہقی میں سلطان مسعود بن سلطان محمود غزنوی کے حالات درج ہیں۔سالار مسعود غازی نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ 424 ھجری آل محمود (سلطان مسعود بن سلطان محمود غزنوی) کے دور میں جام شہادت نوش کیا۔ ملاحظہ ہو مرات مسعودی فارسی (1005 ھجری ۔1094 ھجری) و مرات الاسرار فارسی (1005 ھجری ۔1094 ھجری)۔تاہم تاریخ بیہقی جلد اوّل ص 57 پر علویان وغازیاں کے حوالہ سے درج ہے "این قوم مستحق هم نیکوئهاهستندبگوی تاقاضی ورئیس وخطیب ونقیب علویان وسالارعلویان وسالارغازیان راخلعتهاراست کندهم اکنوں از رئیس ونقیب علویان وقاضی زرواز آن دیگرزر آندود" یہ علویان وغازیاں کون ہیں جیسا کہ منبع الانساب فارسی، مرات مسعودی فارسی، فرہنگ آصفیہ میں سالار مسعود غازی سے لیکر عون قطب شاہ غازی تک شجرہ نسب میں ہر نام کے ساتھ غازی ہونا درج ہے۔ان علویان وغازیاں کی تصدیق لباب الانساب والالقاب والاعقاب عربی تالیف ابی الحسن بن ابی القاسم بن زید البیہقی المتوفی 565 ھجری کے ص 727 پر سے بھی ہوتی ہے۔**فصل فی ذکرالسادات والاشراف الذین یاخذون الارزاق وریوع (فی جمیع النسخ :کانوا)الاوقاف من دیوان غزنه ونواحیهاء باهتمام نقیب النقباء ابی محمدالحسن بن محمدالحسینی ۔اولاد محمدبن الحنفیه: علی بن الحسین، وابناء الحسین بن علی، والقاسم بن علی،ومنصوربن علی وحمزه بن علی وعبدالملك بن علی و سکینه بنت علی و رسیة بنت علی** ۔تاریخ بیہقی اور لباب الانساب کی مندرجہ بالا عبارت سے حضرت محمد بن حنفیہؒ کی اولاد کا سلطنت ہندو غزنی و گردو نواح سے منسلک ہونا ثابت ہے۔ نیز یہ کہ قطب شاہی علوی اعوان از اولاد محمد حنفیہ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ قبیلہ اور حضرت عمر الاطرفؒ کی اولاد کے علاوہ علویوں میں سے کوئی بھی سلطان محمود غزنوی یا آل محمود کے ہمراہ جہاد کا دعویٰ نہیں کرتا۔لہذا تہذیب الانساب، لباب الانساب، منبع الانساب، تاریخ فیروز شاہی، اخبار الاخیار، مرات مسعودی اور مرات الاسرار، کی راویات سے یہ بات ثبوت کو پہنچی کہ قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ از اولاد حضرت محمد حنفیہؒ سبکتگین، سلطان محمود غزنوی اور آل محمود کے دور میں ان کے ہمراہ جہاد میں رہا ہے۔

7۔تہذیب الانساب ونہایۃ الاعقاب عربی (449 ھجری) ہند میں علوی اعوان کے ثبوت:

تہذیب الانساب 46ھ ونہایۃ الاعقاب 449 ھجری میں ابی الحسن محمد بن ابی جعفر نے تالیف فرمائی اس کے صفحات 273 و 274 پر درج ہے **"والعقب من علی بن محمد بن امیرالمومنین علی بن آبی طالب صلوات الله علیهم من عون بن علی والحسن بن علی الاقبیش [خ:الاقباش]۔ والعقب من ولدعون [عرف قطب غازی]بن علی[عبدالمنان] بن محمد ابن الحنفیه فی محمدصاحب القبربالبقیع وحده ومنه فی علی بن محمداشهل البقیع ومنه فی علی بن علی وموسی بن علی والحسن بن علی قال ابن ابی جعفر له بقیه <u>بالهند</u>،فاماعلی بن علی بن محمداشهل البقیع فولده عیسی بن علی بن علی بن محمداشهل البقیع له عقب بمصر،ابوتراب القتیل الاحول له بمصر ولد،وابوتراب هذاهو الحسن بن محمدبن عیسی بن علی بن علی بن محمداشهل البقیع واخوه القاسم ابو زبیبة بن محمد بن عیسی بن علی بن علی له ولد بمصر،والحسین بن عیسی بن علی بن علی التوم فولده محمد بن الحسین ومنه فی الحسین بن محمد له عقب واما محمد بن علی بن علی بن محمداشهل البقیع فولده مسحمدبن محمد وحده و منه فی ابی علی الحسین بن محمد بن محمد قتلته الروم وله اولاد، واما موسی بن علی بن محمداشهل البقیع فله من حمزة بن موسی والحسین بن موسی هما عقب واولاد بمصر واخوه فی صح"**

تہذیب الانساب ونہایۃ الاعقاب عربی 449 ھجری میں تالیف ہوئی۔اس میں علی بن علی، موسیٰ بن علی والحسن بن علی کے علاوہ باقی عیسیٰ بن علی، احمد (غازی) بن علی، محمد (غازی) بن علی والحسین بن علی کی اولاد ہندوستان میں آباد ہونا درج ہے۔جس کا مزید ثبوت منبع الانساب فارسی میں درج احمد بن علی کو احمد غازی اور محمد بن علی کو محمد غازی درج کرتے ہوئے ان کی اولاد کا شجرہ نسب سالار مسعود غازی بھانجہ سلطان محمود غزنوی تک درج کیا ہے۔ اور سلطان محمود غزنوی کی وفات 4 2 1 ھجری میں ہوئی اور سالار مسعود غازی (قطب شاہی علوی اعوان) کی شہادت 424 ھجری میں ہوئی۔اس طرح یہ بھی ثابت ہوا کہ سلطان محمود غزنوی کے دور میں لکھی جانے والی عربی کتب میں محمد حنفیہ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد درج ہے۔تہذیب الانساب سلطان محمود غزنوی کے انتقال کے 18 سال بعد شائع ہوئی۔

8۔منتقلة الطالبيه عربی (471 ھجری) میں قطب شاہی علوی اعوان کا ثبوت:

منتقلة الطالبيه عربی تالیف ابی اسماعیل ابراہیم بن ناصر ابن طباطبا، سلطان محمود غزنوی کے انتقال 421ھ کے 50 سال بعد 471 ھجری میں شائع ہوئی۔ اس کے ص 352 پر درج ہے "**ذكر من ورد الهند من ولد محمد بن الحنفيه، منهم ولد علی بن محمد بن الحنفيہؒ (بالهند) من ولد الحسن بن علی بن محمد اشهل [آصف] البقيع ابن عون [قطب شاه غازی] بن علی (عبد المنان)۔ منتقلة الطالبيه عربی کے ص 303 پردرج ھے "(بمصر) علی بن اشهل [آصف] البقيع ابن عون [قطب شاه غازی] بن علی [عبد المنان] بن محمد [الحنفيه] بن علی [حضرت علی كرم الله وجهه] بن ابی طالب (ع) عقبه علی بن علی اعقب، وموسى اعقب والحسين [الحسن] اعقب وسواهم فی المشجرة عيسى و احمد [غازی] ومحمد [غازی] و الحسين۔" ص 331 (نصيبين نواح كوفه) درج ھے "(بنصيبين) الحسن بن محمد بن الحسن بن اسحاق الموتمن عقبه ابوالحسن محمد وابوالقاسم احمد ويعرفا بابنا المحمديه فان امهما رقيه بنت ابی تراب محمد العسل (ا) ابن علی بن علی بن محمد بن عون [قطب شاه غازی] بن علی بن محمد بن الحنفيه"۔ ص 215 پردرج ھے "(بطبرستان) ابوالحسين يحيٰى بن الحسن بن محمد الصوفی ابن يحيٰى الصوفی بن عبدالله بن محمد بن عمر الاطرف، امه حمدونه بنت الحسن بن علی بن محمد [آصف غازی] بن عون [قطب شاه غازی] بن علی بن محمد بن الحنفيه"**۔

352 کے مطابق علی بن محمد الاکبر (حضرت محمد حنفیہ) بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد ہند میں آباد ہے۔ نیز عون قطب شاہ غازی کی اولاد مصر میں آباد ہونا، **نصيبين** نواح کوفہ میں رقیہ بنت ابی تراب محمد العسل اور طبرستان میں عون قطب شاہ غازی کی اولاد سے حمدونہ بنت الحسن کی اولاد بیان کی گئی۔ اس طرح منتقلۃ الطالبیہ میں تین مختلف مقامات پر عون قطب شاہ غازی کی اولاد درج کی گئی ہے۔ یاد رہے کہ آل ابی طالب کی اولاد جہاں جہاں ہجرت کر کے گئی وہ سب اس میں درج ہے اور الحمد اللہ ثم الحمد اللہ منتقلۃ الطالبیہ کے ص 303 پر عون قطب شاہ غازی کے سات پڑپوتوں ا۔علی بن علی، ۲۔موسیٰ بن علی، ۳۔حسن بن علی، ۴۔عیسیٰ بن علی، ۵۔حسین بن علی، ۶۔احمد [غازی] بن علی، ۷۔محمد [غازی] بن علی بن محمد عسل [محمد آصف غازی] بن عون قطب شاہ غازی بن علی عبدالمنان بن محمد [الحنفیہؒ] بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے نام درج ہیں۔ قطب شاہی علوی اعوان کے شجرہ نسب کے مصدقہ ثبوت اور ان کا ہندوستان آباد آنا بھی درج ہے۔ یاد رہے کہ

منتقلة الطالبيه عربی 471 ھجری میں تالیف ہوئی۔ اور قطب شاہی علوی اعوان کی اولاد سے متعلق تہذیب الانساب عربی میں درج ہے کہ علی بن علی موسیٰ بن علی والحسن بن علی کے علاوہ باقی ہند میں آباد ہیں۔ لباب الانساب کے مطابق حسن بن علی کی اولاد بھی ہند میں آباد ہے۔ اور منبع الانساب فارسی کے مطابق محمد غازی و احمد غازی پسران شاہ [علی] غازی بن عون قطب شاہ غازی بن علی عبدالمنان غازی بن محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ہند میں آباد ہونا درج ہے۔ نیز منبع الانساب فارسی جو 600 سالہ قدیم نسب کی کتاب ہے میں یہ بھی درج ہے کہ عون قطب شاہ غازی کی اولاد بہت ہے اور یہ بھی درج ہے کہ اکثر سادات سالار مسعود غازی کے ہمراہ ہندوستان تشریف لائے۔ قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کی تاریخ جو صدیوں سے زبانی بیان کی جاتی ہے اس کے مستند ہونے کا ثبوت قدیم کتب نسب قریش عربی، تہذیب الانساب عربی، لباب الانساب عربی، منتقلۃ الطالبیہ عربی و مہاجران آل ابی طالب فارسی، منبع الانساب فارسی، مرات مسعودی فارسی و مرات الاسرار فارسی وغیرہ میں بھی درج ہے۔

9۔مہاجران آل ابی طالب فارسی (471 ھجری) میں قطب شاہی علوی اعوان کا ثبوت:

مہاجران آل ابی طالب فارسی (471 ھجری) تالیف ابو اسماعیل ابرہیم بن ناصر بن طباطبا۔ اس کا فارسی ترجمہ 1372 ھجری میں محمد رضا عطائی نے کیا اور دیگر انساب کی کتب کے حوالہ بھی دیے۔ مہاجران آل ابی طالب میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ، کی فاطمی اولاد حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ اور غیر فاطمی اولاد حضرت محمد الاکبر (محمد الحنفیہؒ)، حضرت عباس علمدارؓ اور حضرت عمر الاطرف، حضرت عقیلؓ و حضرت جعفر طیارؓ کی اولاد کے شجرہائے نسب اور جن جن مقامات و شہروں میں ہجرت کی وہ بھی درج ہیں۔ الحمد اللہ قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے جد اعلیٰ حضرت عون قطب شاہ غازی بن علی عبدالمنان بن حضرت محمد الحنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد کا ہند میں آنا اور عون [قطب شاہ غازی] اور شجرہائے نسب و مقام سکونت بھی درج ہیں۔ الحمد اللہ تاریخی اعتبار سے یہ ایک بہت بڑا ثبوت ہے۔ مہاجران آل ابی طالب فارسی کے ص 255 پر ہند کے عنوان میں درج ہے "ذكر واردين به هند از اولاد محمد بن حنفيه از جمله برخی از فرزندان علی بن محمد بن حنفيه: بعضی از فرزندان حسن بن علی بن محمد اشهل بقيع فرزند عون [قطب شاه غازی] بن علی [عبد المنان]"۔ مزید صفحه 332 پر علی بن اشهل [آصف] بقيع بن عون [قطب شاه غازی] بن علی [عبد المنان] بن محمد [الحنفيه] بن علی [حضرت علی كرم الله وجهه] بن ابی طالب (ع)، بازماندگانش عبارتند از: علی بن علی۔ وی فرزندانی داشته: موسیٰ، حسين۔ اين دو نيز بازماندگانی داشته اند۔ و مطابق مشجره: عيسیٰ، احمد [غازی]، محمد [غازی] و حسين۔ ص 246 پر نصيبين کے عنوان سے تحریر ھے "ذكر اسامی واردين به نصيبين از اولاد اسحاق موتمن فرزند جعفر صادق (ع) از جمله برخی از اولاد اسحاق موتمن: حسن بن محمد بن حسن بن

اسحاق موتمن۔بازمندگانش عبارتنداز:ابوالحسن محمدوابوالقاسم احمدکه ۰ این دومعروف به پسران محمدیه هستند،زیرامادرشان رقیه دختر ابوتراب محمد(عسل)فرزندعلی بن علی بن محمد[آصف غازی]ابن عون[قطب شاه غازی جداعلیٰ قطب شاهی علوی اعوان]بن علی بن محمد بن حنفیه است"۔ص 192پرذکراسامی واردین به طبرستان از اولاد عمراطرف،از جمله برخی از فرزندان عبدالله بن محمدبن عمراطرف:۱۔ابوالحسن یحییٰ بن حسن بن محمدصوفی پسر یحییٰ صوفی فرزند عبدالله بن محمد بن عمر اطرف، مادرش حمدونه دختر حسن بن علی بن محمد[آصف غازی] ابن عون[قطب شاه غازی جداعلیٰ قطب شاهی علوی اعوان] بن علی بن محمدبن حنفیه است۔بنابه نقل این ابی جعفر وی فرزندانی داشته است"۔اس کتاب میں بھی علی بن محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد کا ہند میں ہجرت کرنا اور بنی عون علوی (قطب شاہی علوی اعوان) کا مصر میں ہونا اور حمدونہ دختر حسن بن علی بن محمد[آصف غازی] ابن عون[قطب شاہ غازی جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان] بن علی بن محمد بن حنفیہ۔اور رقیہ دختر ابوتراب محمد(عسل)فرزند علی بن علی بن محمد[آصف غازی]بن عون[قطب شاہ غازی جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان]بن علی بن محمد بن حنفیہؒ کا نہ صرف شجرہ نسب درج ہے بلکہ ان کی اولاد کا بھی ذکر موجود ہے۔اورالحمداللہ ص332پرعون قطب شاہ غازی کے سات پڑپوتوں ۱۔علی بن علی،۲۔موسیٰ بن علی،۳۔حسن بن علی،۴۔عیسیٰ بن علی،۵۔حسین بن علی،۶۔احمد[غازی]بن علی،۷۔محمد[غازی]بن علی بن محمد عسل[محمد آصف غازی]بن عون قطب شاہ غازی بن علی عبدالمنان بن محمد[الحنفیہؒ]بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے نام درج ہیں۔

10۔لباب الانساب والالقاب والاعقاب عربی(565ھجری)سلطنت غزنوی اورعلوی اعوان:

لباب الانساب والالقاب والاعقاب تالیف ابی الحسن بن ابی القاسم بن زید البیہقی المتوفی 565ھجری کے ص727پردرج ہے"**فصل فی ذکرالسادات والاشراف الذین یاخذون الارزاق وریوع (فی جمیع النسخ :کانوا)الاوقاف من دیوان غزنه ونواحیهاء باهتمام نقیب النقباء ابی محمدالحسن بن محمدالحسینی ۔اولاد محمدبن الحنفیه: علی بن الحسین، وابناء الحسین بن علی، والقاسم بن علی،ومنصوربن علی وحمزه بن علی وعبدالملك بن علی و سکینه بنت علی و رسیة بنت علی**"۔ لباب الانساب کے مولف565ھجری میں فوت ہوئے یقیناًاس سے قبل ہی کی تصانیف ہے۔اس میں بھی عون قطب شاہ غازی از اولاد محمد حنفیہؒ کی اولاد کا غزنی ونواح میں سلطنت غزنی سے منسلک ہونا درج ہے۔جس سے ثابت ہوا کہ قطب شاہی علوی اعوان سلطان محمود غزنوی کے بعد بھی 565ھجری تک سلطان محمود غزنوی کی آل کے دور میں بھی غزنی ونواحی علاقوں میں سلطنت کا حصہ تھے۔

11۔الفخری فی انساب الطالبین(572ھجری۔614ھجری):

الفخری فی انساب الطالبین 47کے مصنف اسماعیل بن الحسین بن محمد بن الحسین بن احمد المرندی الامروزثانی 572ھجری میں پیدا ہوئے اور 614ھجری میں وفات پائی۔الفخری فی انساب الطالبین کے ص 165و166پردرج ہے"**[اعقاب محمدبن الحنفیه]واما ابوالقاسم محمدالاکبرالمعروف به((ابن الحنفیه))الذی لاخلاف فیه الی ستة رجال وهم:علی بالمدینه((برغوث))وقیل:هوالعویذوابراهیم بحران۔وعیسی بفسا۔والقاسم بالمدینه وامه محمدیة وجعفرالثالث المحدث بفارس واسحاق بفارس،بنوعبدالله الثانی ابن جعفر الاکبرالثانی ابن ابی جعفرعبدالله راس المدری وامه آمنه الکبری بنت الحسین الاصغر ابن علی ذین العابدین علیه السلام۔لاان علی بن محمدزعم بعض النساب انه انقرض، وذکرابوعبدالله ابن طباطبا وابوالغنائم انه اعقب، وهوالصحیح، وهم جماعة بالموصل و مصروواسط والهند،علی مااوردفی کتابه ابوالغنائم وابصر قوما منهم۔وانتهی عقبه الی ولد علی بن محمداسهل الفصح ابن عون[عرف قطب غازی] بن علی بن محمدالحنفیة۔اماعلی برغوث،فعقبه من محمدالمدنی العالم وحده ویعرف وقیل:لعویفه،وامه جعفریة**"۔ الفخری فی انساب الطالبین میں محمد اشہل البقیع کے بجائے محمد اسہل الفصح درج ہے۔جبکہ منبع الانساب میں آصف غازی،مرات مسعودی میں ملک آصف غازی اور دیگر کتب میں"محمد" درج ہے۔اسہل سے آصف بولنے میں ایک ہی صوتی آواز ہے۔اس لئے محمد اشہل،محمد اسہل ومحمد آصف تینوں ایک ہی نام ہیں واللہ العالم باالصواب۔

12۔رسائل اعجاز (اعجاز خسروی) فارسی (665ہجری۔725ہجری):

رسائل اعجاز(اعجاز خسروی)فارسی تالیف امیر خسرو رسالہ اولی میں درج ہے"طراءۃ العود:۔۔درقصبہ بہرائچ ازمزار معطر سپہ سالار شہید ہمہ ہندوستان بوی عود گرفتہ است"ابن بطوطہ نے سفر نامہ ہند میں سالار مسعود غازی کا نام"عوذ" لکھا ہے اور اس کی تصدیق امیر خسرو سے بھی ہوتی ہے۔تاریخ فیروز شاہی میں سیدضاء الدین برنیؒ نے پورا نام سالار مسعود غازی درج کیا ہے۔اس سے ثابت ہوتا ہے کہ سالار مسعود غازیؒ ہندوستان کے اوّلین شہداء میں سے ہیں۔

13۔التذکرۃ فی الانساب مطہرۃ(709ہجری):

التذکرۃ فی الانساب مطہرۃ،للعلامۃ النسابہ احمد ابوالفضل جمال الدین بن ابی المعالی محمد بن المھنا بن ابی الحسن علی بن المھنا بن ابی علی الحسن بن ابی المنصو رمحمد بن مسلم بن المھنا بن ابی العلاء مسلم الامیر بن ابی علی محمد الامیر بن ابی الحسین محمد الاشتر بن ابی علی عبیداللہ الثالث بن علی عبیداللہ الثانی بن علی الصالح بن عبیداللہ بن

الحسین الاصغر بن الحسین بن علی بن ابی الطالب العلوی کی تصنیف ہے کتاب ہذا 709 ہجری سے پہلے لکھی گئی۔اس کے ص 272 پر علی بن علی بن محمد [آصف غازی] بن عون [قطب شاہ غازی] بن علی بن محمد الحنفیہ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد درج ہے۔تہذیب الانساب ونہایۃ الاعقاب عربی میں علی بن علی،موسیٰ بن علی والحسن بن علی کی اولاد مصروروم وغیرہ میں آباد ہےان کے علاوہ باقی ہند میں آباد ہیں۔

14۔سفر نامہ ابن بطوطہ(725ھجری۔755ھجری):

مشہورعربی مورخ ابن بطوطہ 51ؔ نے اپنا سفر کا آغاز 725ھجری سے کیا اور 755ھجری واپس اپنے وطن پہنچا۔کتاب رحلۃ ابن بطوطہ المساۃ تحفۃ النظار فی غرائب الامصر وعجائب الاسفار الجزء الثانی عربی کے ص 83 پر درج ہے''**وقصدالسلطان و نحن معه الى مدينة بهرائج(وضبط اسمها بفتح الباء الموحدة و هاء مسكن وراالف وياء آخر الحروف مكسورة وجيم)وهي مدينة حسنة فى عدوة نهر السرووهوادكبير شديد الانحداروأجازة السلطان برسم زيارة قبر الشيخ الصالح البطل سالار عود[مسعود] الذى فتح اكثرتلك البلاد ولة اخبارعجيبة و غزوات مهيرة و تكاثر الناس**'' سفر نامہ ابن بطوطہ جس کا اردو ترجمہ خان بہادر مولوی محمد حسین ریٹائرڈ سیشن جج نے کیا ہے کے صفحہ 206 پر سلطان الشہداء سالار مسعود غازیؒ قطب شاہی علوی اعوان کا ذکر یوں کیا ہے''بادشاہ شیخ سالار مسعودؒ کی قبر کی زیارت کے لیے دریا پار گیا شیخ سالار مسعود غازی نے اس نواح کے اکثر ملک فتح کیے ہیں اور ان سے متعلق عجیب عجیب باتیں مشہور ہیں''۔ابن بطوطہ نے مرات مسعودی کی تصانیف سے تقریباً تین سو سال پہلے سالار مسعود غازی سے متعلق لکھا ہے کہ انہوں نے گردونواح کے اکثر ممالک فتح کیے۔اس سے یہ ثابت ہوا کہ مرات مسعودی میں سالار مسعود غازیؒ کے جو جنگی کارہائے نمایاں درج ہیں وہ مرات مسعودی سے بھی تین سو سال پہلے مشہور تھے۔

15۔تاریخ فیروزشاہی فارسی(1285ء۔1357ء):

تاریخ فیروزشاہی 54ؔ فارسی ضیاء الدین برنی (1285ء۔1357ء)نے سلطان فیروزشاہ تغلق کے دور حکومت میں تصانیف فرمائی۔۔اس طرح تاریخ فیروزشاہی تقریباً 650 سال پہلے 780ہجری میں لکھی گئی۔اور یہ تاریخ فرشتہ سے بھی تقریباً ڈھائی سو سال پرانی کتاب ہے۔تاریخ فیروزشاہی میں درج ہے۔"سلطان محمد شاه تغلق بعداز فارغ فتنه عين الملك از بنگرمئوعزيمت بطرف بهرائچ نمودوسپه سالار مسعود غازى را كه از غزاةسلطان محمود سبكتگين بودزيارت كرد ومجاوران روضه او زرها وصدقات بسيار داده از بهرائچ احمداياز را برسرراه لكهنوتي نامزد كرده خودنيزمتوجه آنحدود گشت "۔تاریخ فرشتہ ترجمہ عبدالحی خواجہ ایم اے مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور جلد اوّل کے ص 441 پر درج ہے''بادشاہ سرکدواری سے عازم بہرائچ ہوا اور حضرت سپہ سالار مسعود غازی کے مقبرہ کی زیارت کی۔حضرت مسعود سلطان محمود غزنوی کے بھانجے تھے۔مرات مسعودی سے تین سو سال قبل لکھی جانے والی کتاب تاریخ فیروزشاہی میں

سالار مسعود غازی کو سلطان محمود غزنوی کے ساتھ کے غازیوں میں لکھا ہے۔اور ایک نسخہ میں بھانجہ لکھا ہے۔جس سے ثابت ہوتا ہے کہ مرات مسعودی خوابوں کے مطابق نہیں بلکہ اصل قدیم ماخذ کے مطابق بھی لکھی گئی ہے۔اسی طرح منبع الانساب جو تقریباً 600 سال قبل سیّد معین الحق جھونسوی نے لکھی میں بھی سالار مسعود غازی کو سلطان محمود غزنوی کا بھانجا لکھا ہےاور سالار مسعود کا شجرہ نسب بھی وہی درج ہے جو اوپر درج کیا جا چکا ہے۔

16۔منبع الانساب فارسی(830ہجری)میں قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے شجرہ نسب کا ثبوت:

منبع الانساب 50ؔ فارسی 830ھ کے مولف سیّد معین الحق جھونسوی کتاب ہذا کے صفحات 103و104 پر رقمطراز ہیں" حضرت شاه ابوالقاسم محمدحنيف بن على بن ابى طالب عليه السلام كه حنفيه مشهوراست روزدوشنبه سنهشانزده هجرة بمدينه ومدت شصت و پنج سال عمر يافت در سن احدى و ثمانين(هشتادويك) در عهدعبدالمالك مروانى وفات يافت و جمعى از كتابيه دعوىٰ كندكه او آمده است و اوراسه پسر بودمد ابوالهاشم وعلى عبدالمنان و سيدجعفر! وجعفر راپسرى بود عبدالله نام و على عبدالمناف[عبدالمنان] راپسرى بود عون عرف قطب غازى وعون عرف قطب غازى را پسرى بود آصف غازى و آصف غازى راپسرى بودسيّدشاه غازى وسيّدشاه غازى رادوپسر بودندشاه محمدغازى و شاه احمدغازى درسبزواركرفت چنانچه بشترسادات سبزوارى از نسل اواندعلى هذاالقياس!سيّدحامدخان سبزوارى كه قبراودرقلعه مانك پوراست از نسل سيّد احمدغازى است چنانچه بسيار فرزندان سيّد احمدغازى اندوسيّد محمدشاه غازى كه برادركلاں سيّد شاه احمدغازى بود اورايك پسربودسيّدطيب غازى اورايك پسردسيّدطاهرغازى اوراپسرى بود سيّد عطاالله غازى اورا پسرى بودسيّد شاهوغازى وسيّدشاهوغازى اوند همشيره سلطان محمود غزنوى كتخدا بودندازويك پسر بود حضرت سيّد سعيدالدين سالارمسعودغازى و ايشان سادات علوى اندوازسادات و شرطاتى درهندهمراه ايشان آمده اند وابوهاشم بن محمدحنيف بن علىؑ آں است كه عباسيان رابخلافت بشارت دادوكتاب وصاياامیرالمومنين على از وبسته ونسل ايشان اكنون در شيراز باشند ذكرپسران ديگر ونسل پسران ديگرحضرت شاه مرتضىٰ على بن ابى طالب عليه السلام كه سوائے ازبطن حضرت فاطمه عليه السلام بودند تمام شد"

منبع الانساب فارسی(830ھجری)کی مندرجہ بالا عبارت کا اردو ترجمہ ڈاکٹر ارشاد احمد رضوی ساحل شاہسرامی ص 363 تا 365 پر رقمطراز ہیں''حضرت شاہ ابوالقاسم محمد حنیف بن علی مرتضیٰ بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہا،محمد حنفیہ کے نام سے مشہور ہیں آپ کی ولادت 16ھجری کو مدینہ منورہ میں

ہوئی۔عمر مبارک پینسٹھ سال تھی۔۸۱ھجری میں عبدالما لک بن مروان کے عہد حکومت میں پیر کے دن وصال ہوا۔کتابیوں کا ایک گروہ دعویٰ کرتا ہے کہ آپ قریب قیامت ظہور فرمائیں گے(اسی طرح کی اور بھی بعض بے سروپا حکایت آپ سے منسوب ہیں) ۔آپ کے تین صاحبزادے :ا۔ابوہاشم ،۲۔علی عبدالمناف[عبدالمنان]،۳۔جعفر۔آپ کے چودہ صاحبزادے اور دس صاحبزادیاں تھیں لیکن نسل تین صاحبزادوں سے چلی: ابوہاشم جعفر علی ادست اسرارہم (خاندان مصطفیٰ،ص،۱۴۴) حضرت کا وصال مدینہ طیبہ یا طائف میں ہاس (مسالک السالکین،۱۸۲/۱) حضرت جعفر کے ایک صاحبزادے عبداللہ تھے۔حضرت علی عبدالمناف [عبدالمنان] کے ایک صاحبزادے عون عرف قطب غازی تھے۔حضرت عون عرف قطب غازی (جداعلیٰ قطب شاہی اعوان) کے ایک صاحبزاے آصف غازی تھے اور آصف غازی کے ایک صاحبزادے شاہ غازی،شاہ غازی کے دوصاحبزادے شاہ محمد غازی اور شاہ احمد غازی تھے۔شاہ احمد غازی نے سبزاوار کو اپنا وطن بنایا۔چنانچہ سادات سبزاواری بھی شاہ احمد غازی کی نسل سے ہیں جن کا مزار مبارک قلعہ مانکپور میں ہے۔حضرت سید احمد غازی کی اولاد بہت ہیں۔سید شاہ احمد غازی کے بڑے بھائی سید شاہ محمد غازی کے ایک صاحبزادے سید طیب غازی ہیں جن کے ایک صاحبزادے سید طاہر غازی ہیں۔سید طاہر غازی کے ایک صاحبزادے سید عطاء اللہ غازی اور ان کے صاحبزادے سید ساہو غازی ہیں۔سید ساہو غازی کی شادی سلطان محمود غزنوی کی ہمشیرہ کے ساتھ ہوئی۔ان سے ایک صاحبزادے سید سعید الدین سالار مسعود غازی ہیں۔آپ سادات علوی سے ہیں۔اکثر اشراف سادات حضرت سید سالار مسعود غازی کے ہمراہ ہندوستان تشریف لائے ہیں۔حضرت محمد حنفیہ بن علی مرتضیٰ کے بڑے صاحبزادے حضرت ابوہاشم عبداللہ ہیں جہنوں نے عباسیوں کو خلافت کی بشارت دی اور آپ نے ہی حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے وصایا شریف قلم بند فرمائے۔آپ کی نسل ابھی شیراز میں ہے۔''

منبع الانساب جس میں قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کا مستند شجرہ نسب درج ہے۔اس طرح منبع الانساب تاریخ قطب شاہی علوی اعوان کا سب سے اہم قدیم اور مستند ماخذ ہے۔جس نے قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کی تاریخ جو وہ زبانی بیان کرتے تھے سچ ثابت کردی۔منبع الانساب میں یہ بھی درج ہے کہ عون قطب شاہ غازی کی اولاد بہت ہے اور یہ بھی درج کیا کہ اکثر سادات سالار مسعود غازی کے ہمراہ ہندوستان تشریف لائے۔

17۔عمدۃ الطالب فی نسب ال ابی طالب (848ھجری):

عمدۃ الطالب فی نسب ال ابی طالب (عربی)48؎ الشریف جمال الدین احمد بن علی بن الحسین بن علی مھنا عنبہ بن علی بن محمد بن یحییٰ بن محمد بن یحییٰ بن محمد الاکبر بن داؤد بن موسیٰ الثانی بن عبداللہ الرضا بن موسیٰ الجون بن عبداللہ المعض بن حسن المثنی بن امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے 848 ھجری میں تالیف کی کے ص 145 تا147 محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہؒ کی اولاد درج کی ہے اس میں محمد بن حنفیہؒ کی اولاد کا عجم یعنی ہند میں آنا اور علی بن محمد حنفیہؒ کی اولاد کا اقتباس بذیل ہے:۔''**فولد ابوالقاسم محمد بن الحنفیه اربعة و عشرین ولدا منهم اربعة عشر ذکراً قال الشیخ تاج الدین محمد بن**

معیة: بنو محمد ابن الحنفیه قلیلون جدالیس بالعراق و لا بالحجاز منهم احد و بقیهم ان کانت فی مصر و بلاد العجم،والکوفة منهم بیت واحد هذا کلامة فالعقب المتصل الان من محمد من رجلین علی و جعفر قتل یوم الحرة''۔۔ ''واما علی بن محمد بن الحنفیه وهو الکبر فمن ولده ابو محمد الحسن ابن علی المذکور کان عالما فاضلا ادعنه الکیسانیه اماماً و اوصی الی ابنه علی فاتخذته الکیسانیه اما ما بعد ایبه ومنهم ابو الحسن تراب محمد ابن المصری الملقب ثلثاوخردیة ابن عیسٰی بن علی بن محمد بن علی بن علی المذکور قتل بمصر وله عقب منتشر بقال لهم بنو ابی تراب هذا کله کلام الشیخ ابی الحسن العمری ۔وقال الشیخ ابو نصر البخاری: کل المحمدیه من ولد جعفر بن محمد وقال فی موضع آخر: اعقب علی و ابراهیم و علی و عون اولاد محمد بن علی ثم انقرض نسلهم ولا یصح ان یرید بعلی هذا الاصغر فانه دارج وهذا معقب منقرض والله سبحانه ا علم''. مولف عمدۃ الطالب نے ابونصر بخاری مولف سر السلسلۃ العلویہ کی روایت کو قلمبند کرتے ہوئے یہ لکھا کہ وہ علی اصغر تھے۔جبکہ عون قطب شاہ غازی علی اکبر کی اولاد سے ہیں۔سر سلسلۃ العلویہ سے قدیم کتب نسب قریش۔المعقبون،المعقبین اور مقالات بالفرق وغیرہ اور اس سے بعد کی انساب کی کتب میں علی بن محمد بن علی بن ابی طالب کی اولاد درج ہے۔اور منتقلۃ الطالبیہ اور مہاجران آل ابی طالب میں تو عون قطب شاہ غازی بن علی بن محمد کی اولاد کے کئی پشتوں تک شجرہ نسب دیے ہیں اور علی کی اولاد کا ہندوستان ہجرت کرنا بھی درج کیا ہے۔الشجرۃ المبارکۃ فی انساب الطالبیہ تالیف امام فخر الرازی التوفی 606ھجری کے ص 180-81 پر محمد الحنفیہؒ کے فرزند جعفر الاکبر،جعفر الاصغر،وعون وعلی اکبر،وابراہیم والقاسم وعبدالرحمٰن، وحمزۃ والحسن،وعلی اصغر،وعبداللہ وعبیداللہ لکھے ہیں۔

18۔بحرالانساب عربی (900ھجری):

بحرالانساب 56؎ عربی تالیف السیّد محمد بن احمد بن حمید الدین الحسینی نجفی (900ھجری) جو 1999ء المدینہ منورہ سعودیہ سے شائع ہوئی کے ص 245 پر عون (قطب شاہ غازی) بن علی بن محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد درج ہے۔علی بن علی،موسیٰ بن علی،الحسن بن علی،عیسٰی بن علی،محمد (غازی) بن علی،احمد (غازی) بن علی والحسین بن علی بن محمد [آصف]عون [قطب شاہ] بن علی [عبدالمنان] بن محمد الحنفیہ درج ہیں۔تہذیب الانساب میں علی بن علی وموسی بن علی والحسن بن علی کے علاوہ باقی ہند میں آباد ہونا بیان کیے گئے ہیں۔منتقلۃ الطالبیہ کے ص 352 حسن بن علی کی اولاد بھی ہند میں ہے۔منبع الانساب کے مطابق احمد (غازی) بن علی ومحمد (غازی) بن علی کی اولاد بھی ہند میں آباد ہے۔اس طرح الحسن

بن علی، عیسٰی بن علی ، محمد (غازی) بن علی، احمد (غازی) بن علی والحسین بن علی کی اولاد ہند میں آباد ہے ۔محمد غازی کی اولاد سے قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ ہے۔

19۔سراج الانساب فارسی (976 ھجری):

سراج الانساب فارسی تالیف علامہ نسابہ سید احمد بن محمد بن عبدالرحمٰن کیاء گیلانی (976 ھجری) تحقیق سید مہدی رجائی کے ص 174 پر علی بن محمد حنفیہ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد درج ہے۔

20۔تحفۃ الطالب عربی (997 ہجری):

تحفۃ الطالب عربی تالیف سید محمد الحسین بن عبداللہ الحسینی ثمرقندی المدنی (997 ھجری) کے ص 103 پر علی بن محمد الحنفیہ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد درج ہے۔

21۔طبقات اکبری فارسی (949 ہجری۔1014 ہجری):

طبقات اکبری فارسی تالیف خواجہ نظام الدین احمد ترجمہ وترتیب محمد ایوب قادری کے ص 321 پر درج ہے ''سلطان بانگرتوئے [بانگرمنوبہ سے] بہرائچ گیا اور سپہ سالار مسعود شہید۳ کی (قبر) کی زیارت کی جو سلطان محمود غزنوی کے قرابت دار تھے۔حاشیہ۳ میں درج ہے سالار مسعود غازی برصغیر کے اولین غازی وشہید ہیں، لیکن افسوس کہ ان کے حالات کسی مستند تاریخی ماخذ میں نہیں ملتے۔ان سے متعلق جو کتابیں مرات مسعودی (عبدالرحمان چشتی) لکھی گئی ہیں ، وہ بہت بعد میں مرتب ہوئیں۔ان کی تاریخ پیدائش اور تاریخ شہادت میں بھی اختلاف ہے، لیکن زیادہ تر ۴۲۴ھ میں شہید ہونا بیان کیا گیا ہے۔(ق)

22۔اخبارالاخیار فارسی (958ھ-1052 ھجری):

اخبارالاخیار فارسی تالیف حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی (958ھ -1052ھ) مترجم مولانا محمد عبدالاحد قادری ص 408 پر درج ہے ''تاریخ فیروز شاہی میں ہے کہ آپ کا اصل نام دراصل سپہ سالار مسعود غازی تھا، آپ سلطان محمود غزنوی کے ساتھ کے غازی تھے سلطان محمد تغلق جب بہرائچ جاتا تو آپ کے مزار مقدس کی ضرور زیارت کیا کرتا تھا اور وہاں کے مجاوروں کو بہت مال دیا کرتا تھا'' حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے بھی تقریباً چارسو سال سے زیادہ عرصہ پہلے اپنی کتاب میں سالار مسعود غازیؒ کو سلطان محمود غزنوی کے ساتھ کے غازی لکھا ہے۔اخبارالاخیار کا حوالہ حضرت عبدالرحمٰن چشتی نے مرات الاسرار میں دیا ہے اس کا مطلب یہ ہوا کہ اخبارالاخیار پہلے کی تصانیف ہے۔اس سے مرات مسعودی و مرات الاسرار کے مندرجات کی تصدیق ہوتی ہے۔

22۔تاریخ فرشتہ فارسی (1019 ھجری بمطابق 1611ء):

تاریخ فرشتہ محمد قاسم فرشتہ نے 1605ء میں لکھنا شروع کی اور 1611ء میں مکمل ہوئی۔تاریخ فرشتہ فارسی از آغاز تا بابر نویسندہ محمد قاسم ھندوشاہ استرآبادی ناشر چاپی: انجمن آثار ومفاخر فرھنگی ناشر دیجیتالی: مرکز تحقیقات رایانہ ای قائمیہ اصفھان کے صفحہ 255 پر درج ہے ''واز انجا بہ بھرائچ رفتہ وقبر سالار مسعود را کہ از اقارب سلطان محمود غزنوی بود'' مزید صفحہ 256 پر طبقات اکبری 211/1 کے حوالہ سے درج ہے ''وسلطان از

بانگرمنوبہ بھرائچ رفت وسپہ سالار مسعود شہید را کہ از قرابت سلطان محمود غزنوی بود زیارت کرد''

تاریخ فرشتہ جلد دوم مترجمہ مولوی محمد فدا علی صاحب طالب 1345ھ۔1926ء حیدرآباد دکن کے ص 29 پر درج ہے ''بادشاہ نے سرکدواری سے بھرائچ کا سفر کیا اور حضرت سید سالار مسعود غازی کی قبر کی زیارت کی حضرت مسعود سلطان محمود غزنوی کے بھانجے تھے اور آل محمود کے عہد میں غیر مسلموں سے لڑکر خدا کی راہ میں شہید ہوئے'' آل محمود سے مراد سلطان مسعود بن محمود غزنوی 424 ھجری ہے۔

تاریخ فرشتہ تصنیف محمد قاسم فرشتہ جو 1605ء تا 1611ء میں لکھی گئی جس کا ترجمہ عبدالحی خواجہ ایم اے نے کیا اور شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور نے شائع کی جلد اوّل کے ص 441 پر درج ہے ''بادشاہ سرکدواری سے عازم بہرئچ ہوا اور حضرت سپہ سالار مسعود غازی کے مقبرہ کی زیارت کی۔حضرت مسعود سلطان محمود غزنوی کے بھانجے تھے اور آل محمود [مسعود بن محمود 424ھ] کے عہد حکومت میں غیر مسلموں کے ہاتھوں جام شہادت پیا'' مولف تاریخ فرشتہ نے بھی زائد از چارسو سال پہلے سالار مسعود غازی کو سلطان محمود غزنوی کا بھانجا (رشتہ دار) لکھا اور آل محمود میں شہادت لکھی جس سے ثابت ہوتا ہے کہ سالار مسعود غازیؒ کی شہادت 424ھ آل محمود یعنی سلطان مسعود بن سلطان محمود غزنوی کے دور میں ہوئی۔

24۔تاریخ خان جہانی ومخزن افغانی فارسی (1021 ھجری بمطابق 1624ء):

تاریخ خان جہانی ومخزن افغانی فارسی (1021 ھجری بمطابق 1624ء) تالیف خواجہ نعمت اللہ ہروی ترجمہ ڈاکٹر محمد بشیر حسین ص 179-178 پر درج ہے ''مسلمان ہر سال سالار مسعود غازی۱ کا نیزہ بلند کرکے بہرائچ کے بازاروں میں پھرتے تھے سلطان نے یہ رسم بندکردی'' حاشیہ ۱۔(سالار مسعود غازی) محمود غزنوی کا بھانجا تھا۔لشکر کے ساتھ بہرائچ آیا تھا۔اس کی عمر انیس سال تھی۔۴۲۴ہجری میں ہندوؤں کے خلاف جہاد کرتا ہوا شہید ہوگیا تھا اس کی یاد میں بہرائچ کے مسلمان ہر سال نیزہ لے کر بازاروں میں نکلتے تھے۔(جرنل ایشاٹک سوسائٹی بنگال،۲،۷۲:۶۱)۔نیز مخزن کے ص 326 پر ان افغان سرداروں کے نام درج ہیں جو سلطان محمود غزنوی کے ساتھ جہاد میں رہے۔ملک سلیمان لودھی، ملک خانوں، ملک داؤد، ملک احمد، ملک یحیٰی، ملک محمود، ملک غازی، ملک عامون، ملک کمال، ملک بہرام وملک ساہو۔یہاں افغان سرداروں سے مراد بوجہ آبادکاری نسلاً ملک سالاہو (سالار ساہو) علوی ہیں۔پشتو ڈکشنری ریاض المحبت تالیف محبت خان (1805ء) میں درج ہے سالار ساہو زابل کے سردار تھے اور ان کا ایک ہی لڑکا (سالار مسعود غازی) پیدا ہوا جس کی قبر بہرائچ میں ہے۔

25۔سفینۃ الاولیاء فارسی (1023 ھجری۔1067 ھجری) بمطابق (1615-1659ء):

سفینۃ الاولیا فارسی تالیف شہزادہ داراشکوہ قادری (1615-1659ء) میں درج ہے ''از سرداران وغازیان لشکرسلطان محمودغزنوی اندداراوائل اسنام در ھندوستان فتوحات بسیارنموددہ اندودرجہ شہادت رسیدہ.شہادت ایشان در چھارصدونوزدہ ھجری بودہ'' ترجمہ محمد علی لطفی ص 205 پر لکھتے ہیں ''شیخ سالار مسعود غازی قدس سرہ: شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے لکھا ہے کہ آپ سلطان محمود غزنوی

کے لشکر کے غازیوں اور سرداروں میں ہیں۔اوائل اسلام میں ہندوستان میں بہت سی فتوحات کیں۔آپ نے درجہ شہادت حاصل کیا۔خوارق وکرامات وفات کے بعد ظاہر ہوئیں۔آپ کے معتقدین کا بڑا گروہ ہے آپ کی شہادت 449[419] ھجری میں ہوئی قبر قصبہ بہرائچ میں ہے۔ہر سال عرس کی فاتحہ میں سینکڑوں لوگ دور دراز سے حاضری دیتے ہیں اور نذر ونیاز کرتے ہیں"سفینۃ اولیاء کے مولف نے بھی سالار مسعود غازی کو سلطان محمود غزنوی کے لشکر کے سرداران وغازیاں میں لکھا ہے اور شہادت کی تاریخ چارصدونوزدہ یعنی 419 ھجری درج کی ہے۔جب کہ مرات مسعودی ، مرات الاسرار،معارج الولایت،تذکرۃ الشہداء، خزینۃ الاصفیاء،فرہنگ آصفیہ،اسلامی معلومات کا انسائیکلوپیڈیا اور سلطان الشہداء وغیرہ میں آپؒ کی تاریخ شہادت 424 ھجری ہی درج ہے۔

26۔مرات مسعودی فارسی (1005 ھجری۔1094 ھجری) میں قطب شاہی علوی اعوان کا ثبوت:

مرات مسعودی 52ؔ فارسی تالیف عبدالرحمٰن چشتی العباسی العلوی (1005 ھجری ۔1094 ھجری) جہانگیر کے دور میں تصنیف فرمائی اس میں سلطان الشہداء سعید الدین سالار مسعود غازی کے حالات تاریخ محمودی از ملا محمد،تاریخ فیروز شاہی از ضیاء الدین برنی،تاریخ فیروز شاہی تالیف سراج عفیف اور قدیم ہندی تاریخ از اچاریہ منی بہدر نام زناردار وکیل راجہ کوہ کے حوالہ سے تصانیف کی گئی ہے کتاب ہذا کے ص 7 کے پر سالار مسعود غازیؒ کا شجرہ نسب یوں درج ہے"سالار مسعود غازیؒ بن سالار ساھو غازی [برادر ملك قطب حيدر، سالار سيف الدين علوى] بن عطاالله غازى[برادر حيات الله و نورالله] بن طاهر غازى بن طيب غازى بن محمد غازى بن عمر[على]غازى بن ملك آصف غازى [محمد]بن بطل غازى[عون عرف قطب شاه غازى] بن عبدالمنان غازى[على] بن محمدحنفيه بن اسد الله الغالب على ابن ابى طالب كرم الله وجهه "۔مرات مسعودی،قطب شاہی علوی اعوان تاریخ کا مستند اور نادر ماخذ اور تاریخ کا ایک حصہ ہے جس میں قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے عظیم سپوت سلطان الشہداء سالار مسعود غازی اور سالار ساہو غازی کے جنگی کارہائے نمایاں درج ہیں فتح سومنات کا ذکر بطور خاص درج ہے ۔مرات مسعودی فارسی کے اہم نادر اور مستند چار نسخہ جات کی عکسی نقول ہم نے کتابخانہ گنج بخش مرکز تحقیقات فارسی ایران اور مولانا آزاد لائبریری مسلم یونیورسٹی علی گڑھ انڈیا سے حاصل کیے اور ان چار نسخہ جات کے تقابلی جائزہ کے بعد کتابخانہ گنج بخش مرکز تحقیات فارسی اسلام آباد کے بوسیدہ نسخہ 1075 ھجری کا متن ترتیب دے کر پہلی مرتبہ تاریخ قطب شاہی علوی اعوان میں معہ اردو ترجمہ شائع کیا جارہا ہے۔بوسیدہ نسخہ کا دیگر نسخہ جات کے بغیر ترجمہ ہو ہی نہیں سکتا تھا۔یہ قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے عظیم سپوت سلطان الشہداء سالار مسعود غازیؒ کے جہاد ہند میں کارہائے نمایاں کے علاوہ ان کے خاندانی حالات، شجرہ نسب اور کشف وکرامات پر مشتمل سب سے قدیم تاریخ بزبان فارسی ہے ۔تاریخ ابن کثیر عربی،تاریخ فیروز شاہی فارسی ،تاریخ فرشتہ فارسی ،منبع الانساب فارسی ،اخبار الاخیار فارسی ،سفینۃ اولیاء فارسی ،طبقات اکبری،معارج الولایت وتاریخ اودھ وغیرہ میں بھی سالار مسعود غازیؒ کا سلطان محمود غزنوی

کے ساتھ جہاد میں شرکت کا ذکر موجود ہے۔جس سے مرات مسعودی کے مندرجات کی تصدیق ہوتی ہے۔اس طرح مرات مسعودی،قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کی سب سے قدیم تاریخ ہے۔

27۔انساب الطالبین (1043 ھجری):

انساب الطالبین تالیف لابی عبداللہ حسین بن عبداللہ الحسینی السمر قندی القاہرۃ 1043 ھجری میں تالیف ہوئی کے ص 167 پر درج ہے"واما علی بن محمد بن الحنفیہ فانہ اعقب ابا محمد الحسن وکان عالما وادعتہ الکسانیہ امام بعد ابیہ ومن علی بن علی لہ عقب یقال لھم بنوابی تراث وقد عقب علی بن محمد الحنفیہ من عون والحسن ولھم عقب"

28۔مرات الاسرار فارسی (1065 ھجری) سالار مسعود غازیؒ کا جہاد ہند میں شرکت کا ثبوت:

مرات الاسرار 53ؔ فارسی تالیف عبدالرحمٰن چشتی 1065 ھجری اصل فارسی مخطوطہ 498 صفحات پر مشتمل ہے اس کا اردو ترجمہ مولانا الحاج کپتان واحد بخش سیال چشتی صابری نے کیا ہے جو 1263 صفحات پر مشتمل ہے جو جنوری 2010ء میں الفیصل ناشران تاجران کتب اردو بازار لاہور نے شائع کی۔مرات الاسرار کی تالیف میں حضرت عبدالرحمٰن چشتیؒ نے تقریباً 47 کتابوں سے استفادہ فرمایا جو قبل ازیں اولیاء کرام تصنیف فرما چکے تھے۔یہ کتاب اسلامی تاریخ کے پہلے ایک ہزار سال کی مکمل تاریخ تصوف ہے جس میں رسول اکرم ﷺ کے زمانہ مبارک سے لے کر مصنف کے وقت تک تمام سلاسل طریقت،مشائخ عظام اور ان کے بیان کردہ حقائق کی پوری تصویر نہایت ہی عالمانہ اور فاضلانہ انداز میں پیش کی گئی ہے۔کتاب مرات الاسرار میں حضرت سلطان الشہداء امیر سالار مسعود غازیؒ (قطب شاہی علوی اعوان) اور سالار ساہو غازی (قطب شاہی علوی اعوان) کا سلطان محمود غزنوی کے ساتھ جہاد ہند میں جنگی کارہائے نمایاں فارسی مخطوطہ کے صفحہ 142 تا 158 اور اردو ترجمہ کے ص 439 تا 462 پر درج ہیں۔مرات مسعودی کے علاوہ مرات الاسرار بھی سالار مسعود غازیؒ قطب شاہی علوی اعوان پر ایک مستند اور قدیم تاریخ ہے۔کتاب ہذا کے اردو ترجمہ کے صفحہ 533 پر حضرت خواجہ احمد یسویؒ پیر ترکستان جو سالار مسعود غازی (قطب شاہی علوی اعوان) کے یک جدی ہیں اور صفحہ 936 پر شمس الدین ترک پانی پتی علوی از اولاد محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے حالات درج ہیں۔مرات الاسرار میں سالار مسعود غازی کے والد حضرت سالار ساہو بن عطا اللہ علوی از اولاد محمد حنفیہ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ لکھا ہے۔اور سالار مسعود غازی کو سلطان محمود غزنوی کا بھانجا لکھا ہے۔بلکہ مرات الاسرار فارسی کی اصل عبارت کا ایک پیرا نقل کیا جاتا ہے۔ص 142 پر درج ہے"ذکر ان حضرت معبود سلطان الشهداء امیرمسعود سالار غازی قدس سره بن سپه سالار امیر ساهو بن میر عطاالله علوی که سلسله نسب شریفش به محمدحنفیه بن علی مرتضیٰ کرم الله وجهه منتی می شود و مادرش سترمعلا خواهر سلطان محمودسبکتگین بودولادتش روزیکشنبه وقت صبح صادق اوّل ساعت آفتاب جهانتاب بتاریخ بست ویکم ماه شعبان[رجب]المعظم سنه خمس واربعماتیه در شهر متبرکه دارالاسلام اجمیر واقع شد نام اصلی اوامیر مسعود است وصاحب تاریخ فیروز شاهی و دیگرمورخان

اورسپہ سالار مسعود غازی از غزات سلطان محمودسبکتگین مینویسد" ۔ترجمہ ''حضرت معبود، سلطان الشہداء امیر مسعودؒ بن سپہ سالارا میر ساہو بن عطاءاللہ علوی کا نسب حضرت محمد حنفیہ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے جاملتا ہے۔آپ کی والدہ ستر معلیٰ سلطان محمود غزنوی کی ہمشیرہ تھیں۔آپؒ کی ولادت اتوار کے دن صبح صادق کے وقت یکم شعبان [رجب] 405 ھجری میں شہر متبرک دارالسلام اجمیر شریف میں ہوئی آپؒ کا اصل نام امیر مسعود ہے اور تاریخ فیروز شاہی اور دیگر تواریخ میں آپؒ کا نام سپہ سالار مسعود غازی ہے جو غزوات سلطان محمود سبکتگین میں شریک ہوئے''۔انشاءاللہ آئندہ اشاعت میں مرات الاسرار فارسی کا اصل نسخہ کی عکسی نقول اور ترجمہ بھی شائع کیا جائے گا تا کہ قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کا حضرت محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد ہونے ایک اور مستند تاریخ قارئین کرام تک پہنچائی جا سکے۔

29۔تھذیب حدائق الالباب فی الانساب (1138 ھجری):

تھذیب حدائق الالباب فی الانساب 49ھ کے مولف للعلامہ الجلیل الشیخ ابی الحسن الشریف بن محمد طاہر الفتونی العاملی 1138 ھجری میں فوت ہوئے اس کتاب کی ترتیب وتحقیق السیّد مھدی الرجائی کتاب ہذا کے ص 89 پر لکھتے ہیں **"محمدابن الحنفیه بن علی بن ابی طالب وله خمسه بطون:" البطن الرابع: علی بن محمد، کذا علی نسله عون [قطب شاه غازی]، نسله محمد، نسله علی، وله نسلان: محمدبن علی نسله محمد، نسله محمد، نسله الحسین، نسله حیدرة، وعلی بن علی نسله محمد، نسله الحسن، وله ستة انسال: احمدومحمد، والمهدی، والحسن نسله، اسماعیل، وعلی له نسلان: المحسن، والحسن، والحسین، نسله محمد۔ واسماعیل بن الحسن نسله محمدنسله ابراهیم۔"** کتاب ہذا میں علی بن محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) کی اولاد اور عون قطب شاہ غازی کی اولاد بھی درج ہے۔

30۔خزینۃ الاصفیاء فارسی (1281 ھجری):

خزینۃ الاصفیاء فارسی تالیف مفتی غلام سرور لاہوری قدس سرہ (1244ھ-1307ھ) نے 1281 ھجری میں تالیف فرمائی اس کا ترجمہ پیرزادہ علامہ اقبال احمد فاروقی ایم اے نے کیا ہے۔اس کی جلد ششم ص 152 تا 161 پر آپؒ کے حالات تفصیل سے درج ہیں مختصر اقتباس درج کیا جاتا ہے ''شیخ مسعود غازی قدس سرہ:۔آپ علوی سادات عظام میں سے تھے۔حضرت محمد حنفیہ بن علی کرم اللہ وجہہ کی نسبت سے سلسلہ نسب حضور نبی کریم ﷺ سے ملتا ہے۔آپ کے والد میر ساہو بن عطاءاللہ علوی تھے آپ کی والدہ ماجدہ ستر معلیٰ سبکتگین غزنوی کی بیٹی تھیں۔آپ کا اسم مبارک میر مسعود تھا۔دہلی کے نواح میں آپ کا نام پیر پلھم مشہور تھا۔دیار خراسان میں رجب سالار سے مشہور تھے بعض مقامات پر میاں غازی اور میاں بالی کے ناموں سے پکارے جاتے تھے۔بالا پیر اور تھیلا پیر آپ کا ہی لقب تھا۔آپ کا لقب مبارک سلطان الشہداء اور سید الشہید تھا اہل تصوف کا اس بات پر اتفاق ہے کہ آپ کی شہادت کے بعد جو بھی شہادت کے رتبہ پر فائز ہوا تو

آپ کی اتباع میں شہید ہوا۔آپؒ کی تاریخ شہادت کے حوالہ سے ص 161 پر رقمطراز ہیں ''معارج الولایت کے مصنف نے آپ کا سن وفات 424 ھجری لکھا ہے تذکرۃ الشہداء اور دوسرے تذکرہ نویس اسی تاریخ کو درست مانتے ہیں مگر صاحب سفینۃ الاولیاء نے آپ کا سن وفات 429 [419] ھجری تحریر کیا ہے میرے خیال میں صاحب سفینۃ الاولیاء کی تاریخ درست نہیں ہے۔یعنی تاریخ شہادت 424 ھجری ہی ہے۔

31۔فرہنگ آصفیہ اردو (1878ء) میں قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے شجرہ نسب کا ثبوت:

فرہنگ آصفیہ جو چار جلدوں پر مشتمل ہے مولوی سیّد احمد دہلوی نے 1868ء کو لکھنا شروع کیا اور 1878ء میں دہلی سے شائع کیا۔جلد اوّل ص 312 اولیائے ہند کے عنوان سے درج ہے سے مختصر اقتباس درج کیا جاتا ہے ''سالار مسعود غازی عرف بالے میاں۔ ہندوستان میں بلحاظ زمانہ سب سے پہلے آپ ہی شہدائے ہند میں نامور ہوئے آپ سالار ساہو بن عطاءاللہ غازی بن طاہر غازی بن طیب غازی بن محمد غازی کے فرزند رشید ہیں آپ کے نسب نامہ سے تقریباً ہر ایک بزرگ کا غازی ہونا پایا جاتا ہے۔محمد غازی دراصل عمر [علی] غازی بن ملک آصف غازی بن بطل غازی [عون عرف قطب غازی] بن عبدالمنان [علی عبدالمناف] بن محمد حنفیہ ابن اسداللہ الغالب حضرت علی رحمتہ اللہ علیہم کے فرزند دلبند تھے سالار مسعود غازی نے بارہویں پشت میں اکیسویں رجب ۴۰۵ ہجری روز یکشنبہ کو بوقت صبح صادق اجمیر شریف میں بطن مادر سے جلوہ فرمایا۔۔14 رجب 424 ھجری کو بھڑائچ میں جہاد کر کے تیر سے شربت شہادت نوش کیا۔آپ سلطان محمود غزنوی کے بھانجے تھے آپ کے والد ماجد سلطان محمود غزنوی کے سپہ سالار رہے۔پھر آپ ان کی وفات کے بعد اپنے والد ماجد کے عہدہ پر ممتاز ہوئے۔''

32۔تاریخ اودھ اردو (1914ء):

تاریخ اودھ تالیف مولانا حکیم محمد نجم الغنی خان رامپوری نے 1914-1910 کے ص 11 پر پروفیسر محمد ایوب قادری کتاب ہذا کی جلد اوّل کے مقدمہ میں رقمطراز ہیں ''مسلم اقتدار کی روایت کا آغاز سالار مسعود غازی کی مجاہدانہ سرگرمیوں سے ہوا سالار مسعود کا مزار بہرائچ میں واقع ہے''۔تاریخ اودھ حصہ سوم کے ص 271 تا 273 پر یوں درج ہے ''سالار مسعود غازی کی حقیقت۔نواب آصف الدولہ کا ان کے میلے کو جانا اوپر بیان ہوا ہے اسلیے انکی حقیقت پر یہاں روشنی ڈالتا ہوں۔بہرائچ مقامی نام لکھنو سے ۸۰ میل اتر کی جانب ہے۔یہاں سالار مسعود غازی کی درگاہ اور رجب سالار کا مقبرہ ہے۔سنتے ہیں کہ رجب سالار تغلق شاہ کے بھائی تھے اور سالار مسعود غازی کے حق میں اختلاف ہے۔مناقب اولیاء میں لکھا ہے کہ اولاد محمد بن حنفیہ سے ہیں جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے بیٹے تھے۔مرآت الاسرار میں ان کو سید علوی بتایا ہے۔محمود غزنوی کے بھانجے تھے ان کی ماں کا نام ستر معلےٰ ہے اور باپ کا نام سالار ساہو ہے۔21 رجب 405 ہجری روز یکشنبہ کی صبح صادق کے وقت اجمیر میں پیدا ہوئے مرات الاسرار میں ان کی ولادت 21 شعبان کی لکھی ہے (تولد ناصر دین) تاریخ ولادت ہے غزانامہ مسعود سے معلوم ہوتا ہے کہ سومنات معروف بہ دوار کا زمین گجرات علاقہ جونا گڑھ کی لڑائی میں سلطان محمود کے ساتھ شریک تھے۔جب سلطان

رائے جیپال کو مغلوب کر کے مع مال غنیمت غزنی کو لوٹ گیا تو مسعود ہندوستان میں رہ گئے بہت سے مقامات فتح کر کے مال اور سپاہ کثیر جمع کی۔ دہلی کے راجہ رائے سیپال اور اس کے بیٹے گوپال سے سخت معرکہ پیش آیا گوپال کے ہاتھ سے ان کی ناک پر زخم آیا اور ایک دانت بھی ٹوٹ گیا لیکن فتح ان ہی کے ہاتھ میں رہی سالار مسعود نے سلطان محمود کے نام کا خطبہ پڑھا اس کے بعد قنوج کو گئے اور دریائے گنگا کے کنارے مقام کیا اجیپال ان کے مقابلے می تاب نہ لایا اطاعت اختیار کی۔ سالار نے اکثر رایان اطراف کو شکست دے کر مطیع کیا۔ ابو محمد چشتی کے مرید تھے۔ بہرائچ میں ایک ہندو فقیر بالارکھ نامی رہتا تھا مسعود نے جہاد کے لیے اس مقام پر چڑھائی کی اور سورج کنڈ کو جو ہندوؤں کا معبد عظیم تھا مسمار کیا وہاں رائیوں سے سخت لڑائی ہوئی شہر دیو کے ہاتھ سے ان کی شہ رگ پر ایک تیر لگا جس سے روح بدن سے پرواز کر گئی وہیں دفن ہوئے 21 رجب 405 ہجری تاریخ ولادت ہے اٹھارہ سال گیارہ مہینے 24 روز دنیا کی ہوا کھائی انیسویں سال اوّل وقت عصر روز یکشنبہ 14 رجب 424 ہجری کو شہادت پائی درگاہ ان کی اہل عالم کی زیارت گاہ ہے سال میں ایک بار میلا ہوتا ہے دور دور سے لوگ میدنی کے ہمراہ آتے ہیں اجلاف قوم کے آدمی دور ونزدیک سے لال لال نیزوں کے ساتھ ہزاروں دُفائی گانے بجاتے ساتھ لے کر اپنی اپنی بستیوں سے نکلتے ہیں اور یہاں آ کر نذر وتحائف گذارنتے ہیں غرضیکہ جیٹھ کا پہلا اتوار اس میلے کا پہلا دن عوام میں جو بالا پیر نام سید مسعود کا مشہور ہے وہ بالارکھ کی رعایت سے ہے بالا سے مراد بالارکھ اور پیر سے مقصود سید مسعود ہے۔ مقبرہ سید مسعود میں سیدھی طرف ایک گوشے میں چھوٹا سا گول حوض ہے اس کو بالا کنڈ کہتے ہیں کوئی ہندو اس کو اگن کند بالارکھ اور کوئی بالارکھ کو دھونی ظاہر کرتا ہے قبر کی نذر کا مال مجاوران درگاہ اور کنڈ کو پوجا کے محاصل پنڈے قوم ہندو پاتے ہیں مجاوروں اور پنڈوں کے باہم اس آمدنی میں کچھ رسم اور معاہدہ ہے''۔

33۔تذکرۃ الانساب اردو (1322 ہجری):

تذکرۃ الانساب تالیف مولانا سید امام الدین احمد بن مولانا مفتی سید عبدالفتاح 1322 ہجری کے صفحہ 31 پر یوں درج ہے ''سید سالار مسعود غازی شہید قدس سرہ نسب نامہ آپ کا سید مسعود غازی بن سید محمود عرف میر ساہو بن سید عبداللہ عرف عطا اللہ بن سید رحمت اللہ بن سید عبدالکریم بن امیر حمید بن محمد حنیف بن امیر المومنین سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ یہ بزرگ قدمائے اولیائے کاملین اور مشاہیر کبرائے سادات سے ہیں والدہ آپ کی ستر معلٰی سلطان محمود سبکتگین کی حقیقی بہین تھیں 21 رجب 405ھ کو پیدا ہوئے اور 424ھ کو کافروں کے ہاتھ سے جہاد میں شہید ہوئے اور بہڑائچ میں دفن ہیں۔ لقب آپ کا سلطان الشہداء ہے۔'' مولف مذکور نے شجرہ نسب مکمل درج نہیں کیا۔ البتہ مولف کا اس بات پر اتفاق ہے کہ میر ساہو بن عطا اللہ کے فرزند تھے اور حضرت محمد حنفیہ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد سے ہیں۔

34۔تاریخ حیدری اردو (1922ء):

مولوی حیدر علی لدھیانوی نے تاریخ حیدری 1909ء میں تالیف کی جوان کی وفات کے بعد 1922ء میں ان کے بیٹے نے شائع فرمائی اس کے ص 7 پر قطب شاہی علوی اعوانوں کا یہ شجرہ نسب

یوں درج ہے ''میر قطب حیدر بن میر عطا اللہ بن طاہر غازی بن طیب غازی بن عمر غازی بن محمد غازی بن محمد آصف غازی بن بطل غازی [عون عرف قطب شاہ غازی] بن [علی] عبدالمنان غازی بن عون سکندر غازی بن محمد حنفیہ بن علی مرتضیٰؓ۔'' شجرہ ہذا میں عبدالمنان کے والد کا نام عون لکھا گیا ہے جبکہ وہ ان کے بیٹے ہیں یعنی عون عرف قطب شاہ غازی لقب بطل غازی بن علی عبدالمنان غازی بن حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ۔

35۔بحر الجمان فی مناقب حالات سیّد الانس اردو (1332 ہجری) اعوان شجرہ نسب کا ثبوت:

بحر الجمان فی مناقب حالات سیّد الانس ترجمہ اردو تذکرۃ السادات المقلب آل سرور کائنات مترجم السید محبوب شاہ الحسنی والحسینی 76ؒ اشاعت 1332ھ کے صفحہ 135 حصہ چہارم پر ابوالقاسم محمد الاکبر معروف امام حنیف کی اولاد سے سالار مسعود غازی کا شجرہ نسب یوں درج ہے ''سعید الدین سالار مسعود غازی بن سالار ساہو غازی [برادر سالار قطب حیدر غازی و سالار سیف الدین علوی] بن عطا اللہ غازی بن طاہر غازی بن طیب غازی بن شاہ محمد غازی بن سید شاہ غازی بن محمد آصف غازی بن عون عرف قطب غازی بابا [جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان] بن علی بن ابوالقاسم محمد الاکبر۔ یہی شجرہ نسب منبع الانساب میں درج ہے۔ اور ایم خواص خان نے تحقیق الاعوان میں درج کیا اور ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان کے چیئرمین جناب محبت حسین اعوان نے یہی شجرہ نسب تاریخ علوی اعوان میں بھی درج کیا ہے۔ یہی شجرہ نسب قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کا مصدقہ شجرہ نسب ہے۔ بحر الجمان فی مناقب حالات سیّد الانس کے ص 135 پر ''عون عرف قطب غازی بابا'' بن علی بن ابوالقاسم محمد الاکبر معروف امام حنیف درج ہے اس کے علاوہ حضرت بابا سجاول علویؒ قادری کا نسب نامہ بھی یوں درج ہے۔ نمبردار محمد امیر خان بن میر عالم خان بن شیر زمان بن محمد خان بن قمر علی بن سردار خان بن پئی خان بن بخش بن ہنس خان بن جس خان بن بگاہ خان بن چن بن حسین بن دین بن دہسر بن کہیا بن انب بن سجالف مشہور بابا صاحب بن بابا پھیو بن مہاپال بن کالا بن کامل بن سہار بن کلی بن کلگان بن قطب شاہ بابا سے ہوتا ہوا شاہ حمید بن ابوالقاسم محمد الاکبر معروف امام حنیف تک درج ہے۔ یہ شجرہ نسب شہیلہ مانسہرہ اور منبع الانساب فارسی میں عون عرف قطب غازی بن علی بن محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ تحریر ہونے سے یہ واضع ہوتا ہے کہ سالار مسعود غازیؒ اور حضرت بابا سجاول علوی قادریؒ دونوں کا شجرہ نسب حضرت محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے ملتا ہے۔ اور دونوں کے جداعلیٰ قطب شاہ بابا یا عون عرف قطب غازی بابا ہیں۔ جیسا کہ قبل ازیں ذکر کیا جا چکا ہے کہ قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے جداعلیٰ منبع الانساب فارسی کے مطابق عون عرف قطب شاہ غازی بن بن علی عبدالمنان بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ ہیں ۔نسب قریش عربی، تہذیب الانساب عربی، منتقلۃ الطالبیہ، مہاجران آل ابی طالب، بحر الانساب، مرات مسعودی، مرات الاسرار وغیرہ کے مطالعہ کے بعد مزید تصدیق ہو جاتی ہے۔

36۔نزہۃ الخواطر عربی (1341 ہجری):

نزہۃ الخواطر 55ؒ از المورخ الھند الکبیر الشریف عبدالحی بن فخر الدین الحسینی مبطوعہ 1341ھ

میں عون قطب شاہ غازی بن علی بن محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) کی اولاد سالار مسعود غازی کے حوالہ سے ص 80 پر یوں رقمطراز ہیں ''سالار مسعود بن ساھو بن عطاءاللہ الغازی المجاہد فی سبیل اللہ الشہید المشہو ر بارض الھند کان من نسل محمد بن الحنفیہ العلوی'' نزھتہ الخواطر کے مولف نے سالار مسعود غازی سے متعلق دیگر روایات بھی تحریر کی ہیں لیکن وہ اس بات پر متفق ہیں کہ سالار مسعود غازی، محمد حنفیہ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد سے ہیں۔

37۔تحقیق الاعوان اردو (1966ء) میں قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے شجرہ نسب کا ثبوت:

ایم خواص خان ہزاروی نے تحقیق الاعوان 1966ء میں تصنیف فرمائی اس کے ص 156 پر عون عرف قطب شاہ غازی کی اولاد کا شجرہ نسب یوں لکھا ہے ''سعید الدین سالار مسعود غازی بن سالار ساہو غازی بن عطاءاللہ غازی بن طاہر غازی بن طیب غازی بن شاہ محمد غازی بن سید شاہ غازی بن آصف غازی بن عون عرف قطب غازی بابا [جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان] بن علی بن محمد الاکبر بن حضرت علی بنو علویہ۔ شجرہ ہذا درست اور مستند روایات کے عین مطابق ہے۔ قلمی کتاب مستطاب آئینہ اعوان میں سید محمد شاہ گوڑی سیداں مظفر آباد کشمیر بھی مندرجہ بالا شجرہ نسب تحریر کیا ہے نیز قطب شاہ بابا بادشاہ بن عطاءاللہ غازی بھی درج ہے اور قطب شاہ بابا کے نو فرزند مزمل علی کلگان، کندہال، گولڑہ، کھوکھر جہاں شاہ از زوجہ اوّل اوضبک، صدت، قسمت اور عرب از زوجہ دوم درج ہیں اس قلمی کتاب کے چند صفحات ہیں ان پر کتابت کی تاریخ درج نہیں ہے۔ اس میں جو پر مہر ثبت ہے اس میں تحریر ہے ''محمد شاہ منیجر اسلامی کتب خانہ ہٹیاں دوپٹہ ڈاک خانہ گڑھی کشمیر'' اس عبارت سے یہ اخذ ہوتا ہے کہ قیام پاکستان سے قبل کی عبارت ہے۔ سید محمد شاہ کے کئی شجرہائے نسب سادات فاطمی کے بھی راقم کی نظروں سے گزرے ہیں۔ مزمل علی کلگان کی اولاد سے حضرت بابا سجاولؒ درج ہیں اور ان کی اولاد بھی۔

38۔تاریخ علوی اعوان اردو (1999ء) میں قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے شجرہ نسب کا ثبوت:

محبت حسین اعوان چیئرمین ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان نے تاریخ علوی اعوان ایڈیشن 1999ء کے ص 347 شجرہ نسب منبع الانساب کے عین مطابق رقم کیا ہے ''سعید الدین سالار مسعود غازی بن سالار ساہو غازی بن عطاءاللہ غازی بن طاہر غازی بن طیب غازی بن شاہ محمد غازی بن سید شاہ غازی بن آصف غازی بن عون عرف قطب غازی بابا [جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان] بن علی بن محمد الاکبر بن حضرت علیؓ۔ یہ شجرہ نسب درست اور نسب قریش اور منبع الانساب کے عین مطابق ہے۔

39۔نسب الصالحین اردو (2000ء):

نسب الصالحین تالیف حاجی جہانداد خان نے 2000ء میں شائع کی کے ص 50 پر ابوالقاسم محمد الحنفیہ المعروف محمد اکبر و محمد حنیف کے فرزند علی عبدالمنان درج کیے ہیں۔ ص 56 پر لکھتے ہیں کہ حضرت میر قطب حیدر کے بڑے بھائی امیر شاہو سالار سلطان محمود غزنوی کی فوج کے سالار اعلیٰ تھے اور سلطان محمود کے بہنوئی بھی تھے۔

40۔تحقیق الانساب مشہور بہ تاریخ اقوام وقبائل اردو جلد اوّل و دوم (2007ء۔2013ء):

تحقیق الانساب مشہور بہ تاریخ اقوام وقبائل جلد اوّل و دوم دونوں راقم مولف کی تصانیف ہیں

جلد اوّل 2007ء میں شائع کی تھی اور جلد دوم 2013ء میں شائع ہوئی۔ ان کتب مین تقریباً تین درج قبائل کے شجرہائے نسب وتاریخی حالات درج ہیں۔ ان دونوں کتب میں قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے شجرہائے نسب اور حضرت سالار مسعود غازیؒ دیگر علوی اعوان مشائخ عظام کا تذکرہ موجود ہے۔ اور جلد سوم بھی طباعت کے آخری مراحل میں ہے۔ تحقیق الانساب جلد دوم میں ص 93 پر درج ہے ''آپؒ کا اصل نام سالار مسعود غازیؒ تھا آپؒ کو دہلی اور اس کے نواحی علاقے میں پیر سلیم کہتے ہیں خراسان میں رجب سالار اور بعض مقامات پر آپؒ کو غازی میاں، بالی میاں، بالا پیر کہتے ہیں آپؒ کے والد ماجد کا نام سید سالار ساہوؒ (برادر حقیقی قطب حیدر شاہ غازی جداعلیٰ علوی اعوان) ہے۔ آپؒ کی والدہ ماجدہ بی بی ستر معلیٰ سلطان سبکتگین کی صاحبزادی اور سلطان محمود غزنوی کی حقیقی بہین تھیں جو پارسائے وقت اور عرفان شریعت میں یکتائے روزگار تھیں۔ سالار مسعود غازیؒ کی ولادت اتوار کے دن صبح صادق کے وقت یکم شعبان 405ھ میں شہر متبرک دارالسلام اجمیر شریف میں ہوئی۔ ہندوستان جیسے کفر والحاد کی خاردار جھاڑیوں میں زندگی کا راستہ ہموار کرنے کے لئے جن سورماؤں کے قدم پہنچے ان میں سالار مسعود غازی کا نام ہنوز روشن وتابندہ ہے۔ آپؒ کی پیدائش سے قبل ہی مقدس ارواح ورجال الغیب نے نشاندہی کر دی تھی آپؒ کی شکل وشباہت سے عکس جمال مصطفوی ﷺ اور مرتضوی جاہ وجلال عیاں تھا۔ جس خانوادے کا خمیر عشق ومستی کے جذبہ سے لبریز ہو اس کے چشم وچراغ کا کیا کہنا۔ کہتے ہیں کہ جب آپ چار سال چار ماہ چار دن کے ہوئے تو رسم بسم اللہ خوانی کا شاندار اہتمام کیا گیا۔ دور اندیش اور مستقبل شناس باپ نے سیّد ابراہیمؒ بارہ ہزاری کو آپ کی تعلیم وتربیت کے لئے مقرر کیا بیش قیمت زر وجواہر کا شاندار نذرانہ استاد محترم کو پیش کیا گیا۔ سالار مسعود غازیؒ نے صرف نو سال کی عمر شریف میں تمام علوم باطنی وظاہری میں کمال حاصل کیا۔ جوان ہوتے ہی راجگان ہند کے خلاف جہاد میں کود پڑے بے شمار معرکوں میں فتوحات حاصل کیں''۔ راقم مولف نے جب تحقیق الانساب جلد اوّل اور دوم تالیف کیں اس وقت راقم کے پاس منبع الانساب فارسی دستیاب نہ تھی۔ لہٰذا منبع الانساب فارسی کے مطابق سالار مسعود غازیؒ قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ سے تعلق رکھتے ہیں۔

41۔تاریخ نیازی قبائل اردو طبع ہفتم (2014ء):

تاریخ نیازی قبائل اردو طبع ہفتم اگست 2014ء محمد اقبال خان نیازی تاجہ خیل نے شائع کی کے ص 1162 تا 1179 پر قطب شاہی اعوان قبیلہ کو محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد تحریر کیا ہے۔ اور ص 1175 پر میر قطب حیدر شاہ علوی اعوان عرف غازی ملک، سالار سیف الدین غازی و سالار ساہو رشاہو غازی ابنان ابوعلی عرف عطاءاللہ شاہ بن میر طاہر غازی بن طیب غازی بن میر محمد غازی بن میر سیدن شاہ یا میر عمر غازی بن میر آصف بن عون عرف سکندر۔ عبدالمنان۔ بطل یا بطال بن محمد عرف زبیر بن علی بن محمد الاکبر (محمد بن حنفیہ) بن حضرت علیؓ درج کیا ہے۔ نیازی صاحب نے قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کو علی بن حضرت محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہؓ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد درج اور یہی درست اور حقیقت ہے۔

متفرق کتب: مندرجہ بالا کتب کے علاوہ ا۔ تاریخ الاعوان تالیف ملک شیر محمد اعوان آف کالاباغ، ۲۔ تذکرہ

الاعوان تالیف ملک شیر محمد اعوان آف کالاباغ، ۳۔اعوان کاری از پروفیسر شاہین ملک، ۴۔وادی سون سکیسر تالیف احمد غزالی، ۵۔تاریخ الاعوان ملک پرویز ، ۶۔مراۃ التواریخ الاعوان تالیف فضل دادعارف کاکوٹی، ۷۔علوی اعوان قبیلہ مختصر تعارف از علامہ یوسف جبریلؒ آف کھبیکی وادیِ سون، ۸۔حقیقت الاعوان تالیف صوبیدار محمد رفیق اعوان چکوال، ۹۔جواہر الاعوان تالیف ملک شاہسوار علی ناصر آف خوشاب، ۱۱۔فیضان عون قطب شاہ علوی از نعیم چشتی دائیول شریف خوشاب وغیرہ کے علاوہ بہت سی کتب میں یہ درج ہے کہ قطب شاہی علوی اعوان از اولاد حضرت محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد ہیں۔

راقم نے صرف چند کتب کے اقتباسات دیے ہیں قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کا شجرہ نسب حضرت محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے درج کرنے والے بے شمار ہیں ان میں سے کئی ایک کی کتب پر ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان کے چیئرمین جناب محبت حسین اعوان نے تاریخ علوی اعوان میں تبصرہ کیا ہے لہذا ثابت ہوا کہ:۔

1۔ یہ کہ مندرجہ بالا کتب میں قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کی تاریخ کے 100 فیصد ثبوت دستیاب ہیں ۔عون بن علی بن محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد بنی عون (اعوان، آل عون یا عون آل، علوی)1200 سالہ قدیم کتاب نسب قریش عربی میں درج ہے۔اور اسی عون بن علی کا شجرہ نسب منبع الانساب فارسی میں عون عرف قطب غازی بن علی عبدالمنان بن محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ تک درج ہے اور ان کی اولاد بھی درج ہے اور یہ بھی درج ہے کہ سالار مسعود غازیؒ، سلطان محمود غزنوی کی ہمشیرہ کے فرزند ہیں اور اکثر سادات ان کے ہمراہ ہندوستان تشریف لائے۔نیز تہذیب الانساب عربی، منتقلۃ الطالبیہ عربی، مہاجران آل ابی طالب فارسی، لباب الانساب عربی وغیرہ کے تقابلی جائزہ کے بعد مندرجہ بالا شجرہ نسب کی تصدیق ہو چکی اور عون قطب شاہ غازی کی اولاد کا ہندوستان آنا اور اعوان کہلانا، اور قطب شاہی اور علوی کے ثبوت بھی موجود ہیں۔

2۔ یہ کہ کتاب نسب قریش عربی کے مطابق عون بن علی بن محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد ''بنی عون'' (عون آل رعون) درج ہے۔

3۔ یہ کہ منبع الانساب فارسی میں عون عرف قطب غازی بن علی عبدالمنان رعبدالمناف بن محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ درج ہے جس کی وجہ سے یہ قبیلہ قطب شاہی علوی اعوان کہلاتا ہے۔''عون'' کی وجہ سے ''اعوان'' اور قطب شاہ غازی کی وجہ سے قطب شاہی اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی غیر فاطمی اولاد ہونے کی وجہ سے ''علوی'' مشہور و معروف ہے۔اور اس طرح عون قطب شاہ غازی بن علی عبدالمنان بن حضرت محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد ''قطب شاہی علوی اعوان'' کہلاتی ہے۔

4۔ یہ کہ منتقلۃ الطالبیہ عربی، مہاجران آل ابی طالب فارسی، تہذیب الانساب ونہایۃ الاعقاب عربی کے مطابق الحسن بن علی، عیسیٰ بن علی، محمد (غازی) بن علی، احمد (غازی) بن علی والحسین بن علی بن محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد کا ہند میں آنا ثابت ہوتا ہے۔

5۔ یہ کہ لباب الانساب عربی کے مطابق محمد حنفیہؒ کی اولاد کا سلطنت غزنویہ سے منسلک ہونا ثابت ہے اور تاریخ بیہقی کے مطابق علویاں و غازیان کا تعلق بھی ثابت ہوتا ہے۔

6۔ یہ کہ منبع الانساب فارسی، تاریخ فیروز شاہی فارسی، اخبار الاخیار فارسی، مرات مسعودی فارسی، مرات الاسرار فارسی، خزینۃ الاصفیاء فارسی، فرہنگ فارسی، تاریخ بحر الجمان، تاریخ حیدری، تحقیق الاعوان، تاریخ علوی اعوان، تاریخ نیازی قبائل طبع ہفتم، تحقیق الانساب مشہور بہ تاریخ اقوام و قبائل جلد اوّل و دوم کے مطابق سالار مسعود غازی سلطان محمود غزنوی کے بھانجے تھے اور ان کا شجرہ نسب یہ ہے ''سالا مسعود غازی بن سالار ساہو غازی بن عطاء اللہ غازی بن طاہر غازی بن طیب غازی بن شاہ محمد غازی بن شاہ غازی (علی) بن آصف غازی بن عون قطب غازی بن علی عبدالمناف (عبدالمنان) بن حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ'' جس سے ثابت ہوا کہ سالار مسعود غازی بھی قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے چشم و چراغ ہیں۔

7۔ یہ کہ مندرجہ بالا عربی، فارسی اور اردو کی تاریخی اور انساب کی کتب کے تقابلی جائزہ کے بعد قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کا شجرہ نسب یہ ہے ''سالار قطب حیدر غازی بن عطاء اللہ غازی بن طاہر غازی بن طیب غازی بن شاہ محمد غازی بن شاہ علی غازی بن محمد آصف غازی بن عون قطب شاہ غازی بن علی عبدالمنان (عبدالمناف) بن حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ''۔

مندرج بالا تمام کتب جن کے حوالہ جات کتاب ہذا میں درج ہیں تقریباً سب ہی نٹ پر دستیاب ہیں اور بہت جلد ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہوں گی۔اب ضرورت اس امر کی ہے کہ یہ تحقیق کی جائے کہ علی بن علی، موسیٰ بن علی والحسن بن علی، محمد غازی بن علی واحمد غازی بن علی، عیسیٰ بن علی وحسین بن علی بن محمد [آصف غازی] بن عون قطب شاہ غازی بن علی عبدالمنان غازی بن محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد کس جگہ اور کہاں کہاں سکونت پذیر ہے۔عون قطب شاہ غازی جد اعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان کے فرزند محمد آصف غازی کے سات پوتے تھے اور ان میں سے تہذیب الانساب عربی کے مطابق علی بن علی، موسیٰ بن علی وحسن بن علی کے علاوہ باقی ہند میں ہیں۔جب کہ لباب الانساب کے مطابق حسن کی اولاد بھی ہند میں ہے۔اس طرح عون قطب شاہ غازی جد اعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان کے پانچ پڑپوتوں کی اولاد ہند میں آباد ہے۔ان کے علاوہ منتقلۃ الطالبیہ ومہاجران آل ابی طالب کے مطابق جعفر الاصغر بن محمد حنفیہؒ کی اولاد بھی مکران وغیرہ میں آباد ہے اور وہ بھی اعوان کہلاتی ہے جو علوی، اعوان، اور قطب شاہی علوی اعوان اور ہاشمی بھی کہلاتے ہیں۔اس لئے جن حضرات کے پاس حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد

کے شجر ہائے نسب موجود ہیں وہ ان کی نقل ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان کو بھیج دین یا راقم کو ای میل فرمائیں تا کہ انہیں بعد از تحقیق آئندہ اشاعت میں شامل کیا جاسکے۔

عون قطب شاہ غازی (جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان) کی ازواج اور اولاد:

حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) کے فرزند علی عبدالمناف کے پانچ فرزند محمد، عون (قطب شاہ غازی)، عبداللہ، عبیداللہ وحسن تھے۔ کتاب المعقبون کے مطابق عون قطب شاہ غازی، محمد المدنی، العویز، ابراہیم، عیسیٰ اور القاسم بھی علی کے فرزند تھے اس طرح ان کے سات فرزند ہوئے۔ عون قطب شاہ غازی کی شادی مہدیہ بنت عبدالرحمٰن بن عمر بن محمد بن مسلمہ انصاری سے ہوئی تھی جن کے بطن سے محمد (آصف غازی)، رقیہ اور علیہ پیدا ہوئیں۔ محمد المشہور بہ آصف غازی بن عون قطب شاہ غازی کی شادی صفیہ بنت محمد بن مصعبؓ بن زبیر بن عوام سے ہوئی تھی جن کے بطن سے علی، حسنہ وفاطمہ پیدا ہوئے۔ کتاب المعقبین من ولد الامام امیر المومنین علیہ السلام 66 تالیف ابی الحسین یحییٰ بن الحسن (277-214) طبع قم ایران کے ص 72 کے مطابق رقیہ بنت عون قطب شاہ غازی کی شادی عبداللہ بن داؤد بن الحسن مثنیٰ بن امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہوئی تھی جن کے بطن سے محمد بن عبداللہ وعلی بن عبداللہ پیدا ہوئے۔ نسب قریش کے ص 77 کے مطابق علیہ بنت عون قطب شاہ غازی کی شادی علی بن الحسن بن علی (عبدالمناف) بن محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) سے ہوئی تھی جن کے بطن سے الحسن بن علی پیدا ہوئے۔ بحر الانساب 67 کے ص 245 پر محمد (آصف غازی) کے بھائی اسمعٰیل بھی درج ہیں۔ محمد المشہور آصف غازی کے فرزند علی تھے جبکہ منبع الانساب میں شاہ غازی درج ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا پورا نام شاہ علی غازی تھا شاہ علی غازی کے سات فرزند علی، موسیٰ، الحسن، الحسین، احمد، محمد اور عیسیٰ تھے تہذیب الانساب کے مطابق اوّل الذکر علی، موسیٰ والحسن کے علاوہ باقی ہند میں ہیں یعنی الحسین، احمد، محمد اور عیسیٰ ہند میں آباد ہوئے۔ علی بن علی وموسیٰ بن علی کی اولاد مصر اور روم میں آباد ہے علی کے دوفرزند عیسیٰ بن علی ومحمد بن علی تھے۔ عیسیٰ بن علی کے فرزند محمد ابوتراب مصر میں قتل ہوئے اور اولاد بھی مصر میں آباد ہے ان کے دوفرزند الحسن والقاسم تھے ان کی اولاد مصر میں ہے۔ محمد بن علی کے فرزند محمد بن محمد تھے ان کے فرزند ابی الحسین روم میں قتل ہوئے اور ان کی اولاد بھی وہاں ہی پر ہے۔ موسیٰ بن علی بن محمد کے دوفرزند حمزہ وحسین کی اولاد مصر میں آباد ہے۔ گمان غالب ہے کہ عون قطب شاہ بن علی عبدالمناف بن محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہؒ کے تمام صاحبزادگان جہاد ہند میں شرکت کے لئے ہندوستان آگئے ہوں گے۔ المعقبون جلد سوم (214۔277ھ) طبع ایران کے ص 379 کے مطابق محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) کے فرزند علی الاکبر (علی عبدالمناف) کی اولاد کثیر ہے جو موصل، مصر، اور واسط، اور ہند میں آباد ہے۔

عون قطب شاہ کی اولاد مصر اور روم میں:

جیسا کہ قبل ازیں نسب قریش 68 کے مطابق درج کیا گیا ہے کہ عون (عرف قطب غازی لقب بطل غازی بن علی عبدالمنان بن حضرت محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ) کی اولاد تقریباً 1200 سال قبل سے "بنی عون" یعنی "اعوان" کے نام سے مشہور ومعروف ہے۔ تہذیب الانساب ونہایۃ الاعقاب 69 کے مطابق عون (عرف قطب غازی) کے فرزند محمد اشہل (محمد آصف) تھے جن کے فرزند علی (شاہ غازی) تھے ان کے سات فرزند تھے جن کے نام درج کیے جا چکے ہیں۔ علی بن محمد اشہل (محمد آصف) کے دوفرزند علی بن علی وموسیٰ بن علی کی اولاد مصر اور روم میں آباد ہے علی کے دوفرزند عیسیٰ بن علی ومحمد علی تھے۔ عیسیٰ بن علی کے فرزند محمد ابوتراب مصر میں قتل ہوئے اور اولاد بھی مصر میں آباد ہے ان کے دوفرزند الحسن والقاسم تھے ان کی اولاد مصر میں ہے۔ محمد بن علی کے فرزند محمد بن محمد تھے ان کے فرزند ابی الحسین روم میں قتل ہوئے اور ان کی اولاد بھی وہاں ہی پر ہے۔ موسیٰ بن علی بن محمد اشہل / اسھل (محمد آصف) کے دوفرزند حمزہ وحسین کی اولاد مصر میں آباد ہے۔

"بنی عون" یا "قطب شاہی علوی اعوان" کتاب نسب قریش عربی اور منبع الانساب فارسی میں:

کتاب نسب قریش 71 (عربی) تالیف لابی عبداللہ المصعب بن عبداللہ بن المصب الزبیری (156۔236ھ) کے ص 77 کے مطابق عون بن علی بن محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) بن حضرت علیؓ کی اولاد "بنی عون" درج ہے۔ یعنی آج سے 1200 سال پہلے بھی قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ سرزمین عرب میں بھی بنی عون، عون آل یا "اعوان" کہلاتا تھا مولف نسب قریش ان کے ننیال سے تعلق رکھتے تھے اس لئے عون قطب شاہ کی اولاد کا جو ذکر نسب قریش میں درج ہے وہ 100 فیصد درست معلومات پر مبنی برحقائق ہے چونکہ مولف ومصنف کتاب نسب قریش بنی عون قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے گھر کے فرد تھے۔

چھ سوسالہ پرانی مستند کتاب منبع الانساب جس میں عون عرف قطب شاہ غازی (جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان) درج ہے۔ منبع الانساب سے یہ بھی واضع ہوا کہ سالار قطب حیدر غازی، قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے جداعلیٰ نہیں ہیں بلکہ عون قطب شاہ غازی جداعلیٰ ہیں اور سالار قطب حیدر غازی ان کی ساتویں پشت میں ہیں۔ اس طرح سالار قطب حیدر غازی تا عون قطب شاہ غازی تک سات پشت ہیں اور ان مندرجہ بالا پشتوں کی تمام اولاد بھی قطب شاہی علوی اعوان ہے اور ان کی تعداد 400ھ میں پانچ ہزار سے کم نہ ہوئی ہوگی۔ راقم اپنے گاؤں سنگولہ کی وارڈ دبن کی مثال دے سکتا ہے جس کے بانی ایک بزرگ کالا خانؒ گذرے ہیں ان کے نام کی وجہ سے ونڈ دبن کالیال یا کالا آل کہلاتی تھی۔ راقم مولف محمد کریم خان اعوان 80 کالا خان کی نویں پشت میں ہے۔ کالا خان

کی اولاد ونڈ دبن کے علاوہ ونڈ بنی، ونڈ ہیمہ ناڑی اور ونڈ چھمب کے علاوہ موہری فرمان شاہ اور پاکستان کے مختلف علاقوں میں بھی آباد ہے۔مردم شماری 1998 کے مطابق ونڈ دبن کی آبادی 80ء مرد 1195 عورتیں 1090 کل آبادی 2285 ہے اس میں وہ لوگ شمار نہیں کیے گئے ہیں جو علاقہ پاکستان بیرون ممالک اور دیگر علاقوں میں آباد ہیں اس طرح 1998 میں یہ آبادی 2285 افراد پر مشتمل تھی جواب 3000 سے کم نہ ہوگی۔دیگر علاقوں کی آبادی شمار کی جائے تو یہ آبادی 5000 سے کم نہ ہوگی۔

جہاد ہند میں قطب شاہی علوی اعوان غازیوں کی شہادت:

عون قطب شاہ غازی کی آٹھویں پشت میں سالار مسعود غازی بن سالا ساہو غازی تھے مستند حوالوں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ عون قطب شاہ غازی اپنے بھتیجے یحییٰ بن زید شہید بن علی امام زین العابدین کے ساتھ 126 ھجری میں خراسان ہجرت کر گئے تھے۔ اسی تناسب سے عون عرف قطب غازی کی اولاد 424ھ تک تقریباً 300 سال میں 5000 سے کسی صورت کم نہ ہوئی ہوگی۔ اور ضروری نہیں کہ سب کے سب قطب شاہی اعوان سلطان محمود غزنوی کے ساتھ جہاد میں شامل تھے۔گمان غالب ہے کہ قطب شاہی علوی اعوان قبیلے کے جنگی دستے جن کی قیادت سالار ساہو، سالار قطب حیدر غازی، سالار مسعود غازی کر رہے تھے میں شامل مجاہدین وغازیوں کی تعداد 1000 سے کم نہ ہوئی ہوگی اور ان کے ساتھ دیگر قطب شاہی علویان کے علاوہ دیگر علویان اور ترکان بہادر بھی تھے۔ یہ تمام جہاد ہند میں شہید ہوگئے اور تقریباً آبادی کا پانچواں حصہ شامل جہاد ہوا ہوگا۔کل آبادی کا نصف عورتیں اور بچے اور بوڑھے اور گھروں کے محافظین بھی ہوئے ہوں گے۔اور تاریخ بیہقی 81ء کے مولف خواجہ ابوالفضل محمد بن حسین بیہقی (فارسی) جلد اوّل ص 57 پر جن علویان وغازیان ونقیب غازیان کا ذکر کیا ہے وہ انہی قطب شاہی علوی اعوان میں سے یا ان کی اولاد میں سے ہوں گے جو زندہ بچ گئے تھے۔ معلوم ہوتا ہے سالار مسعود غازی کے قریبی عزیز وساتھی غازیان وعلویان قطب شاہی علوی اعوان تھے۔ جو ان کی شہادت کے بعد بھی موجود تھے اس کی تصدیق منبع الانساب فارسی (830ھ) کے ص 104-103 سے بھی ہوتی ہے کہ عون قطب شاہ کی اولاد سے حضرت سید احمد غازی کی اولاد بہت ہیں۔سید شاہ احمد غازی کے بڑے بھائی سید شاہ محمد غازی کی اولاد سے سید ساہو غازی تھے ان کی شادی سلطان محمود غزنوی کی ہمشیرہ کے ساتھ ہوئی ان سے ایک صاحبزادے سید سعید الدین سالار مسعود غازی ہیں۔ آپ سادات علوی سے ہیں۔ اکثر اشراف سادات حضرت سید سالار مسعود غازی کے ہمراہ ہندوستان تشریف لائے ہیں۔

قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے لوگ سلطان محمود غزنوی کے دور سے سابق ہند کے مختلف علاقوں وادی سون سکیسر، دھن کوٹ ، پشاور وغیرہ میں آباد تھے جس کا ذکر انگریزوں نے بھی کیا ہے اور بعد میں ہزارہ ، کشمیر، کپورتھلہ ، جالندھر، ہوشیار پور وغیرہ میں آباد ہوگئے اور ان کی اولاد قطب شاہی علوی اعوان کہلاتی ہے۔ قدیم اور مستند تاریخوں سے یہ ثابت ہو چکا کہ وہ سب ''بنی عون''، آل عون وقطب شاہی

علوی اعوان تھے لیکن شجرہ نسب کی تحقیق اس حد تک ہونا باقی ہے کہ ان کا شجرہ نسب عون قطب شاہ غازی کے سات پوتوں علی بن علی بن محمد (آصف غازی) بن عون قطب شاہ، موسیٰ بن علی، الحسن بن علی (اولاد مصر وروم)، عیسیٰ بن علی ، محمد غازی بن علی، احمد غازی بن علی والحسین بن علی (برصغیر پاک وہند وغیرہ) سے کتنی پشت بعد اور کون سے فرزند سے ملتا ہے ۔مولف کے پاس ایسے کئی نسب نامے برائے تحقیق آئے ہیں ان میں سالار قطب حیدر غازی کے گیارہ بیٹوں کے علاوہ ایسے نام بھی موجود ہیں جو سالار عطا اللہ سے بالا پشتوں سے منسلک ہوتے ہوئے عون قطب شاہ بن علی بن محمد حنفیہؒ سے ملتے ہیں۔ مرات الاسرار میں گل رخ شہید، پیر کھوکھر شہید یا کھوکھر شہید سالار مسعود غازی کے ساتھ شہید ہوئے اور سدھورا انڈیا میں مدفون ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ 424 ھجری سے بھی پہلے کھوکھر موجود تھے یہ بات تحقیق طلب ہے کہ کیا گل رخ کھوکھر شہید قطب شاہی علوی اعوان تھے؟ اور اگر ایسا ہے تو ان کا نسب کہاں ملتا ہے۔اور کیا زمان علی کھوکھر سے پہلے بھی قطب شاہی کھوکھر موجود تھے؟۔واللہ العالم بالصواب۔

کتاب منبع الانساب (830ھ) اور قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ:

منبع الانساب 82ء کے مترجم علامہ ڈاکٹر ارشاد احمد ساحلؔ شہسرامی علی گڑھ (انڈیا) ص 364-363 پر رقمطراز ہیں ''حضرت شاہ ابوالقاسم محمد حنیف بن علی مرتضیٰ بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہا، محمد حنفیہ کے نام سے مشہور ہیں آپ کی ولادت 16 ھجری کو مدینہ منورہ میں ہوئی۔عمر مبارک پینسٹھ سال تھی۔۸۱ ھجری میں عبدالمالک بن مروان کے عہد حکومت میں پیر کے دن وصال ہوا۔کتابیوں کا ایک گروہ دعویٰ کرتا ہے کہ آپ قریب قیامت ظہور فرمائیں گے (اسی طرح کی اور بھی بعض بے سروپا حکایت آپ سے منسوب ہیں)۔آپ کے تین صاحبزادے :ا۔ابوہاشم ۲۔علی عبدالمناف، ۳۔جعفر۔آپ کے چودہ صاحبزادے اور دس صاحبزادیاں تھیں لیکن نسل تین صاحبزادوں سے چلی: ابوہاشم جعفر علی ادست اسرارہم (خاندان مصطفیٰ، ص ۱۴۴) حضرت کا وصال مدینہ طیبہ یا طائف میں ہاس (مسالک السالکین، ۱۸۲/۱) حضرت جعفر کے ایک صاحبزادے عبداللہ تھے۔حضرت علی عبدالمناف کے ایک صاحبزادے عون عرف قطب غازی تھے۔حضرت عون عرف قطب غازی (جداعلیٰ قطب شاہی اعوان) کے ایک صاحبزادے آصف غازی تھے اور آصف غازی کے ایک صاحبزادے شاہ غازی، شاہ غازی کے دو صاحبزادے شاہ محمد غازی اور شاہ احمد غازی تھے۔شاہ احمد غازی نے سبزاوار کو اپنا وطن بنایا۔ چنانچہ سادات سبزاواری بھی شاہ احمد غازی کی نسل سے ہیں جن کا مزار مبارک قلعہ مانکپور میں ہے۔حضرت سید احمد غازی کی اولاد بہت ہیں۔سید شاہ احمد غازی کے بڑے بھائی سید شاہ محمد غازی کے ایک صاحبزادے سید طیب غازی ہیں جن کے ایک صاحبزادے سید طاہر غازی ہیں۔سید طاہر غازی کے ایک صاحبزادے سید عطاء اللہ غازی اور ان کے صاحبزادے سید ساہو غازی ہیں۔ سید ساہو غازی کی شادی سلطان محمود غزنوی کی ہمشیرہ کے ساتھ ہوئی۔ان سے ایک صاحبزادے سید سعید الدین سالار مسعود غازی ہیں۔ آپ سادات علوی سے ہیں۔ اکثر اشراف سادات حضرت سید سالار مسعود غازی کے ہمراہ ہندوستان تشریف لائے ہیں۔حضرت محمد حنفیہ بن علی مرتضیٰ کے بڑے صاحبزادے حضرت ابوہاشم عبداللہ ہیں جنہوں نے عباسیوں کو خلافت کی بشارت دی اور آپ نے ہی حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے وصایا شریف قلم

بندفرمائے۔آپ کی نسل شیراز میں ہے۔

قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ نے صدیوں پرانی روایات شجرہ ہائے نسب اور مرات مسعودی کی روشنی میں ہمیشہ بیان کیا کہ وہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے فرزند محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) کی اولاد سے ہیں اور محمد حنفیہؒ کی اولاد سے قطب شاہ تھے جس کی وجہ سے وہ قطب شاہی بھی کہلاتے ہیں اور سبکتگین اور سلطان محمود غزنوی کے ساتھ جہاد ہند میں حصہ لیا جس کی وجہ سے انہوں نے اعوان کا خطاب بھی دیا۔ دیگر مصنفین نے ''اعوان'' قبیلہ سے متعلق مختلف آرا قائم کیں۔قابل ذکر اعوان مصنفین ومولفین نے حسب استعداد اعوان قبیلہ کی تاریخ صدیوں پرانی روایات کے مطابق مرتب کی مولوی حیدر علی نے 72 تاریخ علوی 1896 میں اور 73 تاریخ حیدری 1909ء میں لکھی۔ملک شیر محمد اعوان نے تاریخ الاعوان 1956ء میں لکھی اور بعد میں تذکرۃ الاعوان بھی تالیف فرمائی، بابا ہاشم نے حقیقت الاعوان فی آل حبیب الرحمٰن 1390ھ میں لکھی ۔

ایم۔خواص خان گولڑہ نے تحقیق الاعوان 74 (1966ء) تالیف فرما کر یہ ثابت کیا کہ ملک بھر سے سینکڑوں نسب نامے جو اعوان قبیلہ نے انہیں ارسال کیے تھے وہ سب قطب شاہ سے ہوتے ہوئے حضرت محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے ملتے ہیں اور انہوں نے ان میں سے بطور نمونہ 35 شجرہائے نسب من وعن تحقیق الاعوان 40 میں قلمبند کیے ان میں ناموں کی ترتیب مختلف ہے لیکن ایک بات جو ان تمام نسب ناموں میں مشترک ہے وہ یہ کہ تمام نسب نامے قطب شاہ سے ہوتے ہوئے محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ تک پہنچتے ہیں۔ان مصنفین ومولفین نے قبیلہ ہذا کی تاریخ مرات مسعودی کے حوالہ سے مرتب کیں ۔مرات مسعودی میں سالار ساہو (شاہو) غازی بن عطاءاللہ غازی سے حضرت محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ تک شجرہ نسب درج ہے۔ برصغیر پاک وہند کی غالب اکثریت کے پاس جو قدیم خاندانی نسب نامے محفوظ تھے ان میں قطب شاہ بن عطاءاللہ غازی اور قطب سالار قطب حیدر بن عطاءاللہ اور قطب شاہ بن امان شاہ وقطب شاہ بن الف شاہ وغیرہ ناموں سے شجرہائے نسب حضرت محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے ملتے ہیں مرات مسعودی میں سالار شاہو بن عطاءاللہ۔سالار سیف الدین علوی چھوٹے چچا سلطان الشہداء سالار مسعود غازی درج ہے۔جیسا کہ ذکر کیا جا چکا ہے کہ قدیم شجرہائے نسب میں قطب شاہ بابا بادشاہ (سالار قطب حیدر) بن عطاءاللہ غازی تھے۔

قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کا شجرہ نسب انساب کی قدیم کتب کی روشنی میں :

منبع الانساب فارسی میں قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کا جو نسب نامہ درج ہے وہ دیگر کتب ،تذکرۃ السادات، بحرالجمان، کتاب مستطاب آئینہ الاعوان، تحقیق الاعوان اور تاریخ علوی اعوان میں سوفیصد منبع الانساب کے عین مطابق ہے جب کہ مرات مسعودی کے ساتھ معمولی سا فرق ہے یعنی مرات مسعودی اور منبع الانساب میں پشتیں برابر ہیں صرف مرات مسعودی میں محمد حنفیہؒ کے فرزند عبدالمنان درج ہیں اور منبع الانساب میں علی عبدالمناف ۔اور مرات مسعودی میں عبدالمنان کے فرزند بطل غازی درج ہیں اور منبع الانساب میں علی عبدالمناف کے فرزند عون عرف قطب شاہ غازی درج ہیں۔باقی نام ایک جیسے ہی ہیں۔جب کہ منبع الانساب، بحرالجمان، مستطاب الاعوان، تحقیق الاعوان اور تاریخ علوی میں درج نسب نامے آپس میں سوفیصد مطابقت رکھتے ہیں جو بذیل ہیں؛۔

1۔ منبع الانساب فارسی 75 کے مولف سید معین الحق جھونسوی نے 800 ہجری میں قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کا شجرہ نسب یوں دیا ''سعید الدین سالار مسعود غازی بن سالار ساہو غازی بن عطاءاللہ غازی بن طاہر غازی بن طیب غازی بن شاہ محمد غازی بن سید شاہ [علی] غازی بن [محمد] آصف غازی بن عون عرف قطب غازی بن علی عبدالمنان (عبدالمنان) بن محمد الاکبر (محمد حنفیہؒ) بن حضرت علیؑ'' (بحوالہ منبع الانساب فارسی صفحہ 4-103 ترجمہ ڈاکٹر علامہ ارشاد احمد ساحل شاہسرامی ص 64-363) نیز بحرالانساب میں شاہ غازی کا نام علی، آصف غازی کا نام محمد بن عون بن علی بر غوث بن محمد حنفیہ درج ہے۔

2۔ مرات مسعودی قدیم ماخذ اور تاریخ قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کا ایک اہم حصہ ہے اس میں قطب شاہی علوی اعوان کا شجرہ نسب یوں درج ہے'' سالار مسعود غازیؒ بن سالار ساہو غازی [برادر سالار قطب حیدر غازی] بن عطاءاللہ غازی بن طاہر غازی بن طیب غازی بن محمد غازی بن عمر [علی] غازی بن [محمد] ملک آصف غازی بن بطل غازی [عون قطب شاہ غازی جد اعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان] بن عبدالمنان [علی عبدالمنان] بن محمد حنفیہ (محمد الاکبرؒ) بن اسد اللہ الغالب علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ۔اور سالار مسعود غازیؒ کو خرقہ ارادت وخلافت اپنے باپ دادا سے پہنچا ہے۔اور سالار مسعودؒ کی ماں کا نام ستر معلیٰ تھا جو سلطان محمود بن سبکتگین کی ہمشیرہ تھیں۔

3۔ بحرالجمان 76 تالیف سیّد محبوب شاہ 1917ء نے صفحہ 135 حصہ چہارم پر ابوالقاسم محمد الاکبر معروف امام حنیف کی اولاد سے سالار مسعود غازی کا شجرہ نسب یوں تحریر فرمایا ہے'' سعید الدین سالار مسعود غازی بن سالار ساہو غازی بن عطاءاللہ غازی بن طاہر غازی بن طیب غازی بن شاہ محمد غازی بن سید شاہ [علی] غازی بن [محمد] آصف غازی بن عون عرف قطب غازی بابا بن علی بن ابوالقاسم محمد الاکبر۔

4۔ کتاب مستطاب آئینہ الاعوان 77 تالیف سیّد محمد شاہ گوڑی سیّداں کشمیر میں قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کا شجرہ نسب یوں درج ہے'' باباعون قطب شاہ بادشاہ وشاہو غازی پسران عطاءاللہ غازی بن طاہر غازی بن طیب غازی بن شاہ محمد غازی بن سید [علی] شاہ غازی بن [محمد] آصف غازی بن عون عرف قطب غازی بابا بن علیؑ امام محمد حنیف۔

5۔ تحقیق الاعوان 78 تالیف ایم خواص خان گولڑہ (1966ء) نے صفحہ 156 پر قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کا نسب نامہ یوں درج کیا ہے''سعید الدین سالار مسعود غازی بن سالار ساہو غازی بن عطاءاللہ غازی بن طاہر غازی بن طیب غازی بن شاہ محمد غازی بن سید شاہ [علی] غازی بن [محمد] آصف غازی بن عون عرف قطب غازی بابا بن علی بن محمد الاکبر بن حضرت علی بنو علویہ (از کتاب محبوب شاہ دانتہ والا مرسلہ عبدالقادر ترنہ پت سیری، تحصیل مانسہرہ بالاکوٹ ہزارہ)۔

6۔ تاریخ علوی اعوان 79 تالیف محبت حسین اعوان ایڈیشن 1999ء کے ص 347 وتاریخ علوی اعوان ایڈیشن 2009ء ص 360 پر یوں درج کیا ہے''سعید الدین سالار مسعود غازی بن سالار ساہو غازی بن عطاءاللہ غازی بن طاہر غازی بن طیب غازی بن شاہ محمد غازی بن سید شاہ [علی] غازی بن [محمد] آصف غازی بن عون عرف قطب غازی بابا [جد اعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان] بن علی بن محمد الاکبر بن حضرت علی بنو علویہ۔

شجرہ نسب قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ: تقابلی جائزہ

مرات مسعودی (فارسی) تالیف عبدالرحمٰن چشتی علویؒ 1074ھ	منبع الانساب (فارسی) تالیف سیّد معین الحق جھونسوی 830ہجری	تصدیق شدہ مستند شجرہ نسب قطب شاہی علوی اعوان
اسداللہ الغالب علی ابن ابی طالبؓ	علی بن ابی طالب علیہ السلام	حضرت علی کرم اللہ وجہہ
محمد حنفیہؒ (محمد الاکبر)	ابوالقاسم محمد حنیفؒ (محمد الاکبر)	محمد الاکبرؒ (محمد حنفیہؒ)
عبدالمنان غازی	علی عبدالمنان	علی عبدالمنان (عبدالمناف)
بطل غازی (عون قطب شاہ غازی)	عون عرف قطب غازی	عون قطب شاہ غازی
ملک آصف غازی	آصف غازی	محمد آصف غازی
شاہ عمر غازی	شاہ غازی	شاہ علی غازی
شاہ محمد غازی	شاہ محمد غازی	شاہ محمد غازی
طیب غازی	طیب غازی	طیب غازی
طاہر غازی	طاہر غازی	طاہر غازی
عطاءاللہ غازی	عطاءاللہ غازی	عطاءاللہ غازی
سالار ساہو غازی (شاہو غازی)	سالار شاہو غازی	سالار قطب حیدر غازی
سالار مسعود غازی شہیدؒ (قطب شاہی علوی اعوان) کا مزار مبارک بہڑائچ ہندوستان میں مرجع خلائق عام ہے	سعیدالدین سالار مسعود غازیؒ (قطب شاہی علوی اعوان) کا مزار مبارک بہڑائچ ہندوستان میں مرجع خلائق عام ہے	عبداللہ گولڑہ، محمد کندلان، مزمل علی کلگان، زمان علی کھوکھر، دریتیم جہاں شاہ، محمد علی، نادر علی، بہادر علی، کرم علی، نجف علی و فتح علی
وضاحت: عطاءاللہ غازی کے تین فرزند سالار ساہو غازی، سالار قطب حیدر غازی و سالار سیف الدین غازی تھے		

مندرجہ بالا جدول کے تقابلی جائیزہ کے بعد منبع الانساب میں درج شجرہ نسب ہی درست و مستند ہے تاریخ علوی وغیرہ میں اس حد تک ترمیم کی جانا مناسب ہوگی کہ عون عرف قطب شاہ غازی (جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان)

کا لقب بطل غازی ہے۔لہٰذا تحقیق الانساب جلد اوّل 84ؓ ص 70 وغیرہ پر اور تحقیق الانساب 85ؓ جلد دوم ص575 وغیرہ پر مطابقاً ترمیم کی جاتی ہے اور اب ''عون عرف سکندر'' کے بجائے ''عون عرف قطب شاہ غازی ''(جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان) بن علی عبدالمنان/عبدالمناف بن حضرت محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ لکھا اور پڑھا جائے۔

انساب کی قدیم و مستند کتب نسب قریش اور منبع الانساب اور حقیقت حال:

انساب کی سب سے قدیم کتاب نسب قریش83ؓ(156-236ھ) اور منبع الانساب (فارسی 830ہجری) قدیم و مستند تاریخوں کے منظر عام پر آنے سے قبل تقریباً سب ہی کا خیال تھا کہ حضرت محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد سے عطاءاللہ غازی تھے اور ان کے تین فرزند46ؓ سالار ساہو (شاہو) غازی، سالار قطب حیدر غازی و سالار سیف الدین غازیؒ تھے اور سالار قطب حیدر غازی، قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے جداعلیٰ ہیں۔اور قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کا اطلاق سالار ساہو غازی، سالار سیف الدین غازی (لاولد) پر نہیں ہوتا کیونکہ وہ قطب شاہی علوی اعوانوں کے جداعلیٰ کے بھائی اور ان کی اولاد ہیں۔لیکن منبع الانساب کے منظر عام پر آنے کے بعد صورت حال یکسر تبدیل ہوگئی جس کا ذکر قبل ازیں کیا جا چکا ہے۔نسب قریش میں عون بن علی بن محمد الاکبر کی اولاد بنی عون درج ہے۔اور منبع الانساب کے مطابق حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی تیسری پشت میں عون عرف قطب غازی (جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان) بن علی عبدالمناف بن حضرت محمد حنفیہؒ درج ہیں اور عون عرف قطب غازی کی آٹھویں پشت میں سعیدالدین سالار مسعود غازیؒ بن شاہو غازیؒ (برادر سالار قطب حیدر غازی) بن عطاءاللہ غازیؒ بن طاہر غازیؒ بن طیب غازیؒ بن شاہ محمد غازیؒ بن سید شاہ علی غازی بن محمد آصف غازی بن عون عرف قطب غازی درج ہیں۔جس سے ثابت ہوا کہ عون عرف قطب شاہ غازی ہی برصغیر پاک و ہند و دیگر ممالک میں آباد تمام قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے جداعلیٰ ہیں اور انہی کے نام کی نسبت سے ''قطب شاہی اعوان'' اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد ہونے اور ان کے نام ''علی'' کی نسبت سے ''علوی'' کہلاتے ہیں۔عطاءاللہ غازی اور ان کے تینوں فرزند سالار غازیؒ، سالار قطب حیدر غازی، سالار سیف الدین غازی قطب شاہی علوی اعوان ہیں۔جب یہ ثابت ہو چکا کہ عون قطب غازی بن علی عبدالمناف بن محمد الاکبر مشہور بہ محمد حنفیہؒ کی جملہ اولاد سب ہی قطب شاہی علوی اعوان ہے اور عطاءاللہ غازی کی شاخ کا بالا شجرہ نسب منبع الانساب اور مرات مسعودی کی روشنی میں مستند اور درست ہے۔عطاءاللہ غازی کی اولاد کے علاوہ دیگر قطب شاہی علوی اعوان بھی ہیں اور ان کے شجرہ ہائے نسب کی تلاش اور اور ان کی اولاد کی تحقیق منبع الانساب کے تناظر میں نہایت ضروری ہے مولف کا خیال ہے کہ ''تاریخ قطب شاہی علوی اعوان'' کی اشاعت کے بعد بہت سے قطب شاہی علوی اعوان اس طرف متوجہ ہوں گے۔

سالار ساہو غازی (قطب شاہی علوی اعوان) منتظم غزنوی فوج:

جیسا کہ ذکر کیا جا چکا ہے کہ قدیم اور مستند کتاب منبع الانساب کے مطابق سالار ساہو غازی و سالار مسعود غازی شہید کا شجرہ نسب عون قطب شاہ غازی (جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان) بن علی عبدالمناف بن محمد حنفیہؒ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے ملتا ہے۔عون قطب شاہ غازی کی اولاد ان کے نام کی شہرت کی وجہ سے قطب

شاہی علوی اعوان کہلاتی ہے لہذا سالار ساہو غازی ،سالار قطب حیدر غازی وسالار سیف الدین غازی اور سلطان الشہد اءسالار مسعود غازی بھی قطب شاہی علوی اعوان ہیں۔

سالار ساہو غازی (قطب شاہی علوی اعوان) کی شادی سلطان محمود غزنوی کی ہمشیرہ ستر معلیٰ سے ہوئی تھی۔سالار ساہوؒ افواج کے سپہ سالار بھی تھے سلطان محمود غزنوی نے اجمیر کی ریاست آپ کے حوالے کی تھی جس کا ذکر مرات مسعودی کی داستان اوّل میں موجود ہے۔قنوج کے والی جے پال کے ساتھ جنگ میں سالار ساہوؒ نے بطور معظم سپاہ کی حیثیت سے فرائض سرانجام دیے۔مخزن افغانی کا ترجمہ مسٹر ڈورن نے کیا ہے اس میں درج ہے کہ سالار شاہو افغان سردار تھے 1000 سواروں کے ہمراہ سومنات کے حملہ میں شرکت کی۔پشتو ڈکشنری ریاض المحبت تالیف محبت خان (1805ء) میں بھی سالار ساہو کو زابل کا سردار لکھا گیا ہے اور ان کا ایک ہی لڑکا (سالار مسعود غازی) پیدا ہوا جس کی قبر بہڑائچ میں ہے۔

سالار ساہو غازی کے ہاتھوں فتح ہندوستان اور بت سومنات:

مرات مسعودی فارسی 86 کے ص 72و73 پر درج ہے ”چنانچہ در تواریخ فیروز شاہی کلان دو تر دد سلطان محمود رامقدم داشتہ است یکی انکہ متمردان راہند مقہور گردایندہ وقلعہای رای جیپال رامعہ بتخانہا تاراج ساخت و ملک ہندرادرضبط اوردوم انکہ سلطان لشکر بطر نہر والہ و گجرات بردسومنات راآوردہ چارقسم کرد یک قسم بردر مسجد جامع غزنی نہاد و یک قسم درکوشک سلطنت و یک قسم بمکہ و یک قسم بمدینہ فرستاد واین ہر دو کار از تلاش وصلاح پہلوان لشکر وسلطان الشہد امیسر شد فتح ہند از تر دد سالا ساہو و پرچہ پرچہ کردن بت سومنات محض از مصلحت سالار مسعود بود چنانکہ ذکر افتادہ است و در امیران سلطان سپہ سالار لشکر سالار ساہو پہلوان لشکر بود اکثر امیران کلان کلان و ترکان بہادر از اقرباء پہلوان لشکر بودند ہر طرف کہ سلطان لشکر کشیدہ وملک گیری کردہ فتح از تر دد وجان سپاری پہلوان لشکر و اقرباء اومیشد۔

ترجمہ:”جیسا کہ تاریخ فیروز شاہی کلاں میں سلطان محمود دو تر دد مقدم رکھتا ہے ایک یہ کہ باغیوں کو زیر کیا رائے جے پال کو معہ قلعہ و بت خانوں کے تباہ و برباد کیا اور ملک ہندوستان کو تسخیر کیا۔دوسرا یہ کہ سلطان لشکر بطرف نہر والہ اور گجرات لے گیا سومنات کے بت کے چار ٹکڑے کرتے ہوئے ایک ٹکڑا جامع مسجد غزنی کی سیڑھیوں پر ڈالا ایک ٹکڑا اپنے محل کے سامنے ایک ٹکڑا مکہ اور ایک ٹکڑا مدینہ بھیج دیا یہ دونوں کام پہلوان لشکر اور سلطان الشہد اء کی کوششوں اور مشوروں سے ممکن ہوئے۔تسخیر ہندوستان پہلوان لشکر (قطب شاہی اعوان) اور سومنات کے بت کے ٹکڑے ٹکرے کرنا سالار مسعودؒ (قطب شاہی اعوان) کی محض مصلحت سے ہی ہوا جیسا کہ ذکر کیا جاچکا ہے کہ امراء سلطان کے لشکر کے کمانڈر انچیف سالار ساہوؒ پہلوان لشکر (قطب شاہی علوی اعوان) تھے اور بہت سے بڑے بڑے امیران وترکان بہادر پہلوان لشکر کے قریبی رشتہ داروں میں سے تھے جس جانب بھی سلطان کا لشکر جات ملک گیر فتح حاصل ہوتی فتح تر دد اور جانبازی پہلوان لشکر کے قریبی رشتہ داروں یعنی قطب شاہی علوی اعوانوں کی وجہ سے ممکن ہوتی۔“

مرات مسعودی فارسی 87 ص 43،مرات الاسرار فارسی 88 ص 144،سلطان الشہد اءؒ ص 200 و دیگر کتب میں ”کاہیلر دامن کوہ کشمیر“ کا ذکر ملتا ہے اس وقت آزاد کشمیر کے ضلع حویلی میں تحصیل خورشید آباد جس کا پرانا نام

کاہیلر تھا اور قریب ہی مقبوضہ کشمیر میں قلعہ لوہر کوٹ اور کاہیلر سیکٹر بھی ہے اور بڑے پہاڑ پر پولیس چوکی بھی ہے اور دریا بھی گذرتا ہے۔تاریخ فرشتہ جلد اوّل 89 ص 127 میں درج ہے کہ 412ھ میں سلطان محمود نے اپنی عنان فتح کو کشمیر کی طرف موڑا اور نواح کشمیر میں پہنچ کر ”لوہ کوٹ“ کے قلعے کا محاصرہ کرلیا یہ محاصرہ ایک مہینے تک رہا یہ قلعہ بہت مضبوط تھا اس لئے محمود اپنی تمام کوششوں کے باوجود فتح نہ کرسکا یہ عالم دیکھ کر اس نے لوہ کوٹ کی تسخیر کا خیال ترک کیا اور لاہور کی طرف چل پڑا۔انجینئر سمیع الدین سوانح حیات سالار مسعود غازی کے حوالہ سے سلطان الشہد اء 90 کے ص 200 پر رقمطراز ہیں ”یہ مقام کوٹ کائی ہے دریائے سوات اور دریائے سندھ کے درمیان بلند پہاڑیوں مین واقع ہے اور یہ اس دور میں کشمیر کے دامن کوہ میں واقع تھا۔ایم خواص خان نے تحقیق الاعوان کے ص 195 پر کاہلر سے مراد کلر کہار لیا ہے جو سابقہ کشمیر کا حصہ تھا ۔بہر کیف کاہیلر کشمیر میں ہو یا سوات یا کلر کہار ہو، سلطان محمود غزنوی نے سالار ساہو (قطب شاہی علوی اعوان) کو یہاں بھیجا اور انہوں نے کاہیلر کو فتح کیا۔ راج ترنگنی 91 اردو ترجمہ کے ص 416 پر پنڈت کلہن لکھتے ہیں ”ہمیر (محمود) کا مقابلہ:وہ تھوڑی سی فوج لے کر توشی (دریا توی) کے دوسرے کنارے چلا گیا اور وہاں پر اس دستے کو مغلوب کیا جو ہمیر (سلطان محمود غزنوی) نے بھیجا یعنی سالار ساہو کی قیادت میں۔جب ترلوچن پال پیچھے ہٹ گیا تو سارے ملک پر خونخوار چنڈالوں کے گروہ ٹڈی دل کی طرح چھا گئے۔فتح حاصل کرنے کے بعد بھی ہمیر (سلطان محمود غزنوی) نے آزادی کے ساتھ سانس نہیں لیا۔مترجم راج ترنگنی 92 نے حواشی نمبر 7 ص 502 پر لکھا ہے ”محمود نے 1013ء میں حملہ کیا۔۔معلوم ہوتا ہے کہ محمود نے یہ فتح ان وادیوں میں سے ایک میں حاصل کی تھی جو علاقہ جہلم کی طرف سے کشمیر کو جاتی ہیں اور اس کے بعد ترلوچن پال کا اسی سمت میں تعاقب کرتا چلا گیا تھا۔یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ سلطان کی اس فتح کی وجہ سے علاقہ کشمیر کے بعض والیان ریاست محمود کے مطیع ہو گئے تھے“

ملک قطب حیدر کو مانک پور اور عبداللہ کو کڑہ کا حاکم مقرر کرنا:

سالار ساہوؒ نے اپنے بھائی ملک قطب حیدر (قطب شاہی علوی اعوان) کو مانک پور کا حاکم مقرر فرمایا اور ان کے بیٹے عبداللہ کو کڑہ کا حاکم تعینات کیا۔مرات مسعودی 93 کی داستان چہارم میں حضرت عبدالرحمٰن چشتی علوی رقمطراز ہیں ”پہلوان لشکر (سالار ساہو) در ساعت نقارہ فرمود سوار شد سلطان الشہد ارادر ستر کھ کذاشتہ خود بدولت واقبال شب درمیان برسر کفار نکونسار رسید واز انجاد وفوج کردیکفوج بجانب کرہ و یک بطرف مانکپور ترکان بہادر بسرعت تمام ہر دو مقام ہارا کرد کردند کافران بجنک درآمدند فامالشکر اسلام قوی آمد ہزاران کفار رادر تہ تیغ آوردہ ہر دو رایان راز ندہ کرفتہ بخدمت پہلوان لشکر آوردند ہمان وقت طوق درگلوی انہا انداختہ روانہ بجانب ستر کھ کرد سالار مسعود رانوشت کہ حرامخوار نراخوب بطریق نکاہدارید۔سالار مسعود انہار ادر بہرائچ پیش سالار سیف الدین فرستاد۔القصہ پہلوان لشکر کرہ و مانکپور را بخاک برابر ساخت واموال واسباب وبندی بیشمار بدست لشکریان افتاد۔بعدازان ملک عبداللہ راجو رادر کرہ گذاشت وملک قطب حیدر رادر مانکپور گذاشتہ خود باشوکت وحشمت درستر کھ آمد۔“

مرات الاسرار فارسی 94 کے مصنف حضرت عبدالرحمٰن چشتی علوی (1045ھ۔ 1065ھ) کے صفحہ 152 پر نقل کرتے ہیں ”روز دیگر میر ساہو بالشکر اراستہ برسر زمینداران کرہ مانکپور سواری کرد بعد از جنگ بسیار ہر دو زمینداران قید آمدند پس عبداللہ راجو را کرہ وملک قطب حیدر رادر قصبہ مانکپور نصب نمودہ خود بافتح و فیروزی برگشت

بستر کھ آمد"۔ ترجمہ اردو: دوسرے دن میر ساہوؒ نے لشکر آراستہ کیا اور مانکپور کے زمینداران پر حملہ آور ہوئے طویل جنگ کے بعد دونوں زمینداران قید ہوئے۔ عبداللہ راجو کو کڑہ اور ملک قطب حیدر کو قصبہ مانک پور تعینات کرتے ہوئے فتح ونصرت کے ساتھ ستر کھ آئے۔

سلطان الشہدا ءؒ 95 کے مولف انجینئر محمد سمیع الدین (علیگ) ص 164 پر ڈسٹرکٹ گزیٹیر پرتاپ گڈھ ص 193 تا 196 وص 145 تا 146 کے حوالہ سے نقل کرتے ہیں" دریائے گنگا کے کنارے، الہ آباد، رائے بریلی اور پرتاب گڈھ سے تقریباً 58 کلومیٹر فاصلے پر واقع ایک پرانا قصبہ ہے۔۔ کہتے ہیں کہ اس کو قنوج کے راجہ بالہ دیو کے سب سے چھوٹے لڑکے مانادیو نے آباد کیا تھا اور اس کا نام مانپور رکھا تھا۔ بعد میں راٹھور خاندان نے قنوج ہی کے راجہ رائے جے چند کے سوتیلے لڑکے مانک چند اس کا نام تبدیل کر کے مانک پور کر دیا تھا۔ قصبے کے شمال میں شہنشاہ شاہجہاں کی تعمیر کرائی ہوئی ایک چھوٹی سی مسجد واقع ہے۔ گیارہویں صدی عیسوی میں سالار ساہوؒ نے رایان کڑا اور مانک پور کی ریشہ دوانیوں کا قلع قمع کرنے کی غرض سے دونوں علاقوں کا محاصرہ کر کے ان کو فتح کر لیا اور دونوں رایان کو ہتھکڑیاں لگا کر ستر کھ روانہ کر دیا۔ بعد میں قطب حیدرؒ کو مانک پور کا حاکم مقرر کرتے ہوئے سالار ساہوؒ واپس ستر کھ تشریف لے گئے۔ بعد میں قطب حیدرؒ کو شہید کر دیا گیا۔ ان کا مزار شریف چوکا پار پور جو مانک پور کا ہی ایک حصہ ہے میں مرجع خلائق ہے"۔ ملک عبداللہ کڑا کے پہلے مسلمان حاکم (راجہ) تھے اس لئے انہیں راجو بھی کہا جاتا ہے۔ سلطان الشہدا ء 96 کے ص 165 کے مطابق سالار ساہوؒ نے قصبہ کڑا کا محاصرہ کر کے اور یہاں کے راجہ کو شکست دے کر ملک عبداللہ کو یہاں کا حاکم مقرر کر دیا تھا۔ بستی میں حاجی جمال شہیدؒ اور دیگر متعدد شہداء کے مزارات واقع ہیں۔

سلطان الشہدا ءؒ سعید الدین سالار مسعود غازی (قطب شاہی علوی اعوان):

آپؒ کا اصل نام سعید الدین سالار مسعود غازیؒ 97 تھا آپؒ کو دہلی اور اس کے نواحی علاقے میں پیر سلیم کہتے ہیں خراسان میں رجب سالار اور بعض مقامات پر آپؒ کو غازی میاں، بالی میاں، بالا پیر کہتے ہیں آپؒ کے والد ماجد کا نام سید سالار ساہوؒ ہے۔ آپؒ کی والدہ ماجدہ بی بی ستر معلیٰ سلطان سبکتگین کی صاحبزادی اور سلطان محمود غزنوی کی حقیقی بہن تھیں جو پارسائے وقت اور عرفان شریعت میں یکتائے روزگار تھیں۔ سالار مسعود غازیؒ کی ولادت اتوار کے دن صبح صادق کے وقت یکم شعبان 405ھ میں شہر متبرک دارالسلام اجمیر شریف میں ہوئی۔ ہندوستان جیسے کفر والحاد کی خاردار جھاڑیوں میں زندگی کا راستہ ہموار کرنے کے لئے جن سورماؤں کے قدم پہنچے ان میں سالار مسعود غازی کا نام ہنوز روشن وتابندہ ہے۔ آپؒ کی پیدائش سے قبل ہی مقدس ارواح ورجال الغیب نے نشاندہی کر دی تھی آپؒ کی شکل و شباہت سے عکس جمال مصطفوی ﷺ اور مرتضوی جاہ وجلال عیاں تھا۔ جس خانوادے کا خمیر عشق ومستی کے جذبہ سے لبریز ہو اس کے چشم وچراغ کا کیا کہنا۔ کہتے ہیں کہ جب آپ چار سال چار ماہ چار دن کے ہوئے تو رسم بسم اللہ خوانی کا شاندار اہتمام کیا گیا۔ دوراندیش اور مستقبل شناس باپ نے سیّد ابراہیمؒ بارہ ہزاری کو آپ کی تعلیم وتربیت کے لئے مقرر کیا بیش قیمت زروجواہر کا شاندار نذرانہ استاد محترم کو پیش کیا گیا۔ سالار مسعود غازیؒ نے صرف نو سال کی عمر شریف میں تمام علوم باطنی وظاہری میں کمال حاصل کیا۔ جوان ہوتے ہی راجگان ہند کے خلاف جہاد میں کود پڑے بے شمار معرکوں میں فتوحات حاصل کیں۔ علاوہ ازیں راجگان میں رائے رائب، رائے سائب، رائے ارجن، رائے بھیکن، رائے

کنک، رائے کلیان، رائے سکرد، کرن، بیربل، سری پال، ہرپال، رائے نرکھو، جودھاری وغیرہ سے زبردست معرکہ ہوا سلطان الشہدا ء کا لشکر تعداد میں بہت کم تھا لیکن آپؒ کے لشکر اور آپؒ نے بڑی جوانمردی و بہادری سے دشمن کا مقابلہ کیا اور انہیں بھاری نقصان پہنچایا آخری معرکہ کے دوران ایک تیر آپؒ کے گلے مبارک میں آ لگا جس کی وجہ سے آپؒ نے اوّل وقت عصر روز یکشنبہ (اتوار) بتاریخ 14 رجب المرجب 424ھ کو جام شہادت نوش فرمایا۔ آپؒ کا مزار مبارک بہرائچ شریف ہندوستان میں مرجع خلائق عام ہے۔

سلطان الشہدا ء سالار مسعود غازی (قطب شاہی علوی اعوان) کی پیدائش جہاد ہند میں شرکت اور شہادت کی مکمل تفصیل مرات مسعودی میں درج ہے یہاں مختصراً ذکر کیا جاتا ہے:۔

1۔ آپؒ 21 شعبان 405ھ (بمطابق 1013ء) بروز اتوار پیدا ہوئے۔
2۔ کاہیلر سے راول (راولپنڈی)، ملتان، اجودھن (پاک پتن) آمد 417ھ (1026ء)
3۔ آمد دھلی، میرٹھ، بدایوں 19-418ھ (28-1027ء)
4۔ آمد قنوج، ستر کھ و بہرائچ 23-421ھ (31-1029ء)
5۔ سورج کنڈ بہرائچ 14 رجب المرجب 424ھ (1032ء) عمر مبارک 19 سال تقریباً

سلطان الشہدا ء سعید الدین سالار مسعود غازیؒ کا ذکر مستند تاریخی کتب میں درج ہے گزشتہ صفحات پر مختصراً اقتباسات درج کیے جا چکے ہیں۔

سلطان الشہدا ء سالار مسعود غازیؒ (قطب شاہی علوی اعوان) کی شہادت:

سلطان الشہدا ء سالار مسعود غازی جو قبیلہ قطب شاہی علوی اعوان کے چشم وچراغ تھے سالار ساہو غازیؒ کے فرزند ارجمند، ملک قطب حیدر غازی و سالار سیف الدین غازی علوی کے بھتیجے اور سلطان محمود غزنوی کے بھانجے تھے۔ تحقیق الاعوان کے ص 359 کے مطابق مسعود غازی کی شہادت کے بعد ہندوؤں نے انہیں رحمت کا فرشتہ سمجھا ان کی شہادت کی تاریخ پر ہر سال میلہ لگتا ہے۔۔ ہر سال تقریباً ایک لاکھ کا اجتماع ہوتا ہے جس میں پچھتر ہزار کے قریب ہندو ہوتے ہیں" کہا جاتا ہے کہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری کے عرس سے بھی زیادہ تعداد میں لوگ برائے حصول فیوض و برکات حاضری دیتے ہیں۔ آپ کے حسن اخلاق اور تبلیغی کوششوں سے بے شمار کفار حلقہ بگوش اسلام ہوئے جس کی تفصیل کتاب سلطان الشہدا ءؒ میں درج ہے۔"میو" قبیلہ خود بیانی ہے کہ وہ سالار مسعود غازیؒ سے متاثر ہو کر اسلام میں داخل ہوئے۔ جیسا کہ مرات مسعودی میں نقل ہے کہ سالار مسعود غازی کا طرز حکمرانی ہمدردانہ اور انصاف پسندانہ تھا جسے ہندو بھی پسند کرتے تھے یہی وجہ ہے کہ سالار مسعود غازیؒ اور ان کے ہزاروں شہداء کی قبریں آج بھی صحیح سلامت ہیں اگر ان کا طرز عمل غیر مسلموں سے اچھا نہ ہوتا تو وہ ان کی قبروں کو بھی مسمار کر دیتے۔ آپؒ کا مزار مبارک بہرائچ میں مرجع خلائق عام ہے سلطان فیروز شاہ تغلق نے آپ کا مزار مبارک تعمیر کروایا۔

سلطان الشہدا ء سالار مسعودی غازی کی شہادت کے بعد قطب شاہی علوی اعوان:

جیسا کہ قبل ازیں بیان کیا جا چکا ہے کہ سلطان الشہدا ء کی شہادت کے وقت قطب شاہی علوی اعوانوں کی تعداد 5000 سے کم نہ تھی سالار مسعود غازی کی شہادت کی خبر پا کر دیگر قطب شاہی علوی اعوان سیّد ابراہیم کی قیادت

میں ایک لشکر لے کر آئے اور انہوں نے سب سے پہلے سالار مسعود غازیؒ اور ان کے ساتھی شہداء کو سورج کنڈ میں سپرد خاک کیا اور ان کی قبروں پر کتبے نسب کیے اور کفار سے مقابلہ کیا اور انہوں نے بھی جام شہادت نوش فرمایا۔ان کی شہادت کے بھی باقی زندہ رہنے والے قطب شاہی علوی اعوانوں نے ان کی قبروں کی حفاظت کی یہی وجہ ہے کہ ہزار سال گزر جانے کے بعد بھی ان کے مزارات محفوظ ہیں جس جس علاقے میں قطب شاہی علوی اعوان شہید ہوئے ان کی قبروں کی نشاندہی کی گئی جن کا ذکر انجینئر سمیع الدین نے کتاب سلطان الشہداء کیا ہے۔نیز 1059ء میں لکھی گئی تاریخ بیہقی میں بھی سالار علویان اور نقیب علویان اور سالار غازیان کا ذکر موجود ہے سلطان مسعود کی فوج میں بھی غازیان علویان، سالار علویاں ونقیب علویان اور سالار غازیان کی فوج موجود تھی سلطان مسعود نے ہانسی کا قلعہ خود فتح کرنے کا ارادہ ظاہر کیا تو اس کے مشیروں نے مشورہ دیا کہ ہانسی کا قلعہ لاہور میں موجود سالار غازیان بھی فتح کر سکتے ہیں جس سے معلوم ہوا کہ سلطان الشہداء سالار مسعود غازی کی شہادت کے بعد بھی قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے سالار غازیان یا سالار علویان موجود تھے جو سلطان مسعود بن سلطان محمود غزنوی کی فوج میں خدمات سرانجام دے رہے تھے۔ لباب الانساب والالقاب والاعقاب تالیف ابی الحسن بن ابی القاسم بن زید البیہقی المتوفی 565 ھجری کے ص 727 پر غزنی ونواح کے حوالہ سے درج ہے ''اولاد محمد بن الحنفیہ :علی بن الحسین، وابناء الحسین بن علی، والقاسم بن علی، ومنصور بن علی وحمزہ بن علی وعبدالملک بن علی وسکینہ بنت علی ورسیۃ بنت علیؑ۔

سلطان فیروز شاہ تغلق کی ابن بطوطہ کے ہمراہ سالار مسعود غازی شہیدؒ کے مزار پر:

سلطان فیروز شاہ تغلق بادشاہ دہلی مشہور ومعروف سیاح ابن بطوطہ کے ہمراہ سلطان الشہداء سالار مسعود غازیؒ (قطب شاہی علوی اعوان) کے مزار مبارک پر حاضری دینے کے لئے حاضر ہوا جس کا ذکر ابن بطوطہ نے اپنے سفر نامہ میں تفصیل سے کیا۔ابن بطوطہ 102 نے ہند کا سفر 734ھ تا 743ھ تک کیا۔سفر نامہ ابن بطوطہ کا اردو ترجمہ خان بہادر مولوی محمد حسین ایم اے ریٹائرڈ سیشن جج نے کیا ہے اس سے اقتباس صفحہ 206 سے پیش کیا جاتا ہے ''پھر بادشاہ (فیروز شاہ تغلق) نے بہرائچ کی طرف جانے کا ارادہ کیا۔ یہ ایک خوبصورت شہر دریائے سرجو (دریا نیپال کے پہاڑ سے نکلتا ہے) کے کنارے واقع ہے سرجو ایک بڑا دریا ہے جو اکثر اپنے کنارے گراتا رہتا ہے بادشاہ شیخ سالار مسعودؒ کی قبر کی زیارت کے لیے دریا پار گیا شیخ سالار مسعود غازی نے اس نواح کے اکثر ملک فتح کیے ہیں۔۔شیخ سالار مسعود غازی کی قبر کی زیارت کی ان کا مزار ایک برج میں ہے لیکن میں اژدھام کے سبب سے اس کے اندر داخل نہ ہو سکا''۔

تاریخ فیروز شاہی فارسی تصانیف ضیاء الدین برنی مترجم ڈاکٹر معین الحق اردو سائنس بورڈ لاہور ایڈیشن جولائی 1983ء کے ص 99-698 پر لکھتے ہیں''سالار مسعود غازی کے مزار کی زیارت: عین الملک کی بغاوت فرو کرنے کے بعد سلطان محمد بانگر مئو سے ہندوستان کی طرف واپس آیا وہ بہرائچ پہنچا جہاں اس نے سالار مسعود شہید (کے مزار) کی زیارت کی جو سلطان محمود ابن سبکتگین کے ساتھیوں عزیزوں اور غازیوں میں سے تھے زیارت کی اور روضے کے مجاوروں کو بہت سے صدقات دیئے''۔

سلطان فیروز شاہ تغلق حضرت میر سیّد ماہؒ کے ہمراہ سالار مسعود غازی کے مزار پر:

مرات مسعودی میں درج ہے کہ ''سلطان فیروزؒ پہلے حضرت میرؒ مذکور کی خدمت میں پہنچے۔بعد ملاقات اس نے کہا میں سلطان الشہداءؒ کی زیارت کے لئے اس جگہ آیا ہوں۔لیکن لوگ اور طرح کی باتیں کرتے ہیں۔میں چاہتا ہوں کہ حضرت کے ہمراہ زیارت سے مستفید ہوں کیوں کہ آپ سے اہل قبور کے حالات پوشیدہ نہیں ہوں گے۔حضرت میر سیّد ماہؒ قدس سرہ نے فرمایا کہ فلاں دن فلاں تاریخ اسی قبر اور روضہ سے حضرت سلطان الشہداءؒ نکل کر تمہاری امداد کے لئے ٹھٹھہ کی جانب گئے تھے۔جب تم اس جگہ فتح یاب ہو گئے تو میں نے دیکھا کہ وہ اس مقبرہ میں آئے۔واقعہ نویس طلب کیا گیا۔کاغذ واقعہ کا مطالعہ کیا گیا وہی روز وہی تاریخ کہ جو حضرت میرؒ قدس سرہ نے فرمایا کاغذ واقعہ کے مطابق نکلا۔سلطان فیروزؒ کو ان دو بزرگوں کی ولایت وکرامات پر یقین پختہ ہوا۔ہمراہ حضرت میرؒ قدس سرہ آستانہ عالیہ سلطان الشہداءؒ پہنچے۔لشکر کے سب آدمی زیارت کے لئے گئے تھے۔آدمی بہت زیادہ تھے۔ حضرت میر سیّد ماہؒ قدس سرہ اور سلطان فیروزؒ روضہ متبرکہ کے دروازے پر کھڑے رہے۔جب لشکر کے سب لوگ زیارت سے فارغ ہوں اس وقت میں شرف زیارت کروں گا۔پس سلطان نے رخ حضرت میر قدس سرہ کی جانب کرتے ہوئے اور عرض کی کہ سلطان الشہداءؒ کی کچھ کرامات بیان کیجئے چونکہ اللہ تعالیٰ نے آپؒ کو دو جہاں کی کامل پہچان دی تھی اسی وقت جواب دیا کہ اس سے زیادہ کون سی کرامات سلطان الشہداء کی چاہتے ہیں کہ آپ جیسا بادشاہ اور مجھ جیسا فقیر دونوں دربانی کر رہے ہیں۔سلطان بھی اسی بات کی خواہش رکھتا تھا محظوظ ہوا۔اور شمس السراج واقعہ نویس سلطان فیروز قسم پنجم مقدمہ اوّل بیان مخلوق فیروز شاہ اس طرح نقل کرتے ہیں کہ فیروز شاہ اللہ کی مہربانی سے حضرت شیخ علاؤالدین نواسہ شیخ الاسلام شیخ فریدالدین مسعودؒ اجودہی قدس سرہ العزیز سے عقیدت رکھتا تھا شیخ علاؤالدینؒ نے لکھا جس قدر لوگ مملکت میں شہنشاہ عظام کے تھے ان سب نے اولیاء کرام اطاعت قبول کی۔اس طرح 774 ھجری میں وہ بغرض مریدی وبندگی سپہ سالار مسعود غازیؒ کے ہاں گیا تھوڑا عرصہ اس جگہ قیام کیا۔اچانک ایک شب سپہ سالار مسعود غازیؒ نے خود سلطان فیروز کو خواب میں دیدار کروایا اور سلطان کے دیکھنے پر ان کے رخ انور مبارک کی جانب اشارہ فرمایا کہ ایام پیری (بڑھاپے کے دن) غالب آگئے ہیں اور استعداد آخرت پیدا کرو (آخرت کی تیاری کریں)اور اس کو یاد میں لاؤ۔چونکہ وہ ایک شہسوار تھے۔دست ہدایت ان کے سر پر پھیرا۔آخر کار سلطان مخلوقؒ کے ساتھ سالار مسعود غازی کے مزار پر صوفیوں کے گروہ میں شامل ہوئے اس دن فیروز شاہ کی محبت میں اس کے گھر والے شہزادے اور امرائے مملکت بھی شامل ہوئے''۔

حضرت سلطان الشہداء سالار مسعود غازی کے ساتھی شہداءؒ کا مختصر تذکرہ:

کتاب سلطان الشہداء 103 (سیّد سالار مسعود غازی) کے مصنف انجینئر محمد سمیع الدین علیگ باب پنجم ص 71 تا 190 میں شہید رفقائے کار کے عنوان سے تفصیل کے ساتھ لکھا ہے یہاں مختصراً درج کیا جاتا ہے:۔سلطان الشہداء سر سے کفنی باندھ کر، جذبہ شہادت سے سرشار، اسلام کا پرچم لہراتے اپنے مٹھی بھر رفقائے کار کے ہمراہ غزنی سے چلے۔ان کو اور ان کے جاں نثاروں کو معلوم تھا کہ شہادت یقینی ہے لیکن جو مرد مجاہد موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالدے، بھلا اس کو ڈر کس کا ہو سکتا ہے۔چنانچہ اس چھوٹے سے اسلامی لشکر نے جس سمت بھی رخ کیا، اسلام دشمن قوتیں کائی کی مانند پھٹتی چلی گئیں۔جس نے سر اٹھانے کی کوشش کی، اس کا سر قلم کر دیا گیا، جس نے اطاعت قبول

کرتے ہوئے امان چاہ لی، اس کو نواز دیا گیا۔ ان کا یہ طریقہ کار رہا کہ وہ راستے میں جہاں بھی خیمہ زن ہوئے، وہاں سے انہوں نے اپنے مختلف سرداران لشکر کی سرکردگی میں تبلیغ کی خاطر قرب و جوار کے علاقوں میں مجاہدین کے دستے روانہ کیے اور پھر خود بھی اسی دھن میں آگے بڑھتے چلے گئے۔ آخر کار ستر کھ (بارہ بنکی) پہونچے۔ یہاں کی آب وہوا انہیں بہت پسند آئی چنانچہ یہاں کے قیام کا ارادہ کرلیا۔ لیکن قیام کا ارادہ تو ان کے نسب العین اور مشیت ایزدی کے خلاف تھا چنانچہ حالات کے پیش نظر ان کو بہرائچ جانا پڑا جہاں شہادت ان کی اور ان کے پرستاروں کی منتظر تھی۔ آپ نے معہ ساتھیوں کے خوشی خوشی آگے بڑھ کر لبیک کہتے ہوئے اسے گلے لگا لیا اور دینا و آخرت میں سرخرو ہوگئے نیز آنے والی نسلوں کو مشعل راہ دکھا گئے۔ اس طرح غزنی سے بہرائچ کے سفر کے کتنے ہی ساتھیوں نے راستے میں بھی جام شہادت نوش کیا جو آج بھی ہماری نظروں سے پوشیدہ رہ کر تصرف فرما رہے ہیں۔ ان میں سے کچھ تو ایسے ہیں جن کے نام آشکارا ہیں لیکن زیادہ تر گمنامی کے سبب ''نوگزا پیر''، ''سیّد بابا''، ''شہید مرد'' کے نام سے جانے جاتے ہیں۔ علاقے میں آج بھی لوگ بنا امتیاز مذہب وملت ان کا احترام کرتے، چادر اور پھول اچڑھاتے، نیز چراغاں کرتے ہیں۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ شہید کے لیے یہ حکم ہے کہ اس کو جائے شہادت پر ہی سپرد خاک کیا جائے (غزوہ اُحد میں بعض صحابہ اپنے شہداء کو مدینہ لے گئے تھے لیکن خدا کے رسول ﷺ کی طرف سے منادی ہوئی کہ شہداء کو ان کے مقتل میں ہی لے جاؤ ''اصح السیر ص ۱۱۴'') اسی لئے جگہ جگہ شہداء کے مزارات پائے جاتے ہیں۔ چند شہداء جن کے بارے میں معلومات حاصل ہوسکیں، کی ضلعوار تفصلات تحریر کی جارہی ہیں۔

قصبہ سنبھل میں سالار مسعود غازیؒ شہید کے ساتھیوں کے چھ پختہ مزارات ہیں:

احمد میاںؒ، محمد میاںؒ، گمنام (گولے والے شہید) کے علاوہ دو اور گمنام شہداء کے علاوہ جنید میاںؒ کا مزار ہے۔ قصبہ امروہہ سیّد ابراہیم شہیدؒ، حسن شہیدؒ، محمد شہیدؒ حامد شہیدؒ، عثمان شہیدؒ، ثمن شہیدؒ، مبارک شہیدؒ، ثمن شہید ثانیؒ، ماکم شہیدؒ، جھنڈا شہیدؒ، بھورے خان شہیدؒ، جہانگیر شہیدؒ، عبدالحکیم عباسی شہیدؒ، کنوارے شہیدؒ، جہانگیر شہید ثانی، ہدایت اللہ شہیدؒ، ننھے خان شہیدؒ۔ قصبہ نجیب آباد میں کشمیری میاںؒ اور ننھے میاںؒ کے مزارات واقع ہیں۔ قصبہ کرتپور (تحصیل نجیب آبا) تین شہداء کے مزارات ہیں جن میں نوشاہ میاںؒ اور دولہ میاںؒ ہیں اور تیسرے کا نام معلوم نہیں۔ موضع پرینی تحصیل نگینہ میں شاہ کمالؒ کا مزار مبارک ہے یہ سیّد سالار مسعود غازی کے لشکر کے سردار بتائے جاتے ہیں ان کے علاوہ دو اور قبریں ساتھی شہداء کی ہیں۔ موضع بناؤلی تحصیل دہامپور میں قدیم قبرستان ہے جس میں بے تعداد شہداء آسودہ خاک ہیں ایک پختہ مزار منظور شاہ المعروف بہ منجوشاہ بتایا جاتا ہے۔ موضع حبیب والا تحصیل دہامپور میں شاہ کبیرؒ (سردار لشکر سالار مسعود غازیؒ) و دیگر شہداء کے مزار تغلق دور میں سیّد سالار مسعود غازی اور ان کے دیگر رفقائے کار کے مزارات جگہ جگہ پر پختہ تعمیر کرائے گئے۔

قصبہ سیوہارہ تحصیل دہامپور میں سیّد ابراہیم شہید و دیگر شہداء مزار پختہ گنبددار ہے۔ ضلع بدایوں 419ھ (1028ء) سید سالار مسعود غازی کا لشکر میرٹھ سے قنوج جاتے ہوئے ادھر سے گزرا بدایوں کے گلی کوچے شہداء کے مزارات سے بھرے پڑے ہیں جن میں حضرت میاں جمال شہیدؒ، حضرت غازی احسن شہید المشہور بہ بانکے میاں، حضرت محمد خان شہیدؒ المشہور بہ اوجھل شہیدؒ، حضرت حافظ عمر خطاب شہیدؒ، حضرت حافظ ظہیرالدین

دمشقیؒ، حضرت حافظ زکریا شہیدؒ، حضرت خواجہ سید الہام اللہ شہید المشہور بہ الہم شہید، حضرت خواجہ سید حیدر علی غزنوی شہید المشہور بہ حیدر شہید، حضرت خواجہ سید مرتضٰی شہید المشہور بہ بے سر شہید، حجرت سید برہان الدین قتال شہید المشہور بہ کوتال صاحب، سید سلطان ابراہیم یمنی شہیدؒ، حضرت سلطان بایزید زنگی شہید المشہور بہ زنگی شہید، حضرت سید ابراہیم غزنوی شہیدؒ، حضرت سید حسن عرب خورد شہیدؒ، حضرت شاہ اوحدالدین خوازمی شہیدؒ، حضرت شیخ عبداللہ سجستانی شہیدؒ، حضرت شاہ عصمت اللہ شہیدؒ، حضرت شاہ رجب علی شہید المشہور بہ راجا شہیدؒ، حضرت مٹکی پیر شہیدؒ، حضرت مولانا قوم الدین قورجی شہیدؒ، حضرت صفی الدین شہید المشہور بہ رنگیلے شاہ شہیدؒ حضرت میر باقر علیؒ شہید المشہور بہ بزرگ میاںؒ، حضرت میر صفدر علی شہید المشہور بہ چونگی والے پیرؒ، حضرت غازی عبدالرزاق شہیدؒ المشہور بہ میاں کالو سیدؒ، مردان خدا کے ص 77 کے حوالہ سے لکھا ہے کہ ''حضرت خواجہ سیّد عثمان شہید المشہور بہ لوٹن شہیدؒ ہرات کے رہنے والے تھے پانچ سو سواروں کا لشکر جرار لے کر حضرت سید سالار مسعود غازی کے ہمراہ بہ نیت جہاد تشریف لائے تھے آپ کے چھ حقیقی بھائی حضرت حافظ سلیمان ہراتی شہید عرف چھوٹے میاںؒ، حضرت سیّد یعقوب ہراتی شہیدؒ، حضرت سیّد یوسف ہراتی شہیدؒ، حضرت سید ہارون ہراتی شہید، حضرت سید لقمان ہراتی شہید و حضرت سید موسیٰ ہراتی شہیدؒ تھے''۔ حضرت میر صالح شہیدؒ المشہور بہ میاں قطب شہیدؒ، حضرت شیخ احمد خفیف شیرازی، سیّد ابراہیم شہید المشہور بہ میراں ابراہیم ثمن دار و حافظ شمس الدین شہیدؒ۔ قصبہ بسولی میں داؤد میاں شہید المشہور بہ نادان شہید، شاہ علی مردان شہید المشہور بہ روشن شہیدؒ۔ قصبہ اُجھانی میں میاں شرف الدین گنج بخشؒ و دیگر شہداء: حضرت شیخ ابوعلی دقاق نیشاپوریؒ (م 405ھ) کے مرید و خلیفہ تھے گنج شہیداں میں پختہ مزار ہے۔

قصبہ گنور: اس قصبے سے سیّد سالار مسعود غازی کے لشکر کا گذر ہوا ہے اسی وجہ سے قصبے میں سالار باری کے نام سے ایک محلّہ ہے جہاں تاج الدین ترک جو سید سالار مسعود کے لشکر کے ایک سردار تھے کا مزار ہے۔ قصبہ ککرالہ (پرگنہ اسیہٹ تحصیل داتا گنج بخش) سید سالار مسعود کے لشکر کا یہاں سے گذر ہوا پیر جمال مصری شہیدؒ کا پختہ مزار ہے۔ موضع تگوڑا عیسیٰ پور (پرگنہ سہسوان) محمد نور میاں شہید المشہور بہ بھینسوڑ والے پیرؒ۔ موضع باگئو: مولانا تقی شہیدؒ مزار پختہ واقع ہے۔ موضع لکھن پور: کہتے ہیں کہ یہاں سالار مسعود غازی کی انگلی دفن ہے اور گمنا شہداء کی قبریں بھی ہیں۔ موضع نیک پور: غازی شوکت پاشا شہید المشہور بہ مامون پھاڑہ ترکستان کے رہنے والے تھے۔ موضع نوشیرہ: سردار حافظ عبدالملک شہید المشہور بہ ملک شہیدؒ کا بھی پختہ مزار ہے۔ مصنف سلطان الشہداء نے ص 135 پر موضع اسمٰعیل پور نورالدین (تحصیل قنوج): چندن شہیدؒ سالار مسعود غازیؒ کے ساتھیوں میں سے تھے مصنف سلطان الشہداء نے ص 135 پر ڈسٹرکٹ گزیٹئر فرخ آباد کے ص 223 وسوانح سید سالار مسعود غازی کے ص 126 کے حوالہ سے لکھا ہے کہ مغل بادشاہ ظہیرالدین محمد بابر نے آپ کے مزار پر ایک شاندار مقبرہ تعمیر کرایا۔

ضلع ہردوئی قصبہ گوپامو: میر سید علی شہید (المعروف بہ میر سید عزالدین المشہور بہ لال پیر): سلطان الشہداء نے اس سمت روانہ فرمایا تھا یہاں آپ کی معرکہ آرائی ہوی جس میں کامیاب ہوگئے لیکن بعد میں سید سالار مسعود کی شہادت کے دو سال بعد پھر معرکہ آرائی ہوئی جس میں آپ شہید ہوئے۔ آپ کی درگاہ کی تعمیر کے لیے خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ نے 630ھ میں سلطان شمس الدین التمش سے خواہش ظاہر کی تھی جو خواجہ تاج الدین حسین چشتیؒ حاکم علاقہ

نے تعمیر کرائی۔

قصبہ بواں (ہردوئی): سید سالارؒ نے جو ہراول دستہ قنوج سے روانہ کیا تھا اس کی بواں کے ٹھٹیرا راجپوت راجہ سے مقابلہ آرائی ہوئی تھی اس میں جو مجاہدین شہید ہوئے انہیں ایک مقامی سورج کنڈ کے کنارے سپرد خاک کردیا گیا۔ قصبہ سانڈی (تحصیل بلگرام) شاہ اللہ بخش درویش، مولانا خالص وغیرہ: یہ دونوں بزرگ سالار مسعود غازی کے تھیوں میں سے تھے شاہ اللہ بخش زندہ پیر کے نام سے زیادہ مشہور ہیں۔ ضلع لکھنو: سید ملک آدم غازی شہیدؒ آپ اللہ کے ولی اور سلطان الشہداء کے استاد تھے آپ کا مزار صحبتیہ باغ میں مرجع خلائق ہے کتاب سلطان الشہداء میں ص 265 پر آپؒ کے مزار کی تصویر دی گئی ہے۔ قصبہ بجنور: ملک عمر شہیدؒ المعروف بہ ملک عنبرؒ اور ملک طغرل شہیدؒ۔ قصبہ امیٹھی: جگن شہیدؒ سیجا ؤالدین گدا شہیدؒ و دیگر شہداء، میر عبداللہ شہیدؒ و دیگر۔ موضع کسمنڈی کلاں (پرگنہ و تحصیل ملیح آباد) سید ہاشم شہیدؒ، سید قاسم شہید و دیگر شہداءؒ۔ موضع چنہٹ (پرگنہ و تحصیل لکھنو) میراں شہیدؒ۔

موضع جگور (پرگنہ و تحصیل لکھنو): ڈسٹرکٹ گزیٹیر لکھنو ص 188 کے مطابق احمد شہیدؒ، قاضی کلن شہیدؒ، زین العابدین شہیدؒ موضع میں ان شہداء کے مزارات موجود ہیں۔ قصبہ بدوسرائے (تحصیل فتح پور): میر سید قاسم شہیدؒ، میاں ابراہیم خواص شہیدؒ، شیخ صدر شہیدؒ، شیخ بدر شہیدؒ و دیگر شہداء کے مزارات واقع ہیں (مراۃ الاسرار اردو ترجمہ ص 450) قصبہ دیوا (تحصیل نواب گنج): سیّد جمال شہیدؒ و سیّد کمال شہیدؒ۔

گل رخ شہید، پیر کھوکھر یا کھوکھر شہیدؒ قصبہ سدھور تحصیل حیدر گڑھ: گل رخ شہید 104 دیگر شہداءؒ کے ساتھ قصبہ سدھور میں مدفون ہیں ان کو پیر کھوکھر یا کھوکھر شہید بھی کہتے ہیں۔ آپ کے مزار دیگر بے تعداد شہداء کے ساتھ قصبہ میں موجود ہیں (مراۃ الاسرار اردو ترجمہ ص 450 و سلطان الشہداء)۔ موضع صجیہ حیدر گڑھ: ترانجیؒ شہدؒ، سور شہیدؒ۔ موضع بلچھت: قاضی طاہر شہیدؒ و دیگر شہداءؒ۔ موضع اینل پورہ: حاجی شریف شہید و دیگر شہداء: انچولی (تحصیل رام سنیہی گھاٹ): گمنام شہداءؒ 423ھ میں سید سالار مسعود غازی کے لشکر کے مجاہدین سیّد سیف الدین و قاضی کبیر الدین نے دیگر ساتھیوں کے ساتھ بستی پر حملہ کرکے بھار راجہ کو شکست دے کر علاقہ اس سے چھین لیا اس معرکہ آرائی میں کچھ مجاہدین بھی شہید ہوئے۔ (ڈسٹرکٹ گزیٹیر بارہ بنکی ص 24-223)۔ قصبہ رودولی (تحصیل رام سینہی گھاٹ) ڈسٹرکٹ گزیٹیر بارہ بنکی ص 188 و مراۃ الاسرار ص 451 کے مطابق سید سالارؒ کے لشکر کے کئی شہداء کے مزارات یہاں موجود ہیں۔ قصبہ کنتور ضلع رائے بریلی (پرگنہ بدوسرائے) میاں ابراہیم شہیدؒ، ملک مہی بختیار شہیدؒ کے مزارت یہاں موجود ہیں۔

قصبہ ڈالمئو: امیر غالب شہید، ملک علی شہید، ملک ولی شہید و دیگر شہداءؒ۔ قصبہ جیس ضلع رائے بریلی: سلطان الشہداؒ کے مصنف ص 157 پر ڈسٹرکٹ گزیٹیر رائے بریلی کے ص 83-182 کے حوالہ سے لکھتے ہیں "سید امام الدین خلجی شہیدؒ، امیر قطب الدین غازی شہیدؒ و دیگر شہداءؒ سید سالار مسعود غازی نے اس قصبہ کو فتح کرنے کے لئے سید امام الدین کی سرکردگی میں ایک دستہ روانہ کیا تھا بھار راجہ کو شکست دے کر قصبہ پر فتح تو ہوگئی لیکن سید امام الدین، امیر قطب الدین غازی اور کئی دیگر مجاہدین شہید ہوئے ان میں قطب الدین غازی کی قبر تقریباً نو گز لمبی بتائی جاتی ہے۔ قصبہ کھیروں: امیر فتح شہیدؒ۔ قصبہ ہردوئی آغا شاہد شہیدؒ۔ موضع جلال پور دہائی: امیر سیدان شہیدؒ امیر بہلول شہید۔ موضع تھلینڈی:

ملک تاج الدین شہید و دیگر شہداءؒ۔

ضلع بہرائچ: سالار سیف الدین علوی شہیدؒ: آپ سیّد سالار مسعود غازی (قطب شاہی اعوان) کے حقیقی چچا، 14 رجب المرجب 424ھ بمطابق 1032ء کو شہید ہوئے آپؒ کا مزار شریف سلطان فیروز شاہ تغلق نے تعمیر کرایا۔ میر نصر اللہ غازی شہیدؒ: سید سالار مسعود غازی نے آپ کو سالار سیف الدین علوی کے ہمراہ بہرائچ کے نظم و نسق میں مدد کرنے کی خاطر روانہ فرمایا تھا 14 رجب المرجب 424ھ کو شہید ہوئے۔ میاں رجب ہٹیلہ غازی شہیدؒ: آپ سالار مسعود غازیؒ کے خاص خدمتگاروں میں سے، لشکر کے کوتوال اور سید سالارؒ کے مزاج شناساؤں میں سے تھے آپ کو بھی سالار سیف الدین علوی کے ہمراہ بہرائچ کے نظم و نسق میں مدد کرنے کی غرض سے بھیجا تھا آپؒ کا مزار سلطان الشہداءؒ کے روضہ سے مشرق کی جانب ہے آپؒ کے نام پر اس مقام پر موضع ہٹیلہ آباد ہوا مقبرہ سلطان فیروز شاہ تغلق نے تعمیر کرایا تھا (مرات مسعودی و سلطان الشہداءؒ ص 160)

سیّد ابراہیم شہیدؒ: مرات مسعودی کے مطابق آپ 15 رجب المرجب 424ھ (1032ء) کو شہید ہوئے آپ نے سلطان الشہداء سالار مسعود غازیؒ کے قتل کا بدلہ قاتل رائے سہر دیو کو قتل کرکے لیا پھر خود بھی جام شہادت نوش فرمالیا۔ سکندر دیوانہ شہیدؒ 14 رجب 424ھ کو سلطان الشہداء کے ساتھ شہید ہوئے۔ میاں مبارز شہیدؒ و دیگر بہرائچ دریائے کتھلہ کے کنارے شمال کی جانب بے شمار شہداء کے مزارت ہیں ان ہی میں سے ایک آپؒ کا ہے۔ امیر خضر شہیدؒ آپؒ کا مزار شریف درگاہ شریف کے نزد انار کلی جھیل کے کنارے ہے۔ خنجر شہیدؒ عالم شہیدؒ بھولے شہید۔ قصبہ نواب گنج امیر حسن شہیدؒ ہے۔

ضلع پرتاپ گڈھ، تحصیل کونڈا قصبہ مانک پور:

قطب حیدر شہیدؒ 1050 (قطب شاہی اعوان برادر سالار شاہوؒ و چچا سلطان الشہداء سالار مسعود غازی) و دیگر شہداء: سلطان الشہداءؒ کے مولف ص 164 پر ڈسٹرکٹ گزیٹیر پرتاپ گڈھ ص 193 تا 196 و ص 145 تا 146 پر رقمطراز ہیں "دریائے گنگا کے کنارے، الہ آباد، رائے بریلی اور پرتاب گڈھ سے تقریباً 58 کلومیٹر فاصلے پر واقع ایک پرانا قصبہ ہے۔۔ کہتے ہیں کہ اس کو قنوج کے راجہ بالہ دیو کے سب سے چھوٹے لڑکے مانا دیو نے آباد کیا تھا اور اس کا نام مانپور رکھا تھا۔ بعد میں راٹھور خاندان نے قنوج ہی کے راجہ رائے جے چند کے سوتیلے لڑکے مانک چند اس کا نام تبدیل کرکے مانک پور کردیا تھا۔ قصبے کے شمال میں شہنشاہ شاہجہاں کی تعمیر کرائی ہوئی ایک چھوٹی سی مسجد واقع ہے۔ گیارہویں صدی عیسوی میں سالار ساہوؒ نے رایان کڑا اور مانک پور کی ریشہ دوانیوں کا قلع قمع کرنے کی غرض سے دونوں علاقوں کا محاصرہ کرکے ان کو فتح کرلیا اور دونوں رایان کو ہتھکڑیاں لگا کر ستر کھ روانہ کردیا۔ میر ساہو (قطب شاہی علوی اعوان) نے مانک پور کے کفار پر حملہ کردیا۔ ایک خونریز جنگ کے بعد زمینداروں کے دو سردار گرفتار ہوگئے اب ملک عبداللہ کو قصبہ کڑا اور ملک قطب حیدر کو مانک پور تعینات کیا۔ بعد میں قطب حیدرؒ کو شہید کردیا گیا۔ ان کا مزار شریف چوکا پار پور جو مانک پور کا ہی ایک حصہ ہے میں مرجع خلائق ہے"۔ (بحوالہ مرات الاسرار ترجمہ ص 453، مرات مسعودی و سلطان الشہداء)

ضلع الہ آباد تحصیل سراتھو قصبہ کڑا:

مرات الاسرار اردو ترجمہ کے ص 453 کے مطابق میر ساہو (قطب شاہی علوی اعوان) نے مانک پور کے کفار پر حملہ کر دیا۔ ایک خونریز جنگ کے بعد زمینداروں کے دو سردار گرفتار ہو گئے اب ملک عبداللہ کو قصبہ کڑا اور ملک قطب حیدر کو مانک پور تعینات کر کے آپ فتح و نصرت کے باجے بجاتے ہوئے واپس ستر کھ تشریف لائے۔ بستی میں حاجی جمال شہید اور دیگر متعدد شہداء کے مزارات واقع ہیں۔ قصبہ مہوبہ: قصبے کے چاروں اطراف میں شہداء نیز دیگر بزرگوں کے مزارات موجود ہیں ان میں قاضی ابراہیم شہیدؒ، امیر شہیدؒ، مبارک خان ہرویؒ، قاضی قطب مجردؒ، حاجی فیروزؒ، مخدوم پاکؒ، زکریاؒ، ملک حسن عرب کلاں شہید۔ ضلع ہمیر پور قصبہ مودہا: دلیل شہید بابا (دلیر شہید بابا)، حامد شہید باباؒ، مودی شہید بابا، سرخرو شہید بابا، شیخ چاند شہید بابا، پنچھی شاہ شہید باباؒ، بہار شاہ داتا شہید باباؒ۔ موضع پرچھا: بزرگ شہید باباؒ۔ موضع کمہریا: مستان شاہ شہیدؒ۔
موضع موچہ: نصیر الدین شہید باباؒ: کہتے ہیں کہ اسپین یا پرتگال کے باشندہ تھے۔ موضع کشن پور: روشن شہید باباؒ۔ ضلع بنارس: ملک افضل شہید و دیگر شہداء۔ ضلع پڑرونہ: برہان شہید و دیگر شہداء (امیر سید برہان الدین یا امیر سید برہان شاہ) سالار مسعود غازیؒ کے ساتھیوں میں سے تھے۔ ان کے علاوہ ضلع جون پور، ضلع سلطان پور قصبہ اسولی میں سالار مسعود غازیؒ کے ساتھی گمنام شہداءؒ کے مزارات ہیں۔ موضع ساتھن میں شاہ عبداللطیف اور دیگر بزرگوں کے مقبرے واقع ہیں۔ ضلع سیتاپور قصبہ بسواں و ضلع آگرہ میں سالار مسعود غازیؒ کے ساتھی شہداء کے مزارات مبارک موجود ہیں۔ (سلطان الشہداء کے مولف انجینئر محمد سمیع الدین صاحب نے کتاب کے ص 71 تا 190 پر مختلف تاریخی کتب و گزیٹیر کے حوالہ سے سالار مسعود غازیؒ کے ساتھیوں کے حالات درج کیے ہیں راقم نے مختصراً ان کا ذکر کیا ہے)

علویوں کی غزنوی شاہی خاندان اور سلجوقی شاہی خاندان سے رشتہ داری:

منبع الانساب فارسی ص 103 اردو ترجمہ ص 363 کے مطابق حضرت محمد الاکبر المعروف محمد حنفیہؒ کی نویں پشت میں سالار ساہو غازی (کمانڈر انچیف غزنی فوج) بن عطا اللہ غازی کی شادی سلطان محمود غزنوی کی ہمشیرہ ستر معلیٰ سے ہوئی تھی جن کے بطن مبارک سے سعید الدین سالار مسعود غازی (قطب شاہی علوی اعوان) پیدا ہوئے اور الفخری فی انساب الطالبین کے ص 178 کے مطابق حضرت عمر الاطرفؒ کی اولاد سے محمد بن اسماعیل بن ابی الحسن الرئیس ہرات بن الحسین بن حمزہ بن القاسم بن جعفر بن عقیل کا نکاح مشہور سلجوقی بادشاہ سلطان الپ ارسلان کی بیٹی سلجوقیہ بنت سلطان الپ ارسلان سے ہوا تھا جن کے بطن سے السید العالم المرتضیٰ پیدا ہوئے۔ علوی و قطب شاہی اعوان کی دونوں حکمران شاہی خاندانوں غزنوی اور سلجوقی سے قریبی رشتہ داری ہونا، ان کی جہاد ہند میں شمولیت مرتبہ و مقام سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ غزنی اور ہرات میں محمد حنفیہؒ اور عمر الاطرف کی اولادوں کی کس قدر اہمیت تھی۔ مرات مسعودی میں درج ہے کہ سومنات کے بت کے ٹکڑے ٹکرے کرنا سالار مسعودؒ (قطب شاہی اعوان) کی محض مصلحت سے ہی ہوا۔ اور بہت سے بڑے بڑے امیران و ترکان بہادر پہلوان لشکر کے قریبی رشتہ داروں میں سے تھے جس جانب بھی سلطان کا لشکر جات ملک گیر فتح حاصل ہوتی فتح تردد اور جانبازی پہلوان لشکر کے قریبی رشتہ داروں یعنی قطب شاہی علوی اعوانوں کی وجہ سے ممکن ہوتی۔"

برصغیر پاک و ہند میں قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کی عسکری خدمات:

سالار ساہو (شاہو) غازیؒ ان کے بھائیوں سالار قطب حیدر غازی و سالار سیف الدین غازی اور سالار ساہو غازی کے فرزند سلطان الشہداء سالار مسعود غازی کے جنگی کارہائے نمایاں سفرنامہ ابن بطوطہ، تاریخ محمودی، تاریخ فیروز شاہی، تاریخ مرات مسعودی اور تاریخ مرات الاسرار وغیرہ میں موجود ہیں۔ علاوہ ازیں جنگ عظیم اوّل و دوم میں بھی اعوان قبیلہ نے بھرپور حصہ لیا۔ قیام پاکستان کے وقت بھی قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ نے زبردست کردار ادا کیا۔ کشمیر کی آزادی ہو یا جنگ ستمبر 1965ء یا جنگ 1971ء ہو مادر وطن کی خاطر قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ نے تن من اور دھن قربان کیا۔ جہاد آزادی کشمیر 48-1947 میں اعوان قبیلہ کے عظیم سپوت حضرت پیر سلطان غلام دستگیر القادری 106 جنہیں کشمیر کا دوسرا بڑا فوجی اعزاز "فخر کشمیر" عطا کیا گیا آپ سلطان العارفین حضرت سلطان باھوؒ اعوان کی اولاد سے تھے۔ میجر محمد اکرم 108 شہید کو 1971ء کی جنگ میں عظیم کارہائے نمایاں سرانجام دینے پر "نشان حیدر" سے نوازہ گیا۔ علاوہ ازیں قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کی جن قابل فخر شخصیتوں نے ملک پاکستان کا دفاع کیا ان میں ملک امیر محمد خان اعوان نواب آف کالاباغ سابق گورنر مغربی پاکستان، ائر مارشل نور خان، جنرل اختر حسین ملک، جنرل ملک عبدالعلی، جنرل سرفراز، جنرل قاضی شفیق احمد، جنرل محمد سلیم، جنرل محمد حسین، جنرل محبوب عالم، جنرل عبدالمجید ملک کے علاوہ بے شمار بریگیڈئر، سکواڈرن لیڈرز، کرنل و اعلیٰ فوجی و سول آفیسران شامل ہیں۔ ان کے علاوہ قطب شاہی اعوان قبیلہ کے سینکڑوں گمنام ہیروز ہیں جنہوں نے مادر وطن کی حافظ کی خاطر جان نچھاور کی صرف سنگولہ آزاد کشمیر میں ان شہداء کرام 109 کی تعداد 84 ہے جب پاکستان بھر سے اعداد و شمار اکٹھے کیے جائیں تو غالباً ہزاروں میں ہوں گے۔ حضرت بابا سجاول علوی قادریؒ کی اولاد سے بھی عظیم سپوت شیر جنگ کرنل غلام رسول اعوان اور کرنل عالم شیر اعوان آف سنگولہ کے علاوہ سینکڑوں غازیوں و شہداء نے جہاد آزادی کشمیر میں عظیم کارہائے نمایاں سرانجام دیے۔ سنگولہ و بن بیک کے تقریباً 1500 قطب شاہی اعوان مجاہدین نے ڈوگرہ سامراج کے خلاف جہاد کیا۔ کیپٹن علی اکبر اعوان، صوبیدار فاضل اعوان شہید، نائب صوبیدار محمد اکبر اعوان شہید، کیپٹن ہاشم اعوان، کیپٹن لعل خان اعوان، کیپٹن امیر اعوان وغیرہ نے عظیم کارہائے نمایاں سرانجام دیئے۔ حکومت آزاد کشمیر نے شیر جنگ کرنل غلام رسول اعوان اور کرنل عالم شیر اعوان بٹالین کمانڈرز کی خدمات کے اعتراف میں نوٹیفکیشن نمبر انتظامیہ/ جی - 8 (4) پارٹ /II/ 2007 مورخہ 2008-01-22 کے تحت گورنمنٹ گرلز ہائی سکول سنگولہ کو کرنل عالم شیر اعوان و بوائز ہائیر سکنڈری سکول سنگولہ ضلع پونچھ کو شیر جنگ کرنل غلام رسول اعوان کے نام سے منسوب کیا ہے۔

حوالہ جات:

1۔ کتاب نسب قریش (عربی) تالیف لابی عبداللہ المصعب بن عبداللہ بن المصعب الزبیری (156۔236ھ) الطبعۃ الثالثۃ، دارالمعارف قاہرہ مصر صفحہ نمبر 77

2۔ منبع الانساب (فارسی) تصنیف حضرت سیّد معین الحق جھونسوی قدس سرہ 1426ء (830 ھجری تقریبا) برٹش میوزیم لندن/انسٹی ٹیوٹ آف سندھیولوجی یونیورسٹی آف سندھ جامشورو ص 04-103۔ اردو ترجمہ علامہ ڈاکٹر ارشاد احمد رضوی ساحل شاہسرامی علی گڑھ۔ ناشر فیضان مصطفےٰ زہرہ باغ، نئی آبادی علی گڑھ۔ ص 64-363 (اور انٹرنٹ پر بھی دستیاب ہے www.makhdoom-e-jhunsi.webs.com)

3۔ گلوسری آف دی ٹرائب اینڈ کاسٹس پنجاب و سرحد از ای۔ ڈی۔ میکلیگن/ایچ اے روز 1892ء ترجمہ یاسر جواد صفحہ 40 بک ہوم مزنگ لاہور۔

4۔ ذاتوں کا انسائیکلوپیڈیا ترجمہ یاسر جواد بک ہوم لاہور ص 40

5۔ پنجاب کی ذاتیں از سر ڈینزل ابٹسن 1881ء ترجمہ یاسر جواد صفحہ 390 فکشن ہاؤس لاہور۔

6۔ ہزارہ گزیٹیئر از ایچ ڈی واٹسن 1884ء مترجم پروفیسر افتخار احمد مکتبہ جمال اردو بازار لاہور صفحہ 44

7۔ مرات مسعودی فارسی تالیف عبدالرحمٰن چشتی علویؒ (1074ھ) کتابخانہ گنج بخش مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان اسلام آباد ص 7۔

8۔ مرات الاسرار (فارسی) تالیف حضرت عبدالرحمٰن چشتی علوی (1045ھ۔1065ھ) تحقیق و ترجمہ کپتان واحد بخش سیال چشتی صابری صفحہ 1010 الفیصل ناشران لاہور جنوری 2010

9۔ نسب قریش (عربی) تالیف لابی عبداللہ المصعب بن عبداللہ بن المصعب الزبیری (156۔236ھ) الطبعۃ الثالثۃ، دارالمعارف قاہرہ مصر صفحہ نمبر 77 (انٹرنٹ پر بھی دستیاب ہے)

تہذیب الانساب ونہایۃ الاعقاب (عربی) تالیف شیخ الشرف الحبید لی النسابۃ ابی الحسن محمد بن ابی جعفر محمد بن علی الحسن بن علی بن ابراہیم بن علی بن عبیداللہ الاعرج بن الحسین الاصغر بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب صلوات اللہ علیہم اجمعین 449 ھجری صفحہ 32 (انٹرنٹ پر دستیاب ہے)

10۔ ڈسٹرکٹ جہلم گزٹ 1904 پارٹ اے ص 100

11۔ کنز الایمان، طبقات ابن سعد جلد اوّل ص 68

12۔ طبقات ابن سعد جلد اوّل ص 38

13۔ تاریخ مکۃ المکرّمہ از عبدالمعبود ص 248، تہذیب الانساب ص 32

14۔ جمہرۃ النسب لابن الکلبی ہشام ابوالمنذر بن محمد بن السائب الکلبی 204ھ جلد اوّل ص 19 و جلد سوئم ص 21

15۔ فی تسمیۃ من ولد الامام امیر المومنین ابی الحسن علی بن ابی طالب علیہ السلام مخطوطہ کے ص 24

16۔ المعقبون ولا امام امیر المومنین علی بن ابی طالبؑ تالیف ابی الحسین یحیٰی بن الحسن بن جعفر بن الحسین بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب (214ھ۔277ھ) کے ص 395-394۔

17۔ عمدۃ الطالب فی نسب ال ابی طالب (عربی 848ھ) تالیف الشریف جمال الدین احمد بن علی بن الحسین مکتبۃ التوبۃ السعودی العربیہ صفحہ 102

18۔ نہج البلاغہ ترجمہ رئیس احمد جعفری کے ص 118 شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور 1981ء

19۔ تاریخ الخلفاء از حضرت امام جلال الدین عبدالرحمٰن سیوطیؒ مترجم مولانا صاحبزادہ محمد مبشر چشتی سیالوی مشتاق پرنٹرز لاہور

اشاعت 2002ء صفحہ 272

20۔ عمدۃ الطالب فی نسب آل ابی طالب تالیف الشریف جمال الدین احمد، کتبۃ الحاج موسیٰ بن ملا المار دینی مکتبہ جدالمعرفہ سعودیہ ص 629۔

21۔ مرات الاسرار (فارسی) تالیف حضرت عبدالرحمٰن چشتی علوی (1045ھ۔1065ھ) تحقیق و ترجمہ کپتان واحد بخش سیال چشتی صابری صفحہ 1010 الفیصل ناشران لاہور جنوری 2010

22۔ منبع الانساب (فارسی) تصنیف حضرت سیّد معین الحق جھونسوی قدس سرہ 1426ء (830 ھجری تقریبا) ص 04-103 اردو ترجمہ ڈاکٹر ساحل شاہسرامی علی گڑھ ص 364-363۔

23۔ الفخری فی انساب الطالبین (عربی) تالیف للعلامۃ النسابۃ السید عزیزالدین ابے طالب اسماعیل بن الحسین بن محمد بن احمد المروزی الازورقانی (572ھ۔614ھ) تحقیق السیّد مہدی الرجائی تاریخ الطبع 1409ھ قم المقدسہ صفحہ 173 تا 181۔ (انٹرنٹ پر دستیاب ہے)

24۔ الفخری ایضاً

25۔ عمدۃ الطالب فی نسب ال ابی طالب (عربی 848ھ) تالیف الشریف جمال الدین احمد

26۔ البدایہ والنہایہ تاریخ ابن کثیر جلد پنجم ص 50

27۔ تہذیب الانساب ونہایۃ الاعقاب (عربی) تالیف ابی الحسن محمد ص 32

28۔ عمدۃ الطالب فی نسب ال ابی طالب تالیف الشریف جمال الدین احمد ص 632۔

29۔ ذکر العباس از سیّد نجم الحسن کراروی ص 48

30۔ رحمۃ للعالمین تالیف قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری الفیصل ناشران لاہور 1991 جلد دوئم ص 80-79

31۔ نہج البلاغہ ترجمہ رئیس احمد جعفری کے ص 158 شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور 1981ء

32۔ نہج البلاغہ ترجمہ رئیس احمد جعفری کے ص 118 شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور 1981ء

33۔ مروج الذہب ومعادن الجواہر (تاریخ المسعودی) حصہ دوم تالیف امام المورخین ابوالحسن بن حسین بن علی المسعودی مترجم پروفیسر کوکب شادانی نفیس اکیڈمی اسٹریچن روڈ کراچی صفحہ 350

34۔ طبقات ابن سعد ص 125 جلد پنجم و ششم

35۔ البدایہ والنہایہ تاریخ ابن کثیر ص 449۔

36۔ تاریخ المکۃ المکرّمہ از محمد عبدالمعبود جلد اوّل صفحہ 248

37۔ منبع الانساب (فارسی) تصنیف حضرت سیّد معین الحق جھونسوی قدس سرہ 1426ء ص 04-103

38۔ قلمی کتاب شجرات اقوام فارسی مرتب کنندہ مستقیم بن جلال الدین قوم آوان 17 بیساکھ 1946 بکرمی بمطابق 29 اپریل 1889ء بروز پیر جوالکرم اسلامک لائبریری دربار کرمیہ طاہر آباد منگانی شریف پنجاب

39۔ نسب قریش (عربی) تالیف لابی عبداللہ المصعب بن عبداللہ ص 77

40۔ نسب قریش (عربی) تالیف لابی عبداللہ المصعب بن عبداللہ ص 77

41۔ فی تسمیۃ من ولد الامام امیر المومنین ابی الحسن علی بن ابی طالب علیہ السلام از ابی الحسین یحیٰی مخطوطہ کے ص 24

42۔ المعقبون جلد سوم تالیف ابی الحسین یحیٰی تحقیق سید مہدی الرجائی الموسوی ص 393

43۔ کتاب المعقبین از ابی الحسین یحیٰی تحقیق محمد الکاظم طبع قم ایران ص 101

44۔ کتاب المقالات الفرق تالیف سعد بن عبداللہ العشری وفات 311ھ

45. جمہرۃ انساب العرب تالیف لابی محمد علی بن احمد بن سعید بن حزم الاندلسی 384ھ ص 66۔
46. تہذیب الانساب ونہایۃ الاعقاب (عربی) تالیف ابی الحسن محمد ص 27-273
47. الفخری فی انساب الطالبین (عربی) تالیف السیّد عزیز الدین ابے طالب ص 16-165
48. عمدۃ الطالب فی نسب ال ابی طالب تالیف الشریف جمال الدین احمد ص 632۔
49. تھذیب الالباب فی الانساب للعلامہ الجلیل الشیخ ابی الحسن الشریف بن محمد طاہر الفتونی متوفی 1138ھ ص 89
50. منبع الانساب (فارسی) تصنیف حضرت سیّد معین الحق جھونسوی قدس سرہ 1426ء ص 103
51. سفرنامہ ابن بطوطہ (عربی) 756ھ مترجم خان بہادر مولوی محمد حسین، مشتاق بک کارنر لاہور
52. مرات مسعودی فارسی تالیف حضرت عبدالرحمٰن چشتی علویؒ (1074ھ) صفحہ 7۔
53. مرات الاسرار (فارسی) تالیف حضرت عبدالرحمٰن چشتی علوی (1045ھ۔1065ھ) کتابخانہ گنج بخش مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان صفحہ 142۔
54. تاریخ فیروز شاہی فارسی تالیف ضیاء الدین برنی
55. نزھۃ الخواطر (عربی) تالیف سیّد عبدالحی الحسینی طبع 1341ھ ص 80
56. بحر الانساب عربی العلامہ النسابہ السیّد محمد بن احمد بن عمید الدین الحسینی النجفی المدنیۃ المنورۃ ص 245۔
57. بحر الانساب عربی تالیف محمد جعفر مکی 891ھ کتب خانہ راجہ نور محمد نظامی بھوئی گاڑ حطار حسن ابدال
58. نسب قریش (عربی) تالیف لابی عبداللہ المصعب بن عبداللہ بن المصب الزبیری صفحہ نمبر 77
59. طبقات ابن سعد حصہ اوّل ص 245۔
60. البدایہ والنھایہ تاریخ ابن کثیر جلد دوم ص 386-87
61. البدایہ والنھایہ تاریخ ابن کثیر جلد چہارم حصہ ہشتم ص 627
62. غازیان صف شکن تالیف محمد طاہر نقاش دار الابلاغ ڈسٹری بیوٹرز لاہور ص 94۔
63. تاریخ بیہقی جلد اوّل تالیف ابوالفضل محمد بن حسین بیہقی ص 57۔
64. تاریخ علوی اعوان مولف محبت حسین اعوان ادارہ تحقیق الاعوان پاکستان کراچی ایڈیشن 1999 ص 291۔
65. تاریخ ابن خلدون جلد پنجم ص 252
66. کتاب المعقبین از ابی الحسین یحیٰی تحقیق محمد الکاظم طبع قم ایران ص 72
67. بحر الانساب عربی العلامہ النسابہ السیّد محمد بن احمد بن عمید الدین الحسینی النجفی المدنیۃ المنورۃ ص 245۔
68. نسب قریش (عربی) تالیف لابی عبداللہ المصعب بن عبداللہ بن المصب الزبیری صفحہ نمبر 77
69. تہذیب الانساب ونہایۃ الاعقاب (عربی) تالیف ابی الحسن محمد ص 272-273
70. منبع الانساب (فارسی) تصنیف حضرت سیّد معین الحق جھونسوی قدس سرہ 1426ء (800 ھجری تقریبا) ص 100
71. نسب قریش (عربی) تالیف لابی عبداللہ المصعب بن عبداللہ بن المصب الزبیری صفحہ نمبر 77
72. تاریخ علوی تالیف مولوی حیدر علی 1896ء
73. تاریخ حیدری تالیف مولوی حیدر علی 1922ء
74. تحقیق الاعوان تالیف محمد خواص خان گولڑہ 1966ء
75. منبع الانساب (فارسی) تصنیف حضرت سیّد معین الحق جھونسوی قدس سرہ 1426ء ص 103-04
76. تذکرۃ السادات بحر الجمان تالیف سیّد محبوب شاہ داتا مانسہرہ 1917ء

77. کتاب مستطاب آئینہ الاعوان از سیّد محمد شاہ نسب دان گوڑی سیداں ہٹیاں دوپٹہ کشمیر
78. تحقیق الاعوان از محمد خواص خان گولڑہ 1966ء مانسہرہ ص 156
79. تاریخ علوی اعوان از محبت حسین اعوان ایڈیشن 1999 ص 347
80. تحقیق الانساب جلد دوم از محمد کریم خان اعوان 2007ء ص 303
81. تاریخ بیہقی جلد اوّل تالیف ابوالفضل محمد بن حسین بیہقی ص 57
82. منبع الانساب تصنیف حضرت سیّد معین الحق جھونسوی قدس سرہ 1426ء ص 103-04 و ترجمہ 363-64
83. نسب قریش (عربی) تالیف لابی عبداللہ المصعب الزبیری (156۔236ھ) صفحہ نمبر 77
84. تحقیق الانساب جلد اوّل از محمد کریم خان اعوان ص 70
85. تحقیق الانساب جلد دوم از محمد کریم خان اعوان ص 46و575
86. مرات مسعودی فارسی تالیف عبدالرحمٰن چشتی ص 72-73
87. مرات مسعودی فارسی تالیف عبدالرحمٰن چشتی ص 43
88. مرات الاسرار فارسی از عبدالرحمٰن چشتی ص 144
89. تاریخ فرشتہ از محمد قاسم فرشتہ ص 127
90. سلطان الشہداء از انجینئر سمیع الدین
91. راج ترنگنی تالیف پنڈت کلہن 1148ء ترجمہ ٹھاکر اچھر چند شاہپوریہ ص 416
92. راج ترنگنی تالیف پنڈت کلہن 1148ء ترجمہ ٹھاکر اچھر چند شاہپوریہ ص 502
93. مرات مسعودی فارسی داستان چہارم از عبدالرحمٰن چشتی
94. مرات الاسرار فارسی از عبدالرحمٰن چشتی ص 152
95. سلطان الشہداء از انجینئر سمیع الدین
96. سلطان الشہداء از انجینئر سمیع الدین
97. مرات الاسرار فارسی از عبدالرحمٰن چشتی
98. منبع الانساب (فارسی) تصنیف حضرت سیّد معین الحق جھونسوی قدس سرہ 1426ء ص 103
99. مرات الاسرار فارسی از عبدالرحمٰن چشتی ص 142
100. تاریخ فیروز شاہی از ضیاء الدین برنی
101. سفرنامہ ابن بطوطہ (عربی) 756ھ مترجم خان بہادر مولوی محمد حسین، مشتاق بک کارنر لاہور ص 206
102. سفرنامہ ابن بطوطہ (عربی) 756ھ مترجم خان بہادر مولوی محمد حسین، مشتاق بک کارنر لاہور ص 206
103. سلطان الشہداء انجینئر سمیع الدین ص 171
104. مرات الاسرار اردو ترجمہ کپتان واحد بخش سیال ص 450
105. سلطان الشہداء انجینئر سمیع الدین ص 162
106. تاریخ کشمیر جلد سوم و چہارم از سید محمود آزاد سال طباعت مارچ 1992 ص 144
107. تاریخ کشمیر جلد سوم و چہارم از سید محمود آزاد سال طباعت مارچ 1992 ص 110
108. کتاب میجر محمد اکرم شہید نشان حیدر GHQ راولپنڈی جون 1980
109. تحقیق الانساب از محمد کریم خان اعوان جلد اوّل ص 252 و جلد دوم ص 362-65

نام کتاب:	مرات مسعودی فارسی
تالیف:	حضرت عبدالرحمٰن چشتی علوی (1005ھ تا 1094ھ)
ترجمہ، تحقیق وترتیب:	محمد کریم خان اعوان
نظر ثانی:	پروفیسر فضیل ہاشمی مظفر آباد، مولوی نعمت اللہ قندوز افغانستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد اللہ رب العالمین عالم الغیب وہو بکل شی محیط۔ سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو مرتبہ کمال تک پہنچانے والا ہے سارے جہانوں کا جو عالم الغیب ہے اسے ہر شے پر مکمل دسترس حاصل ہے۔ اللہ تعالیٰ کمال مہربانی سے ایسا خوش ہوا کہ اپنی توحید کے جوہر کو محمد ﷺ پر روشن کیا اور وہ حقیقت محمد ﷺ تمام ناموں اور صفات کی جامع تھی اور عالم واحدیت بصورت مظہر آشکار ہوئی۔ اسی قرب الٰہی میں اس ذات مطلق سے یہ خطاب مقید ملا۔ وفا ارسلناک الا رحمۃ للعالمین۔ اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو، مگر سراپا رحمت بنا کر سارے جہانوں کے لیے۔ اور درود وسلام ہو آپ ﷺ پر آپ ﷺ کی آل اولاد اور اصحاب کرام پر سبحان اللہ! وہ ذات پاک احمد ﷺ کہ تمام جہانوں پر رحمت ہیں بلکہ ان کا وجود پاک تمام عالم اور (ق/1) آدم علیہ السلام کے پیدا کرنے کا سبب بنا۔ چنانچہ ارشاد پاک ہے ۔ لولاک لما خلقت الافلاک ترجمہ: اگر آپ ﷺ نہ ہوتے تو میں آسمانوں کو بھی پیدا نہ کرتا۔ حضور بنی کریم ﷺ کا فرمان عالیشان ہے:۔ قال النبی ﷺ ان اللہ اکرم الشھداء بخمس کرامات کم یکرم بھا احد ولا انا یعنی اللہ تعالیٰ نے شہداء کو پانچ کرامات میں برتری عطا فرمائی جو کسی اور کو دی نہ مجھے۔ احد ھا ان ارواح جمیع الانبیاء یقبضھا ملک الموت وارواح الشھدا یقبضھا اللہ تعالیٰ ۔ اوّل یہ کہ سب انبیاء علیہ السلام کی روحیں موت کا فرشتہ قبض کرتا ہے اور شہداء کی روح اللہ تعالیٰ خود کرتا ہے۔ الثانی ان جمیع الانبیاء یغسلون بعد موتہم وانا کذلک یقال والشھداء یغسلون دوئم یہ کہ سب (ق/2) انبیاء علیہ السلام کو موت کے بعد غسل دیا جاتا ہے مجھ کو بھی دیا جائے گا جب کہ شہداء کو غسل نہیں دیا جاتا۔ والثالث ان جمیع الانبیاء یکفنون وانا کذلک والشھد الا یکفنون ۔ سوئم یہ کہ تمام انبیاء علیہ السلام کو کفن دیا گیا اور مجھ کو بھی دیا جائے گا لیکن شہداء کو کفن نہیں دیا جاتا۔ والرابع یسمون الانبیاء بالموتی وانا کذلک یقال مات محمد والشھد الا یسمون بالموتی بل یقال احیاء۔ چہارم یہ کہ سب انبیاء علیہ السلام کو مرنے کے بعد مردہ کہا جاتا ہے اسی طرح مجھکو بھی اور شہداء

کو مردہ نہ نہیں کہیں گے بلکہ وہ زندہ ہیں۔ الخامس ان الانبیاء یشفعون یوم القیامۃ وانا کذلک والشھدا یشفعون کل یوم و یوم القیامۃ ۔ پنجم یہ کہ انبیاء علیہ السلام قیامت کے دن شفاعت کریں گے اور میں (محمد ﷺ) بھی شفاعت کروں گا لیکن شہداء ہر روز شفاعت کرتے ہیں اور قیامت کے دن بھی کریں گے یہ مقام لائق غور وفہم ہے کہ (ق/3) اللہ تعالیٰ کے ہاں مرتبہ شہادت بلند وعظیم تر ہے۔

چنانچہ کلام قدسی ہے من قتل نفسہ فانا دیتہ یعنی جس شخص نے نفس کشی کی اس کا اجر میں دیتا ہوں ۔ جب شہداء کرام پر اللہ تعالیٰ کی اس قدر عنایات ہوں تو انبیا علیہ السلام کو حسرت کیوں نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں کوئی رتبہ شہادت کے مرتبہ سے بلند تر نہیں اسی وجہ سے یہ درجہ نعمت خاندان رسالت ﷺ کے حصہ میں آیا۔ حضور نبی کریم ﷺ کے چچا حضرت امیر حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو سردار آزمودہ تمام جنگ کے تھے نے حسب ارشاد ومارمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمی جام شہادت نوش فرماتے ہوئے عظیم ایشان رتبہ پر متمکن ہوئے جسے زوال نہیں بعد ازاں اسد اللہ الغالب علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ شریعت اور طریقت کی راہ بتلانے والے اور سرکردہ صاحبان حقیقت تھے نے جام (ق/4) شہادت نوش کر کے سقٰھم ربھم شرابا طھورا سے سیراب ہوئے اور دوست کے ساتھ اخلاص ودستی ومحبت کا فیض عطا کرتے ہیں اور قیامت تک رہے گا اور احوال نور العین اسد اللہ الغالب حسنؓ اور حسینؓ مرتضٰی آفتاب کی طرح روشن ہیں کہ اپنی محبوب جان راہ خدا مطابق فرمان الٰہی لن تنالو البر حتی تنفقوا مما تحبون ۔ ہرگز نہ پاسکو گے تم کامل نیکی (کا رتبہ) جب تک نہ خرچ کرو (راہ خدا) میں ان چیزوں سے جن کو تم عزیز رکھتے ہو۔ تمام اماموں نے اپنے اباؤ اجداد کے طریقہ کے مطابق اپنے جانوں کے نذرانے اللہ تعالیٰ کی راہ میں قربان کیں۔ اسد اللہ الغالب کو حق تعالیٰ نے اٹھارہ بیٹے اور بقول چودہ بیٹے عطا فرمائے ان جو ہر وقت محبت حق تعالیٰ میں پروانوں کی طرح جان قربان کرنا چاہتے تھے خصوصاً محمد حنفیہؒ اور عباسؒ بن علیؓ کو امیر حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عجب عشق تھا کہ جنگ کربلا میں جب تک عباسؒ بن علیؓ زندہ رہے کوئی بھی (ق/5) منافقین کی جانب سے امیر حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف نظر نہیں کر سکتا تھا چنانچہ انہوں نے بہت سے منافقین کو قتل کر کے جام شہادت نوش فرمایا۔ امیر حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس وقت فرمایا! اب میری کمر ٹوٹ گئی۔ چنانچہ روضۃ الشھداء میں تفصیل سے درج ہے کہ بعد از شہادت امیر حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ مختار نے محمد حنفیہؒ غازی کی نیابت میں جانثاری دکھائی جو تمام عالم پر ظاہر ہے شرح اس کی کہاں تک لکھی جائے لیکن ثمرہ اس جانثاری کا ساری دنیا پر ظاہر ہوا۔ حق تعالیٰ نے سالار مسعودؒ کو از صلب آفتاب لازوال سے پیدا کیا کہ تمام عالم وعالمیان ان کی نور ولایت سے منور ہیں۔ اور محمد حنفیہ غازیؒ کو خود امام المشارق والمغارب اسد اللہ

الغالب علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ نے علم ظاہری و باطنی، جوانمردی و سپہ گری کی تعلیم و تربیت (ق/6) کی اور ایک خرقہ خود نیز معہ اونٹ (گھوڑا)، خنجر اور تلوار ذوالفقار عطا فرمائی تھی۔

چنانچہ فضائل وکرامات محمد حنفیہ غازیؒ کتب تاریخ میں مکرر ذکر کیا ہے اور بروایت امیر حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی نیز خرقہ خلافت عطا کیا تھا۔ الغرض محمد حنفیہ غازیؒ کے دو بیٹے تھے بڑے بیٹا عبدالمنان 1(علی عبدالمناف) وچھوٹے فرزند عبدالفتاح خواجہ احمد یسویؒ پیر ترکستان عبدالفتاح کی اولاد سے تھے اور سالار مسعودؒ نے ہندوستان کو منور کیا از اولاد عبدالمنان 1(علی عبدالمناف) ہیں۔ چنانچہ شجرہ انساب سالار مسعود غازی لکھا جاتا ہے۔ سالار مسعود غازیؒ 2(قطب شاہی علوی اعوان) بن سالار ساہو غازی بن عطااللہ غازی بن طاہر غازی بن طیب غازی بن محمد غازی بن عمر غازی بن ملک آصف غازی بن بطل غازی 2(عون قطب غازی جداعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان) بن عبدالمنان غازی (علی عبدالمناف) بن محمد حنفیہ (محمد الاکبرؒ) بن اسد اللہ الغالب علی (ق/7) ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ۔ اور سالار مسعود غازیؒ کو خرقہ ارادت وخلافت اپنے باپ دادا سے پہنچا ہے۔ اور سالار مسعودؒ کی ماں کا نام ستر معلیٰ تھا جو سلطان محمود بن سبکتگین کی ہمشیرہ تھیں۔ جب سبکتگین گردش زمانہ کی وجہ سے چھوٹی عمر میں مغلوں کے ہاتھوں گرفتار رہوا۔ الپ تگین جو والی سلاطین آل سامان تھا نے اسے (مغلوں سے) خرید لیا۔ اس وجہ سے بعض مورخین ان کے حق میں غیر مناسب لکھتے ہیں لیکن مصنف تاریخ جہاں آرا ان کا سلسلہ نسب یزجرد بن شہریار بن خسرو بن ہرمز بن نوشیروان کسریٰ سے ملاتا ہے میر سانداور روضۃ الشہداء کا مصنف کتاب کے آخر میں جہاں کہ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تعداد (شہداء کربلا) درج ہے اس جگہ سلطان محمود بن سبکتگین (ق/8,) کو امام حسنؓ بن علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی اولاد لکھتا ہے دونوں روایات مقبول ہیں۔ سبحان اللہ اس قسم کی بلند ہمتی بہادری اور راہ حق میں اللہ تعالیٰ کی محبت میں سالار مسعود ہی جان قربان کر سکتے ہیں اور وہ اسد اللہ الغالب کے خاندان کے علاوہ کسی دوسرے کے لئے کرنا ممکن نہیں۔ بعد از آئمہ معصومین رضوان اللہ تعالیٰ علہیم اجمعین یہ دونوں جہاں کی نعمتیں جو اللہ تعالیٰ سبحانہ کی خصوصی عطائیگی اور جملہ اصلاح حق سالار مسعود غازیؒ پر تمام روشن ہوئے کہ آج تک ان کی کرامات وخوارق وعادات کے ثمرات ہر خاص وعام تک پہنچے ہیں جو ان کے ولی ہونے پر ایمان لاتے ہیں۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے ولا تقولو لمن یقتل فی سبیل اللہ اموات بل احیاء ولکن لا تشعرون یعنی اور نہ کہا کرو انہیں جو قتل کئے گئے ہیں اللہ کی راہ میں کہ وہ مردہ نہیں بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تم (اسے) سمجھ نہیں سکتے (البقرہ 154)۔ یہاں رغبت دلائی گئی ہے۔ شعر

زندہ نہ انست کہ جانی درواست | اوست کہ از عشق نشانی درواست (ق/9)

وہ زندہ نہیں ہے کہ جس میں جان ہے۔ وہی ہے کہ عشق خدا میں کوئی نشان اس میں ہے

بعد اس کے عرض یہ ہے کہ حقیر الفقیر عبدالرحمٰن چشتی کہ کمترین اعتقادمندان میں سے ہے کہ محبوب رب العالمین دین و دنیا میں فیض پہنچانے والے اور اہل یقین لوگوں کے حلقہ کے بڑے سردار وحضرت معبود سلطان الشہداء سالار مسعود قدس سرہ ہیں اس نامراد کی ابتدائی زمانہ ہی سے حلقہ محبت و بندگی آستانہ متبرکہ ومطہرہ سلطان الشہداءؒ سے تھی جب کہ لوگ احوال پیدائش وتشریف آوری آنحضرت ملک ہندوستان اور واقعہ شہادت اکثر آدمی مختلف طریقہ سے بیان کرتے تھے اور تاریخ کی معروف کتابوں میں سے بھی کچھ نہ ملا۔ ہمیشہ سے اس بات کا تجسس رہا کہ اصل صورت حال معلوم ہو آخر طویل کوشش کے بعد کتاب تاریخ کہنہ تصنیف (ق/10) ملا احمد (محمدؒ) غزنوی مل گئی۔ ملاؒ مذکور سلطان محمود سبکتگین کے ملازم تھے آخری عمر سالار ساہوؒ اور سلطان مالشہداءؒ کی خدمت میں بسر کی۔ سلطان الشہداءؒ کے شہید ہونے کے بعد وفات پائی۔ الغرض تاریخ مذکور ابتداء سے انتہا تک مطالعہ کرنے کے بعد محظوظ ہوا اور شبہات دور ہوئے چونکہ کتاب بہت طولانی یعنی دراز تھی اکثر سلطان محمود غزنویؒ اور سالار ساہوؒ کی جنگوں کا حال درج تھا اور جگہ جگہ تقریباً سلطان الشہداءؒ کا ذکر بھی تھا کتاب کا خاتمہ واقعہ شہادت سلطان الشہداءؒ سالار مسعودؒ پر کیا گیا تھا۔ سلطان الشہداءؒ اور ان کے آستانہ متبرکہ پر اعتقاد رکھنے والے بعض ساتھیوں کی جانب سے اس فقیر (ق/11) کو فرمائش کرتے ہوئے تاکید کی کہ قصہ سلطان محمود غزنویؒ سے کچھ غرض نہ ہے بہتر یہ ہے کہ سلطان الشہداءؒ کے احوال کا انتخاب کرتے ہوئے الگ لکھا جائے اور میری بھی یہی خواہش تھی لیکن باطنی اشارہ کے فیض کے بغیر نہیں لکھ سکتا تھا۔ آخر اس کتاب کے لئے مواد جمع کرنے کے لئے استخارہ کیا تین رات کے بعد آخر میں حضورؒ کو اس معاملہ میں دیکھا از کمال مہربانی کے زبان مبارک سے اجازت فرمائی اس کے بعد فقیر نے وقت پا کر گزارش کی کہ بندہ حسب الحکم آنحضرت لکھنے کا آغاز کرتا ہے لیکن جہاں کلام میں اوپر یا نیچے، کمی وبیشی واقع ہو اس جگہ بندہ کو اشارہ ہو جائے۔ بندہ (ق/12) نوازی کمال مہربانی کرتے ہوئے فرمایا کہ لکھیں میں آپ کو خبردار کرتا رہوں گا۔ حاصل کلام یہ کہ سلطان الشہداءؒ کے باطنی حکم پر بیان واقعی تحریر کرتے ہوئے اس بیان روح افزا کو ''مرات مسعودی'' نام رکھا۔ اللہ تعالیٰ اس کے پڑھنے والوں کو مسعود یعنی نیک بخت بنائے۔ مناجات فقیر یہ ہیں:۔

بحق کاشف اسرار مرداں | الٰہی عاقبت محمود گراں

مردان حق کے اسرار کو کھولنے والے کے صدقے سے الٰہی انجام ہمارا بہتر فرما۔ الغرض سلطان الشہداء کے

حالات وواقعات مذکورہ تاریخی کتب سے منتخب کرتے ہوئے پانچ داستانوں میں ذکر کیے گئے ہیں بعض احوال، اور کرامات سلطان الشہداءؒ جو معتبر کتب میں دیکھی گئیں اور زیادہ تر جو لوگ پاک دل تھے ان سے سنیں گئیں اور چیدہ چیدہ واقعات از عالم باطنی تحقیق کرتے ہوئے درج ہیں۔(ق/13)اللہ جل جلالہ سہو وخطا سے محظوظ رکھے۔ واللہ عالم بالحقیقت والصواب۔

حوالہ جات:

1	منبع الانساب (فارسی) تالیف سیّد معین الحق جھانسوی قدس سرہ (1426ء) اردو ترجمہ ڈاکٹر ساحل شاہسرامی سال اشاعت 2010ء ناشر مدرسہ فیضان مصطفٰے زہرہ باغ علی گڑھ ص 363
2	منبع الانساب (فارسی) تالیف سیّد معین الحق جھانسویؒ (1426ء) اردو ترجمہ ڈاکٹر ساحل شاہسرامی 2010ء ناشر مدرسہ فیضان مصطفٰے زہرہ باغ علی گڑھ ص 363 کے مطابق علی عبدالمناف کے فرزند عون قطب غازی (جداعلٰی قطب شاہی علوی اعوان) تھے۔ منبع الانساب کے مطابق آپؒ کا شجرہ نسب یوں ہے: ''سید سعید الدین سالار مسعود غازی بن سید ساہو غازی بن سید عطا اللہ غازی بن سید طاہر غازی بن سید طیب غازی بن ا۔ شاہ محمد غازی، ۲۔ شاہ احمد غازی بن سید شاہ غازی بن آصف غازی بن عون قطب غازی (جداعلٰی قطب شاہی علوی اعوان) بن علی عبدالمناف بن ابوالقاسم حضرت محمد حنفیہ بن حضرت علی کرم اللہ وجہہ''۔

داستان اوّل: بیان حسب الحکم سلطان محمود غزنویؒ، سالار ساہو پہلوان لشکر کا مظفر خان کی امداد کے لئے ہندوستان آنا اور مقام اجمیر میں سلطان الشہداءؒ کی پیدائش۔

داستان دوم: بیان سالار ساہوؒ اور سلطان الشہداء کی غزنی واپسی اور خواجہ احمد حسن میمندی کی بت سومنات کی وجہ سے سلطان الشہداءؒ سے دشمنی اور مخالفت۔

داستان سوم: بیان رخصت ہونا سلطان الشہداءؒ کا سلطان محمودؒ سے۔ ہندوستان کی جانب آنا، اور ملتان پہنچنا، اور فتح دہلی کرنا اور دریائے گنگا عبور(ق/14) کر کے سترکھ میں ٹھیرنا اور اطراف میں افواج کی تعیناتی۔

داستان چہارم: بیان سالار ساہوؒ کا سترکھ آنا اور سلطان الشہداءؒ کا بھڑائچ کی طرف متوجہ ہونا اور سالار ساہو کا سترکھ میں فوت ہونا اور سلطان الشہداءؒ کی بڑی جنگیں غارت کرنا کفار کو اور جام شہادت چکھنا بہڑائچ میں۔

داستان پنجم: بیان کرامات کا ظاہر ہونا بعد از شہادت سلطان الشہداء اور روضہ پاک کی تعمیر اور بعض احوال وکرامات محبوب رب العالمین۔

داستان اوّل:

بیان حسب الحکم سلطان محمود غزنوی(ق/15)، سالار ساہو پہلوان لشکر کا مظفر خان کی امداد کے لئے ہندوستان آنا اور مقام اجمیر میں سلطان الشہداءؒ کی پیدائش۔

سلطان محمود غازی نے جب ملک روم اور سب ممالک ایران اور توران وغیرہ اپنے دارلسلطنت میں لے آئے اور اس میں شریعت محمدی ﷺ جاری کر چکے تو تخت سلطنت پر جلوہ گر اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا انتظار میں تھا کہ فوراً ہی چار آدمی شتر سوار فریاد کرتے ہوئے ملک ہندوستان کی طرف سے نمودار ہوئے۔ اراکین سلطنت نے فوری طور پر سلطان کو خبر دی تو اس نے فوراً ان کو طلب کیا بعد از زمین بوسی عرض کی کہ مظفر خان کا ساتھی ہرمز تھا سلطان ابوالحسن جب بڑے لشکر کے ہمراہ آیا(ق/16) ہرمز کو مار ڈالا اور قریب تھا کہ مظفر خان کو بھی اس کے بیوی بچوں اور تمام آدمیوں کے قتل کر دے لیکن ناچار وہ تمام عزیزوں و رشتہ داروں کے ساتھ صحرا کی جانب چلا گیا اور کچھ سالوں سے اجمیر کے قلعہ میں رہ رہا ہے آج کل رائے بھیروں اور رائے سوم کرن اور دیگر اطراف کے چوالیس رایان اکٹھے ہو کر مظفر خان سے لڑائی کے لئے آئے ہیں اور مسلمانوں کو شہید کرنا چاہتے ہیں کیوں کہ ہر طرف کفر ہے اور سوائے عالم پناہ جناب والا کے اور کوئی دکھائی نہیں دیتا جو اہل اسلام کا معاون و ہمدرد ہو۔ سلطان نے فرمایا بے فکر رہو انشاء اللہ میں ہندوستان کے مسلمانوں کی مدد کروں گا۔ خواجہ احمد حسن میمندی جو کہ وزیر(ق/17) سلطان تھا پوچھا اس جگہ خطبہ کس کا پڑھا جاتا ہے؟ اس نے جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ کی تعریف کے بعد حضور نبی کریم ﷺ کی تعریف کے بعد خلفائے راشدین کا نام خطبہ میں لیا جاتا ہے۔ اس وقت جو سلطان نے مدد کا کہا ہے تو اب خطبہ میں سلطان محمود غزنوی کا نام بھی پڑھا جائے گا سلطان ان کلمات پر خوش ہوا۔ خواجہ احمد حسن میمندی سے فرمایا کہ ایک سردار تجویز کر کے حاضر کرو تا کہ اس کے ہمراہ لشکر کیا جائے طویل گفت وشنید کے بعد لشکر کی سرداری سالار ساہوؒ پہلوان نام کے نام مقرر ہوئی۔

کچھ امراء معتبر معہ سات ہزار سوار جنگی ماہر و آزمودہ کار ہمراہ سالار ساہوؒ(ق/18) کو رخصت فرمایا اور تلوار اور کمر خنجر خاص ساتھ نو عراقی گھوڑے عطا کیے اور دیگر امراء کو بھی خلعت اور گھوڑے دے کر سر بلند کیا وصیت فرمائی کہ میری خوشنودی میرے بھائی سالار ساہوؒ (قطب شاہی علوی اعوان) کی مرضی میں ہے بہر کیف راضی رکھنا اور ان کی خواہشات کے مطابق خدمات بجالانا۔ میرے بھائی سالار ساہوؒ مؤثر و مستعد اور نیک کردار اور مدبر اور سوج بوجھ کے مالک ہیں ہیں سوائے نیک کلمات خیر خواہی اور اچھے سلوک کے اور کچھ نہ ہونے پائے۔ الغرض 9 ذی الحجہ 401 ھجری کو سالار ساہوؒ لشکر آراستہ کے ساتھ قندھار سے اجمیر کے لئے متوجہ ہوئے۔(ق/19) سلطان ان ایّام میں غزنی سے قندھار تشریف فرما تھے چار شتر سوار آدمی جو مظفر خان کے پاس سے آئے تھے کی رہبری میں براستہ ٹھٹھہ اجمیر کے لیے روانہ ہوئے تین دنوں کے فاصلہ پر تھا جنگل بیابان طے کرتے کرتے ہوئے جب اجمیر تین دن ورات کی مسافت پر باقی رہ گیا تو انہیں (شتر سواروں) آگے مظفر خان کو خبر دینے کے لئے

بھیجااور خود نہر کے کنارے قیام فرمایا ساتھیوں میں سے ایک نے پہلوان لشکر سے آ کر التماس کیا کہ پہاڑ کے تلے زیر درخت نہر کے کنارے درویش تشریف فرما ہے جو راہ مہربانی سے آپ کا احوال معلوم کر رہے ہیں میرا جناب والا کو مشورہ ہے کہ ان کے حضور ملاقات کر لیں پہلوان لشکر کمال اخلاص اور عاجزی وانکساری کا اظہار کرتے ہوئے ملاقات کے لئے تشریف لے گئے (ق/20) درویش نے دیکھ کر فرمایا آؤ پدر سالار مسعود نیک ہستی سالار ساہو آداب خدمت بجالاتے ہوئے بیٹھ گئے درویش نے فرمایا اس سفر میں تمہیں دو نعمتیں میسر ہوں گی پہلی کفار پر کامیابی اور دوسری فرزند نرینہ۔ اور ایک تشت میں درویش نے پانی پیش کیا پہلوان لشکر کو اشارہ فرمایا کہ اس پانی سے وضو کر شکر الوضو ادا کرنے کے بعد دو رکعت نماز نفل ادا کریں ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد گیارہ بار سورہ اذا جانصر اللہ پڑیں سلام کے بعد سجدہ میں سات دفعہ سبوح قدوس ربنا ورب الملئکۃ والروح اور درود پاک تین بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے حاجت مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ فرزند مسعود قطب الوقت اور فتح عظیم (ق/21) میسر ہوگی۔ اس کے بعد فرمایا ہاتھ اس درخت کی جانب کیجئے جیسے ہی پہلوان لشکرؒ نے درخت کی سمت ہاتھ کیا ایک پھل ان کے ہاتھ میں آیا درویش نے کہا کہ اس پھل کو حفاظت سے رکھیو جب اہلیہ محترمہ غزنی سے یہاں آئیں تو آدھا میوہ اس کو دینا اور آدھا خود کھالینا ان ایام کے دوران اسی طرح کی اور بشارتیں بھی عالم غیب کے مردوں نے سالار ساہوؒ کو دیں چنانچہ تاریخ محمودی مفصل ذکر ہے کہ اس وقت خود کو اور ہی دنیا میں پایا اور ہر قسم کا ارادہ دل میں آتا اسی وقت پایہ تکمیل کو پہنچتا چنانچہ اکثر کتب میں ذکر ہے کہ جب عیسیٰ علیہ السلام، مریم علیہ السلام کے پیٹ میں تھے مریم علیہ السلام جس قسم کا ارادہ کرتیں اسی طرح ہو جاتا جب کبھی پھل دار درخت کے نیچے (ق/22) سے گزرتیں درخت از خود نیچے جھک جاتا تا کہ مریم علیہ السلام پھل تناول فرمائیں۔ سبحان اللہ! اس ماں کی شان جبیں کے کیا کہنے جس کے بطن میں شروع ہی سے مسعود جیسا ولی ہے۔ حاصل کلام یہ ہے کہ جب سالار ساہوؒ کے لشکر کے آنے کی خبر مظفر خان کو پہنچی تو بہت خوش ہوا شادیانے بجائے گئے اور کفار جو اطراف اجمیر محاصرہ کیے ہوئے تھے ہاتھ و پاؤں پیچھے کرتے ہوئے سب کے سب ایک جگہ جمع ہوئے کہ قرار پکڑیں اس طرف سے لشکر سلطان محمود غازی آ پہنچا ہے۔ دوسری جانب سے مظفر خان طاقتور دل کے ساتھ آتا ہے کہ دونوں لشکروں سے جنگ کرنا درست نہیں بہتر یہی ہے کہ فی الحال کنارہ ہو جائیں جب دونوں لشکر جمع ہو جائیں گے تو ایک جنگ کریں گے پس محاصرہ اجمیر کا چھوڑ کر کفار نے سات کوس کے فاصلہ پر کھوکھر پہاڑ (ق/ 23) کی آڑ میں ڈیرہ لگایا۔ بعد ازاں مظفر خان سالار ساہو کا استقبال کر کے پہلوان لشکر کو اجمیر لائے اور پیشکش کی کہ آپ قلعہ میں قیام فرمائیں سالار ساہو پہلوان لشکر نے اس امر کو قبول نہ کیا اور فرمایا میں آپ کی امداد کے لیے آیا ہوں یہ ٹھیک نہیں کہ آپ کے فرزندان قلعہ کے باہر آئیں اور میں اس جگہ ٹھہروں۔ پس سالار ساہوؒ نے حوض کے کنارے بھکر جو کفار کی عبادت گاہ تھی میں اس جگہ قیام فرمایا اور کچھ دن آرام کرنے کے بعد مظفر خان کی مشاورت سے کفار پر حملہ آور ہوئے انہوں نے بھی فوجیں تیار کیں اور سامنے آئے دونوں جانب سے جوان بہادر آئے تین روز تک میدان جنگ مقابلہ گرم رہا تیسرے روز نسیم فتح و فیروزی پہلوان لشکر کی طرف چلنی شروع ہوئی کفار سر (ق/24) پتھر پر پٹخ کر بھاگ گئے

لشکر اسلام نے چند فرسخ (تین میل) تک تعاقب کیا اور اکثر سرداران قتل ہوئے اور بعض گرفتار کر کے لائے گئے۔

اس دن پہلوان لشکر نے کفار کے ڈیرہ پر قیام فرمایا اور جو اہل اسلام شہادت کی ددولت سے سرفراز ہوئے انہیں سپرد خاک کیا اور کفار کے تمام اموال مال غنیمت اپنے لشکر کے آدمیوں میں بانٹ دیا اور دوسرے روز اجمیر کی جانب لوٹ گئے اور اجمیر کے قلعہ کے دروازے پر مسجد تعمیر کروائی جہاں سلطان محمود غازی کے نام کا خطبہ دیا جانے لگا۔ اور تمام حقیقت گذشتہ فتح کی مبارک باد سلطان کی خدمت میں درخواست بھیجی کہ اجمیر کے اطراف میں اکثر مقامات جو مظفر خان کے قبضہ میں نہ تھے وہ زیر قبضہ ہو چکے اور ان پر اہلکاران (ق/25) پہلوان لشکر ہر جگہ تعینات کر دیئے گئے ہیں اور اطراف سے خراج آنے لگا اور سرکشان بھاگ کر رائے جے پال والی قنوج کی پناہ میں جا چکے ہیں۔ قصہ مختصر جیسے ہی سالار ساہوؒ کی درخواست سلطان کی خدمت میں پہنچی فتح کی خوش خبری پا کر بہت مسرور ہوئے اور خلعت خاص اور کچھ عراقی گھوڑے مرحمت فرمائے ایک فرمان مہربانی سب کے لئے جاری فرمایا! کہ ریاست وفا کرنے والے بھائی (سالار ساہوؒ قطب شاہی علوی اعوان) کو مبارک ہو، اور یہ بھی لکھا تھا کہ والی قنوج رائے جے پال اگر اسلامی احکام کی تعمیل کر لے تو ٹھیک بصورت دیگر میں خود معہ لشکر جرار ایک مرتبہ ملک کی سیر آؤں گا اور ستر معلیٰؒ (ہمشیرہ سلطان محمود غزنویؒ زوجہ محترمہ سالار ساہوؒ قطب شاہی علوی اعوان) کو بھی حکم فرمایا کہ وہ خود اپنے شوہر کے پاس حاضر ہوں۔ ستر معلیٰؒ معہ خلعت خاص اور فرمان سلطان، اجمیر شریف پہنچیں تو سالار ساہوؒ کو نہایت خوشی ہوئی اور ان سے آرام پہنچا۔ (ق/26) اور بقدرت حق تعالیٰ سبحانہ اسی رات 9 شوال 404ھ ہجری سالار مسعودؒ والد کی پشت سے والدہ کے رحم میں آئے۔ 9 ماہ عیش وعشرت وسلامتی میں بسر ہوئے 10 ویں ماہ بتاریخ 21 شعبان 2 (رجب المرجب) 405ھ بروز اتوار سورج کی پہلی گھڑی سعد اکبر جہاں تاب کو سالار مسعودؒ پیدا ہوئے۔ حسن یوسف علیہ السلام نمک ابراہیم علیہ السلام اور نور محمدی ﷺ ان کی پیشانی پر چمکتا تھا۔ فوراً خوشی کے باجے بجنے لگے اور تین دن رات تک اجمیر کے گھر گھر کوچہ و بازار خوش تھے پہلوان لشکر نے اس خوشی کے موقع پر اپنی ہمت وبساط کے بشکل نقد اور جنس درویشوں، فقیروں اور دیگر طوائف قربان فرمائے اور چند روز تک باجمعیت (ق/27) ہر فرقہ اہل دنیا اور اہل آخرت نے مجلس ومحفل جشن آراستہ رکھا۔ چنانچہ صاحب تاریخ محمودی نے اس مقدمہ کا مفصل ذکر کیا ہے اس مختصر کتاب میں گنجائش نہ ہے۔ اس کے بعد نجومیوں کو حضور نے طلب فرمایا کہ فرزند مسعودؒ کا ستارہ معلوم کریں انہوں نے علم نجوم کی روشنی میں عرض کیا اس فرزند سعادت مند نے اوّل ساعت سورج میں جو سعد اکبر ہے مثل قطب فلک دنیا میں نزول کیا ہے دنیا فتح کرے گا اور مشرق سے مغرب تک یہ بچہ نام روشن کرے گا اور یہ بہت بہادر وغیور ہوگا اور کسی کو سرکشی کی جرات نہ ہوگی جب بلوغت کو پہنچے گا تو بادشاہ کے وزیر کی مخالفت ودشمنی ہوگی بعد اس کے جو ملک کسی مسلمان کے تصرف میں نہ آیا ہوگا یہ لائیں گے اور معاملہ (ق/28) دین میں نہایت ثابت قدم ہوگا یہ سن کر پہلوان لشکر خوشی سے باغ باغ ہوئے نجومیوں کو بہت سارے انعامات بخشش عطا کیے اور درخواست معہ حقیقت حال لکھ کر ہندی سوغات وتحائف سلطان کی خدمت میں بھجوائے سلطان خواہرزادے (بھانجے) کی ولادت پر بہت خوش ہوئے اور شاہی لباس

برائے پہلوان لشکر (سالار ساہوؒ قطب شاہی علوی اعوان) اور ستر معلیٰ اور سالار مسعودؒ (سلطان الشہداءؒ قطب شاہی علوی اعوان) عطا کیا حکم بدستخط خود جاری خصوصی مہربانیوں عنایات کا جاری فرمایا کہ ریاست ملک ہندوستان کی آپ کو معہ فرزند مبارک ہو۔ قنوج کے والی راجہ جے پال اگر اطاعت اسلام قبول کر لیں تو ٹھیک ورنہ ہمیں آگاہ کریں ہم خود ہندوستان آ کر خواہرزادہ سالار مسعود کی بھی زیارت کر لیں گے۔

پہلوان لشکر سے خواجہ احمد حسن میمندی ذاتی دشمنی تھی سلطان کی اس قدر برتری (ق ر29) وعنایات پر جل کر رہ گیا مگر بے سود۔ حاصل کلام یہ کہ سالار ساہوؒ نے رائے جے پال کو راہ راست پر آنے کی ہدایت کی مگر وہ نہ آیا طاقت کے نشہ میں صلح کی پیش کش کا لحاظ نہ رکھا بلکہ سرکشان نواح اجمیر جو بھاگ کر اس کے پاس پناہ گزین تھے اس جماعت کو ترغیب دیتا تھا کہ سلطان کے ملک تاخت وتارج کریں پہلوان لشکر نے اس کی کوتاہ اندیشی سے تنگ آ کر سلطان کی خدمت میں درخواست کی۔ سلطان نے چند دنوں کے بعد لشکر آراستہ کر کے متوجہ ہندوستان ہوا۔ سالار ساہو ومظفر خان نے لشکر ہا کے ساتھ خود استقبال کیا اور اوّل اسے اجمیر (ق ر30) میں لائے سالار مسعود کو بنظر کیمیاء اثر سلطان کو برائے پسندیدگی پیش کیا پیش کش کے بعد مختلف اقسام کے نقد وجنس سالا مسعود کو بخش دیے۔ اور جو چند دن اجمیر میں بسر کیے ایک لمحہ بھی سالار مسعودؒ کو اپنی نظروں سے جدا نہ کیا بعدازاں بھرپور غالب لشکر آراستہ کرتے ہوئے قنوج کی طرف متوجہ ہوئے پہلوان لشکر سالار ساہو (قطب شاہی علوی اعوان) اور مظفر خان کو مقدم (مقدمۃ الجیش) کر کے روانہ کیا۔ اوّل وہ متھرا میں آئے جو منبع کفر واہل ہند کی عبادت گاہ تھی اس کے بعد اس کے نواح واطراف میں ہر جگہ سرکش وباغیوں اور زمینداروں کو تباہ وبرباد کیا اور اس کے بعد راے جے پال والی قنوج پر حملہ کیا وہ مقابلہ کا حوصلہ نہ پاتے ہوئے (ق ر31) فرار ہوا۔ جیسا کہ یہ مقدمہ تاریخ روضۃ الصفا میں تفصیل سے درج ہے کہ جب سلطان محمود خوارزم کی مہم سے جب فارغ ہوئے جاڑے وسرما کا موسم قلعہ بُست اور سکنا آباد میں بسر کیا تا کہ محنت سفر سے آرام پا سکے۔ اور موسم بہار میں جب دن ورات یکساں ہوئے اپنے لشکر خاصہ کے ہمراہ روانہ ہوئے۔ بیس ہزار آدمی جو اقصاء (کنارہ) بلاد ماوراء النہر سے جہاد کی نیت سے انتظار میں تھے کہ سلطان قنوج کی جانب روانہ ہوں گے ارباب تاریخ میں مشہور ہے کہ قنوج میں کسی دوسرے ملک کے بادشاہ نے رخ نہیں کیا تھا مگر گستاسب جو اپنے زمانے کے بڑے بادشاہوں میں سے تھا جس کا ذکر حکایت ملک گیری اسفندیار میں درج ہے اور سکندر نامہ کی عبارت سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ سلطان سکندر رومی قنوج میں آیا تھا اور رائے کید و والی قنوج کی لڑکی کو پکڑ کر لے گیا تھا۔ لیکن امت حضور نبی کریم ﷺ (ق ر32) علیہ السلام میں سلطان محمودؒ سے پہلے کوئی اور بادشاہ قنوج تک نہیں آیا تھا غزنی سے قنوج تک تین مہینے کا راستہ ہے۔ حاصل کلام جب سلطان محمود نواح کشمیر پہنچا جو حاکم خدمت میں آئے انہیں ہراول سپاہی کے مقدمۃ الجیش یعنی ہراول دستہ راونہ کیا اہل اسلام وادیاں دیکھتے ہوئے اور سیر کرتے ہوئے اور سرکش زمینداروں کو تباہ وبرباد کرتے ہوئے ایسی جگہ پہنچے جہاں تمام اہل ہند کی عبادت گاہ تھی اس سے مراد شہر متھرا ہے جس کا کچھ ذکر پہلے ہو چکا اس جگہ عجیب وغریب عمارتیں نظر آئیں اس شہر کے کنارے پر جملہ مکانات کی

عمارات ایک ہزار تھیں جو سفید ونرم سنگ مرمر کی بنی ہوئی تھیں بت خانے کثیر تھے کہ شمار نہ کیے جا سکتے تھے سلطان محمود نے فرمان اشراف غزنی لکھا جس میں ذکر کیا کہ اس جگہ (ق ر33) اگر کوئی چاہیے کہ مثل ایسی عمارات بنانا شروع کرے تو بعد ایک لاکھ دینار صرف کرنے دوسو برس کے عرصہ کی کوشش چار سو ماہرین معمار میں بھی نہ تعمیر کر سکیں گے۔ ان سب بتوں میں پانچ بت ایسے تھے جو سونے کے سرخ ساختہ اور ہر ایک کی آنکھوں میں دو یاقوت لگے تھے اگر ان میں سے ایک سلطان کو پیش کیا جاتا تو وہ خوشی سے پچاس ہزار دینار میں خرید لیتا۔ دوسرے بت پر ایک اور ٹکڑا یاقوت کا اردگرد جڑے موتی چمکتے تھے جو چار سو مثقال 3 سونے کے برابر مالیت کا تھا بت کے پاؤں تک چار ہزار اور چار سو مثقال 3 سونا حاصل ہو سکتا تھا اور چاندی کے بت سو سے زائد تھے۔ پس سلطان نے فرمایا ان تمام بتوں کو نظر آتش کیا جائے خود قنوج کی جانب روانہ ہوا اور معظم (ق ر34) کہ کوئی چاہیے کہ مثل ایسی عمارات بنائی جائیں تو بعد ایک کروڑ دینار صرف کرنے اور چار سو ماہرین معمار دوسو برس میں بھی نہ تعمیر کر سکیں گے۔ جملہ بتوں میں پانچ بت ایسے تھے جو سونے کے سرخ ساختہ اور ہر ایک کی آنکھوں میں دو یاقوت لگے تھے اگر ان میں سے ایک سلطان کو پیش کیا جاتا تو وہ خوشی سے پچاس ہزار دینار میں خرید لیتا۔ دوسرے بت پر ایک اور ٹکڑا یاقوت کا اردگرد جڑے موتی چمکتے تھے جو چار سو مثقال 3 سونے کے برابر مالیت کا تھا بت کے پاؤں تک چار ہزار اور چار سو مثقال 3 سونا حاصل ہو سکتا تھا اور چاندی کے بت سو سے زائد تھے۔ ان تمام بتوں کو آگ لگانے کے احکامات دینے کے بعد سلطان بجانت قنوج روانہ ہوئے۔

اور سالار اعلیٰ (سالار ساہوؒ قطب شاہی علوی اعوان) نے اعوان 4 وانصار کی زیادہ فوج کو پیچھے چھوڑ دیا تا کہ رائے جے پال لشکر کی تعداد کم دیکھ کر ثابت قدم رہے شکست وعار نہ سمجھے کیونکہ وہ مقام شروع ملک ہندوستان تھا۔ سلطان نے جس قلعہ اور قصبہ پر یلغار کی اسے تباہ وبرباد کیا۔ رائے جے پال کو جب سلطان کی آمد کی اطلاع ہوئی بغیر جنگ کیے کنارہ کش ہو کر باہر آیا۔ سلطان 18 شعبان 405ھ کو قنوج پہنچا سات قلعے دریا کے کنارے دیکھے ان میں سے ہر ایک قلعہ آسمان کی بلندی کے برابر ہونے کا دعویٰ کرتا ہے اس جگہ دس ہزار مندر پائے اور اعتقاد ہندوؤں کا عروج پر پایا، مندر کی عمارات پر تین لاکھ سال گزشتہ تاریخ درج ہے حاصل کلام یہ کہ رائے جے پال محافظوں کے ہمراہ چھپا گرفتار ہوا اہل قلعہ جو گھیرے میں تھے (ق ر35) نے دروزاہ سے سرکشی ظاہر کی لیکن سلطان نے ایسی کوشش وتدبیر کی کہ ساتوں قلعے ایک ہی روز فتح کر لئے اور بے شمار لوگ قتل ہوئے اور بہت سامال غنیمت ملا بے شمار داخل سرکار خزانہ سلطانی ہوا۔ بعد اس کے رائے چندر پال کے قلعہ کی جانب متوجہ ہوئے اس کے ملک کی وسعت اور کثرت فوج کا ساتھی پڑوسی ودوسرے لوگ تمیز نہیں کر سکتے تھے۔ رائے قنوج کئی بار حملہ آور ہوا لیکن کامیاب نہ ہو سکا جب چندر پال نے لشکر اسلام دیکھا تو سب کچھ چھوڑ کر بحفاظت فرار ہو گیا لشکر سلطان نے پیچھا کیا بہت سامال اور بہت سے ہاتھی اور مال غنیمت ملا جیسے ہی چندر پال کا قلعہ سلطان کے کارندوں کے تصرف میں آیا (ق ر36) سلطان نے چندرائے کے قلعہ کی جانب رخ کیا کہ وہ بے خوف بہادر اور دلیر کے شہرت رکھتا تھا باوجود بڑا ملک بہت سے قیمتی خزانوں کے بھاگ گیا تین دن تک لشکر اسلام نے پیچھا کیا کفار قتل ہوئے اور مال اور ہتھیار ملے اور بے شمار ہاتھی ہاتھ آئے اور خزانہ چندرائے سے

مبلغ تین لاکھ دینار خزانہ سرکار سلطان میں آئے بہت سے قیدی غلام ولونڈیاں ہاتھ آئے کہ اب انہیں خریدنے کی حاجت نہ رہی جب سلطان بلاد ہندوستان سے غزنی پہنچے تو وہاں ایک بڑی جامع مسجد کی بنیاد ڈالی اور قریب اس کے عالی شان مدرسہ بنوایا اور بہترین کتابیں ہر علوم کی (ق ر 37) رکھوائیں جس سے لوگ مستفید ہوسکیں۔صاحب تاریخ محمودی لکھتے ہیں کہ جب سلطان نے ہندوستان کی مہم سے فراغت حاصل کی اور غزنی کی طرف واپس متوجہ ہونے لگے تو سالار ساہوؒ پہلوان لشکر (قطب شاہی علوی اعوان) نے سلطان کی خدمت میں عرض کی کہ وہ بھی ان کے ساتھ سعادت حاصل کریں سلطان نے فرمایا! اصل میں یہ ملک میرے بھائی (سالار ساہوؒ قطب شاہی علوی اعوان) کا ہے میں نے ریاست اس شہر کی آپ کی تسلیم کی۔لاہور کے نزدیک پہلوان لشکر (قطب شاہی علوی اعوان) کو خلعت خاص اور پندرہ عراقی گھوڑے عطا کرتے ہوئے رخصت فرمایا اور سالار مسعودؒ کے حق میں بھرپور توجہ و بے پناہ مہربانیاں فرمائیں۔مظفر خان کو بھی خلعت اور گھوڑے دے کر سر بلند کیا اور تاکید کی کہ پہلوان لشکر کے ساتھ جیسا کہ حق ہے خیال رکھیں۔الغرض پہلوان لشکر جب اجمیر پہنچے تو امیروں کو جابجا تسلی (ق ر 38) رعایا اور مظلوموں کی دادرسی کے لئے مقرر فرمایا۔

رائے جے پال کو اس پیش کش پر قنوج میں آباد کیا کہ ہر سال مقرر کردہ شرائط پر خراج ادا کرے اور خود شان وشوکت وعیش وعشرت سے اجمیر میں بیٹھ کر نیابت سلطان محمود رہ کر سلطنت ہندوستان کے امور انجام دینے میں مشغول ہوئے ۔بیٹا جو دل کا ٹکڑا تھا سے بے حد محبت تھی سالار مسعودؒ کی عمر مبارک جب چار برس چار مہینے اور چار روز ہوئی تو بسم اللہ کی رسم کے لئے حضرت میر سیّد ابراہیمؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور چند ہزار تنکہ (روپیہ) اور چار گھوڑے میر مذکور کو دیے اور کئی قسموں کے کھانے اور بخشش جو پیدائش کے وقت دیے تھے سے کئی زیادہ عطا کیے۔اللہ تعالیٰ نے انہیں علم لدنی دیا تھا نو سال کی عمر میں اکثر علوم (ق ر 39) ظاہری وباطنی ان پر روشن ہوئے دس سال کی عمر میں عبادت معبود اور کئی راتیں باطنی عبادت میں گذاری تھیں یہاں تک کہ چاشت سے قبل حجرہ مبارک سے باہر نہ آتے کہ یقین رکھنے والے درویش بھی ایسی ہی خواہش رکھتے۔چاشت کی نماز کی ادائیگی کے بعد باہر تشریف لاتے تھے باعمل علماء کرام اور کامل فقیروں کی صحبت میں رہتے تھے اور کھانا انہی کے ساتھ کھاتے تھے اور اس کے بعد قیلولہ فرماتے تھے۔نماز ظہر اکے بعد پھر دیوان خانہ آتے امراء اور بادشاہوں کے ہم عمر بیٹے آپ کے پاس حاضر رہتے اور نیز گھوڑے موجود ہوتے کبھی سیر وشکار کے لئے سوار ہوکر جاتے اور کبھی نیزہ بازی وتیراندازی کرتے اور کبھی چوگان بازی کرتے تھے مختصر یہ کہ طریقہ جہاد اکبر اور طریقہ جہاد اصغر اور جملہ امور (ق ر 40) سے آراستہ وآشنا تھے ہر قسم کی مجالس میں موضع تقریر میں دیگر امور اصطلاحی ایسے بیان کرتے کہ اہل مجلس محو حیرت رہ جاتے انداز تخاطب نہایت ہی عمدہ ہوتا سلطان الشہداءبڑے بہت بلند ہمت تھے اس زمانے کے لوگ انہیں حاتم ثانی کہتے تھے جو شخص بھی ان کی خدمت میں حاضر ہوتا ایسا ممکن نہ تھا کہ اسے کسی ایسی چیز نہ نوازیں خواہ گھوڑے تلوار، خنجر حسب حال آئندہ کوئی ایک شے ضرور دیتے۔ بزرگ نے کیا خوب کہا۔

ہر کہ صاحب ہمت آمد مرد شد ۔۔۔۔ ہمچو خورشید از بلندی فرد شد

جو بلند ہمت مرد کی طرح آیا اسی طرح جیسے سورج بلندی پر تنہا ہے یعنی اکیلا سورج پوری زمین کو روشنی سے منور کیے ہوئے ہے۔سلطان الشہداءؒ کا ظاہر وباطن دونوں صاف تھے باطنی صفائی و پاکیزگی سے ذکر الٰہی میں مصروف گناہوں سے پاک اور ہمیشہ وضو میں رہتے اور اکثر غسل کے بعد نماز ادا (ق ر 41) کرتے اور جس جگہ بیٹھتے اٹھتے بچھونا (چادر) پاک اور صاف رکھتے کپڑے عمدہ اور نفیس پہنتے عطریات اور پان کے پتے بہت دوست رکھتے تھے اور کئی ہزار نو جوانان فرشتہ صفت اور لائق خدمت میں رہتے ہر ایک انہی کی طرح ہوتا جو کوئی بھی آپؒ کی مجلس میں حاضر ہوتا حیران رہ جاتا کہ سلطان الشہداؒ آگاہی ہو جاتا اور جو کوئی سلطان الشہداؒ کا حسن یوسف علیہ السلام دیکھتا وہ ان کے حسن سلوک اور افعال پسندیدہ پر فریفتہ ہو جاتا عمر بھر اثر باقی رہتا مگر کوئی ریاکار ہی ہو جو ان کے ولی ہونے پر ایمان نہ رکھتا ہو آئمہ معصومین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے بعد جمال محمدی ﷺ انہی قسم کے اصحاب صفہؓ اور مردان غازیوں کی پیشانیوں پر نور روشن (ق ر 42) ہوتا ہے کہ جو شرک کرنے والوں کو توحید کی رہبری کرتا ہے

آنکس کہ جمال مصطفیٰ را ہید ۔۔۔۔ شک نیست کہ عالم صفاء اینڈ

انیست کمال مرد راہ یقین ۔۔۔۔ در ہر چہ نظر کند خدا را بنید

جس شخص نے جمال مصطفی ﷺ کو دیکھا شک نہیں کہ اس نے پاکیزہ دنیا کو دیکھا۔اہل یقین لوگ باکمال طریقہ پر ہوتے ہیں جس شے پر نظر کریں انہیں خدا ہی نظر آتا ہے۔واللہ اعلم بالحقیقت والصواب

حوالہ جات:

1	منبع الانساب (فارسی) تالیف سیّد معین الحق جھانسوی قدس سرہ (1426ء) اردو ترجمہ ڈاکٹر ساحل شاہسرامی سال اشاعت 2010ء علی گڑھ کے ص 363 و 364 کے مطابق سالار ساہوؒ عون عرف قطب غازی (قطب شاہی علوی اعوان) بن علی عبد المناف بن حضرت محمد حنفیہؒ تھے
2	نسخہ قطب شاہی علوی اعوان میں سالار مسعود غازیؒ کے پیدائش سہواً 21 شعبان درج ہونا پایا جاتا ہے۔ 9 شوال 404ھ کو والد کی پشت سے والدہ کے رحم میں آئے اور نو ماہ بعد پیدائش ہونا درج ہے اس طرح 21 رجب 405ھ ہی درست ہے نیز فارسی نسخہ نمبر 376 اور نسخہ ہذا کے آخر میں بھی 21 رجب درج ہے
3	فرہنگ فارسی دارالاشاعت کے مطابق ایک مثقال ساڑھے چار ماشے کے برابر ہوتا ہے اس طرح 400 مثقال 150 تولہ سونا، 4400 مثقال 1650 تولہ سونا کی مالیت کے برابر ہیں
4	معظم سپہ سالار ساہوؒ (قطب شاہی علوی اعوان) نے ''اعوان'' وانصار کی بہت بڑی فوج کو پیچھے رہنے دیا تا کہ رائے جے پال لشکر کی تعداد زیادہ دیکھ کر بھاگ نہ جائے۔قدیم شجر ہائے نسب اور تاریخی کتب کے مطابق ''اعوان'' کا خطاب سلطان محمود غزنوی نے (سالار ساہوؒ، سالار قطب حیدرؒ، سالار سیف الدینؒ اور سالار مسعود غازیؒ وغیرہ کو) دیا تھا کہ آپ نسبی بھی اعوان ہیں اور جہاد ہند میں بھی آپؒ نے میری مدد کی ''اعوان'' کی واحد ''عون'' عربی لفظ ہے جس کے معنی مدد۔کمک۔معاونت۔مددگار کے ہیں

داستان دوم:

بیان سالار ساہوؒ اور سالار مسعود کی غزنی واپسی اور خواجہ احمد حسن میمندی کی بت سومنات کی وجہ سے سالار مسعودؒ سے دشمنی اور مخالفت۔

جب پہلوان لشکر[1] (سالار ساہوؒ قطب شاہی علوی اعوان) دس سال تک ہندوستان کے بیشتر ممالک پر قبضہ کر چکے اور کفار کے تمام تفرقات سے دلی تسلی ہوئی مثل اس کے بغیر تکلیف کے خراج آنا شروع ہو گیا اور ان دنوں سلطان محمود ملک خراسان میں تشریف فرما تھے سرکشان دامن کوہ متفق ہوئے کہ نواحی (ق/43) کاہیلر تباہ و برباد کر دیں تو ملک چھجو حاکم کاہیلر نے حقیقت حال کی عرضداشت سلطان کی خدمت میں ارسال کی جیسے ہی عرضداشت سلطان تک پہنچی تو شاہی فرمان حکم بنام پہلوان لشکر[1] (قطب شاہی علوی اعوان) جاری فرمایا کہ آدھا لشکر اجمیر کے باشندوں کی حفاظت کے لیے چھوڑ کر خود آدھا لشکر جنگ لے کر متوجہ کاہیلر ہوں اور کفار کو ایسی سزا دیں کہ دوبا بغاوت نہ کر سکیں میں ابھی ایک مہم میں برسر پیکار ہوں بصورت دیگر میں خود آتا۔ کاہیلر کوہ دامن کشمیر میں واقع ہے اس جگہ ایک بڑا قلعہ درمیان میں تھا جو رائے کلچند کے قبضہ میں تھا یہ راجہ کلچند فرعون وقت تھا اپنے ملک مال اور فوج کثیر ہونے کی وجہ سے مغرور تھا۔ سن سات (ق/44) چار سو یعنی 407 ھجری سلطان محمود قنوج کی جانب متوجہ ہوا اور جب وہ کشمیر کے آس پاس پہنچا تو کلچند کا قلعہ ہزار کوشش و مشکلات سے فتح کیا اور کارندے مقرر کیے چنانچہ واقعہ فتح یابی قلعہ مذکور اور ہلاک ہونا رائے کلچند ہمراہ پچاس ہزار مشرکین تاریخ روضۃ الصفا میں مفصل تحریر ہے اس مختصر کتاب میں تحریر کرنے کی گنجائش نہیں۔ القصہ پہلوان لشکر[1] (قطب شاہی علوی اعوان) اسی وقت میر سید ابراہیمؒ و مظفر خانؒ اور دیگر امراء جن پر اعتماد رکھتے تھے جو سرحدوں پر تھے سالار مسعودؒ کی خدمت میں چھوڑ کر خود بدولت و اقبال متواتر متوجہ کاہیلر ہوئے۔ کفار بے شمار اکٹھے تھے کاہیلر کے اطراف خاکستر کر دیا تھا ملک چھجو طاقت (ق/45) جنگ میں مقابلہ کرنے کی طاقت نہ رکھنے کی وجہ سے کاہیلر کے قلعہ میں محصور ہو کر رہ گیا تھا کفار نے ملک میں غارت گری کر کے تباہی پھیلائی اور گھروں میں گھسنے لگے۔ کہ پہلوان لشکر[1] (قطب شاہی علوی اعوان) پہنچے اور مقابلہ ہوا ایک پہر تک جنگ ہوئی لشکر اسلام قوی ہوا کفار بے بس ہو کر بھاگ نکلے چالیس سردار گرفتار ہوئے اور چند ہزار کفار ہلاک ہوئے فتح عظیم ہوئی سالار ساہو نے کاہیلر آنے اور فتح عظیم کا خط لکھ کر سلطان (سلطان محمود غزنوی) کی خدمت میں ارسال کیا۔ سلطان بے حد خوش ہوئے اسی وقت فرمان خاص بدستخط خود جاری فرمایا کہ دیار کاہیلر سردار برادر (بھائی) کو جاگیر و انعام میں دیتا ہوں اس جگہ کو اپنے لیے وطن بنائیے جب پہلوان لشکر[1] کے لیے کاہیلر قیام کرنے کے لئے تجویز ہوا تو قاصدین اجمیر کی طرف برائے لانے سالار (ق/46) مسعودؒ روانہ ہوئے کہ میری آنکھوں کا نور نظر فرزند والدہ کے ہمراہ خود متوجہ حضورؒ ہوں اور ملک اجمیر میں جو امراء تعینات ہیں وہ جا بجا چھوڑتے آؤ۔ جب یہ قاصدین اجمیر پہنچے تو سلطان الشہداؒ خوشی سے باغ باغ ہوئے دوسرے دن معہ والدہ خود

اور ہزاروں ساتھیوں کے ہمراہ جو ستاروں اور چاند لازوال کی کی طرح تھے متوجہ کاہیلر ہوئے۔

منزل بہ منزل شکار کرتے ہوئے جب قصبہ راول (راولپنڈی) پہنچے سیوگن اور بشنوں جو خواجہ احمد حسن میمندی کے سالے زمیندار قصبہ مذکور تھے وہ سلطاسن الشہداءؒ کے استقبال کو آئے تھے اور گزارش کی کہ بندہ نوازی کرتے ہوئے اس غلام کے گھر قیام فرمائیں تاکہ تمام زمینداروں میں بندہ کی عزت ہو چونکہ دشمنی بدذات خواجہ احمد حسن میمندی (ق/47) کی وجہ سے سیوگن کی پیشانی پر نمایاں تھی سلطان الشہداءؒ نے کسی طور بھی منظور نہ کیا کہ وہ کافر دھوکہ دینے والا مردود چلا گیا ڈیرہ برسم مقررہ قصبہ کے باہر فرمایا پھر سیوگن نے عرض کی کہ خدمت گاروں کے لئے طعام حاضر ہے۔ سلطان الشہداؒ (قطب شاہی علوی اعوان) نے فرمایا! آئمہ اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین کے مذہب کے مطابق وہ ہندوؤں کا طعام نہیں کھاتے۔ پھر سیوگن نے عرض کیا آٹا، چاول و جملہ سامان طعام بندہ لے آتا ہے سرکاری باورچی کھانا تیار کر لیں گے چونکہ سیوگن کے اندر نفاق تھا یہ بھی قبول نہ کیا۔ صبح روانگی کے وقت سیوگن نے دو سو من شیرینی مختلف اقسام کی تیار کروائی مٹھائی اوّل درجہ سلطان الشہداءؒ کے لئے لایا تھا طعام زہر آلود تھا سلطان الشہداء (ق/48) نے نور ولائت سے معلوم کر لیا تھا (مٹھائی زہریلی ہے) مٹھائی باورچی کے حوالہ کرتے ہوئے زور دیا کہ کوئی شخص اس مٹھائی سے کچھ نہ کھائے۔ سیوگن کو سروپا دے کر بھیجا اور خود دوسری جگہ چلے گئے۔ ملک نیک بخت سے فرمایا سیوگن کی شیرینی پیش کریں جب شیرینی لائی گئی اور شکاری کتے بھی ان کے حضور پیش کیے گئے لائی ہوئی مٹھائی از قسم اوّل درجہ کتوں کو دی سب کتے زہر سے مر گئے زہریلی مٹھائی کھا کر۔ سلطان الشہداؒ نے حاضرین کی جانب رخ انور کرتے ہوئے خوش گفتار توحید سے فریفتہ ارشاد فرمایا کہ یہ کافر ذلیل مجھے عام ظاہر بین آدمی سمجھتا ہے۔ سلطان الشہداؒ کی یہ کرامت دیکھ کر سب حاضرین ہکا بکا رہ گئے اور منہ زمین پر رکھ کر ثناء خوانی کرنے لگے۔ ستر معلیٰ کو جب یہ خبر پہنچی تو زار زار رونے لگیں (ق/49) یا اللہ یہ کیسا قہر ہے خواجہ احمد حسن میمندی کے کہنے پر کافر ملعون نے مکاری کی۔ سلطان الشہداؒ کو پکڑ کر اپنے پاس لے کر بغل گیر ہوئیں اور بہت سے صدقات فقرا و مساکین کو عنایت فرمائے رات اسی جگہ رہے۔ سلطان الشہداءؒ نے صبح روانگی کے وقت والدہ کی خدمت میں عرض کی کہ آج کے دن یہاں پر ہی قیام فرمایئے شکار کی جگہ اچھی ہے شکار کر آتا ہوں ایسا ہی کیا گیا۔ سلطان الشہداء معہ چند ہزار نوجوانان نو عمر فرشتہ شکل اور جانثاروں شکار کے لئے قصبہ راول کی جانب گئے اور جاسوس مقرر کیے کہ سیوگن کی خبر لائیں کہ کیا کر رہا ہے۔ خود بدولت اقبال نزدیک (ق/50) قصبہ مذکور پہنچے تو جاسوسوں نے یہ خبر دی کہ سیوگن غسل کر کے بت پرستی میں مصروف ہے فوراً اسی جگہ سے گھوڑوں سے حملہ کیا کفار کو اس کی اطلاع ہوئی قصبہ سے باہر نکل آئے لڑائی کا آغاز کیا۔ جوانان جانباز تلواریں کھینچ کر ہر طرف سے پروانوں کی مانند کود پڑے کفار مقابلہ کی قوت نہ ہونے کی وجہ سے شکست کھا کر بھاگ گئے۔ غازیان نے ان کے سر گیند کی طرح اوڑا دیے یعنی گردنیں کاٹ دیں بہت سے کفار قتل ہوئے اور سیوگن ملعون کو زندہ قید کر کے سلطان الشہداءؒ کی خدمت میں

لائے۔ سلطان الشہداؒ نے فرمایا! اے سیوگن شیر کے بچوں سے دغابازی کرتا ہے نہیں جانتا کہ اولاد اسداللہ الغالب ہے؟۔ پھر حکم دیا! اس کافر کو معہ عورت اور بچہ باندھ کر لشکر میں لے جاؤ اور تمام شہر کو تباہ (ق/51) کرو۔

قصہ مختصر سیوگن کو معہ عورت اور بچہ باندھ کر کیمپ میں لائے۔ اوّل کرامت واوّل فتح سلطان الشہداؒ کی یہی ہوئی ستر معلیٰ نے حکم دیا خوشی کے باجے بجائیں بہت سے صدقات بہت سے دیے اور جملہ لشکریان سلطان الشہداءؒ کو گھوڑے اور شاہی لباس اور نقد رقم مرحمت فرمائی ان دنوں سلطان الشہداءؒ بارہ سال کے تھے۔ الغرض دوسرے دن واقعہ حال سلطان محمود کی خدمت میں التماس کرنے کے لئے قاصدین روانہ کیے اور خودشان وشوکت سے کاہیلر کی طرف پے در پے متوجہ ہوئے۔ القصہ سالار مسعود غازی کے قاصدین کے پہنچنے سے قبل ہی سیوگن کے بھائی نرائن نے حسن میمندی کے مشورہ سے سلطان (محمود) کی خدمت میں فریاد (ق/52) کی کہ بندہ کے بھائی سیوگن کو عورت اور بچہ کے سالا مسعودؒ باندھ کر قصبہ راول میں لوٹ مار کر گئے سلطان یہ سن کر حیران ہوئے اسی وقت سلطان الشہداءؒ کی عرضداشت پہنچی سیوگن کی بدخواہی ظاہر ہوئی۔ سلطان نے دستخط خاص سے سلطان الشہداءؒ کے لیے شاہی فرمان جاری کیا کہ آپ کی عرضداشت کی آمد سے قبل یہاں نرائن کے فرزند نے یہ اور طرح سے بیان کیا تھا مجرم پر خوب نظر رکھیں میں تحقیقات کے بعد اپنے حضور سزا دوں گا سلطان الشہداء بعد از مطالعہ فرمان شاہی بہت خوش ہوئے اور خواجہ احمد حسن میمندی کے گھر صف ماتم بچھ گیا پوشیدہ دشمنی ظاہر ہوئی۔ القصہ پہلوان لشکر1 (سالار ساہوؒ قطب شاہی علوی اعوان) کو جب یہ اطلاع ملی کہ (سلطان الشہداء سالار مسعودؒ فرزند سالار ساہوؒ) کاہیلر سے ایک کوس (چار ہزار گز) کے فاصلہ پر ہیں تو فرزند یوسف ثانی (ق/53) بمثل یعقوب علیہ السلام بے اختیار خود استقبال کو آئے۔ سلطان الشہداءؒ کی نظر جیسے ہی پہلوان لشکر1 پر پڑی تو گھوڑے سے اتر آئے اور آداب بندگی کے ساتھ قدم بوسی کے لئے متوجہ ہوئے۔ پہلوان لشکر1 نے بھی گھوڑے سے نیچے اتر کر اس محبوب رب العالمین کو پکڑ کر پہلو میں لیا بعد ازاں شاہی لباس پہنایا سر پر جگمگاتا ہوا تاج سجائے سونے کا کمر بند بندھا گھوڑا خاص برائے سواری مرحمت فرمایا پھر اہم دیگر خصوصی گفتگو کرتے ہوئے گھر روانہ ہوئے جس طرف بھی محبوب رب العالمین نگاہ کرتے تھے کچھ لوگ حسن یوسفیؑ دیکھ کر بے اختیار گر پڑتے اور جس کی بھی نظر ان پر پڑتی محو حیرت ہو جاتا جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام چوتھے آسمان سے نیچے آئے ہوں یا صاحب الزماں محمد مہدی علیہ السلام ظاہر میں تشریف لائے ہوں۔ کیا سبب ہے کہ بیٹے کی پیشانی پر نور چمکتا ہے کہ تمام دنیا پروانہ کی طرح جان نچھاور کرتا لیکن (ق/54) نہ سمجھتے تھے کہ چھپا ہوا خزانہ اس زیبائی سے آشکار ہو چکا ہے۔ چنانچہ ایک بڑے بزرگ فرماتے ہیں:۔

آن بادشاہ اعظم در بستہ بود محکم | پوشیدہ دلق آدم ناگاہ بر در آمد

اس بڑے بادشاہ نے مضبوطی سے دروازہ بند کیا مگر درویشی کا لباس پہن کر اچانک ایک آدمی دروازے پر آ گیا۔ عام آدمیوں کی ایسی پہنچ کہاں کہ ہو سکتی ہے کہ عالم بالا کے رہنے والوں کی تجلیات دیکھ کر محظوظ ہو سکی

مردمی باید کہ باشد شہ شناس | تا شناسد شاہ را در ہر لباس

آدمی کو چاہیے کہ وہ بادشاہ کو پہنچانے والا ہو، بادشاہ نے جیسا بھی لباس پہنا ہوا ہو ہر حال میں اسے پہچان سکے۔

حاصل کلام یہ کہ پہلوان لشکر1 معہ سلطان الشہداؒ گھر تشریف لے آئے۔ کچھ دن تک خوبصورت مجلس رہی ، پہلوان لشکر1 نے بخشش وصدقات کثیر دیے، سلطان الشہداء اپنے والدین کی دلجوئی کی خاطر ظاہری طور پر اس دنیا میں معلوم ہوتے تھے مگر اندرونی طور پر سمندر کی گہرائی میں غرق تھے (ق/55) کہ سر سے پاؤں تک دریائے وحدت میں ڈوبے ہوئے خاص عنایت حضوری حاصل تھی۔ الغرض سلطان محمودؒ کا طویل عرصہ سے یہ خیال تھا کہ ملک نہر والہ اور گجرات پر چڑھائی کریں، اہل ہند کی عبادت گاہ مندر سومنات کو ویران ومہندم کریں جب خراسان کی مہمات سے فارغ ہو کر غزنی آئے تو ایک فرمان پہلوان لشکر1 کے نام جاری فرمایا کہ قلعہ کاہیلر کسی بااعتماد آدمی کے سپرد کرتے ہوئے خود فرزند سالار مسعودؒ کے ساتھ ان کے حضور تشریف لائیں وہ جب سلطان کی خدمت میں پہنچے تو طرح طرح کی مہربانیاں اور سالار مسعودؒ کے حق ایسی محبت اور مہربانی کی کہ سلطان مسعود اور سلطان محمد دونوں صاحبزادے نازاں ہوئے (ق/56) حاصل کلام (سلطان محمود غزنوی نے) سالار ساہوؒ2 کو تنہائی میں طلب کیا سومنات پر حملہ کے سلسلہ میں میں مشورہ کیا۔ (سالار ساہوؒ) نے عرض کیا خداوند عالم کی مہربانی سے بزدل کفار پر استحکام ومضبوطی ودبدبہ وقوت اتنی قوی ہے کہ کوئی شخص مقابلہ کی تاب نہیں رکھتا اور اس معاملہ پر توجہ کرنا مملکت کے لئے بھلائی ہے، سلطان کو یہ بات بہت خوش معلوم ہوئی لیکن خواجہ احمد حسن میمندی کے خلاف طبع ہوئی بعد از گفت وشنید کہ اس طرح مفید قرار پایا کہ پہلوان لشکر1 کاہیلر کی طرف جائیں اور اہل ہندوستان کے فتنہ وفساد سے خبردار رہیں اور سالا مسعود لشکر اسودہ طلب سلطان کی خدمت میں چھوڑیں۔ سالار ساہوؒ کے رخصت ہونے کے بعد سلطان لشکر ظفر موج (ق/57) لشکر جرار کے ہمراہ سومنات کی جانب حرکت فرمائی۔ سالار مسعودؒ گئی ہزارہ نوعمر جوانوں کے ساتھ یلغار کے لئے سلطان کی خدمت میں قیام کیا اور اکثر کرامات ان کی نمایاں ظاہر ہونے کی وجہ سے سلطان کی محبت وعنایت زیادہ ہوئیں۔ پس سلطان سب سے پہلے ملتان پہنچے اور لشکر کے لئے حسب ضرورت مختلف اقسام کے سامان حرب کے ساتھ سومنات کی جانب متوجہ ہوئے۔ جیسا کہ تاریخ روضۃ الصفیا میں تفصیل سے درج ہے کہ سلطان محمود جب ملتان میں آئے اور لشکر بجانب سومنات گیا اور سومنات بہت بڑا بت ہندوستان تھا اور حضرت شیخ فریدالدین عطار قدس سرہٗ اپنے کلام میں نقل کرتے ہیں کہ سومنات ایک موضع تھا اور لات نام کا بت اس موضع میں تھا چنانچہ فرماتے ہیں:

یافتند آن بت کہ نامش بود نات (ق/58) | لشکر محمود اندر سومنات

اس بت کو پایا جس کا نام نات تھا لشکر محمود اندر سومنات تھا۔

حاصل کلام یہ کہ قابل اعتبار مورخین کہتے ہیں کہ سومنات کو مندر میں رکھا تھا دریا کے کنارے اور ہندوستان والے چاند گرہن کی رات بت کی زیارت کے لئے آتے تھے دوران شب ایک لاکھ سے زیادہ لوگ گرداگرد مندر میں جمع

ہوتے تھے،دس ہزار بستیاں مندر کے لئے وقف تھیں اور کئی ہزار جواہرات اس جگہ جمع تھے کہ بادشا کے خزانہ میں بیسواں حصہ بھی نہ تھا۔اس بت خانہ میں دو ہزار آدمی گلے میں زنار پہنے اس مندر میں مشغول عبادت ہوتے۔اور ایک زنجیر دوسو من وزنی سونے کی اس جگہ لٹکی ہوئی تھی جس میں بہت سی گھنٹیاں لٹک رہی تھیں اور تین سو سر تراش اور تین سو گانے والے (گلوگار) اور پانچ سو ناچنے والی کنیزیں مقرر تھیں جو مندر کی ملازمت میں تھیں اور نہر گنگا کے مشرق میں دھلی اور قنوج ہے درمیان (ق/59) میں سومنات اور نہر گنگا دوری کے فاصلہ پر واقع ہے بہت سے آدمی راستے میں ہوتے کہ ہر روز نہر گنگا کا تازہ پانی سومنات کو غسل دینے کے لئے آتا تھا۔القصہ سن 417 ھجری کو جب سلطان نے ملک ہندوستان کے بہت سے بت خانوں کو توڑا تو سومنات کے ماننے والوں نے کہا کہ ان بتوں سے سومنات ناراض ہے ورنہ لشکر بادشاہ ہلاک ہو جاتا یہ اطلاع جب یہ بات سلطان تک پہنچی تو فرمایا! اب ہر صورت سومنات کو شکست دینا ہے تا کہ ہندوؤں کی جھوٹی بدگمانی ختم ہو جائے۔سن مذکور کو ملتان سے سومنات کی جانب متوجہ ہوئے جیسا کہ راستہ میں پانی وگھاس نہ تھا فوجی سوار آدمیوں کے بیس ہزار اونٹ سرکار پر پانی اور گھاس لادے روانہ ہوئے راستہ ویران اور خطرناک تھا جگہ جگہ درمیان میں قلعے بھی نظر (ق/60) آئے۔اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے ان قلعوں والے سلطان کے استقبال کو آتے اور ملازمت حاصل کرتے تھے اور رہنمائی بھی کرتے تھے درمیان میں جس مندر پر سلطان کی نظر پڑتی الٹ پلٹ کرتے ہوئے سومنات پہنچے اور دریا کے کنارے بڑا قلعہ دیکھا چنانچہ دریا کی موجیں قلعہ کی چوٹی تک پہنچتی تھیں بہت سے لوگ سر اٹھائے مسلمانوں کو دیکھ رہے تھے اور ہندوؤں کو یقین تھا کہ ان کا معبود سب لشکر کو ہلاکت میں ڈال دے گا۔لشکر اسلام اگلے دن قلعہ کے نیچے پہنچ کر جنگ میں مصروف ہوا تمام دن جنگ کرنے کے بعد جب رات ہوئی غازیاں واپس کیمپ پہنچے۔ دوسرے دن سلطان خود بھی قلعہ کی طرف متوجہ ہوئے غازیان محمودی بلاخوف وڈر داخل ہوتے ہوئے درمیان قلعہ پہنچے کفار بے بس ہوئے بھاگ کر درمیان مندر پہنچے (ق/61) اور سومنات سے بغل گیر ہو کر رونے لگے اور مندر کے دروازہ پر آئے اور جان دے دی۔پچاس ہزار سے زائد ہندو ہلاک ہوئے باقی بچنے والے کشتیوں پر سوار ہو کر فرار ہوئے جس مقام پر سومنات تھا طول اور عرض میں بہت بڑا تھا چنانچہ 56 کھمبے پر لعل زمرد مرصع ونصب تھے۔سومنات کا بت پتھر سے تراشہ تھا جس کی لمبائی پانچ گز تھی تین گز نظر آتا اور دو گز زمین کے اندر تھا سلطان نے خود مندر میں آیا اور گرز ہاتھ میں پکڑ کر سومنات پر مارا بت ریزہ ریزہ کر کے جامع مسجد غزنی کے دروازے پر پھینک دیا اور چند ہزار دینار سرخ سومنات کے خزانہ میں تھے سلطان کے ہاتھ آئے اور کچھ قلعے جو اطراف میں تھے سلطان نے بزور شمشیر (ق/62) فتح کئے۔جب سلطان دیکھا کہ ملک وسیع ہے اور اصلی سونے کی کان پہاڑ میں دستیاب ہے اور ان جیسے نفیس جواہرات دیگر ملک میں نہ ہیں جو بلا تکلیف ہاتھ آئیں خواہش ہوئی کہ کچھ سال اس جگہ قیام کریں اراکین دولت نے التماس کیا کہ ملک خراسان بہت خونخواری کے بعد ہاتھ آیا ہے اس لائق نہیں کہ اسے خالی چھوڑ کر اس جگہ کو دار الملک بنائیں۔

حاصل کلام یہ کہ فرمایا اس ملک کے انتظام وحفاظت کے لئے کسے چھوڑ کر جانا چاہیے؟ وزیر، امیر، ارکان سلطان نے کہا کہ اس ملک میں کسی اور کا رہنا ممکن نہ ہے مناسب ہے اسے اس مملکت کے ورثاء کے سپرد کیا جائے اس جگہ کلام بہت ہے کہاں تک لکھا جائے حاصل کلام یہ کہ دابشلیم نامی شخص جو از نسل بادشاہ مملکت (ق/63) سے تھا کو قلعہ سومنات پر تعینات کیا اور خراج مقرر فرمایا کہ سال بہ سال داخل خزانہ سرکار کیا جائے گا اور خود خواہش کی کہ سندھ کی طرف براستہ بیابان وجنگل لشکر اسلام کو لے کر وطن کا رخ کیا جائے۔جیسا کہ تاریخ فیروز شاہی کلاں میں سلطان کا ایک واقعہ اس طرح نقل ہے کہ جب یہ قرار پایا کہ جنگل بیابان راستہ سے جانا ہے تو حکم کیا کہ رہبر تلاش کر کے لائیں ایک ہندو لا کر پیش کیا گیا لشکر اسلام پیچھے روانہ ہوا جب ایک رات ودن کا راستہ طے کرنے کے بعد وقت پہنچا کہ قیام کریں ہر طرف تلاش کیا گیا مگر کسی طرف بھی پانی نہ ملا یہ واقعہ سلطان کی خدمت میں گزارش کیا گیا ارشاد ہوا کہ اس رہبر ہندو کو لاؤ (رہبر) جب لائے فرمایا! تو ایسے راستے سے کیوں لایا کہ پانی بالکل نہیں؟۔اس ہندو نے جواب دیا میں نے اپنی جان سومنات پر قربان کی آپ کو اور آپ کے لشکر کو اس (ق/64) بیابان جنگل کے لایا ہوں کہ کسی طرف پانی نہیں تا کہ سب مر جائیں سلطان نے حکم کیا کہ ہندو کو قتل کر دیں خود اسی جگہ قیام کیا جب رات ہوئی تو سلطان خیمہ سے باہر تشریف لائے اور اپنی پیشانی زمین پر رکھ کر اللہ ذوالجلال والاکرام کے حضور عاجزی سے گریہ زاری سیاس مصیبت سے نجات پانے کی دعا مانگی جیسے ہی ایک حصہ رات گزری کہ اچانک شمال کی طرف روشنی ظاہر ہوئی سلطان نے حکم فرمایا! لشکر کو اس طرف روانہ ہو لشکر روشنی کے پیچھے روانہ ہوا جب صبح ہوئی حق تعالیٰ نے لشکر اسلام ایسی جگہ پہنچایا کہ جہاں پانی تھا سب مسلمانوں نے سلامتی وخلاصی پائی حق تعالی نے اس بادشاہ کو بہت سی کرامات عطا کی تھیں اس جگہ سلطان کی کرامات کو سمجھنا چاہیے صاحب نفحات الانس لکھتے ہیں کہ جس وقت سلطان محمود سبکتگین غزوہ سومنات کے لئے گئے تو خواجہ (ق/65) محمد چشتیؒ کو اس واقعہ میں دیکھا کہ ان کی مدد کو روانہ ہوئے خواجہ اس وقت ستر برس کی عمر میں ہمراہ چند درویش متوجہ تھے جب اس جگہ پہنچ کر بنفس نفیس مشرکین وبت پرستان کے خلاف جہاد کیا ایک دن مشرکین نے برتری پائی اور لشکر اسلام نے جنگل آ کر پناہ لی اور قریب تھا کہ شکست ہو جائے قصبہ چشت میں خواجہ محمد کے ایک مرید قصبہ چشت میں تھے آسیابان محمد کاکوؒ کے نام خواجہ نے دی آواز دی کہ کاکو دریاب درحال یعنی فوراً آجاؤ کاکو دیکھا کہ اضطراب وبقراری سے لڑائی کر رہے ہیں اور لشکر اسلام کو کامیابی ہوئی اور کفار کو شکست سے دوچار ہونا پڑا۔اس وقت محمد کاکوؒ کو لوگوں نے چشت میں دیکھا کہ آسیا (پتھر) کے ٹکڑے اٹھا کر دیوار پر مار رہے ہیں (ق/66) اس کی وجہ دریافت کی گئی تو انہوں قصہ بیان فرمایا کہ حق سبحانہ تعالیٰ محمد چشتیؒ جیسے عارف کامل سلطان کی معاونت کے لئے مقرر کیے ہوں تو کس کی طاقت ہے کہ اس کے سامنے مقابلہ کرے۔تاریخ محمودی میں تحریر ہے کہ چند روز بعد سلطان غزنی میں پہنچے اور جامع مسجد کے دروازے پر سومنات کا بت ڈال دیا تا کہ مسلمان نماز کے لئے آتے جاتے اس بت کے سینہ پر پاؤں رکھ کر آئیں اور جائیں کفار کو جب یہ اطلاع پہنچی تو قاصدین کو خواجہ حسن کے پاس بھیجا کہ بت

پتھر کا ہے آپ کے کام کا نہیں وزن کر کے ہم سے دو گنا سونا لے لو اور بت دے دو خواجہ حسن نے سلطان کی خدمت میں عرض کیا کہ کفار دو چند سونا دیتے ہیں اور اطاعت گزاری بھی کرتے ہیں ملک کے مفاد میں ہے سونا لے کر انہیں (ق ر 67) واپس کر دیں سلطان نے خواجہ حسن سے اتفاق کیا اور کفار نے سونا لا کر داخل خزانہ سرکار کیا۔

سلطان دوسرے دن تخت پر بیٹھے تھے کہ کفار کے پیغام رساں نے آ کر گزارش کی کہ خداوند عالم بت سومنات کے بدلے سونا خزانہ داخل سرکار کیا لیکن اپنی امانت یعنی بت سومنات نہ ملا سلطان ان کی گفتگو سے خوش نہ ہوا درگزر کرتے ہوئے اٹھے اور سالار مسعودؒ کا ہاتھ پکڑ کر محل کے بیچ پہنچے اور کہا کہ ابیٹا کیا خیال ہے یہ بت ان کو دے دیا جائے؟ سالار مسعودؒ شروع سے نیک سیرت تھے اسی وقت عرض کیا کہ (اللہ تعالیٰ) حشر کے دن انصاف کی کرسی پر جلوہ افروز ہوگا اور فرمائے گا کہ آذر بت تراش اور محمود بت فروش کو حاضر کرو (ق ر 68) اس وقت کیا جواب دیں گے؟ یہ بات سلطان کے دل کو لگی حیران ہو کر کہا کہ قبول کرتا ہوں تو عہد شکنی ہوتی ہے سالار مسعود نے عرض کیا کہ بت کو بندہ کے حوالہ کر دیں اور کافروں کو حکم دیں کہ آ کر مجھ سے لے لیں سلطان نے منظور کیا اور سالار مسعودؒ بت کو خود گھر لائے بت کو توڑ کر کان اور ناک ریزہ ریزہ کر میدہ کیا جب خواجہ حسن میمندی کافروں کو ساتھ لے کر سلطان کی خدمت میں عرض کیا حکم ہو تو بت ان کے حوالے کر دیا جائے سلطان نے فرمایا! کہ بت کو سالار مسعودؒ اپنے گھر لے گئے ہیں ان کو بھیج دو کہ جا کر ان سے لے لیں خواجہ حسن میمندی نے سر ہلایا اور یہ حدیث پڑھی الضدان لا یجتمعان یعنی دو ضدیں ایک ساتھ نہیں ہوتیں کافروں سے کہا کہ بت سالار مسعودؒ کے پاس ہے جا کر ان سے لے لو، سالار مسعودؒ کے دروازہ پر آئے بت طلب کیا سالار مسعودؒ نے ملک نیک بخت کو فرمایا! کہ انہیں تعظیم سے بیٹھائیں اور جو سفوف کہ کان اور ناک سے کیا تھا صندل میں اور پان کے پتوں میں چونا میں ملا کر ان کو بھیجا کفار خوش ہوئے صندل ملا ہوا پان کے پتے کھانے کے تھوڑی دیر بعد بت کی گزارش کی سلطان الشہداءؒ نے جواب دیا کہ بت تمہارا تمہیں دے دیا وہ حیران ہوئے اور کہنے لگے کہ ہم نے بت کب پایا، ملک نیک بخت نے واقعہ حال بیان کیا کہ صندل (ق ر 70-69) اور چونا اور پان کے پتے میں تمھارا بت تھا کچھ متعصب کفار جنھوں نے پان کھایا تھا جو ہٹ دھرم تھے اپنے پیٹ میں خنجر مارا اور کچھ نے قے کی اور بعض روتے و فریاد کرتے ہوئے خواجہ حسن کے پاس پیش ہوئے اور پورا واقعہ بیان کیا خواجہ نے سانپ کی طرح بل کھایا اور کہا بادشاہ ہمارا دیوانہ ہو گیا جو کل کے بچے کی رائے پر عمل کرتا ہے میں تمھارے لئے سلطان کی نوکری ترک کر دیتا ہوں۔ تم بھی جا کر سلطان کے ملک پر چڑھائی کر دو تا کہ سلطان کی آنکھ کھل جائیں۔ القصہ کفار راجگان کے پاس پیش ہوئے خواجہ حسن نے اس دن سے غمگین و رنجیدہ ہو کر وزارت کے کام سے ہاتھ کھینچ لیا اس کے بعد (ق ر 71) سومنات کے بت کے چار ٹکڑے کیے۔ جیسا کہ تاریخ فیروز شاہی کلاں میں سلطان محمود دو تردد مقدم رکھتا ہے ایک یہ کہ باغیوں کو زیر کیا رائے جے پال کو معہ قلعہ و بت خانوں کے تباہ و برباد کیا اور ملک ہندوستان کو تسخیر کیا۔ دوسرا یہ کہ سلطان لشکر بطرف نہر والہ اور گجرات لے گیا سومنات کے بت کے چار ٹکڑے کرتے ہوئے

ایک ٹکڑا جامع مسجد غزنی کی سیڑھیوں پر ڈالا ایک ٹکڑا اپنے محل کے سامنے ایک ٹکڑا مکہ اور ایک ٹکڑا مدینہ بھیج دیا یہ دونوں کام پہلوان لشکر[1] اور سلطان الشہداء کی کوششوں اور مشوروں سے ممکن ہوئے۔ تسخیر ہندوستان پہلوان لشکر (قطب شاہی اعوان)[1] اور سومنات کے بت کے ٹکڑے ٹکرے کرنا سالار مسعودؒ (قطب شاہی اعوان) کی محض مصلحت سے ہی ہوا جیسا کہ ذکر کیا جا چکا ہے کہ امراء (ق ر 72) سلطان کے لشکر کے کمانڈر انچیف سالار ساہوؒ پہلوان لشکر[1] (قطب شاہی علوی اعوان) تھے اور بہت سے بڑے بڑے امیران و ترکان بہادر پہلوان لشکر[1] کے قریبی رشتہ داروں میں سے تھے جس جانب بھی سلطان کا لشکر جات ملک گیر فتح حاصل ہوتی فتح تردد اور جانبازی پہلوان لشکر کے قریبی رشتہ داروں یعنی قطب شاہی علوی اعوانوں کی وجہ سے ممکن ہوتی۔ چنانچہ تاریخ محمودی میں سالار مسعودؒ اور حسن میمندی کی آپس میں دشمنی اور ہر طرح کے مقدمات و احوال درج ہے ان کا ذکر اس جگہ کیا جائے تو کتاب کا حجم بڑھ جائے گا اس لئے یہاں مختصر درج کیا جاتا ہے اور بعض معاملات سلطان محمودؒ اور سالار ساہوؒ بسبب سلطان الشہداءؒ لکھے گئے ہیں چونکہ وہ ان واقعات میں شامل تھے ورنہ اتنی لمبی تحریر رقم نہ کرتا۔ واللہ عالم بالحقیقت والصواب (ق ر 73)

حوالہ جات:

1	فرہنگ فارسی دارالاشاعت کے مطابق پہلوان کا مطلب ہے بہادر۔ طاقتور۔ شہ زور۔ سپہ سالار ساہو غازیؒ (قطب شاہی علوی اعوان) کا لشکر سب سے زیادہ قوی بہادر اور شاہسواروں پر مشتمل تھا اس لئے ''پہلوان لشکر'' کے نام سے شہرت رکھتا تھا اس لشکر میں ترکان بہادران قریبی اقرباء قطب شاہی علوی اعوان غالب اکثریت میں تھے۔ ترکان بہادران سے مراد ترکستان سے آئے ہوئے علوی اعوان بھی ترکان میں شامل تھے۔ خواجہ احمد یسویؒ پیر و مرشد ترکستان و حضرت شاہ شمس الدین ترک پانی پتی قدس سرہ العزیز کا سلسلہ نسب محمد حنفیہؒ بن امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے جا ملتا ہے۔ (بحوالہ مرات مسعودی فارسی ص 7، مرات الاسرار فارسی ص 186 مرات الاسرار اردو ترجمہ ص 533 و ص 936)
2	سلطان محمود غزنوی نے اپنے بہنوئی والد سلطان الشہداء سالار مسعود غازی، کمانڈر انچیف سالار ساہو غازی (قطب شاہی علوی اعوان) پہلوان لشکر کو تنہائی میں طلب کیا اور سومنات پر حملہ کے سلسلہ میں مشورہ کیا اور جنگی حکمت عملی تیار کی۔ سالار ساہوؒ نے سومنات کا بت خانہ تباہ و برد کرنے کا مشورہ دیا اور کامیابی کا یقین بھی دلایا۔ سلطان کو ان کی حکمت عملی و مشورہ پسند آیا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ سلطان محمود غزنوی قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ پر کتنا اعتماد کرتا تھا اور اسی وجہ سے قطب شاہی علوی اعوان بڑے فخر سے بیان کرتے ہیں کہ ہم نے سلطان محمود غزنوی کی بھرپور اعانت کی جسکی وجہ سے اس ''اعوان'' کا خطاب بھی دیا جو پہلے ہی ''عون'' عرف قطب غازی کی اولاد ہونے کی وجہ سے قطب شاہی علوی اعوان کہلاتے تھے۔

داستان سوم:

بیان رخصت ہونا سلطان الشہداءؒ کا سلطان محمودؒ سے۔ ہندوستان کی جانب آنا، اور ملتان پہنچنا، اور دہلی فتح کرنا اور دریائے گنگا عبور کر کے ستر کھ میں ٹھیرنا اور اطراف میں افواج کی تعیناتی۔

القصہ خواجہ احمد حسن میمندی مدت سے وزارت کے امور سے واقفیت رکھتا تھا اور سرحدوں کے بہت سے سرکشان قول و قرار کرنے کے بعد اس سے متفق تھے اور خواجہ حسن کی رنجیدگی اور ہاتھ کھینچنے کی وجہ سے ہر طرف فسادات شروع ہوئے۔ سلطان اس حقیقت سے خبردار ہوا ہر چند خواجہ احمد حسن میمندی کی تسکین کے لئے کوشش کی مگر اسے تسلی نہ ہوئی جب بھی سالار مسعودؒ کو مجلس میں دیکھتا اور سلطان کی مہربانیاں اور نوازشات دیکھ کر سانپ کی طرح بل کھاتا اور حواس باختہ ہو جاتا (ق/74) اور کہتا سالار مسعودؒ کو دیکھنے کی طاقت نہیں۔ سلطان یہ حال دیکھ کر حیرت زدہ ہوا ایک روز تنہائی میں سالار مسعودؒ سے مہربانہ انداز میں فرمایا! حسن میمندی بری فطرت والا ہے شرمندگی و ندامت کی وجہ سے آپ سے دشمنی پیدا کر لی ہے دوسروں کے ذریعہ فساد کا ارادہ رکھتا ہے میری خواہش ہے کہ اسے وزارت سے ہٹا کر امیر حسنک میکائیل کو اس خدمت پر تعینات کروں اس وقت تک آپ کاہیلر جا کر شکار کریں والدین کی خدمت کریں تھوڑے عرصہ بعد اس کو فارغ کر کے آپ کو بلائیں گے میرے دل میں آپ کے لئے کتنی محبت ہے تصور نہیں کر سکتے۔ سالار مسعود روشن مزاج تھے سلطان کی طبیعت جان گئے التماس کیا! والدین کے پاس کیا کروں گا اگر حکم ہو (ق/75) تو ہندوستان کی طرف جا کر ملک کی غیر عملی کو کفار کے ہاتھوں سے نکالوں اور اشاعت اسلام کروں تاکہ خطبہ خداوند عالم پڑھا جائے سلطان نے فرمایا! میں بیٹے کی جدائی گوارہ نہیں کر سکتا میرے سے جدا ہی ہونا ہے تو چند دنوں کے لئے والدین کے پاس دیدار کو جاؤ میں خود طلب فرماؤں گا اگلے دن سالار مسعودؒ خود لشکر کے ساتھ مسلح ہو کر سلطان کے دربار میں آئے ان کی خدمت میں سلام کرنے کے بعد رخصت ہونے کی التجا کی سلطان متعجب ہوئے اور آپ سے نہایت شفقت و مہربانی فرمائی لیکن غیرت حیدری نے سالار مسعودؒ کے دماغ پر ایسا اثر کیا کہ انہوں نے سلطان کی شفقت و تواضع خاطر میں نہ لائے اور دوبارہ رخصت کی درخواست کی کہ چند دن سیر کرنے کے بعد پھر خدمت (ق/76) پہنچوں گا۔ سلطان نے ہر قسم کی خلعت خاص، پانچ گھوڑے عراقی اور دو زنجیر ہاتھی عطا کرتے ہوئے رخصت فرمایا۔

لیکن محبوب رب العالمین کی جدائی کا بہت رنج ہوا فرمان بدستخط خاص برائے پہلوان لشکر جاری کرتے ہوئے فرمایا! کہ بیٹا مسعودؒ کو اس کی بھلائی کے لئے آپ کے ہاں بھیج رہا ہوں اس کو بہت تسلی دینا خصوصی نظر رکھنا چند دنوں کے بعد وہ خود واپس طلب فرمائیں گے۔ حاصل کلام یہ کہ سلطانؒ کے پاس سے سالار مسعودؒ طاقت ور شیر کی مانند سامنے آ کر سوار ہوئے اور اسی روز بیرون شہر ڈیرہ لگایا پس اس خبر سے شہر میں شور مچ گیا کہ لشکر مصیبت میں پڑا سالار مسعودؒ نے تعصب دین محمدی ﷺ کی وجہ سے کفار کو سومنات کا بت نہ دیا اس وجہ خواجہ احمد حسن میمندی نے ان غضب کیا وہ شخص (ق/77) ایک روز کے لئے بھی یہاں نہیں ٹھہرانا چاہتا۔ مسلمانوں کو جب یہ معلوم ہوا تو اکثر لوگ شہر اور آس پاس کے سالار مسعودؒ کی طرف آئے بعض

امراء اور شاہزادہ اور ترکان بہادر جو سلطان الشہداءؒ کے قرابت دار (قطب شاہی علوی اعوان) تھے آئے اور سب ساتھ ہو گئے اور لشکر سے باہر نکل آئے سالار مسعودؒ کا دیدار جمال جہاں آرا ہی تمام آدمیوں کا مقصد حیات تھا جیسے عاشقوں کے لئے صبر کرنا ممکن نہیں کہ محبوب کی ملاقات کے بغیر انہیں چین آئے سب کے سب بے اختیار محبوب رب العالمین ساتھ ہو گئے۔ سلطان الشہداءؒ پے در پے مشرق کی جانب روانہ ہوئے۔ صاحب تاریخ محمودی لکھتے ہیں کہ گیارہ ہزار خاص و عام لوگ لشکر سالار مسعودؒ کے ساتھ تھے سب رشتہ داروں (قطب شاہی علوی اعوان) کا وطن ملک غزنی تھا سلطان الشہداءؒ کے حسن یوسفؑ کا نظارہ کرتے ہوئے ایسے ذوق و شوق سے جا رہے تھے کہ کسی کو بھی کبھی اپنے وطن کی فکر (ق/78) اور اہل و عیال و عزیزوں کا وہم و خیال گمان تک بھی نہ تھا اسی مناسبت سے کسی بزرگ نے کیا خوب کہا ہے:۔

اندر طلب دوست چو مردانہ شدم — اوّل قدم از وجود بیگانہ شدم
او علم نمی شنید لب بر بستم — او عقل نمی خرید دیوانہ شدم

دوست کی تلاش میں جب مردانہ وار نکلے تو ابتدا ہی سے اپنی ہستی سے بیگانہ ہو گیا اور جب پہنچا تو اس سے بات نہیں ہوئی ہونٹ خاموش ہو گئے اس نے مجھ سے عقل نہیں لی لیکن میں دیوانہ ہو گیا۔ درست بات یہ ہے کہ جہاد اور عشق میں دیوانگی ہی عقل ہے۔

قصہ مختصر جب یہ خبر پہلوان لشکر تک پہنچی تو سالار ساہوؒ (قطب شاہی علوی اعوان) ہمراہ ستر معلیٰؒ خوشی سے بے چین سالار مسعود کے کاہیلر کیمپ پہنچے۔ والدین نے ملاقات کے بعد بہت گریہ زاری کی کہ سالار مسعودؒ یہاں ہی رہیں (سالار مسعود نے) تجویز منظور نہ کی۔ جب دیکھا کہ نہیں مانتے تو مجبور ہو کر فرمایا کہ ہم کس کی خاطر اس جگہ رہیں گے ہم بھی بیٹے کے ہمراہ فرزند جائیں گے آخر کار سلطان الشہداءؒ اگر آپ بھی میرے ساتھ ہوئے تو سلطانؒ کو حسن میمندی کی بات کا یقین ہو جائے گا کہ وہ سرکش ہو گئے ہیں آنا آپ کا مناسب نہیں (ق/79) میں سلطان سے عرض کر چکا ہوں اور آپ کی خدمت میں بھی درخواست ہے کہ ایک سال سیر کرنے کے بعد واپس آؤں گا۔ الغرض مجبوراً راضی ہوئے اور لشکر خوب مسلح کیا اکثر ہم عمر و ہم صحبت سلطان الشہداءؒ تھے اور کچھ اپنے عزیز اور بہت سے ترکان بہادر عمدہ منتخب کر کے سالار ساہوؒ نے سلطان الشہداءؒ کے ہمراہ تعینات کیے خزانہ اور گھوڑے اور ہر قسم کا سامان عنایت فرمایا پہلوان لشکر معہ ستر معلیٰؒ روتے ہوئے پریشان حال دل دیوانہ وار متوجہ کاہیلر ہوئے اور سالار ساہوؒ نے اپنی حالت غیر ہونے کا اظہار نہ کیا لیکن ستر معلیٰ شدت غم کی وجہ سے کسی کو نہ پہچانتی تھیں جس پر نظر پڑتی مسعود، مسعود کہتیں:۔

در و دیوار بمن آئینہ شد از کثرت شوق — ہر کجا می نگرم روی ترا می بینم

دروازے اور دیواریں غلبہ شوق کی وجہ آئینہ نظر آ رہی ہیں جدھر دیکھتا ہوں تیری صورت نظر آتی یعنی جدھر دیکھتا ہوں تو ہی تو ہے (ق/80) اور کثرت سے رو رو کر گریہ زاری سے بینائی بھی کم ہو گئی بیٹے کی محبت میں یعقوب علیہ السلام ثانی تھیں حق

تعالیٰ نے سلطان الشہداءؒ کو حسن و جمال بے پرواہ کر دیا تھا کہ انہیں دنیا کی کوئی پرواہ نہ تھی جیسا الہام ہوتا ویسا ہی عمل کرتے جیسا کہ احوال یوسف علیہ السلام کا تھا یعقوبؑ اور زلیخا ان کی وجہ سے کباب ہو گئے تھے شوق الٰہی کے غلبہ کی وجہ سے انہیں اور کسی چیز کی خبر نہ تھی سلطان الشہداءؒ ظاہر اور باطن میں یوسف علیہ السلام ثانی تھے۔ حدیث نبوی ﷺ ہے کہ علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل۔ یعنی میری امت کے عالم کی مثال بنی اسرائیل کے انبیاء کی سی ہے۔ ایسے علماء حقیقی کی شان میں آئی ہے جو بظاہر دنیا میں بادشاہ (ق ر 81) نظر آئے لیکن اصل میں اللہ تعالیٰ کے حضور سمجھے۔ بظاہر ہزاروں آدمی خدمت کرنے والے اور باطن میں فرشتے فرماں برداری کے لئے حاضر ہوں اور بظاہر لوگوں سے باتیں کرتے ہوں اور باطن میں دل اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو اور ظاہر میں شریعت کے حکم چلنے والے اور باطن میں دریائے یکتائی میں غرق ہو کر تکبر و غرور سے دور ہو، ظاہر میں غصہ سے پرہیز اور باطن میں بعالم صلاحیت با جمال اللہ تعالیٰ کا ہمراز ہو۔ اللہ تعالیٰ نے سلطان الشہداء کی ذات کو تمام اوصاف ظاہر و باطن سے آراستہ کیا تھا اور اسی قسم کے محرم اسرار اور شائستہ اطوار جوانوں کو اللہ تعالیٰ کا خلیفہ کہنا چاہیے۔ مسعود بک نے یہ شعر غالباً انہی کی شان میں کہا ہے۔

رفتہ زمسعود بک جملہ صفات بشر   چونکہ ہمان ذات بود باز ہمان ذات شد

مسعود گزر گیا جس میں تمام صفات آدمیوں کی تھیں جیسا کہ وہی ذات تھی پھر وہی ذات رہی۔ قصہ مختصر سلطان الشہداءؒ (ق ر 82) متواتر ہندوستان کی جانب معہ لشکر متوجہ ہوئے ایک روز افواج کو آراستہ فرمایا خود لشکر سے الگ ہو کر ہمراہ کچھ ساتھیوں اور امیر شکار کے شکار کو گئے۔ باز کو جانوروں پر چھوڑا باز بدخوئی کرتے ہوئے درخت پر جا بیٹھا۔ سلطان الشہداءؒ درخت کی جانب گئے جب وہ زیر درخت جا کر گھوڑے سے اترے اور امیر شکار سے فرمایا کہ باز کو ہاتھ پر لاؤ اور خود تھوڑی دیر کے لئے درخت کے نیچے مشغول ہوئے (مراقبہ کرنے لگے) آنکھیں کھولیں اور بائیں دائیں نظر کرتے ہوئے حکم فرمایا بیلداران حاضر آئیں اسی وقت بیلداران آئے فرمایا اس درخت کو جڑ سے کھودیں درخت جڑ تک کھود کر نکالا گیا حکم فرمایا اور کھودو جب (ق ر 83) زمین کنوئیں کی طرح بہت کھودی گئی تو اس بے انداز پوشیدہ خزانہ نکلا۔ حکم دیا کہ یہ خزانہ باہر نکالا جائے۔ الغرض باہر نکالا گیا چند سونے کے ڈھیر سجے ہوئے تھے سبحان اللہ جس شخص کو حق تعالیٰ اس طرح کے ظاہر اور باطن پر اختیار دیں اسے کیا ضرورت پڑی ہے کہ سلطان محمود کی مملکت پر نظر رکھے اس کرامت سے سلطان الشہداء کے تمام لشلر کا ذوق و شوق قوی ہوا اور قوت دوسرے عالم میں پیدا ہوئی۔ سچ ہے کہ اس قوم کو کیا غم و فکر ہے کہ جوان جیسے شہباز کی خدمت میں قیام فرما ہو۔ کسی بزرگ نے کیا اچھا فرمایا!

چہ غم دیوار امت را کہ دارد چو تو پشتیبان   چہ باک از موج بحر انرا کہ باشد نوح کشتیاں

کیا غم ہے امت کی دیوار کو جب کہ تم جیسے سہارا دینے والے ہوں کیا خوف ان سمندر کی موجوں سے کہ حضرت نوح علیہ السلام جیسے کشتی چلانے والے ہوں۔

القصہ کچھ دن اس مقام پر قیام کیا ارکان دولت کو حکم کیا کہ اللہ تعالیٰ کے اس خزانہ سے نو ماہ کی پیشگی تنخواہ پرانے دوستوں کو اور چھ ماہ کی تنخواہ دیگر تمام لشکر کو ادا ہو اور دیگر مردم نئے (ق ر 84) محافظین (ملازمین) کو اس میں سے چار ماہ کی تنخواہ دی جائے چند ہزار لوگ دیگر کیے گئے حسب الحکم تمام نئے اور پرانے ساتھیوں کو خزانہ تقسیم کیا گیا اس کے باوجود خزانہ ویسا کا ویسا ہی رہا خزانہ مذکور کے ہمراہ اس جگہ سے روانہ ہوئے۔ اور ملک نیک بخت کو ز وردے کر تاکید کی کہ اس خزانہ میں سے ان کے باورچی خانہ کے لئے کسی شے پر خرچ نہ کیا جائے۔ سلطان الشہداءؒ کی یہ عادت تھی کہ جو بھی ان سے کلام کرتا اسے کوئی نہ کوئی چیز ضرور عطا کرتے خواہ روپیہ زر خواہ گھوڑے خواہ سروپا (خلعت)۔ حق تعالیٰ نے اخلاق حضرت محمد ﷺ خصوصی ان کے نصیب میں رکھا تھا آپ کا معمول تھا کہ سوار ہوتے وقت جو بھی ہم سخن ہو کر بطریق احوال پرسی کرتا یا بطریق مطالبہ طلب کرتا یا چاہت و خواہش کرتا موافق عطا کرتے ہر شخص کے ساتھ مقصود محض یہ تھا کہ کوئی نہ کوئی شے عطا کریں تمام لشکریان کی رسائی بخدمت محبوب (ق ر 85) رب العالمین تک تھی ہر ایک آپ کے اخلاق حمیدہ سے بہرہ مند ہوتا اور ظاہری اور باطنی صلاحیتوں سے فیضیاب ہوتا جب جہاد سے واپس قیام گاہ پر آتے کھانا وافر ہر قسم حاضر کیا جاتا چوکی کے تمام آدمی ہمراہ کھانا کھاتے اور بعض فقراء کامل و علمائے عامل جو محض محبت محبوب رب العالمین کی وجہ سے لشکر میں تھے کھانے کے وقت ہر روز انہیں طلب فرماتے اپنے قریب جگہ دیتے اور بعد از طعام ان سے علمی امور، پہچان الٰہی توحید وغیرہ سے متعلق گفتگو فرماتے اور بعد نماز عشاء خود تنہا حجرہ میں تشریف فرماتے اور تمام لوگ واپس چلے جاتے مگر چند مخصوص خدمت گار مثل میاں ابراہیم جن کی قبر قصبہ کنتور میں ہے کہ درمیان سراپردے کے پانی وضو جو در کھتے اس وقت کسی شخص کی مجال (ق ر 86) نہ تھی کہ وہ پردے کے آس پاس آئے۔ رات بھر تنہائی میں محبوب حقیقی کی عبادت میں مصروف رہتے اور اگر کوئی ساتھی کسی کام کی غرض سے خلل اندازی کرتا تو بھی ذکر الٰہی کی وجہ سے اسے نہ پہچانتے بلکہ وہ خطرہ میں ہوتا۔ سبحان اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کا عجب ذوق تنہائی باحق رکھتے تھے حضور نبی کریم ﷺ کا فرمان عالیشان ہے: لی مع اللہ وقت لا یسعنی فیہ ملک مقرب ولا نبی مرسل۔ میرا اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک ایسا وقت ہوتا ہے جب کوئی بھی مقرب فرشتہ اور نبی اور رسول خلل اندازی نہیں کرتا۔ سلطان الشہداءؒ بھی اللہ تعالیٰ کے قرب، جہاد اکبر اور جہاد اصغر میں رسول اللہ ﷺ کے نقش قدم پر چلتے تھے۔ سلطان الشہداءؒ کو اللہ تعالیٰ نے عجب مستغنی بنایا تھا کہ بہت سے علماء اور امراء ان کی خدمت سے مستفید ہوتے کہتے جو صاحب بارہ ہزار سوار کا ہوتا ہے وہ بادشاہی اور خطبہ کا مستحق ہوتا ہے آپ اس سے بھی کئی ہزار سوار رکھتے ہیں بہتر ہوگا کہ آپ تخت سلطنت (ق ر 87) پر جلوہ فرمائیں ایسا قطعاً منظور نہ کیا ارشاد فرماتے کہ تخت سلطان محمود کو مبارک ہو میں بادشاہی 1 کے لئے نہیں آیا ہوں بلکہ میں دنیا میں تعصب دین محمدی ﷺ اور اللہ تعالیٰ سے محبت کے لیے آیا ہوں کہ ملک ہندوستان کے کفار کو اللہ تعالیٰ کی واحدنیت کی دعوت دوں اور پروردگار عالم کی محبت میں اپنی جان قربان کروں اور اس دنیا کی پریشانیوں سے نجات پاؤں میں دنیا کی بادشاہی کا طلبگار نہیں بلکہ میرا مقصود دنیا کے بادشاہوں کو پیدا کرنے والے سے ہے۔ جس نے زمین و آسمان

کے پیدا کرنے والے کو پایا اس نے بادشاہی سے منہ پھیر لیا۔

می صرف وحدت کسی نوش کرد   کہ دنیا و عقبیٰ فراموش کرد

جس نے جام شراب یکتائی پی لی ہے وہ دنیا اور آخرت کو بھول گیا۔

حاصل کلام یہ کہ سلطان الشہداءؒ بڑی شان و شوکت وظاہر و باطن کے لب دریائے سندھ پہنچے حکم فرمایا کہ کشتیاں حاضر کی جائیں تلاش کر کے کشتیاں (ق/88) لائے۔ امیر حسن عرب اور بایزید جعفر سے فرمایا کہ تم دونوں آدمی پانچ ہزار سواروں کے ساتھ دریا سندھ سے پہلے سیت پور پر چڑھائی کرو ایسا ہی کیا گیا۔ رائے ارجن زمیندار سیت پور پیشتر ہی مکان چھوڑ کر جنگل کی جانب جا چکا تھا اس کے مکان کی کھدائی سے سونے کے پانچ لاکھ تنکہ ملے اور دیگر بہت سا سامان ہاتھ آیا۔ دونوں امراء سلطان الشہداءؒ کی خدمت میں پہنچے حکم ہوا کہ یہ تمہارا پہلا فوج کا حملہ ہے مال تم کو بخش دیا اس کے بعد خود لشکر کے ساتھ دریا سندھ پار کرتے ہوئے دریا کے کنارے قیام فرمایا اس جگہ شکارگاہ خوب تھی خود شکار کرتے اور ترکان بہادر نے بھی حملہ کر کے آس پاس برباد کر دیا۔ ایک روز مجلس جشن سجی تھی جس میں کثیر اخراجات سے اقسام کے کھانے تھے (ق/89) ہر ایک کو بے شمار بخشش عطا فرمائی اور کہا ساتھیو الحمدللہ یہ ملک حسن میمندی کی قلمرو سے باہر ہے جس جگہ رہیں سکون ہے ہر طرف سیر کریں آرام و سکون ہے۔ بندوں کو اللہ کی بندگی ہی کافی ہے اس کے یہ معنی ہوئے کہ بندہ اللہ کا ہو اور مخلوق کا محتاج ہو مجھے اس معاملہ میں تجربہ ہوا ہے کہ جو بندہ مخلوق کا محتاج ہو گا وہ ہرگز حق کا مشاہدہ نہیں کر سکتا کیوں کہ اس کام کا تعلق دل کے اطمینان سے ہے جب تک دوسرے کا محتاج رہے گا دل کو اطمینان کیسے ہو گا۔ القصہ سلطان الشہداء نے اس مقام سے خطہ ملتان کی طرف رخ کیا۔ ملتان ویران تھا کیونکہ اس وقت تک سلطان محمود کی فوج نے ملتان کو دو دفعہ تباہ و برباد کیا ہوا تھا دوبارہ آباد نہیں ہوا تھا (ق/90)۔ ملتان کا زمیندار رائے انگپال خطہ اوچھ میں آباد ہو گیا تھا۔ اس نے اپنا پیغام رساں سلطان الشہداءؒ کی خدمت میں بھیجا کہ غیر کے ملک میں کیا یہ مناسب ولائق ہے کئی ایسا نہ ہو کہ کپڑے بدن پر بھاری پڑ جائیں۔ سلطان الشہداءؒ نے فرمایا! کہ ملک اللہ کا ہے بندے کا ملک نہیں جس کو اللہ تعالیٰ عطا کر دے اسی کا تصرف ہو گا۔ اور ہمارے اباواجداد کا طریقہ اسد اللہ الغالب علیؓ ابن ابی طالب کے زمانے اب تک یہی ہے کہ ہم کفار کو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور شریعت محمدی ﷺ کی دعوت دیتے ہیں اگر وہ ایمان لائیں تو ٹھیک ورنہ قتل کر دیں گے یہ فرما کر پیغام رساں کو خلعت دے کر رخصت کرتے ہوئے فرمایا کہ میں بھی پیچھے آتا ہوں موجود رہنا بعد از روانگی پیغام رساں امیر حسن عرب و امیر بایزید جعفر (ق/91) اور امیر ترکان اور امیر تقی اور امیر فیروز عمر اور ملک امجد ہر چھ امراء چند ہزار سواروں کے ساتھ رائے انگپال پر حملہ کے لئے مقرر کیے جب فوج ظفر موج اچھ کے قریب پہنچی تو رائے انگپال بڑی تعداد کے ساتھ خود مسلح ہو کر شہر سے باہر آ کر جنگ میں مشغول ہوا ایک پہر تک عظیم جنگ ہوئی بہت سے ترکان بہادر شہید ہوئے اور کفار بڑی تعداد میں قتل ہوئے رائے انگپال بے بس ہو کر بھاگ گیا۔ لشکر اسلام شہر میں آیا اور تمام شہر تباہ و برباد کیا بڑی تعداد میں مال و اسباب ہاتھ آیا جو سلطان الشہداءؒ کی خدمت

میں لایا گیا ہر چھ امراء کو سروپا (خلعت) اور گھوڑے عنایت فرمائے۔ جیسے ہی بارشوں کا موسم آیا چار ماہ ملتان میں قیام فرمایا بارش کے موسم کے بعد لشکر اجودہن (موجودہ پاک پتن) کی جانب گیا اس زمانے میں (ق/92) اجودہن اور اس کے اطراف آبادی زیادہ تھی لڑائی کے بغیر فتح ہوا۔ سلطان الشہداءؒ کو اجودہن کی آب و ہوا بہت اچھی لگی اور شکار کی جگہ بھی خوب تھی اس وقت تک قیام کیا کہ پھر برسات کا موسم آ گیا برسات کے موسم کے بعد دہلی کی جانب روانہ ہوئے اس زمانے میں مملکت دہلی رائے مہپال کے قبضے میں تھی وہ شخص بہت بڑی فوج رکھتا تھا اور بڑا غیرت مند تھا اور بہت سے جنگی ہاتھی بھی رکھتا تھا سلطان محمود اور سالار ساہوؒ (قطب شاہی علوی اعوان) ہندوستان تک آ چکے تھے اور شہر لاہور فتح کر کے اسے دارالسلام بنایا لیکن دہلی کا ارادہ نہ کر سکے چشم پوشی کر کے چلے گئے۔ القصہ سلطان الشہداءؒ (سالار مسعود غازیؒ قطب شاہی علوی اعوان) شیر کی طرح مسلسل سفر کرتے ہوئے دہلی کے نزدیک پہنچے تھے کہ رائے مہپال (ق/93) معہ لشکر خود پہلے ہی مقابلہ کرنے آ پہنچا دونوں لشکر کے درمیان چند کوس کا فاصلہ تھا لیکن دونوں طرفین کے بہادر جوان ہر روز نکلتے اور صبح تا شام جنگ کرتے رہتے ایک مہینہ اور چند روز اسی طرح گزر رے۔ سلطان الشہداءؒ کو بہت زیادہ حیرت ہوئی اور حق تعالیٰ سے امداد مانگی فوراً خبر پہنچی کہ سلطان سلاطین محی بختیارؒ اور سالار سیف الدینؒ (قطب شاہی علوی اعوان) اور میر سید عزالدینؒ اور ملک دولت شاہؒ اور میاں رجبؒ پانچوں امراء بڑے لشکر کے ساتھ غزنی کی جانب سے سالار مسعودؒ کی خدمت میں پہنچ گئے سب لشکر کو خوشی اور اطمینان وسکون ہوا نیز ان سب نے خواجہ حسن میمندی کی بدخوئی کی وجہ سے غزنی چھوڑا۔ سالار سیف الدینؒ چھوٹے چچا تھے (ق/94) سلطان الشہداءؒ تھے اور محی بختیارؒ اور سیّد عزالدینؒ کی سلطان الشہداءؒ سے دوہری قریبی رشتہ داری تھی۔ ملک دولت شاہؒ ملازم سلطان محمود اور میاں رجبؒ مددگار و دوست سالار ساہوؒ تھے اور ان پر بہت بھروسہ رکھتے تھے اس وجہ سے ان کو سالار مسعودؒ بخش دیا تھا اور سالار مسعودؒ نے رجب کو جاگیر کی نگرانی پر مقرر کیا تھا جب سلطان الشہداءؒ اس طرف آئے تو خواجہ حسن نے بغیر اطلاع سلطان کے جاگیر سے بدل دیا تھا۔ میاں رجبؒ اس جگہ سلطان الشہداء کی خدمت آئے۔ چونکہ یہ قابل اعتماد آدمی اور کرخت طبیعت تھے اس وجہ سے ان کی خدمات بطور کوتوال لشکر لگائی گئیں۔ سلطان الشہداءؒ سے دشمنی کی وجہ سے خواجہ حسن ان کے تمام عزیزوں سے بھی سخت دشمنی ظاہر کی (ق/95) مجبور ہو کر سب اس سے الگ ہو گئے۔ سلطان بوڑھے ہو چکے تھے۔ دن رات ملک ایاز کے ساتھ گزارتے امور سلطنت پر توجہ نہ دے سکتے تھے۔ حسن میمندی نے تمام مخلوق کو خفا کیا ہوا تھا۔ تواریخ روضۃ الصفیا میں درج ہے کہ سلطان نے آخر کار خواجہ حسن میمندی سے تنگ آ کر وزارت کے منصب سے الگ کر کے قلعہ میں پناہ دے کر آسیر کر دیا اور میر حسنک میکائیل کو وزارت دے دی۔ اور خواجہ حسن قید میں ہی ہلاک ہوا۔ یقین ہے کہ جو شخص علی مرتضیٰ کی اولاد کو ناحق اذیت دے گا وہ ہلاک ہو گا۔ القصہ رائے مہپال نئے لشکر آنے کی وجہ سے حیران ہوا۔ دونوں اطرف کی فوجیں مسلح آراستہ ہو کر چالیس دن تک لڑائی مصروف رہیں سلطان الشہداء، شرف الملک کے ساتھ گفتگو کر رہے تھے کہ مہپال کے فرزند گوپال نے ان کی جانب گھوڑے سے حملہ کیا اور ان پر گزر (ق/96) سلطان الشہداءؒ

پر مارا ناک مبارک پر زخم آیا اور دو دندان آنحضرت ٹوٹ گئے شرف الملک نے گوپال کو تلوار بلند کر کے اس طرح ماری کہ اسی وقت واصل جہنم ہوا۔ سلطان الشہداءؒ ناک کے زخم پر رومال باندھ کر لڑائی میں مصروف ہوئے۔ سالار مسعودؒ کی شجاعت اور جوانمردی کا کیا کہنا بغیر پرواہ کیے زخم کے باوجود شام کی نماز تک لڑائی لڑی اور شب بھر میدان میں رہے، چند ترکان بہادر شہید ہوئے اور لاتعداد کافر ہلاک ہوئے، جنگی نقارہ صبح کے وقت پھر بجایا گیا اور جوانان بہادر جنگ میں آئے ۔میر سیّد عزالدینؒ جو مقدمۃ الجیش تھے اچانک تیر حلق مبارک میں لگنے سے شہید ہو گئے۔ میر مذکور کی شہادت کی خبر پر سلطان الشہداءؒ (ق ر 97) بے قرار ہوئے خود گھوڑے سے حملہ کیا اور امیروں اور ترکان جانباز ہر طرف سے پروانہ وار ٹوٹ پڑے کفار قوت نہ ہونے کی وجہ سے مقابلہ نہ کر سکے شکست کھا کر بھاگ گئے۔ مگر رائے مہپال اور رائے سریپال معہ چند دیگر لوگوں کے میدان میں کھڑے رہے چند آدمیوں نے کہا اگر زندگی ہے تو پھر لڑائی لڑیں گے انہوں نے جواب دیا کہ ہم میدان چھوڑ کر کہاں جائیں گے۔ الغرض ہر دو راجگان میدان میں قتل ہوئے بہت بڑی فتح ہوئی اور اس روز دہلی کا تخت ہاتھ آیا۔

لیکن سلطان الشہداءؒ تخت پر جلوہ فرمانہ ہوئے فرمایا! میں یہ جہاد تخت کی خاطر نہیں کر رہا ہوں میرا اللہ سبحانہ تعالیٰ سے ایک راز ہے جس کو وہ جانتا ہے اور میر سیّد عزالدین کو دہلی میں دفن کیا شاندار مزار تعمیر کروایا چند آدمی بخاطر خدمت (ق ر 98) جھاڑو دینے و چراغ جلانے کے لئے تعینات فرمائے۔ امیر بایزید جعفرؒ کو معہ تین ہزار خاص سواروں دہلی میں قائم کیا (حاکم بنایا) اور حکم دیا کہ اس مقام پر پانچ چھ ہزار آدمی نئے نگہبانی کے لئے تعینات کریں اور شفقت کرتے ہوئے کہا کہ دہلی والوں کے ساتھ بہت ہمدردی سے پیش آنا اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق کا خصوصی خیال رکھیں انہیں گزند نہ پہنچے۔ لشکر چھ مہینے اور سولہ روز بعد دہلی سے میرٹھ کی جانب گیا۔ سالار مسعودؒ سے متعلق بہت پہلے راجگان میرٹھ نے سنا ہوا تھا کہ کوئی شخص ان سے کامیاب نہیں ہو سکتا۔ جس جانب وہ یا ان کے فوجی جوان جاتے ہیں کامیاب ہو جاتے ہیں سلطان الشہداءؒ سے ڈر کر انہوں نے (راجگان) اپنے پیغام رساں سوغات کے ہمراہ ان کی خدمت میں بھیجے کہ یہ ملک آپ ہی کا ہے اور ہم غلام بندگان درگاہ ہیں خدمت واطاعت منظور ہے سلطان الشہداءؒ نے ان کی (ق ر 99) عاجزی سے خوش ہوئے۔ میرٹھ کا ملک انہیں بخش دیا اور خود بڑی شان و شوکت سے متوجہ قنوج ہوئے۔ سلطان محمود نے قنوج کے زمیندار رائے اجیپال کو ملک بدر کیا تھا اور سالار ساہوؒ نے سلطان کی خدمت میں درخواست کر کے اسے معافی دلا کر وہاں آباد کیا تھا اس نسبت واحسان کی وجہ سے اپنا پیغام رساں معہ سوغات پہلے ہی بخدمت سلطان الشہداء بھیجا۔ جب سلطان الشہداء قنوج کے نزدیک پہنچے دریائے گنگا کے کنارے ڈیرہ لگایا۔ رائے اجیپال نے اپنے بڑے بیٹے کو راستہ میں دعوت کی شرف قبولیت خدمت میں بھیجا ہے۔ سلطان الشہداءؒ نے بڑی عنایت کرتے ہوئے اس کی خاطرداری کی وجہ سے اس کی دعوت قبول کی اور پسر اجیپال کو خلعت معہ گھوڑا دے کر رخصت فرمایا اور کہا کشتیاں لائی جائیں کہ دریائے گنگا پار سے پیشتر شکار کریں گے کشتیاں حاضر (ق ر 100) کر کے درخواست پیش کی اسی وقت لشکر کو حکم دیا کہ دریائے گنگا عبور کر کے اس طرف ڈیرہ کریں

ایسا ہی کیا گیا۔ بعد ازاں خود بھی دریائے گنگا عبور کیا۔ اس وقت رائے اجیپال نے خود آ کر دس گھوڑے پیش کئے اور ملازمت اختیار کی۔ سلطان الشہداء نے رائے اجیپال کو گلے لگایا اپنے ساتھ جگہ دی اور بہت حوصلہ افزائی کی اور شاہی لباس معہ دس گھوڑے عنایت کر کے رخصت فرماتے ہوئے کہا! لشکر کے لئے غلہ مسلسل بھیجتے رہنا ادھر آنے جانے والوں کا خوب خیال رکھنا اور دل پر نہ لانا۔ مردان بہادر، نڈر و دلیروں کی افزودگی روز بروز ہو رہی ہے۔ بعد ازاں سترکھ کی طرف روانہ ہوئے دسویں روز سترکھ پہنچے۔ ان دنوں ملک ہند میں کوئی شہر یا قصبہ سترکھ سے زیادہ آباد نہ تھا (ق ر 101) شکار کی جگہ بہت اچھی تھی یہ جگہ ہندوستان کا مرکز ہے کفار کی اعلیٰ عبادت گاہ بھی تھی۔ سلطان الشہداءؒ نے اسی وجہ سے سترکھ میں میں قیام کیا اور آس پاس فوجیں تعینات فرمائیں۔ سالار سیف الدینؒ اور میاں رجبؒ کو بہرائچ کی جانب روانہ فرمایا اور میاں رجبؒ کے فرزند کوان کی بجائے لشکر کا کوتوال تعین کیا اگرچہ عمر کم تھی مگر شعور اور غیرت بہت رکھتا تھا حاصل کلام یہ کہ سالار سیف الدینؒ اور میاں رجبؒ نے بہرائچ آ کر درخواست کی کہ اس مقام پر غلہ بہم نہیں پہنچتا غلہ کی کی کوئی شے امداد فرمایئے تاکہ لشکر ہلاک نہ ہو جائے۔ سلطان الشہداءؒ نے حکم دیا کہ آس پاس کے علاقہ جات کے جاگیردار نمبردار و چوہدری حاضر کیے جائیں۔ سات آٹھ علاقہ جات کے چوہدریان معہ مقدمان حضور کے ہاں لائے گئے ۔ تاس نامی چوہدری، سدہو ورنر ہر نامی چوہدری امیٹھی ہر دو شخص پہلے طلب ہوئے (ق ر 102) تسلی بہت دی گئی کہ کاشتکاری و کھیتی باڑی میں کاہلی و سستی نہ کی جائے کیوں کہ آپ کی اور محکوم لوگوں کی فلاح و بہبود اسی میں مضمر ہے نیز فرمایا کہ روپیہ پیشگی لو اور غلہ مہیا کرو انہوں نے گزارش کی کہ ہم پہلے خوراک لاتے ہیں پھر روپیہ لیں گے حکم دیا کہ روپیہ پیشگی لیں۔ حاصل کلام نقد رقم نمبرداروں اور چوہدریان مذکورہا کو دی گئی اور سب کو لباس اور پان کے پتے مرحمت کیے۔ اور آدمی ہمراہ بھیجے تاکہ غلہ جلد لائیں اور ملک فیروز عمر کو رخصت کیا کہ جائیں گذرگاہ پر ٹھریں ہر جنس غلہ لے کر سالار سیف الدینؒ کی خدمت میں بہرائچ منتقل کریں بعد ازاں سلطان السلاطین محی بختیار کو فرودست کی جانب مقرر کیا اور کہا آپ کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں جس جگہ بھی جائیں اوّل حسن سلوک سے پیش آنا اگر منکرین (ق ر 103) دین محمدی ﷺ تسلیم کر لیں یا آپ سے صلح و دوستی و نرمی سے پیش آئیں تو بہتر ہے آپ بھی مہربانی فرمانا بصورت دیگر واصل جہنم کر دینا اس کے بعد محی بختیار کو گلے لگایا اور فرمایا کہ یہ ملاقات آج کی ہے پھر معلوم نہیں ہو یا نہ ان درد بھری بات پر ہر دو بھائی آبدیدہ ہو گئے دیر تک اسی طرح رہے کہ محی بختیار الوداع ہوئے ، انوکھا وقت اور انوکھی دوستی اور انوکھا استقلال تھا کہ سچے راستے کے لئے کہ اللہ تعالیٰ کی یکتائی کے اظہار کی خاطر خود کو کفر کے دریا میں پھینک رہے تھے۔ محی بختیارؒ بیشتر ملک قبضہ کرتے ہوئے ماتحت کر کے کانور و تک جا پہنچے اور اسی جگہ جام شہادت نوش فرمایا روضہ مبارک کانورو میں شہرت رکھتا ہے۔ بعد ازاں امیر حسن عربؒ کو مہوبہ کی جانب تعینات فرمایا (ق ر 104) اور میر سید عزالدیؒ کہ اس وقت لال پیر مشہور ہیں کو بجانب گوپامئو آس پاس کے لئے روانہ کیا اور ملک فیصلؒ کو بنارس و اطراف

کی جانب مقرر کیا ہر ایک کو مندرجہ بالا طرز پر وصیت کی اور خود بڑی شان و عظمت سے ستر کھ کے آس پاس شکار میں مصروف رہے۔ راجگان کڑہ او رمانک پور کے پیغام رساں ایک روز معہ دو کاٹھیاں اور کچھ لگام بطور تحفہ لے کر سلطان الشہداءؒ کی خدمت میں پہنچے اور راجگان مذکور کی درخواست پیش کی کہ یہ ملک قدیم سے ہمارے آباء واجداد کا ہے اور اس ملک میں مسلمان کبھی نہیں آئے تاریخ میں رقم ہے کہ سلطان سکندر ذوالقرنین رومی نے اس ملک کا ارادہ کیا تھا اور قنوج تک پہنچا اور رائے کید سے صلح کر کے چلا گیا تھا اور دریائے گنگا پار نہیں کر سکا تھا سلطان (ق/105) محمود غزنوی اور تمہارے والد بھی قنوج اور اجمیر اور گجرات تک آئے لیکن اس جانب آنے سے باز رہے۔ آپ بلا خوف وڈر کے دوسرے کے ملک میں تشریف فرما ہو یہ آپ کی شرافت سے بعید ہے ہمیں آپؒ پر ترس آتا ہے کہ اپنے والد کے گھر کے اکلوتے بیٹے ہو دیگر اولاد نہ ہے اپنی نسل کی فکر کرو۔ ستر کھ بہت تنگ مقام ہے تمہارے لائق نہیں۔ نو لاکھ مسلح سواروں کا لشکر دہار ہمارا ہے اور دیگر راجگان اردگرد بھڑائچ وغیرہ اور زیادہ لشکر رکھتے ہیں جب ہم ہر طرف مردم قاصدین بھیجیں گے تو اس وقت مشکل ہو جائیگی تمہارے لئے یہی اچھا ہوگا کہ اوپر ہی اوپر کی راہ لو۔ سلطان الشہداءؒ نے شیر کی مانند غصہ آیا غیرت والی زبان سے فرمایا! تم پیغام رساں بن کر آئے اگر کوئی اور ایسی نازیبا گفتگو کرتا تو اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے ختم کر دیتا۔ راجگان سے جا کر کہو کہ ملک اللہ جل جلالہ قادر القہار کا ہے (ق/106) جس کو عطا کر دے۔ میں سیر کے لئے اس مقام پر نہیں آیا ہوں بلکہ میں اپنا وطن بنانے آیا ہوں اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس ملک کفر سے منکرین کی بیخ کنی کر دی۔ انشاء اللہ آج کے روز سے دین محمدی ﷺ روز بروز زیادہ گا اور کفر کا خاتمہ ہوگا کفار پر عذاب آئے گا اگر تم لڑائی کرنا چاہتے ہو تو تاخیر نہ کرو میں موجود ہوں۔ دو کاٹھیاں (زین) و لگام جن پر جادو کر کے لائے تھے انہیں واپس دیتے ہوئے فرمایا! مردان شجاع نے اصل کی فکر کر کے کفر کے منبع میں قدم رکھا کہ اس ملک سے ظلمت کو نور اسلام سے روشن کریں اس کے بعد پیغام رساں کو روانہ فرمایا۔ پیغام رساں نے صورت حال سے راجگان کو آگاہ کرتے ہوئے کہا وہ لڑکا ہرگز خوف نہیں رکھتا آپ ہوشیار رہیں۔ یہ نو لاکھ مسلح سوار اس کے نزدیک کوئی شے اور وجود (ق/107) نہیں رکھتے۔ کفار کو حیرت ہوئی ایک نائی حاضر تھا اس نے کہا کہ اگر حکم ہو تو میں اس لڑکے کا کام تمام کر آؤں؟۔ راجگان نے کہا ایک مشرقی موضع انعام دیں گے۔ تمہارے ہاتھ لگتا ہے تو کوتائی نہ کر پچاس تنکہ سونا انعام دے کر روانہ کیا۔ نائی مذکور ایک ناخن تراش (نہرنی) زہر آلود کر کے خود روانہ ہوا۔ القصہ سلطان الشہداءؒ شکار کے بعد ظہر کے وقت ستر کھ ڈیرہ پر تشریف فرما ہوئے کہ کفار کے حجام نے ناخن گیر لے کر روبرو ہو کر خدمت کرنا چاہی۔ سلطان الشہداءؒ نے نہرنی ہاتھ میں لے کر اس شخص سے پوچھا کہ تو اس وقت تک کس کا نوکر رہا ہے؟ حجام نے گزارش کی کہ چند روز مسلمانوں کی خدمت کی کچھ دن ہندوؤں کی خدمت کی ابھی ارادہ ہے کہ بندگان (ق/108) درگاہ آنخضرت کی خدمت گاری کروں۔ سلطان الشہداءؒ نے اس میں جوہر اخلاص نہ پایا ایک تنکہ زردے کر روانہ کرتے ہوئے فرمایا! کہ میں ہندوؤں سے کام نہیں لیتا۔ اور نہرنی ہاتھ میں لی اور بائیں طرف کے ہاتھ کی انگشت مبارک سے ناخن تراشنا چاہا چونکہ نہرنی بہت تیز تھی اور سلطان

الشہداءؒ کو ناخن تراشنا بھی نہ آتا تھا ناخن میں ضرب آنے سے زخم ہوا زہر نے اثر کیا انگلی تڑپنے لگی چنانچہ سب جسم میں زہر نے اثر کیا سلطان الشہداءؒ کا چہرہ مبارک چاند کی طرح سفید ہو گیا اور بدن بے حد گرم ہو کر نیلوفری ہو گیا اس طرح کہ خود کبھی چارپائی پر اور کبھی زمین پر لیٹتے حاضرین کو پتہ چل گیا کہ نہرنی زہریلی ہے (ق/109) اسی وقت زہر مہرہ لا کر پانی گھس کر دیا گیا اور زہر مہرہ آنخضرت کے منہ میں دیا گیا۔ دو تین بار لعاب اندر جانے سے بخار کی شدت میں ختم ہوئی اور ایک دو ساعت (گھڑی) میں زہر جاتا رہا۔ اللہ تعالیٰ نے دشواری کو سکون میں بدل دیا۔ جملہ امراء اور ارا کین دولت وغیرہ کے لوگ جو محبوب رب العالمین چاروں طرف تھے ان پر فدا ہونے لگے کہ اللہ تعالیٰ نے پھر زندگی بخشی ہے اور خوشی کا باجے بجے اور صدقات وخیرات بہت دیے گئے جب کہ ملک نو مولود تھا سلطان الشہداء نے اسی وقت غسل صحت فرمایا اور خوبصورت سجا ہوا لباس پہنا جیسے چودھویں کا چاند نکل آیا ہو دیوان خانہ میں جلوہ فرما ہوئے کہ کہیں کوتاہ اندیش اور بد (ق/110) خواہ لوگوں کے دلوں میں کوئی اور گمان نہ پیدا ہو اور ان دنوں آپؒ محبوب الٰہی کی عمر مبارک اٹھارہ برس تھی سبحان اللہ حق تعالیٰ نے آپؒ کی ذات مبارک میں جملہ کمالات حسن اور کمالات جوانی اور کمالات ذوق اور کمالات عقل مندی اور کمالات غیرت مندی وعنایات اور جملہ ظاہری اور باطنی کمالات سے آپ کی ذات مبارک کو روشن کر دیا تھا۔ چنانچہ اس زمانہ میں ان کا کوئی ثانی نہ تھا بے مثال صورت تھے اور تعجب ہے اس بینائی پر اور دل کے اندھے پن پر اور اس وقت کے بے سعادت لوگوں پر کہ جو جمال جہاں آرائی کو اپنی آنکھوں سے دیکھ کر بھی محبوب الٰہی (سالار مسعود غازیؒ) کے ولی ہونے پر ایمان نہیں لاتے اور خود ان کی خدمت حضوری سے دور ہیں۔ سلطان الشہداءؒ کا اس فقیر کو ایک مرتبہ اپنے سلوک کے ابتداء میں باطنی طور پر دیدار ہو چکا تھا اس وقت سے دل دنیاوی معاملات سے سرد پڑ گیا ہے اور عرصہ تین چار سال (ق/111) تک خود سے بے خبر رہا۔ بعد از پاکیزگی تمام جب حضور سے ہمیشہ کے لئے حاصل ہو چکی آرام وسکون بھی پا چکا اور میں نے یہ تحقیق کی اور تمام دوستوں کو بھی اتفاق ہے کہ ظاہر و باطن کی دنیا میں کوئی شے محبت اور غم محبت سے زیادہ عمدہ دستیاب نہیں۔

زین نکتہ خبر از دل بے ذوق چہ جوئید
در عالم معنی زکجائید بگوئید

سرمایہ عمر است ہمیں عشق درین دہر
گر عشق ندارید چہ دارید بگوئید!

یعنی یہ نکتہ نیکی کا جس دل شروع ہی سے ذوق نہ ہو عالم معنی میں کدھر ہیں آپ یہ تو بتائیں اس زمانہ میں عمر کا سرمایہ یہی تو ہے اگر محبت نہیں ہے تو پھر کیا رکھتے ہیں۔

القصہ سلطان الشہداءؒ نے اپنا رخ انور حاضرین مجلس کی جانب کرتے ہوئے اشارہ فرمایا کہ سرحدوں کے امراء کو مکتوبات تحریر کیے جائیں کہ کافر نے ایسی حرکت کی لیکن حق تعالیٰ نے بھلائی کی خدانہ کرے کوئی دوسرا یہ

واقعہ اور طرح بیان کرے جو لوگوں کے لئے تکلیف کا سبب بنے (ق/112) اور ایک عرضداشت محترم والدین کی خدمت میں کا ہیلر ارسال کریں اسی وقت عرائض نویس تحریر کر کے آپ کی خدمت میں لایا تو اپنے دستخط خاص ثبت فرمائے اور قاصدین جگہ جگہ تعینات کیے۔ جب قاصدین سالار ساہوؒ کی خدمت میں کا ہیلر پہنچے تو وہ بے حد خوش ہوئے اور ان سے بغل گیر ہوئے جملہ حالات تفصیل سے معلوم کیے۔ جب نائی کی حرکت کا واقعہ بیان کیا تو بدن مبارک پر کپکپی طاری ہوئی بے ہوش ہوئے اور زور زور سے رونے لگے تھوڑی دیر بعد پھر جب ہوش میں آئے تو دیوانہ وار محل کے اندر ستر معلیٰ کے پیش ہوئے وہ بھی مجنون کی مانند تھیں سالا مسعودؒ کا جب کوئی نام لیتا تو کچھ ہوش میں آتیں سالار ساہوؒ (ق/113) نے دستخط خاص سلطان الشہداءؒ کے انہیں دکھائے ہر بار دیکھ کر آنکھوں کے ساتھ ملتیں اور سالار ساہوؒ کو اشارہ کیا کہ اسے پڑھیے تمام حالات و واقعات حرف بحرف مطالعہ کیے حرکت نائی پر پہنچے تو ستر معلیٰ نے کہا ہائے میرے مسعودؒ پر زہر نے اثر ڈالا اور میں زندہ ہوں یہی کلمہ کہتے کہتے بے شعور ہو گئیں کلیجہ پر جدائی کا تیر لگا اسی وقت سے بیمار ہو گئیں حکیموں نے بہت علاج معالجہ کیا لیکن فائدہ نہ ہوا۔ بلاشبہ مریض محبت کو سوائے محبوب کے دیدار کے کوئی علاج سودمند نہیں اور وہ ہو نہ سکا مجبور ہو کر جان اس کے سپرد کر دی بارہویں روز فرزند کی جدائی کی بیماری میں ستر معلیٰ فانی دنیا سے آخرت کی طرف انتقال فرمایا اور جنازہ (ق/114) ان کا غزنی بھیجا گیا سالار ساہوؒ نے کہا کہ میں اس عورت کے سبب سالار مسعودؒ کے ساتھ نہیں گیا اب اس ملک جہاں میں کیا کام ہے اور اسی مضمون کی عرضی لکھ کر سلطان محمودؒ کی خدمت میں ارسال کی اور خود لشکر کے ہمراہ ہندوستان کی طرف روانہ ہوئے۔ واللہ اعلم بالحقیقت والصواب۔

حوالہ جات:

1	سلطان الشہداء سالار مسعود غازی جو قطب شاہی علوی اعوان قبیلہ کے چشم و چراغ تھے ان کو دیگر لشکر کے امیران یہ مشورہ دیتے کہ آپ بڑی شان و شوکت رکھتے ہیں اور بارہ ہزار لشکر کے مالک ہیں آپ بادشاہی قبول فرما کر تخت پر جلوہ گر ہوں آپؒ نے فرمایا کہ میں بادشاہی کے لئے جہاد نہیں کرتا بادشاہی میرے ماموں سلطان محمود غزنوی کو مبارک ہو۔ سلطان الشہداء سالار مسعود غازیؒ نے جب دھلی فتح کیا تو بھی آپ تخت پر نہ بیٹھے ساتھیوں نے پھر تخت نشین ہونے پر اسرار کیا تو آپؒ نے مکرر فرمایا میں یہ جہاد تخت کے لئے نہیں کر رہا ہوں بلکہ ہمارا اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک راز ہے جو وہ جانتا ہے۔ آپ نے امیر بایزید جعفر کو دھلی کا حاکم مقرر کیا۔ سلطان الشہداءؒ کا معمول تھا کہ کوئی بھی آپ سے ملاقات کے لئے آتا خواہ وہ مسلمان ہو یا غیر مسلم اس کے ساتھ اخلاق حسنہ سے پیش آتے اور تحائف دے کر رخصت فرماتے آپؒ کے اخلاق حسنہ اور عملی تبلیغی کوششوں سے جوق در جوق ہندو قبائل حلقہ بگوش اسلام ہوئے بے شمار قبائل اپنی تاریخ میں نقل کرتے ہیں کہ وہ سالار مسعود غازیؒ کے ہاتھوں اسلام لائے۔
2	سالار سیف الدین غازی علوی سلطان الشہداءؒ کے چھوٹے چچا تھے اور سالار قطب حیدر غازی علوی ان کے بڑے چچا تھے۔ کمانڈر انچیف سالار ساہو غازی نے مانک پور فتح کرنے کے بعد سالار قطب حیدر غازی علوی (قطب شاہی علوی اعوان) کو اس کا حاکم مقرر کیا۔

داستان چہارم:

بیان سالار ساہوؒ کا ستر کھ آنا اور سلطان الشہداءؒ کا بھڑائچ کی طرف متوجہ ہونا اور سالار ساہو کا ستر کھ میں فوت ہونا اور بڑی جنگیں کرنا سلطان الشہداءؒ کا کفار کے ساتھ اور جام شہادت نوش کرنا بہڑائچ میں۔

قصہ مختصر جب سالار ساہوؒ (قطب شاہی علوی اعوان) ستر کھ کے نزدیک پہنچے تو سالار مسعودؒ خیر مقدم کر کے گھر لائے اور تین دن تک خوشی کے (ق/115) باجے بجے اور شب و روز مجلس عیش ہوئی پہلوان لشکر کی تشریف آوری سے تمام مردم لشکر اور سرحدوں کو قوت حاصل ہوئی اور ہر طرف منکرین پریشان و حیرت زادہ ہوئے۔ کچھ دنوں کے بعد ملک فیروز نے کفار کے تین مخبر سردیانی کی گذرگاہ سے پکڑے اور گرفتار کر کے ستر کھ بھیجے سلطان الشہداءؒ (قطب شاہی علوی اعوان) کے خدمت گاروں نے انہیں پہچان لیا دو زناردار تھے جو قبل ازیں زین ہا (کاٹھیاں) پر جادو کرتے ہوئے راجگان کڑہ اور مانک پور کی جانب سے سلطان الشہداءؒ کے لئے لائے تھے اور ایک ان میں حجام تھا جو زہر آلود نہرنی (ناخن گیر/ناخن تراش) لایا تھا پہلوان لشکر (سالار ساہوؒ) نے فرمایا کہ تینوں اشخاص کو قتل کیا جائے۔ سلطان الشہداءؒ نے کہا ان کے قتل سے کیا حاصل انہیں رہا کر دیں سالار ساہوؒ نے فرمایا دو (ق/116) زناردار وں کو رہا کیے دیتا ہوں لیکن نائی کو معاف نہ کروں گا اسی وقت تہ تیغ کر دیا۔ اور مکتوبات راجگان کڑا و مانک پور جو راجگان نواحی بہڑائچ کو لکھے گئے تھے زناردار وں سے قبضہ میں لے کر مطالعہ کیے گئے ان میں درج تھا پرایا لشکر میرے اور تمہارے درمیان بیٹھا ہے اس طرف سے تم اور اس طرف سے ہم ان مسلمانوں کا کام تمام کر دیں۔ الغرض پہلوان لشکر بہت زیادہ غیرت میں آئے فوراً دو مخبر تعینات فرمائے تا کہ راجگان کڑا و مانک پور کی خبر لاؤ کہ کس کام میں مشغول ہیں؟ اطلاع آئی کہ دونوں کفار اس طرف سے غافل دختر و فرزند کی شادی میں مصروف ہیں پہلوان لشکر اسی وقت طبل جنگ بجوا کر سوار ہوئے (ق/117) سلطان الشہداءؒ کو ستر کھ میں رہنے دیا اور خود بھرپور قوت کے ساتھ درمیانی رات کفار پر چڑھائی کی اور اس جگہ فوج کے دو حصے کیے ایک فوج بجانب کڑہ اور ایک مانک پور۔ ترکان بہادر تمام فوری طور پر دونوں جگہوں پر آئے۔ جنگ کے لیے کفار بھی آئے مگر لشکر اسلام کو فتح ہوئی۔ منکرین ہزاروں قتل ہوئے ہر دو راجگان زندہ پکڑ کر پہلوان لشکر کی خدمت میں لائے گئے۔ اسی وقت گلے میں طوق ڈال کر ستر کھ بھیجا اور سالار مسعودؒ کو تحریر کیا نمک حرام پر خصوصی نگاہ رکھیں سالار مسعودؒ نے انہیں بہڑائچ میں سالار سیف الدینؒ کو پیش کرنے کے لئے بھیجا۔ قصہ مختصر پہلوان لشکر نے کڑہ اور مانک پور مٹی میں ملا دیا اور اموال و اسباب اور کنیزیں بے شمار لشکر کے ہاتھ آئیں۔ بعد ازاں ملک عبداللہ [1] راجو کو کڑہ میں چھوڑا (حاکم مقرر کیا) اور ملک قطب حیدر [1] (قطب شاہی علوی اعوان) کو مانک پور چھوڑا (حاکم مقرر کیا) اور خود شان اور شوکت سے ستر کھ آئے۔ جملہ راجگان ہند اس وقت متعجب ہوئے کہ اب لشکر اسلام سے مقابلہ کرنا مشکل ہے۔ آخر خود کفار کے درمیان اتفاق سے معاہدہ ہوا کہ لڑائی کا سامان (ہتھیار وغیرہ) تیار کیا جائے۔ ایک روز پہلوان لشکر اور سالار مسعودؒ برائے

شکار سوار ہوئے تھے نماز ظہر کی ادائیگی کے بعد اپنی منزل مقرر کی جانب متوجہ ہوئے۔ سلطان الشہداءؒ نے دیکھا کہ بڑا شیر درخت کے نیچے بیٹھا ہے تو اسے غافل کر کے ہرن کی مانند گھوڑے پر سے شیر کی طرف چھلانگ لگائی جب شیر کی نظران پر پڑی غصہ سے کڑک کر (ق/119) چھلانگ لگا کر سلطان الشہداءؒ پر دست اندازی کرنے ہی والا تھا کہ انہوں نے پھرتی سے تلوار حیدری بلند کر کے اس طرح حملہ کیا کہ شیر دولخت ہو کر زمیں پر گر پڑا۔ شور و غوغا ہوا۔ پہلوان لشکر نے واقعہ حال دیکھا بیٹے کے اطراف پھرنے لگے اور جان نچھاور کرنے لگے اور جیسے ہی رہائش گاہ پر آئے کثیر صدقات و خیرات فقراء و مساکین کو عنایت فرمائے۔ سالار سیف الدینؒ کی اسی شب بہرائچ سے درخواست پہلوان لشکر کی خدمت میں پہنچی جس میں درج تھا کہ کفار نے چاروں طرف سے غالب ہو چکے ہیں بندہ کی فوراً اعانت فرمائی جائے۔ سلطان الشہداءؒ نے استدعا کی مجھے حکم دیں کہ بہرائچ جاؤں اور منکرین کو سزا دوں۔ پہلوان لشکر (سالار ساہو) نے منظور نہ کیا پھر فرمایا اس مرتبہ بیٹے کی جدائی بہت مشکل لگتی ہے بڑھاپے کے وقت (ق/120) اکیلا نہ چھوڑیں۔ سلطان الشہداءؒ نے پھر بارہا اسرار کیا کہ بہرائچ میں شکار کرنے کی جگہ بہت اچھی ہے کچھ دن شکار کر کے جلد خدمت میں حاضر ہوتا ہوں مجبوراً رخصت فرمایا اور بہت روئے اور سرپرستی کی۔ سلطان الشہداءؒ پر آنے والا وقت آشکار تھا غمگین ہو کر نکلے بہرائچ کی جانب متوجہ ہوئے کفار جو اپنی کوتاہ اندیشی کی وجہ سے سر اٹھائے ہوئے تھے ان کے بہرائچ پہنچنے حیران ہوئے واپس اپنی جگہ پر قیام کیا۔ سلطان الشہداءؒ بہرائچ کے آس پاس شکار کرتے ہوئے جس وقت سورج کنڈ کے مندر کے پاس سے گزرتے فرماتے تھے کہ مجھے اس زمین سے وطن کی بو آتی ہے اور یہ سورج کنڈ جملہ کفار ہند کا قبلہ تھا سورج کی ایک تصویر پتھر پر نقش کر کے کنارے (ق/121) حوض کے رکھ دی تھی اسے "بالارک" کہتے تھے۔ اور بہرائچ اسی "بالارک" کے نام سے آباد ہوا۔ اور سورج گرہن کے دن جملہ کفار مشرق تا مغرب برائے پرستش آتے اور ہزاروں کفار آدمی اور خواتین اتوار کے روز بہرائچ وغیرہ کے آس پاس سے حاضر ہو کر پتھر کے نیچے اپنے سر کو ملتے اور خدا سمجھ کر پرستش کرتے۔ اس بت پرستی سے سلطان الشہداءؒ بہت افسردہ ہوتے اور بہت دفعہ کہتے کہ انشاء اللہ خدا کی مہربانی سے میں اس کفر کے منبع کو جڑ سے اکھاڑ کر اس مقام پر اللہ تعالیٰ کی بندگی و اطاعت کے لئے مسجد تعمیر کروں گا اور اس ملک سے کفر کی بیخ کنی کروں گا حق تعالیٰ نے ان کا یہ سخن منظور فرمایا (ق/122) س طرح کہ اس جگہ رونق اسلام آفتاب سے زیادہ روشن ہے۔ قصہ مختصر سلطان الشہداءؒ بتاریخ 17 شعبان 423 ھجریؒ سترکھ سے بہرائچ آئے اور سترکھ ہی سے اگلے مہینے عبدالملک فیروزؒ کی درخواست آئی معظم خانؒ سامنے کھڑے تھے قاصدین کو غمگین دیکھ کر پوچھا کیا حال ہے؟ کی انہوں نے عرض کیا سالار ساہوؒ (قطب شاہی علوی اعوان والد سالار مسعود غازی) آخرت کی جانب انتقال فرما چکے۔ معظم خانؒ نے درخواست خود لے لی اور قاصدین کو منع فرمایا کہ اس جگہ بیان نہ کرنا۔ اگلے روز معظم خانؒ و شرف الملکؒ و ظہر الملکؒ و عین الملکؒ و ملک نیک بختؒ اور باقی امراء اور ارکین دولت سب یکجا ہو کر سلطان الشہداءؒ کی

خدمت میں آئے اور عبدالملک فیروزؒ (ق/123) کی عرضداشت سلطان الشہداءؒ کے ہاتھ مبارک میں دی تحریر تھا کہ مورخہ 15 ماہ شوال سن مذکور یعنی 423 ھجری کو سالار ساہوؒ کے سر میں درد ہوا وصیت فرمائی کہ میرا وقت آخر آ پہنچا ہے مجھے سترکھ میں دفنانا۔ بتاریخ 25 ماہ مذکور یعنی شوال 423 ھجری کو رضا و قضا الٰہی سے سفر آخرت کیا۔ سالار مسعودؒ دل جلانے والی خبر پر ہائے ہائے کر کے بہت روئے اور اپنے کپڑے چاک کیے سکتہ طاری ہوا۔ تھوڑی دیر بعد ہوش میں آئے تو حسن میمندی والا واقعہ یاد آیا کہ اس کی وجہ سے آج ہم اس حال میں پہنچے۔ والدہ محترمہ کاہیلر میں انتقال فرما چکی ہیں اور محترم والد نے سترکھ میں وفات پائی۔ اس وقت مجھکو یتیمی کی قدر معلوم ہوئی۔ سبحان اللہ پاک ہے اللہ ایک وقت وہ تھا کہ ہم نشین سلطان (ق/124) محمود تھے اور اس وقت ویران و بیان بان جنگل اور کفر کے گڑھ میں پڑا ہوں معلوم نہیں انجام کیسا ہوگا؟ ان کلمات سے سب حاضرین رونے لگے۔ جب لوگوں کو اس حالت میں بہت غمگین دیکھا پھر خود سنبھل گئے غم کو بھلا کر منشی کی جانب اشارہ فرمایا کہ امراء سرحد کو ایک ایک کر کے مکتوب لکھو کہ مصیبت کی اس گھڑی میں رضاء الٰہی کے بغیر کوئی چارہ نہیں۔ میں اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی وشاکر ہوں آپ بھی مردانہ وار یکتا ہو کر اس کی طاقت پر تکیہ کریں کہ اللہ تعالیٰ کافی ہے۔ سبحان اللہ کیا کمال عقل اور کمال غیرت خودداری ان کی ذات میں تھی کہ ایسے واقعات میں بھی شعور کو نہ چھوڑا اور عبدالملک فیروز کو گھوڑا اور شاہی لباس بھیجا اور والی (ق/125) سترکھ مقرر کیا اور بہت تسلی دی کہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی میں خوش و خرم رہو۔ قصہ مختصر دس روز تک شکار کو نہ گئے اور اہل معرفت اور علمائے کرام کی محفل میں رہے جیسا کہ ہر روز وافر مقدار میں کھانا تقسیم کرتے اور صدقات بہت دیتے اور ختم قرآن کیے گئے۔ دس روز بعد حسب سابق شکار کے لئے گئے اور عوام الناس کے امور کی انجام دہی میں مصروف ہوئے اکثر فرماتے کہ دوستو! جب سے ہم اس ملک ہند میں آئے کہ ایک روز بھی بلا تردد اور بغیر محنت نہیں گذرا ہے خاص طور پر دیار بہرائچ میں تمام جنگل بیابان اور ویران میں ایک لمحہ بھی تمام اوقات میں آرام و سکون میسر نہ آیا تب بھی ہمارا دل اس پر مائل ہے اور اس زمین سے اخلاص و محبت کی بو آتی ہے حاضرین مجلس عقلمندی سے اس کلام کا مدعا جان کر (ق/126) حیران ہوئے اس وقت چشم پوشی کرتے ہوئے دیگر باتوں کا آغاز کیا۔ موافق حدیث رسول اللہ علیہ السلام ﷺ سلطان الشہداء ہر وقت موت کی فکر میں رہتے نبی کریم ﷺ نے فرمایا! کن فی الدنیا کانک غریب ان کعابری سبیل وعد نفسک من اصحاب القبور۔ یعنی اس جہان میں غریب اور مسافر کی طرح رہو اور خود کو قبر والوں کا ساتھی سمجھو۔ قصہ مختصر دو تین مہینے خوشی و غمی میں بسر ہوئے جب کہ ماہ محرم دیکھا گیا اور نئے سال کی آمد ہوئی بوقت صبح مجلس عیش سجائی گئی جملہ آئے ہوئے آدمی موجود تھے۔ طعام اور عطریات صرف کرتے ہوئے ہر ایک کو موافق احوال بخشش عنایت فرما کر رخصت کیا۔ اور خود تازہ وضو (ق/127) کرتے ہوئے قیلولہ کیا اس وقت خواب دیکھا گویا کہ سالار ساہوؒ یک بڑے لشکر کے ہمراہ دریائے گنگا کے کنارے ڈیرہ کیے ہوئے ہیں نیز سلطان الشہداءؒ بھی وہاں پہنچے جب سراپردہ خیمہ اٹھا کر درمیان میں گئے تو دیکھتے ہیں کہ سالار ساہوؒ سجی ہوئی مجلس شاہی میں

تشریف فرماہیں موسیقی ورقص والے چاروں طرف موجود ہیں اور ستر معلیٰ گلدستہ ہاتھ میں لئے کھڑی ہیں جیسے ہی سلطان الشہداءؒ کو دیکھا فرمایا! بابا مسعود جلدی آؤ تمہارے کارخیر کا سامان ہے سالار مسعودؒ پاس آئے جو گلدستہ ان کے ہاتھ میں تھا اس کا سہرہ سلطان الشہداءؒ کے سر پر باندھا سازہا وخوشی کے باجے کی آوازیں آنے لگیں جملہ لشکر میں شور مچ گیا سلطان الشہداء شوروغل کی وجہ سے بیدار ہوئے (ق/128) اور ہکا بکا ہوئے خدمت گاروں سے پوچھا کس قدر دن ہے؟ انہوں نے التماس کیا کہ نماز ظہر کا وقت ہو چکا ہے۔ اٹھے از سر نو وضو کیا باجماعت نماز ظہر ادا فرمائی۔ درویشان اور علمائے کرام اور مصاحبوں کو طلب کر کے خواب مذکور بیان کیا۔ ان سب نے کتاب تعبیر خواب نامہ طلب فرما کر دیکھنا شروع کیا۔ سترہویں فیصل میں نکلا یعنی جو یہ خواب دیکھے اسے مذہبی شہادت نصیب ہوگی۔ جیسے ہی سلطان الشہداءؒ نے تعبیر خواب سنی سرد آہ بھری اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور یہ شعر فرمایا!

آہ بیکبار کی یار کمر ما گرفت　　　　چوں دل ما تنگ دید خانہ دگر جا گرفت

یعنی افسوس محبوب نے فوراً ہی منہ موڑ لیا جب ہمارا دل رنجیدہ دیکھا دوسرے کے گھر جگہ بنالی۔ سلطان الشہداءؒ نے اس کے بعد رخ انور حاضرین کی طرف کرتے ہوئے فرمایا! اللہ تعالیٰ کا فرمان عالی شان ہے۔ کل نفس ذائقۃ الموت۔ کہ ہر جان دار نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے (ق/129) اس سے بڑی سعادت مندی کیا ہوگی جو جام شہادت نوش ہوئے ہمیشہ قائم رہنے والی دنیا کی طرف جائے اور اس فنا ہونے والی دنیا کی پریشانیوں سے نجات حاصل کرے۔ ہمارا مقصود یہ ہے کہ ذات باری تعالیٰ مجھے اور میرے دوستوں کو اسد اللہ الغالب اور آئمہ معصومین کی میراث عطا فرماتے ہوئے اس نعمت سے بہرہ مند کرے۔ قصہ مختصر دوسرے روز ایک شخص راجگان آس پاس بھڑائچ کا بھیجا ہوا سلطان الشہداءؒ کی خدمت میں پہنچا ملک حیدر نے اسے حضور کی خدمت میں پیش کیا جو خط لایا تھا پیش کیا۔ کفار نے تکبرانہ انداز میں تحریر کیا تھا کہ تم اوپر ہی اوپر سے آئے ہو حقیقت حال اس ملک کی تمہیں معلوم نہیں۔ یہ ملک باپ دادا کی ولایت ہے اس جگہ کوئی بالا دستی نہیں قائم کر سکتا اپنے اصل (ملک) واپسی کی فکر کرو۔ سلطان الشہداء نے آنے والے سے پوچھا کہ چند (ق/130) راجگان جو جمع ہیں ان کے نام کیا ہیں؟ اس نے کہا رای رایب وسایب وارجن وبھکن وکنک وکلیان ونکرو وسکرو وکرن وبیربل واجیپال وسری پال وہر پال وہرکن وہرکھو ونرہرور جودہاری ودیونرائن ونرسنکہ آٹھ لاکھ سوار وپیادہ کے ہمراہ یکجا ہیں اور جنگ کا ارادہ رکھتے ہیں سالار مسعودؒ نے خط کا جواب دیتے ہوئے ملک نیک دل کو معہ سات پیادے رخصت فرمایا کہ جواب خط کا خود دینا چاہیے۔ لیکن مقصود یہ تھا کہ ان کے لشکر کی حقیقت حال دیکھ آئیں۔ جب ملک نیک دلؒ اس مقام پر پہنچے کسی نے پہلے ہی راجگان کو خبر کر دی۔ جملہ راجگان نے اکٹھے ہو کر ملک مذکور کو اپنے پاس بلا کر پوچھا کہ سالار مسعودؒ نے کیا (ق/131) کہا ہے ملک نیک دل نے کہ کہ میرے صاحب تم کو دعا دیتے ہیں اور فرماتے ہیں اس ملک کی تعریف سن کر شکار کے لئے آیا ہوں بہت جنگل ویران غیر آباد ولایت

میں ہے بہتر ہوگا کہ ہمارے درمیان عہد نامہ ہو جائے بھائیوں کی طرح اس ملک کو آباد کریں۔ بدچلن کفار نے جواب دیا جب تک ہمارے بیچ ایک لڑائی نہ ہو بھلائی کی گفتگو لائق نہیں۔ تم اس جگہ بلا خوف وخطر بھرپور قوت کے آئے ہو ہم نے چھوٹ دی جب تک کسی ایک کو شکست نہ ہوگی بھلائی کس طرح ہو سکتی ہے۔ راجہ کرن نے کہا خاصیت آب وہوا اس ملک کی تم نہیں جانتے ہمارا کام یہی پانی کر سکتا ہے۔ بہتر ہے کہ تم سرد پانی کو چھوڑ (ق/132) کر اوپر والی طرف جاؤ (وطن کی راہ لو) بصورت دیگر آج یا آنے والے کل لڑائی ہوگی۔ مغرور کفار میں راجہ کلیان کچھ عقلمند تھا کہا کہ اے راجگان تمہیں عقل ہے کیا خیال کرتے ہو کہ سالار مسعودؒ نے بھلائی کی گفتگو ترس کھا کر کی ہے محض غلط دل میں لائے ہو۔ ذرہ سوچو کل کے روز یہ بچہ غیرت سے سلطان محمود کے ہاں تھا وزیر سے عناد کی خاطر والدہ اور والد کو چھوڑ کر پورے ملک ہند کو اپنے قبضہ میں لائے اور والد سترکھ میں انتقال کر گئے ملاقات کو بھی نہ جا سکے یہ تو دل لگی کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اگر کسی کو ذوق ہو تو میرا ہاتھ پکڑ کر یہاں سے اٹھا دے تم پر طعنہ مارتے ہیں تم نہیں سمجھتے ہو صلح میں کیا حرج ہے اگر وہ قبول کریں۔ کفار (ق/133) نے ہر طرف نوک جھوک کا آغاز کیا۔ ملک نیک دل مجلس بیسر سے اٹھ کر رخصت ہوئے اور سلطان الشہداءؒ کی خدمت میں پہنچے اور واقعہ حال عرض کیا کفار بھی برابر کوچ کرتے ہوئے آئے برلب دریائے کتھلہ جنگل میں ڈیرہ لگایا۔ سلطان الشہداءؒ کی خدمت میں جب یہ خبر پہنچی تو جملہ بڑے بڑے امراء کو طلب فرمایا اور مشاورت کی کہ لڑائی اس مقام پر کرنی ہے یا کہ ان کے سر پر پہنچ کر۔ سب امراء صاحب تجربہ تھے نے درخواست کی کہ خود ان کے سر کے اوپر پہنچنا چاہیے۔ سلطان الشہداء مسلح ہوئے مغرب کی نماز کے بعد سوار ہوئے اور رات ہی رات میں صبح کے وقت کفار کے نزدیک لشکر پہنچے۔ فوجوں کو ترتیب دیتے ہوئے سالار سیف الدین (قطب شاہی علوی اعوان) کو ہراول مقرر کیا　　　باقی　　　امراء　　　کو آگے۔ پیچھے، دائیں اور بائیں مقرر (ق/134) فرمایا اور خود بیچ مرکز میں رہ کر کفار کے سر پر جا چڑھے وہ بھی خبر ملنے کے بعد لڑائی کے لئے آئے۔ سالار سیف الدین نے دوپہر (چھ گھنٹے) تک جنگ کی۔ آخر میاں رجب اور امیر خیرا اور امیر نصر اللہ نے دائیں طرف سے گھوڑوں سے حملہ کیا اور بائیں طرف سے امیر ترکان اور امیر بایزید بھی آگئے۔ اور سلطان الشہداء بھی متوجہ ہوئے۔ ہزارہا کفار قتل ہوئے اکثر مسلمانوں نے بھی جام شہادت نوش کیا بالآخر کفار بے بس ہو کر بھاگے پانچوں راجگان گرفتار ہوئے دل کو بہانے والی فتح ہوئی لشکر اسلام نے کچھ کوس تک پیچھا کیا گھوڑے اور مال واسباب بیشمار ہاتھ آیا۔ سلطان الشہداءؒ نے سات دن تک اس مقام پر قیام کیا جن بہادران نے شہادت حاصل کی (ق/135) کو دفن کیا اور ان کے روح پاک کے لئے فاتحہ خوانی کی۔ آٹھویں روز متوجہ بہڑائچ ہوئے۔ ہوا (لُو) بہت گرم تھی اور بہت دور سے آئے تھے برلب سورج کنڈ گل چکاں کے درخت آرام کرتے ہوئے زبان مبارک سے فرمایا! اس درخت کی چھاؤں مجھے بہت زیادہ اچھی لگتی ہے۔ اور اس زمین سے مجھے اپنائیت کی بو محسوس ہو رہی ہے بہتر ہے اپنے ملک کی طرح

اس جگہ باغ لگاؤں اور اکثر یہاں پر ہی قیام کروں تا کہ اس مقام سے کفار کا مجمع اور کفر کی تاریکی ختم ہو۔ جس وقت تک کفار کی بت پرستی و مشرکین کی تاریکی کا خاتمہ نہیں ہوتا ممکن نہیں ہے کہ اس ملک میں رواج اسلام آشکار ہو۔ اور انشا اللہ تعالیٰ سورج کی ظاہری پرستش کو قوت مشاہدہ آفتاب (ق/136) باطن سے مٹاؤں گا۔ فوراً حکم کیا کہ سورج کنڈ کے آس پاس کے سب درخت کفر کی تاریکی میں پرانے ہو چکے ہیں کی بیخ کنی کی جائے لیکن اس ایک درخت گل چکاں کو چھوڑ کر جس
کی
چھاؤں میں میں
کھڑا ہوں تنہا اس کو چھوڑ دو اور باقی ختم کر دو۔ میاں رجب کوتوال کو اس خدمت کے لئے چھوڑ کر خود بخوشی منزل مقصود بہڑائچ تشریف لے گئے اور اس وقت کے بعد زیادہ وقت گوشہ نشینی میں رہ کر باطنی عبادت میں مشغول رہتے۔ ایک دو بار امراء و ارکین حکومت کی خاطر داری کے لئے دیوان خانہ میں آتے اور واپس محل میں تشریف لے جاتے تھے۔ میاں رجب نے تین چار دنوں میں پرانے درختوں کو جڑوں سے اکھاڑ دیا اور چاروں طرف (ق/137) سورج کنڈ کے تعدادی سو بیگھہ (چار سو کنال) بلکہ زیادہ زمین ہموار کرتے ہوئے سلطان الشہداءؒ کی خدمت میں گذارش بھیجی کہ اس وقت کیا حکم ہے۔ سلطان الشہداءؒ خود برائے سیر سوار ہو کر اس طرف چلے اور لشکر کے بیلدار ان جو اپنے ملک سے ہمرہ آئے ہوئے تھے حضور نے خود طلب کیا اور فرمایا کہ اپنے ملک وطن کی طرز پر باغ کی کیاریاں اور درمیانی راستے درست کرو۔ اور میاں رجب کو اشارہ کر کے کہا کہ جگہ جگہ آدمی مقرر کرو۔ پودے ہر طرح کے بے نظیر برائے اس باغ لے آئیں اور تاکید کی کہ اس طرح لگائے جائیں کہ جلد تھوڑے دنوں میں سجا ہوا باغ ہو جائے اور یہ بھی فرمایا کہ ایک چبوترہ زیر درخت گل چکاں (مہوہ) بیٹھنے بنایا جائے کیوں کہ یہ مقام مجھے بہت اچھا لگتا ہے بعد ازاں حضور نے خود نقاشی و ترتیب کی درستگی کی اور میاں (ق/138) رجب بندہ مزاج شناس تھا شب و روز اسی کام میں مصروف رہا۔ قصہ مختصر اگلے دن پہاڑوں سے پیغام رساں راجہ جوگی داس بہت سے تحائف لے کر دربار میں پہنچا ملک حیدرا سے سلطان الشہداءؒ کی خدمت میں لے گئے پیغام رساں مذکور نے راجہ کی جانب سے بہت ہی نیک خواہشات و اطاعت کا اظہار کیا تھوڑی دیر بعد راجہ گوبند داس کا قاصد بھی تحفہ اور پیش کش کے خدمت میں پہنچا اور راجہ مذکور کی جانب سے قدم بوسی کی خواہش کا اظہار کیا سلطان الشہداءؒ نے بہت تسلی فرمائی ہر دو پیغام رساں کو خلعت زریں (قیمتی) مرحمت کی اور فرمایا! تم نے ابھی اسلام کی اطاعت قبول کی ہے دل کی تسلی سے اپنے گھروں میں رہیں ہمیں بھی آپ سے ملاقات کرنے آپ جب چاہیں آئیں آپ کا اپنا گھر ہے بعد ازاں انہیں رخصت فرمایا (ق/139) بعض دیگر راجگان نے بھی مصلحت کی خاطر سلطان الشہداءؒ کی خدمت میں رجوع کیا اور سامان جنگ سے بھی غافل نہ تھے۔

حاصل کلام یہ کہ راجگان نے لڑائی میں شکست ہو جانے کے بعد ندامت سے خود تمام ہند کے راجگان کو خطوط لکھے کہ یہ ملک ہمارے اور آپ کے آباء واجداد کا ہے۔ یہ بچہ چاہتا ہے کہ بزور قوت قبضہ کرے بھلائی اسی میں ہے

کہ جلد اعانت کرو بصورت دیگر ملک ہاتھ سے چلا جائے گا۔ اور جملہ راجگان نے تحریر کیا کہ ہم حاضر ہیں پہنچتے ہیں تم بھی سامان جنگ کرو۔ راجہ سہر دیو بجولی سے اور راجہ بہر دیو سنبلو نہ سے بہت بڑی جمعیت لے کر پہلے لشکر کفار میں آئے اور تجویز کیا کہ تم جنگی حکمت عملی سے واقف نہیں۔ اوّل چند ہزار زہر والی کیل، سینگ اور لوہے کے پانچے تیار کر کے حاضر کیے جائیں اور زہر (ق/140) آلود کریں جنگ کے وقت میدان میں اچھی طرح نصب کیے جائیں تا کہ مسلمان جب بے دھڑک گھوڑے دوڑائیں گے پانچے کیل گھوڑوں کے پیروں میں چھبیں گی تو گھوڑے گر کر تمام ہو جائیں گے دیگر بہت سا آتش بازی کا سامان لایا جائے چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ دو مہینے بعد جملہ راجگان ہند اور کوہستان بے شمار لشکر کے ساتھ جمع ہو کر برلب دریائے کتھلہ آئے پھر ڈیرہ لگایا۔ اور ایک شخص کو سلطان الشہداء کی خدمت میں بھیجا اور کہا کہ اگر زندگی چاہیے تو سرد پانی چھوڑ کر اُس طرف دیکھیں۔ یہ ملک ہمارے آباء واجداد کا ہے تمہیں ہم تم کو یہاں نہ چھوڑیں گے۔ سلطان الشہداءؒ کو بہت غیرت آئی جواب دیا کہ ہمارا قدم اس وقت تک اللہ تعالیٰ کی عنایت سے (ق/141) پیچھے نہیں ہٹا ہے اور انشاء اللہ اب بھی نہیں ہٹے گا۔ ملک اللہ تعالیٰ دے اسی کے قبضہ میں رہتا ہے تمہارے آباء واجداد کو کس نے دیا تھا۔ کسی نے راجگان کے ہاں جا کر واقعہ حال عرض کیا۔ راجگان نے کہا کہ یہ بچہ بلا خوف جواب دیتا ہے قطعاً نہیں ڈرتا۔ سلطان الشہداءؒ نے ملک حیدر کو فرمایا کہ سالار سیف الدینؒ و امیر نصر اللہؒ و امیر خضرؒ و امیر سیّد ابراہیمؒ و نجم الملکؒ و ظہیر الملکؒ و عین الملکؒ و شرف الملکؒ و نظام الملکؒ و قیام الملکؒ و نصیر الملک اور میاں رجبؒ کو جلد ہمارے سامنے لاؤ۔ ملک حیدر جملہ امراء کو ان کی خدمت لائے ان سے مشاورت فرمائی آخر قرار پایا کہ اگر کفار ہمارے سر پر آ جائیں تو یہ اچھا نہیں، بہتر یہی ہے کہ ہم ان پر حملہ (ق/142) کریں انشاء اللہ فتح ہے۔ اگلے روز تیار ہوئے اسی وقت اطلاع پہنچی کہ کفار لشکر کے مویشی لے گئے سلطان الشہداء شیر کی مانند غصے میں آئے اور اعلان جنگ فرمایا خود جنگی سامان سے لیس ہو کر سوار ہوئے فوجوں کو آراستہ کرتے ہوئے کفار کی جانب متوجہ ہوئے۔ کفار بھی جنگ کے لیے موجود آئے میدان میں پانچے کیل نصب کیں اور آتش بازی کے ساتھ کھڑے ہو گئے بہادر ترکان نے بے دھڑک گھوڑوں سے حملہ کیا اکثر آدمی پانچے کیل و آتش بازی سے ہلاک (شہید) ہوئے باوجود اس کے بڑی جنگ کی اور لا تعداد کفار قتل ہوئے۔ جب سلطان الشہداء کو آگاہی ہوئی کہ فوج ہر اول کفار کے مقابلہ میں تھک چکے ہیں (ق/143) تو خود میدان چھوڑ کر دوسری طرف سے کفار کی فوج پر حملہ کیا جنگ بہت ہوئی دونوں اطراف کے بہت قتل ہوئے کفار بے بس ہو کر بھاگ گئے۔ سلطان الشہداءؒ میدان میں کھڑے رہے۔ چند امراء نے پیچھا کیا لشکر کفار کو تباہ و برباد کر کے حاضر خدمت حضور آئے۔ سلطان الشہداءؒ نے میدان چھوڑا اور برلب دریائے کتھلہ ڈیرہ لگایا اور فرمایا کہ فوج کی تعداد شمار کرو کہ کس قدر آدمی عاجز رہے ہیں۔ جب شمار کیا گیا تو پتہ چلا کہ ایک تہائی آدمیوں نے جام شہادت نوش کیا۔ سلطان الشہداءؒ نے یہ کلمات سنے سر ہلایا (ق/144) اور پھر یہ شعر پڑھا۔

آہ یکبار گی یار کمر ما گرفت   چوں دل ما تنگ دید خانہ دیگر جا گرفت

افسوس محبوب نے فوراً ہی منہ موڑ لیا جب ہمارا دل رنجیدہ دیکھا دوسرے کے گھر جگہ بنالی۔

حاصل کلام یہ تین دن تک اس جگہ عاجزی سے شہداء کے روح فاتحہ پڑھ کر چوتھے دن پھر بہرائچ آئے اکثر پرانے ساتھی اور بعض ہم نشین اس لڑائی میں شہید ہوئے تھے غمگین تھے دکھ دور کرنے کے لئے اکثر سوار ہو کر باغ دیکھنے جاتے تھے کیاریاں اور راستے بنائے گئے تھے حضور نے خود جگہ جگہ ترتیب وار پودے لگوائے تھے بعدازاں زیر درخت گل چکاں (مہوہ) کے وسیع وصاف ستھرا چبوترہ بنایا گیا تھا پر نشست رکھتے تھے اور یہ درخت گل چکاں سورج کنڈ کے نزدیک واقع تھا (ق/145) بالارک بت حوض کے کنارے تھا کہ کفار سورج کنڈ میں غسل کرنے کے بعد بت مذکور کی پرستش کرتے تھے۔ جس وقت بھی سلطان الشہداؒ کی نظر اس حوض اور بت پر پڑتی تو بہت رشک کرتے۔ میاں رجبؒ بیباک آدمی تھے اندازے سے صاحب (سلطان الشہداؒ) کا مزاج دریافت کر کے استدعا کی کہ جناب عالیٰ غلام نے اس وقت اس جگہ باغ تیار کیا ہے اور کبھی کبھار تشریف فرما بھی ہوتے ہیں اور نماز بھی قائم کرتے ہیں اب یہ اسلامی ملک ہے اگر ارشاد فرمائیں بت اور بتکدہ کو ختم کر دوں۔ سلطان الشہداؒ نے فرمایا تو نہیں جانتا حق تعالیٰ کے ساتھ میرا ایک راز ہے جو بتا نہیں سکتا (ق/146) یہ جگہ مجھ پر اور طرز سے ظاہر کی گئی ہے چنانچہ ظاہر ہوگا۔ چند دنوں بعد فرشتے اللہ تعالیٰ کے حکم سے ظلمت کی دنیا سے اس جگہ کفر کا خاتمہ کریں گے اور اسلام جو آب حیات ہے پھیل جائے گا حقیقت میں اس جگہ سے کفر و شرک کا خاتمہ ہونے والا ہے ظاہر چند دنوں کے لئے ہے خود بخود ختم ہو جائے گا مجھے جتنا حکم ہوتا ہے اتنا ہی ہاتھ پاؤں پھیلاتا ہوں میری نظر اس کی واحدنیت پر ہے چونکہ اس بتکدہ سے شرک کی بو آتی ہے اس لئے یہ غیرت کا پارہ جوش دلاتا ہے پھر ادب یکتائی نیچے بیٹھا دیتی ہے اس حرف سے سلطان الشہداء کے چہرہ انور کا رخ تبدیل ہوا عالم (ق/147) دیگر کا جلوہ نظر آنے لگا غشی طاری ہوئی میاں رجبؒ حیران ہوئے اور استدعا کی کہ میں نے قلت نظری سے کہا سچ وہی ہے جو آپؒ نے ارشاد فرمایا۔ حاصل کلام یہ ہے کہ عوام الناس نے میاں رجبؒ 2ے سے متعلق ان کے انتقال (شہادت) کے بعد بے سروپا (جھوٹی) باتیں منسوب کر دیں کچھ ناقصان کہتے ہیں کہ وہ سلطان الشہداؒ کے بھانجے تھے پناہ مانگتا ہوں۔ اس سیاہ غلام کی امیر سے کیا نسبت؟ اور بعض ان کا نام اور بیان کرتے ہیں اور اعجب سالار کہتے ہیں اور بعض بتاتے ہیں کہ وہ سلطان فیروز کے باپ تھے یہ وہی رجب (ق/148) سلطان فیروز شاہ کے والد تھے بہرکیف یہ سب جھوٹ ہے۔ رجب سلطان الشہداؒ کے کم تر غلاموں (ملازموں) میں سے تھے۔ اور رعایا میں اپنی سخت مزاجی اور تیز طبعیت آدمی کے طور پر جانے جاتے تھے اہل بصیرت کے ہاں پذیرائی نہ تھی ۔ اور سلطان الشہداؒ دیگر علاقوں میں اور ناموں سے بھی پکارے جاتے ہیں دہلی کے آس پاس آنحضرت کو پیر بحلیمؒ کہتے ہیں اور ملک خراسان میں سالار رجبؒ اور کچھ دوسرے شہروں میں غازی میاںؒ کہتے ہیں اور جو آپؒ (سلطان الشہداؒ) سے متعلق معلومات

رکھتے ہیں اور تاریخ سے بھی واقف ہیں وہ سپہ سالار مسعود غازیؒ پڑھتے ہیں۔ الغرض تھوڑی دیر بعد جب حالت بہتر ہوئی تو سوار ہو کر مقام مقررہ پر تشریف فرما ہوئے دو تین ماہ ایسے ہی گزرے کہ کبھی غشی کے عالم میں اور کبھی اچھی حالت میں۔ اس وقت محبوب رب العالمین کی عمر مبارک 19 برس تھی اور عقل و شجاعت اور عمدہ قسم کے اخلاق و خصلتوں اور پیروی دین و معرفت الٰہی و دیگر کمالات کے پیکر تھے۔ چنانچہ ذکر کیا جا چکا کہ حق تعالیٰ نے انہیں حضرت یوسف علیہ السلام جیسی خوبصورتی، حضرت محمد ﷺ کا نور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولایت نصیب تھی اور اس غلام (حضرت عبدالرحمٰن چشتی علویؒ) کو یہ یقین ہے بعد ان کے اس قسم کی مجموعی صفات کا حامل آدمی سر چشمہ پیدا نہیں ہوا آئندہ کا علم اللہ ہی کو ہے۔

قصہ مختصر کفار ہند تمام اطراف سے جمع ہو کر ایک ہوئے لاتعداد فوج کے ساتھ چیونٹیوں اور مکڑیوں کی طرح یکجا ہو کر (ق/150) بہرائچ کی جانب آئے۔ سلطان الشہداؒ کفار کا شور و غل سننے کے بعد دیوان خانہ میں آئے اور تمام ارکان دولت کو حکم دیا کہ آج کے دن تمام چھوٹے بڑے لشکریوں کو پیش کیا جائے ایسا ہی کیا گیا۔ تمام خاص و عام آدمی صفیں باندھ کر کھڑے ہوئے۔ آپؒ (سلطان الشہداؒ) خود اٹھ کر حاضر ہوئے آغاز کرتے ہوئے فرمایا! کہ اے عزیزان کچھ سالوں کا عرصہ ہوا ہم تم اکٹھے ہیں اور مجھے کسی شخص کسی قسم کی اذیت اور رنجش نہیں پہنچی، نیک سلوکی اور وفاداری پر میں راضی اور شاکر ہوں کہ آپ نے واقعی دوستی و حق برداری کا حق ادا کر دیا۔ اگر میری طرف سے آپ کو کوئی گزند پہنچی ہو تو اللہ تعالیٰ کی خاطر مجھے معاف کر دینا۔ وقت جدائی مجھے قریب نظر آ رہا ہے (ق/151) یہ درد بھری گفتگو کے بعد تمام آبدیدہ ہو گئے اور پیشانی زمین پر رکھ کر ثناء خوانی کرنے لگے۔ کوتائی ہماری جانب سے ہوئی حضرت کی جانب سے خوش و خرم ہیں۔ حق تعالیٰ آپؒ حضرت کو ہماری سرپرستی کے لئے محفوظ رکھے کہ آپؒ والدہ و والد سے زیادہ مہربان و ڈھال ہیں۔ پھر سلطان الشہداؒ نے فرمایا! ساتھیو اس وقت تک کفار سے کس قدر لڑائیوں کیں اللہ تعالیٰ نے فتح و نصرت دی اس مرتبہ ہندوستان کے تمام کفار اکٹھے ہو کر آئے ہیں۔ ہمارے باپ دادا کا طریقہ تھا کہ کبھی میدان جنگ میں پیٹھ نہیں دکھاتے تھے پس ہم کو بھی ضروری ہے کہ آباء و اجداد کی پیروی کریں اور اس جسم کی جو زیبائش پردہ ہے کو محبت حق میں ہٹا دیں تمہیں اللہ تعالی کے حوالے کرتا ہوں خواہ اوپر ہی اوپر اپنے وطن کی راہ لیں اور ہاں جو شخص محض محبت حق تعالی کی خاطر ذوق (ق/152) شہادت یعنی شہادت کی تمنا رکھتا ہے وہ ہمارے ساتھ رہے ورنہ نہیں اللہ تعالیٰ حاضر و ناضر ہے میں اپنی خوشی سے تمہیں اجازت دیتا ہوں یہ فرمایا اور آنکھوں سے آنسو چھلک پڑے کون پتھر دل و بد بخت ہوگا جو ایسے وقت میں الگ ہوگا سب نے ایک ساتھ روتے ہوئے بزبان خلوص دل سے کہا کہ اگر ہماری ہزار ہزار جانیں بھی ہوں تو آپؒ کے قدموں پر جان نچھاور کر دیں یہ ایک جان کیا چیز ہے کہ آپؒ کے دیدار و زیارت سے محروم ہو جائیں۔ سبحان اللہ اس روز قیامت جیسا منظر تھا بلکہ اس سے بھی مشکل ترین اس کے بعد دونوں ہاتھ اٹھا کر دعا کی اور محبت و خلوص سے فاتحہ جو پڑھتے تھے پڑھی۔ پس جس قدر اسباب (ق/153) ان کے پاس از قسم رقم نقد و جنس تھا تمام حاضر لوگوں میں تقسیم

کرتے ہوئے فرمایا! جلد خرچ کرو کیوں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام لکڑی کے پیالے اور سوئی کا بوجھ نہ اٹھا سکے تھے میں اس قدر بوجھ کیسے اٹھاؤں گا؟ بعدازاں آدمیوں کو رخصت کرتے ہوئے فرمایا! جنگ کے لیے تیار رہو اور چند ہزار بہادر جوانوں کو تعینات کیا کہ دو گروہوں میں بہڑائچ سے چوکی کے راستہ پر مقابلہ لشکر کفار رہو۔ خود تنہائی میں جا کر باطنی امور میں مشغول ہوئے اس وقت سے کھانا پینا چھوڑ دیا مگر پان کے پتے بہت کھاتے تھے اور عطریات ملتے تھے۔ جس قدر کہ شہادت کا وقت نزدیک آتا تھا سلطان الشہداءؒ کے ذوق مشاہدہ اور خوشی (ق/154) دریائے توحید زیادہ ہوتا چنانچہ کہ عزیزی کہتا ہے:

وعدہ وصل چوں رسید نزدیک آتش شوق تیز تر گردد

یعنی جب محبوب حقیقی سے ملنے کا وقت قریب ہوتا جا رہا ہو شوق (شہادت) کی آگ کی تڑپ تیز ترین ہو جاتی ہے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ مورخہ 13 رجب المرجب 424 ھجری صبح کی پہلی کرن کے وقت لشکر کفار حملہ آور ہو کر سلطان الشہداءؒ کی چوکی کے آدمیوں پر پہنچا جہاں بہادران پروانہ صفت مسلح موجود تھے۔ لڑائی کا آغاز ہوا اور خبر سلطان الشہداءؒ کو بھیجی۔ عاشق معبود سالار مسعودؒ نے اسی وقت نقارہ کا حکم دیا لشکر کے آدمی مسلح سوار حاضر ہوئے جملہ امراء اور جوانان بہادر آ کر دربار میں حاضر ہوئے۔ سالار سیف الدینؒ سے فرمایا کہ پہلے آپ چوکی کے آدمیوں کی امداد کے لیے جائیں میں بھی آپ کے پیچھے آتا ہوں اس کے بعد پانی برائے غسل (ق/155) منگوایا اور طہارت حاصل کرنے کے بعد قیمتی خوبصورت شاہی لباس پہنا اور عطر خوب لگایا تلوار و خنجر حیدری کمر کے ساتھ باندھی جب مقصد صرف شہادت تھا جس کی اصل ان کے دل پر منکشف ہو چکی تھی اس روز اسلحہ جنگی زرہ نہیں پہنی تھی اور نماز فجر اسی جگہ ادا کرتے ہوئے خوش و خرم آئے۔ جنگی گھوڑی تحفہ عراق میں سے تھی خوبصورت رسی کے ساتھ مصاحب کے پاس (طویلہ خاصگی) تھی۔ سلطان الشہداء کے اشارہ پر سفید جنگی گھوڑی جسے کاٹھی اور سونے کی سنہری لگام سے بہت سجایا گیا تھا حاضر کی گئی سوار ہو کر (ق/156) لشکر کفار کی جانب متوجہ ہوئے۔ جب شہر سے باہر آئے تو فوجوں کو آراستہ کیا اور بعض سیدھے ہاتھ اور بعض الٹے ہاتھ اور بعض کو پیچھے اور بعض کو آگے تعینات کرتے ہوئے روانہ ہوئے جب سورج کنڈ کے باغ کے نزدیک پہنچے تو بے حد خوش ہوئے نئے لگائے ہوئے درختوں کے پودے کلیاں اور ہر قسم کے کھلے ہوئے پھول جنت کا نظارہ معلوم ہو رہے تھے سلطان الشہداءؒ کو ان کا مدفن باطنی طور پر زیر درخت گل چکاں دکھایا جا چکا تھا جس وقت اس مقام پر پہنچے تو نہایت مزے و سکون سے زیر درخت مذکور کھڑے ہوتے تھے اس وقت بھی خود بدولت و اقبال مندی گل چکان کے درخت کے نیچے کھڑے (ق/157) ہوئے اور فوجیں جنگ میں مشغول تھیں صبح سے نماز شام تک بہت بڑی لڑائی ہوئی اور طرفین کے ہزارہا آدمی قتل و شہید ہوئے دونوں جانب سے کوئی بھی فریق شکست پر تیار نہ تھا تمام رات دونوں لشکر کے درمیان جنگ جاری رہی ہے جب صبح ہوئی پھر طبل جنگ بجایا گیا اور بہادر جوانان

پروانوں کی طرح بغیر کسی لحاظ کے جنگ کو نکلے شوق وصال الٰہی غالب تھا شہادت کے علاوہ اور کوئی خواہش نہ تھی

کمال عاشقی پروانہ وارد کہ غیر از سوختن پروانہ دارد

کمال عشق میں ایسے غرق تھے کہ جس طرح پروانہ جلنے کے بغیر نہیں رہ سکتا۔

قصہ مختصر لشکر کفار لاتعداد تھا ہر طرف پہاڑوں کی مانند تھے۔ لشکر اسلام کہ ہر چند بہت آدمی آ کر جمع تھے ان کے مقابلے میں (ق/158) آٹے میں نمک کے تھے آ کر شہید ہوئے۔ بڑے بڑے اکثر امراء اور بے شمار آدمیوں نے جام شہادت نوش کیا۔ اس روز صبح تا ظہر دو حصے لشکر اسلا منے شربت شہادت چکھا اور ایک حصہ باقی رہ جانے والے بھی غلبہ عشق الٰہی کی وجہ سے لڑائی سے سیر نہیں ہوئے تھے۔ جیسے ہی یہ خبر سلطان الشہداءؒ کی خدمت میں پہنچی کہ سالار سیف الدینؒ شہید ہو چکے ہیں اور فلاں امیر و فلاں بہادر بھی شہید ہو چکے ہیں تو خوش ہوئے اور فرمایا! کہ الحمدللہ کہ مطلوب حقیقی سے ملے ہیں اور میں بھی ان کے ساتھ نہ چھوڑوں گا کسی وقت میں بھی پہنچتا ہوں۔ بعدازاں فرمایا کہ سالار سیف الدینؒ اور باقی ساتھیوں کو سپرد خاک کریں۔ سالار سیف الدینؒ کے دفن کرنے کے بعد عرض کیا گیا کہ کفار (ق/159) بہت سبقت لے رہے ہیں اور ہمارا سب لشکر جام شہادت نوش فرما گیا ہے لڑائی کریں یا شہداء کو سپرد خاک کریں وقت بہت نازک ہے تو فرمایا! کہ شہداء کو سورج کنڈ میں لائیں کہ ان کی شہادت کی برکت کی وجہ سے اس مقام سے کفر کی تاریکی و اندھیرا قیامت تک ختم ہو جائے گا ایسا ہی کیا گیا وہ حوض جب شہداء سے بھر گیا اس کے بعد فرمایا کہ شہداء کو غاروں اور کنوؤں میں ڈال دو تا کہ کفار کے ہاتھ ان کے پاک جسموں کو چھوئیں اور ان کی بے حرمتی نہ کر سکیں بعدازاں سلطان الشہداءؒ گھوڑی سے اترے اور پھر وضو بنایا خلوص دل سے ظہر کی نماز ادا کی اور بے شمار شہداء جو کہ کنوؤں اور حوض مذکور میں پڑے تھے کی نماز جنازہ ادا فرمائی اور (ق/160) ان کے روح پاک کے لئے فاتحہ خوانی بھی پڑی پھر سفید گھوڑی پر سوار ہو کر باقی ماندہ بہادران کے ہمراہ کفار کی فوج پر ٹوٹ پڑے وہ فوج جو کہ پہاڑ کی مانند نظر آتی تھی یکا یک قہر زد میں آئی جیسا کہ سورج کے آنے سے برف کے تودے پگھل جاتے ہیں۔ زیادہ تر راجگان صاحب جمعیت کو سالار سیف الدینؒ (قطب شاہی علوی اعوان) نے قتل کیا بقیہ سلطان الشہداءؒ کے غضب سے زیر ہوئے۔ کفار غالب ہو کر آئے تھے اپنے مقام کی جانب واپس ہو گئے سلطان الشہداءؒ ابھی اپنے مقام پر کھڑے رہے جدھر دیکھتے سوائے مقتولین کے کوئی شے دکھائی نہ دیتی تھی کچھ زخمی، کچھ بے جان اور کچھ آدمی جو محفوظ تھے وہ بھی زندگی و موت کی کشمکش میں تھے۔ اس قسم کا واقعہ جگر سوز (ق/161) دیکھ کر سلطان الشہداءؒ کے چہرہ انور مبارک پر شوق مشاہدہ الٰہی غالب تھا ان کی حالت میں کوئی تبدیلی نہ آئی بلکہ لذت بڑھ گئی اللہ تعالیٰ نے ان کے دل پر بے پروائی و بے نیازی آشکار کر دی تھی ورنہ ایسے حالات میں آدمی سے اس طرح کی بلند پروازی ممکن نہیں اس وقت میں ایسے واقعہ کو سننے سے جگر کانپ جاتا ہے آفریں ہو اس آدمی کی استقامت پر کہ بچشم خود سب کچھ دیکھ کر بھی اپنی اصل حالت برقرار رکھے۔ القصہ رائے سہر دیو اور رائے بھر دیو اور کچھ دیگر راجگان اپنے لشکر کے

ساتھ ایک جانب کھڑے تھے جب یہ دیکھا کہ لشکر اسلام بہت ہی تھوڑا رہ گیا ہے تو سب نے مل کر سلطان الشہداءؒ کی فوج پر حملہ کیا۔ اور محبوب رب العالمین کے ہمراہ کچھ ہی آدمی رہ گئے تھے اور باغ کے درمیان قرب وجوار میں کھڑے تھے ۔کفار نے کثرت سے چاروں اطراف گھیرا کرتے ہوئے تیرون کی بارش کی اوّل وقت عصر بتاریخ 14 رجب المرجب (424ہجری) سن مذکور کو تیر قضا شہ رگ سلطان الشہداءؒ پر لگا چہرہ مانند سورج، چاند کی طرح سفید ہو گیا کلمہ شہادت پڑھ کر سفید گھوڑی پر سے اترے ۔سکندر دیوانہؒ اور دیگر خدمت گاران نے اس محبوب الٰہی کو سنبھالے ہوئے گل چکاں (مہوہ) کے درخت کے نیچے بستر پر لٹایا زخم سے گردن مبارک ٹیڑھی ہو چکی تھی سکندر دیوانہؒ نے رخ مبارک قبلہ کی طرف کیا اور سر مبارک کو اپنے زانو پر رکھ کر بیٹھا اور زور زور سے رونے لگے سلطان الشہداءؒ نے ایک بار آنکھ مبارک کھولی اور مسکراتے ہوئے کلمہ ھو زبان مبارک سے نکالا اور جان مستعار حق جانتے ہوئے اپنے معبود حقیقی سے جا ملے۔خواجہ حافظؒ نے اس موقعہ پر کہا ہے:۔

ایں جان عاریت کہ بحافظ سپرد دوست (ق/163) روزے رخشن بہ بینم وتسلیم وی کنم

میرے محبوب نے یہ روح عارضی طور پر حوالے کی تھی کہ جس دن اس کا منہ دیکھوں اس کے سپرد کر دوں۔حضور نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے: موت پُل ہے جو پہنچاتی ہے محبوب کو محبوب کے پاس۔یعنی موت پل ہے کہ پہنچاتی ہے دوست کو دوست اس وقت یہ حدیث مبارک حقیقت میں اسی موقعہ کی مناسبت سے ہے۔سنہ پیدائش اور عرصہ زندگی اور سنہ شہادت یہ ہے۔

محبوب خدا ابو دامیر مسعود در چہار صد و پنج درآمد بوجود

تا مدت بست (بعثت) در جہاد افزود در چار صد و بست و چہار رحلت فرمود

امیر مسعودؒ اللہ تعالیٰ کے محبوب تھے چار سو پانچ میں دنیا میں تشریف لائے۔عرصہ بیداری سے جہاد میں رہے 424 (ہجری) میں انتقال فرمایا (شہید ہوئے)۔

حاصل کلام یہ کہ خلقت نعرہ ہائے ہائے بلند کرتے ہوئے روئی اور تلواریں بلند کرتے ہوئے منکرین کے لشکر پر ٹوٹ پڑے اور جام شہادت نوش فرمایا۔اور منکرین اپنی جگہ پر کھڑے ہو کر چاروں اطراف سے تیر بارش کی طرح برساتے رہے شام کی نماز تک ایک شخص بھی زندہ نہ رہا جملہ آدمی اور خدمت گاران چاند کے گرد ستاروں کی مانند گرے پڑے تھے۔ اور سکندر دیوانہ کہ (ق/164) سر مبارک سلطان الشہداء زانو پر رکھے ہوئے بیٹھا تھا کوئی تیر مسلسل سینہ پر آ لگے لیکن اس کی محبت کا یہ عالم تھا کہ محبوب رب العالمین کے سر مبارک کو جو زانو پر رکھا تھا معمولی سی حرکت نہ دی اور اپنی روح ان کی محبت میں قربان کر دی یہ سکندر دیوانہؒ فقیر منش تھا سر تا پا ننگا رہتا چونکہ وہ سلطان ابراہیم ادھمؒ کے سلسلہ سے تھے اور ان کے مرید تھے ادھمیان کے طریقہ پر چلنے والے مشہور ہیں (اس سلسلہ والے) سر اور پیر سے ننگا رہتے ہیں۔سلطان الشہداءؒ کے عاشقان

کے حلقہ میں وہ معزز تھا ایک لکڑی کی چھڑی ہاتھ میں رکھنے کی عادت تھی اور ہر وقت سلطان الشہداء کے جلو میں پیدل چلتے تھے خلوص محبت کی وجہ سے امراء و ساتھیوں میں بہت قدر و منزلت تھی چنانچہ انجام کو پہنچا اور سفید گھوڑی کو بھی کچھ تیر آ لگے ان کے قدموں (ق/165) اپنی جان دے دی ۔اس کے بعد کفار باغ میں آ پہنچے جب رات ہوئی سلطان الشہداءؒ کا جسم مبارک کافی ڈھونڈ مگر نہ مل سکا حق تعالیٰ نے ان کی نظر ناپاک سے چھپا رکھا راجہ سہر دیو کی خواہش تھی کہ رات ادھر ہی قیام کریں آخر دیگر کفار نے کہا اس جگہ مسلمانوں کا خون گرا پڑا ہے اس جگہ ہمارا رہنا ٹھیک نہیں اس وقت ہمیں اپنے لشکر کی خبر لینی چاہیے کہ کس قدر آدمی مارے گئے اور کس قدر باقی ہیں آنے والے کل پھر آئیں گے۔الغرض کفار واپس اپنی جگہ چلے گئے کچھ مسلمان جو زخمی تھے موقع پا کر اٹھے بہرائچ کی جانب روانہ ہوئے اس واقعہ حال جا کر میر سیّد ابراہیمؒ سے کہا۔سلطان الشہداء نے میر سیّد ابراہیم کو مع سواروں اور شاگرد پیشہ کی ایک جماعت بہرائچ گھر پر رہنے دیا تھا کئی ایسا نہ ہو (ق/166) کفار دوسری جانب سے گھر پر حملہ کر دیں۔حاصل کلام یہ دو تین شخص زخمی تھے وہ بھی شہر چلے گئے باغ میں شہداء کے علاوہ اور کوئی زندہ شخص موجود نہیں تھا مگر کتا سنگھل زندہ تھا اور جب دو گھڑی رات گذری تو گیدڑ آئے۔مذکور کتا سلطان الشہداءؒ کے جسد خاکی کے ساتھ کھڑا تھا گیدڑ جس جانب سے آتے اسی جانب بھونکتا دوڑتا تھا اسی طرح تمام رات شہداء کی نگرانی کرتا رہا۔یہ کتا سنگھل ثانی سگ اصحاب کیف ہے۔القصہ جب محبوب رب العالمین کی شہادت کی خبر میر سیّد ابراہیمؒ نے سنی تو افسوس ناک واقعہ سے جسم پر کپکپی طاری ہوئی اور بے ہوش ہوئے اور میر مذکور سلطان الشہداءؒ کے ہم عمر تھے خوبصورت و صاحب کمال تھے اور سلطان الشہداءؒ شروع ہی سے اکثر (ق/167) ان سے حسن سلوک سے پیش آتے تھے اور بہت عزیز رکھتے تھے تھوڑی دیر بعد جب ہوش میں آئے تو سب لوگوں کو اپنے پاس بلایا اور کہا کہ ہم سلطان الشہداءؒ کی محبت کی وجہ سے اس ملک میں آئے تھے ایسا واقعہ ان کے ساتھ ہوا ہے اس وقت ہم کدھر جائیں اور کس کو چہرہ دکھائیں، دل میں مرنے کے علاوہ کوئی اور صورت نظر نہیں آتی ۔اگر تم میرے ہمراہ چلتے ہو تو بہتر ورنہ تم کو اللہ کے حوالے کرتا ہوں یہ کہتے ہوئے سواری مانگی آخر جماعت جو آپ کے ساتھ تھی نے ایک ساتھ التماس فرمایا کہ آپ کا اور ہمارا ایک ہی مقصد اور فیصلہ ہے لیکن اس وقت رات کو کدھر جائیں جب صبح ہو اس وقت سوار ہونا چاہیے تا کہ دن روشن ہو جائے تو جان نچھاور کریں گے مشاورت کے بعد رات کو رک گئے مگر نیند جا چکی تھی پوری رات عاجزی و انکساری سے رو رو کر التجا کی سحر ہونے سے قبل نیند کا غلبہ ہوا لیٹے خواب دیکھا گویا ایک بلندی کی مانند (ق/168) پہاڑ ہے اور بالائی اوپر والی جگہ پر بساط بچھی ہوئی ہے جو بہشت کے پھولوں سے سجی ہوئی ہے کل آدمی جو لشکر اسلام کے شہید ہوئے تھے وہاں موجود ہیں عمدہ ونفیس لباس زیب تن کیے ہوئے شاداں و مسرور تشریف فرما ہیں ان کے بیچ سجے ہوئے تخت پر سلطان الشہداءؒ سر پر تاج سجائے سرخ لباس پہنے جلوہ فرما ہیں سر مبارک پر عظیم شاہی تاج پہنا ہوا ہے میر سیّد ابراہیمؒ مذکور نے بھرپور ارادہ فرمایا کہ اوپر والی بلندی پر محبوب رب العلمین کی خدمت اقدس میں پیش ہوں لیکن ایسا نہ ہو سکا بے قرار و پریشان

ہو کر آواز دی اس وقت سلطان الشہداءؒ نے فرمایا کہ ابھی آپ اس محفل کے اہل نہیں ہیں اللہ تعالیٰ نے چاہا تو آنے والی کل اس مجلس میں شامل ہوں گے۔ پس سلطان الشہداءؒ تمام آدمیوں کے ساتھ اٹھ گئے گھوڑے برائے سواری پیش کیے گئے محبوب الٰہی (ق/169) سفید گھوڑی پر سوار ہو کر سیر کے لئے روانہ ہوئے۔ میر سیّد ابراہیمؒ پیچھے دوڑے اور دیکھ کر عرض کی کہ بندہ کے لئے کیا حکم ہے؟ فرمایا! کہ ہمارا ظاہری جسد خاکی باغ میں پڑا ہے اس کو گل چکان کے درخت کے نیچے سپرد خاک کریں اور سکندر دیوانہؒ کو بھی میرے برابر پہلو میں دفن کریں اور میرا سواری کا گھوڑا جس جگہ پڑا ہے مٹی میں دبا دیں اور باقی ساتھیوں کو بھی جہاں ہو سکے دفن کر دیں اور سہر دیو کافر کو قتل کر دیں اس سے آپؒ کا کام بھی بن جائے گا جب یہ تمام باتیں ہو گئیں۔ میر سیّد ابرہیمؒ جاگے ذوق عالم و باطن میں جو خواب دیکھا ایک پل بھی اس دنیا میں رہنا مشکل لگ رہا تھا فوراً غسل کیا اور صاف ستھرا لباس پہن کر سوار ہوئے اور لشکر کے بیلداروں کو ساتھ لیا اور خود ساتھیوں کے ہمراہ میدان شہادت پہنچے سلطان الشہداءؒ کو معہ لباس پوشاک و اسلحہ کے گل چکان (مہوہ) کے درخت کے نیچے جو چبوترہ بیٹھنے کے لئے تھا میں سپرد خاک کیا اور سکندر دیوانہؒ کو مطابق باطنی اشارہ برابر دفن کیا اور سفید گھوڑی کو بھی اور اکثر شہداء جو جگہ جگہ پڑے تھے کو بھی زمیں کے نیچے دبا دیا اور لاتعداد شہداء جو سورج کنڈ میں پڑے تھے مٹی کا تودہ بنا کر کفار کی نظروں سے اوجھل کر دیا اس تاریخ سے کفار کی زیارت گاہ ختم ہوئی اور سلطان الشہداءؒ کی بات پوری ہوئی اللہ تعالیٰ نے منبع کفار کو نور اسلام سے روشن کر دیا۔ قصہ مختصر میر مذکور نے اس کام سے ایک پہر (یعنی تین گھنٹے) میں فراغت پائی تو اس وقت کفار کو یہ اطلاع پہنچی کہ لشکر اسلام بدستور میدان جنگ میں موجود کھڑا ہے رائے سہر دیو جب تمام کفار کی فوج کے ہمراہ ہتھاروں سے لیس ہو کر سانپ کی طرح بل کھاتے ہوئے جنگ کے لئے آیا جیسے ہی کفار کا لشکر سامنے آیا سیّد ابراہیمؒ نے ایک قبر سکندر دیوانہؒ کے ساتھ اپنے لیے (ق/171) بنوالی اور میدان میں آئے دونوں جانب کے جوان جنگ میں مصروف ہوئے بہت بڑی جنگ ہوئی آخر کار میر سیّد ابراہیمؒ نے اپنے گھوڑے سے حملہ کیا۔ دوسری سمت سے رائے سہر دیو بھی آیا اچانک میر سیّد ابراہیمؒ نے رائے سہر دیو کو وار کر کے ہلاک کر دیا اور خود بھی جام شہادت نوش فرمایا، میرؒ مذکور کو ان کے دوستوں نے اٹھا کر قبر گاہ میں پہنچایا اور وصیت کے مطابق اس قبر میں جو حضور نے خود بنوائی تھی میں میر سیّد ابراہیمؒ کو دفن کیا خود بھی شہید ہو گئے اور کوئی شخص بھی زندہ نہ بچا دونوں اطراف کے میدان میں مارے گئے۔ سلطان الشہداءؒ کے چند خدمت گار اور دو تین غلام جو زخمی تھے جب ٹھیک ہوئے تو ساری عمر آستانہ جھاڑو دیتے رہے۔ سیّد حاجی احمد اور سیّد حاجی محمد جو کہ مقربان (ق/172) سالار ساہوؒ تھے اور سترکھ میں رہ گئے تھے کچھ عرصہ کے بعد بہرائچ تشریف لائے اور آستانہ عالیہ کی خدمت میں مصروف ہوئے۔ جیسا کہ سلطان الشہداءؒ سے ان دونوں رشتہ داروں کو بے انتہا محبت تھی اس وجہ سے ساری عمر آستانہ عالیہ کی خدمت میں گزار دی اور سلطان الشہداءؒ کی دلی محبت بھی ان سے بھائی اور بیٹے سے کم نہ تھی۔ اور مہربانی محبوب رب العالمین عام ہے کہ جس کی وجہ سے ابھی تک خلوص نیت سے ان کے آستانہ عالیہ کی خدمت کرنے والے مجاورین سے بیٹوں سے زیادہ شفقت و مہربانی کی

جاتی ہے اور سلطان الشہداء کے لئے نذرونیاز آستانہ عالیہ کے مجاورین کے علاوہ دوسروں کو دینا جائز نہ ہے۔ القصہ جب یہ فقیر (مصنف عبدالرحمٰن چشتیؒ) تاریخ مذکورہ کے مطالعہ سے پہلے حسب فرمان نورالدین محمد جہانگیر بادشاہ ولد اکبر بادشاہ کے کوہ دامن شمال کی طرف گیا تھا اچاریہ منی (ق/173) بہدر نام زناردار وکیل راجہ کوہ کی طرف سے آیا تھا اس فقیر نے اس سے ملاقات کی اتفاقاً سلطان الشہداءؒ کا ذکر آیا اچاریہ زناردار مذکور ہندی تاریخ دسترس رکھتا تھا سلطان الشہداءؒ کی آمد ملک ہندوستان کے وقت سے شہادت تک کے تمام حالات اور ان تمام جنگوں جو انہوں نے کفار سے لڑیں تھیں کی تفصیل اپنی تاریخ میں نقل کی تھی اس میں یہ بھی نقل تھا کہ جب رائے سہر دیو نے سالار مسعودؒ کو شہید کیا اور جب اپنے گھر آیا تو آدھی رات کے قریب سالار مسعودؒ خواب میں آئے اور فرمایا کہ مجھے شہید کر تم سلامت واپس چلے جاؤ یہ کام مردوں والا نہیں ہے پس اس خواب سے رائے سہر دیو کی غیرت جاگی۔ صبح لڑائی کے میدان میں آیا اور قتل ہوا جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے کہ کچھ سالوں کے بعد جب تاریخ تصنیف ملا محمد غزنوی مجھے ملی تو ایسے ہی احوال نقل (ق/174) تھے جیسا کہ تاریخ ہندی میں اس زناردار نے درج کئے تھے اس نے کہا کہ یہ راجہ کوہ جملہ راجہ سہر دیو کی اولاد سے ہے ان کی سرکار میں یہ "تاریخ ہندی" میں نے دیکھی تھی قصہ مختصر یہ عام آدمیوں کی خاطر رقم کی گئی خاص آدمیوں کے لیے واقعات جو قبل ازیں دیباچہ میں لکھے گئے ہیں کافی ہیں۔ انہ یعلم الجھر وما یخفی (اللہ) ہی ظاہر اور پوشیدہ کا علم رکھتا ہے۔ سلطان محمود غازی نے بھی دو سال پہلے سالار مسعودؒ کی شہادت سے وفات پائی۔ اس وقت سالار ساہوؒ کا ہیلر سے سترکھ کی جانب گئے تھے اسی سال سلطان مذکور بھی جمعرات کی رات 23 ربیع الآخر 421ھ ہجری فیروزی باغ غزنی میں سپرد خاک کیے گئے اور تاریخ فیروز شاہی کلاں میں نقل ہے کہ سلطان محمود کے سفر آخرت کے بعد ان کا چھوٹا لڑکا (ق/175) سلطان محمد ولد محمود غزنی کے تخت پر بیٹھا اور مسعود شہیدؒ بڑے صاحبزادے سلطان مذکور ملک عراق میں تھے انہوں نے لشکر جمع کر کے غزنی پر چڑھائی کی اراکین دولت محمودی دلی طور پر مسعود شہیدؒ کے ساتھ تھے سلطان محمد کو قید کر کے اس کی آنکھوں میں سلائی کھینچ کر قید خانے میں رکھا اور مسعود شہیدؒ کو تخت غزنی پر بٹھایا بعد میں مسعود شہید نے اسے قتل کروا دیا اور اپنے والد کا ملک اپنے قبضہ میں کیا چند سال کے بعد سلجوقیوں نے بغاوت کی مسعود شہیدؒ نے ان سے لڑائی لڑی تین دن و رات کی جنگ میں سلجوقی فتحیاب ہوئے وہ وہاں نہ رہ سکا۔ (مسعود شہید) غزنی سے خود خزانہ ہمراہ لے کر ہندوستان کی جانب آیا۔ ہندی و ترکی غلاموں نے اسے قید کیا (ق/176) محمد نابینا کے اتفاق سے اس کو قتل کر دیا عمر اس کی 45 برس تھی اور 9 برس تخت نشین رہا۔ سلطان محمد بصیر کو اس کی شہادت کے بعد پھر تخت نشین کیا گیا سلطان مودود ولد مسعود شہیدؒ غزنی میں تھے والد کی شہادت کی اطلاع کے بعد غزنی کے تخت پر بیٹھا اور بدلہ لینے کے لیے لشکر کے ہمراہ محمد بصیر جو اس کا چچا تھا پر حملہ آور ہوا۔ مودود اور محمد (بصیر) کے مابین لڑائی ہوئی اللہ تعالیٰ نے مودود کو کامیابی دی اور محمد قید ہوا۔ مودود نے محمد اور اس کے لڑکوں کو قتل کر کے والد کا بدلہ لے لیا اور والد کے قاتلوں کو جو ترک اور تاجک تھے تمام کو قتل کیا اور اپنے والد اور دادا کے ملک پر قابض ہوا نو برس حکومت کی اور وفات پائی۔ آخر چند روز

سلطان علی بن مسعود شہید تخت سلطنت پر دو مہینے (ق/177) رہ کر سفر آخرت کیا۔اس کے بعد سلطان عبدالرشید بن محمد بصیر تخت سلطنت پر بیٹھا نصف سال بادشاہی کی بعد اس کے طغرل ملعون غلام (ملازم) سلطان محمود غازی تخت پر بیٹھ کر سلطان محمود کے خاندان کو تباہ کر دیا۔ سلطان عبدالرشید کو معہ ایاز و دیگر دس شہزادوں کے گرفتار کر کے ایک ساتھ قتل کیا۔اور چالیس روزہ بادشاہی کی آخر کار ایک ترک محمودی نے طغرل کر مار ڈالا۔حاصل کلام سلطان الشہداءؒ نے جس دن سے غزنی چھوڑا دولت محمودی فسادات شروع ہوئے اور خود بخود ہلاک ہوتے گئے اور مطلب اس حکایت کو طول دینے کا یہ ہے کہ اکثر آدمی مسعود شہید بن محمود کا نام تاریخوں میں دیکھتے ہیں تو اس کو سلطان الشہداءؒ (ق/178) سالار مسعود غازیؒ تصور کرتے ہیں اللہ کی پناہ! وہ مسعود تھا اور یہ محبوب رب العالمین سالار مسعود غازیؒ کیا نسبت ہے اور کیا مشابہت ہے۔ایک غلام، غلامان سلطان الشہداء سالار مسعود پر فخر کرتا تھا۔ کیوں کہ اس نے (مسعود شہید بن محمود) ملک میں ظاہری بادشاہی 9 برس کی۔اور سلطان الشہداء کی بادشاہی ظاہری و باطنی سارے ملک میں تا قیامت ہے۔اور اس وقت تک پوری دنیا کے بادشاہان ان کے آستانہ عالیہ کی مٹی ملتے ہیں اور ظاہر و باطن کے فیوض و برکات سے مستفید ہوتے ہیں اور تا قیامت مخلوق الٰہی ان کی ولایت کے تصرف سے فیض یاب ہوتی رہے گی۔سبحان اللہ! وہ محبوب رب العالمین کہ ان کو ذوق خدا ایسا تھا کہ اس ذوق دیدار الٰہی میں جان دی (ق/179) اور دوستی میں یک رنگی حاصل کی۔جب کبھی کوئی تعریف حق کے ساتھ موصوف ہو پس لازم ہے کہ بادشاہ دونوں جہاں ہو کر ہر خاص و عام کو فیوض و برکات پہنچائیں۔بزرگ نے کیا اچھا کہا ہے:۔

ہر کرا شد ذوق عشق او پدید	زود یابد ہر دو عالم را کلید
ہر کہ مست عالم عرفان گشت	بر ہمہ خلق جہاں سلطان گشت

جس شخص کو ذوق عشق ہو جائے جلد اسے دونوں جہاں کی کنجی مل جاتی ہے

جس کو اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل ہو جائے وہ متوالا ہو جاتا ہے اور پوری دنیا پر اس کی بادشاہی ہو جاتی ہے

قصہ مختصر بعد از شہادت سلطان الشہداءؒ مظفر خان بھی وفات پا گئے اور ان کے لڑکوں کو کفار نے اجمیر سے نکال دیا۔بت پرستی عام ہوئی کفر و بت پرستی کی ملک ہندوستان میں شہرت عام ہوئی۔دو صدیوں تک ایسے ہی رہا۔اس وقت قطب المشائخ حضرت معین الدین چشتیؒ کو کعبہ شریف کے طواف کے دوران آواز (ق/180) غیب سے پہنچی کہ مدینہ جاؤ۔جب مدینہ آئے تو پیغمبر ﷺ نے (خواب میں) فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ہند کا ملک تمہارے حوالے کیا ہے اس جگہ (لوگ) بھٹک گئے ہیں اور اجمیر میں قیام پذیر ہو جائیں انشاء اللہ تعالیٰ اس ملک اسلام تمہاری ولایت کے تصرف اور تمہارے مریدین کے سبب پھیلے گا۔پس حضرت خواجہؒ اس وقت کے رائے پتھورا کے عہد میں اجمیر داخل ہوئے اور اپنی ولایت کی برتری کی وجہ سے اجے پال جوگی کو جو رائے پتھورا کا گرو تھا اس کو اپنا مرید بنایا مگر ظلمت اور کفر کی تاریکی پتھورا جو ابو جہل ثانی

تھا کے دل سے ختم نہ ہوئی بلکہ حضرت خواجہ کے غلاموں سے دشمنی ظاہر کی۔پس حضرت خواجہؒ نے اس کافر کو نفس بد کی بد عادی۔تھوڑے دن (ق/181) گزرے تھے کہ سلطان معزالدین شامی المعروف شہاب الدین غوری غزنی کی جانب سے آئے پتھورا کو دہلی کے میدان میں مار ڈالا اور قطب الدین ایبک کو بجائے اس کافر کے دہلی کے تخت پر بٹھایا۔خود واپس غزنی چلے گئے۔قطب الدین ایبک نے حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کی باطنی قوت و مدد سے تمام ملک ہند پر قبضہ کر لیا ہر مقام پر کفار کو بدخل کر کے مسلمانوں کو آباد کیا اور میر سیّد حسین مشہدیؒ جو سیّد حسین خنک سوار کے نام سے شہرت رکھتے تھے کو حاکم اجمیر تعینات کیا میر مذکور کو حضرت خواجہؒ سے عقیدت و محبت بہت تھی اجمیر کے آس پاس کے زیادہ تر کفار میر سیّد حسینؒ کی ہدایت و کوششوں سے حضرت خواجہؒ کے حضور اسلام لائے یہاں تک کہ میر سیّد حسینؒ بھی اجمیر میں شہید ہوئے اور پرانا قلعہ اجمیر (ق/182) میں دفن کیے گئے جو کہ مزار پاک مشہور زیارت گاہ خلائق عام ہے بعد اس وقت کے ملک ہند میں کوئی کافر بادشاہ نہ ہو۔حضرت خواجہ قطب الدین بختیارؒ قمطراز ہیں کہ اللہ تعالیٰ صاحب معرفت لوگوں کی بدعا سے حفاظت کرے اس وقت میں حاضر تھا کہ حضرت خواجہؒ نے پتھوار کو بددعا کی کہ یہ کافر کو لشکر اسلام کے ہاتھ سے مارا جائے اور اللہ تعالیٰ سے یہی چاہتا ہوں کہ اس وقت سے ملک ہند میں کوئی کافر بادشاہ نہ ہو۔چنانچہ کرامات و تصرف حضرت خواجہؒ سورج کی طرح روشن ہیں۔حاصل کلام یہ کہ بعض لوگ کہتے ہیں حضرت خواجہؒ کے زمانہ میں سلطان الشہداءؒ آئے یہ محض غلط ہے مستند کتب کی تحقیق کے مطابق سلطان الشہداءؒ ہمعصر حضرت ابو محمد چشتیؒ (ق/183) تھے۔قطب المشائخ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ سے بہت عرصہ قبل ملک ہند میں آئے تھے اور شہادت حاصل کی ہے۔درمیانی عرصہ کم و بیش دو سو سال ہے۔مثل اس کے سالار مسعودؒ کی سنہ شہادت قبل ازیں لکھی جا چکی ہے اور خواجہ معین الدین چشتیؒ نے مورخہ 6 رجب 632 ھجری میں وفات پائی۔واللہ عالم بالحقیقت والصواب۔

حوالہ جات:

1	سالار قطب حیدر غازی علوی (قطب شاہی علوی اعوان) سالار ساہوؒ کے چھوٹے بھائی اور سالار سیف الدین علوی کے بڑے بھائی تھے۔سالار ساہوؒ (کمانڈر انچیف) نے مانک پور فتح کرنے کے بعد اپنے چھوٹے بھائی سالار قطب حیدر غازی علوی کو مانک پور کا حاکم مقرر فرمایا اور کڑہ فتح کرنے کے بعد قطب حیدر غازی علوی کے فرزند اور اپنے بھتیجے عبداللہ کو کڑہ کا حاکم مقرر کیا۔شجرہ نسب تاریخ علوی اعوان و تحقیق الانساب و دیگر کتب میں ملاحظہ ہو
2	مرات مسعودی نسخہ قطب شاہی علوی اعوان میں میاں رجب کو سلطان الشہداء کا غلام لکھا ہے۔نسخہ نمبر 221 میں قدیم نوکران لکھا ہے نسخہ نمبر 376 میں کمترین چاکران درج ہے اور نسخہ نمبر 366 میں یہ پہرہ درج ہی نہ ہے۔بہر کیف میاں رجب سالارؒ، سلطان الشہداءؒ کے غلام ہوں، قدیم نوکر یا کمترین چاکر یہ سب قابل فخر اعزاز ہے۔

داستان پنجم :

بیان سلطان الشہد اءؒ کی شہادت کے بعد ان کی کرامات کا ظاہر ہونا اور روضہ پاک کی تعمیر اور بعض احوال وکرامات محبوب رب العالمین۔

جب ملک ہند کفر کی تاریکی سے مثل اس جسم کے جس میں روح نہ ہو کچھ رونق نہ رکھتا تھا تو اللہ تعالیٰ نے پسند فرمایا (ق/184) کہ اسے نور اسلام سے منور کرے۔ پس حضرت سلطان الشہد اءؒ کے وجود ظاہری و باطنی روح کے مثل اس ملک کو روشن کیا۔ جیسا کہ شروع میں جسم حضرت آدم علیہ السلام بیکار و بے حس پڑا ہوا تھا اور کوئی کچھ نہ پوچھتا تھا جب روح اس میں پھونکی گئی پہلے ان کے دل میں پہنچی بعد ازاں نیچے کی جانب ناف کے برابر آئی اس وقت چھینک آئی تو روح نے تمام جسم میں اثر کیا اور زندہ ہوئے پس نور اور رونق کی بہار ان پر روشن ہوئی تو مجبوراً تمام فرشتوں نے سر سجدہ میں کر لیا ۔حاصل کلام یہ کہ ملک ہند کی زمین کے حصے کے مطابق دہلی ملک ہند کا دل ہے اور سترکھ ملک ہند کی ناف اور ملک فرو ہاتھ و پاؤں زیریں ملک ہند ہیں۔ سلطان الشہد اءؒ بھی بطریق (ق/185) روح مذکور اوپر کی جانب سے آئے اور دہلی فتح کیا اوّل ملک کے دل میں قیام فرمایا اس کے بعد ملک سترکھ ناف میں پہنچے پھر بہرائچ پہنچے جو کہ ملک ہندوستان کے ناف کے برابر ہے تا قیامت رہیں گے۔ اس لئے تمام اجزائے وجود نے ملک ہند میں جگہ پائی ۔کوئی شہر اور کوئی قصبہ اور کوئی گاؤں یا بستی اس ملک مذکور میں نہیں کہ ان سے تعلق رکھنے والا کوئی ایک اسودہ خاک نہ ہو۔ جس وقت کہ سلطان الشہد اءؒ نے ساقی کوثر شراب شہادت چکھا ان کے متعلقین پورے ہند میں بکھرے ہوئے تھے بحکم الناس علیٰ دین ملوکھم یعنی ہر انسان اپنے بادشاہ کے دین پر ہوتا ہے ہر جگہ سب شہید ہوئے اور ہر ایک جگہ کو انہوں نے نور شہادت سے روشن کیا۔ اس لئے اس وقت (ق/186) سے نور اسلام سب ممالک مذکور کی جگہوں میں چھا گیا اور کفر و شرک کا قلعہ قمع کیا اور پورے ملک ہند میں از مشرق تا مغرب تک سلطان الشہد اءؒ کے نور ولایت سے روشن ہوا اس لئے ان (سلطان الشہد اءؒ) کا روح ملک ہند ہوا۔ لاچار تمام خلق ان کے متبرک و مطہرہ آستانہ عالیہ پر سر جکاتے ہیں۔ کیا اچھا بزرگ نے کہا ہے:۔

برزمینی کہ نشان کف پای تو بود	سالہا سجدہ صاحب نظران خواہد بود

یعنی جس زمین پر ان کے پاؤں کے نشان پڑیں برسوں تک صاحب نظر لوگوں کے لئے وہ سجدہ کی جگہ ہوتی ہے۔

اللہ تعالیٰ سبحانہ نے ملک ہند کو تمام ممالک میں بزرگ و برتر کیا کیوں کہ خانہ کعبہ اور مدینہ معظّمہ کی صورت معنوی پر اس کی بنیاد ڈالی اس قدر شہداء اور اولیاء کو اس ملک مذکور میں ایسے آئے کہ قدم قدم پر یعنی جگہ جگہ ان کے آستانوں پر بے اختیار عجز و انکساری سے ماتھا رگڑتے ہیں اور ظاہری و باطنی فیوض و برکات سے مستفید ہوتے ہیں۔ الغرض یہ فقیر (عبدالرحمٰن چشتیؒ) چالیس روزہ چلہ میں بیٹھا تھا خیال آیا کہ سلطان الشہد اءؒ کا اللہ تعالیٰ کے ہاں کس قدر مقام و رتبہ ہوگا؟ ۔چند روز تک اکثر اوقات اسی سوچ و فکر (ق/187) میں رہتا تھا آخری عشرہ ماہ رمضان خواب دیکھا گویا یہ

فقیر (عبدالرحمٰن چشتیؒ) زیارت خانہ کعبہ گیا ہے چنانچہ زیارت طواف کعبہ کی انجام دہی کے بعد موجود تھا کہ درمیان کعبتہ اللہ ایک قبر ہے حیرت ہوئی کہ آیا یہ قبر کس کی ہے؟ ایک عربی مرد سفید فرخی سبز لباس پہنے اور بڑا عمامہ مٹھا عربی طرز کا باندھے ہوئے فقیر کے سیدھے ہاتھ کھڑے ہیں معلوم کیا کہ یہ آدمی مجاور کعبہ ہے اس عربی آدمی نے کہا یہ قبر اللہ تعالیٰ کے محبوب کی ہے پھر اس بھی زیادہ حیرت ہوئی قبر کی جانب متوجہ ہوا تھوڑی دیر بعد سلطان الشہد اءؒ اس قبر سے باہر آئے۔ فقیر نے محبوب رب العالمین جیسی ہستی کی قدم بوسی حاصل کی اور ان کے ہمراہ ہوا جب حرم کعبہ سے نکلے تو گھوڑے برائے سواری (ق188) حاضر کئے گئے ایک گھوڑے پر خود سوار ہوئے اور ایک گھوڑا برائے فقیر کو عطا فرمایا روانہ ہو گئے۔ اور فقیر بھی ہمراہ ہی روانہ ہوا بعد ازاں خود بہرائچ روانہ ہوئے اور بندہ کو گھر پر رخصت کیا۔ قربت، مرتبہ و مقام اس اللہ کے محبوب کو اللہ تعالیٰ سے ہے وہ احاطہ تحریر سے باہر ہے لیکن وہی جانتا ہے جو اس نعمت سے فائدہ حاصل کر چکا ہو۔ جیسا کہ بزرگ کہا:۔

زمین وآسمان ہر دو شریفند	قلندر را در این ہر دو مکانست
نظر در دیدہ ناقص فتادہ	وگرنہ یار ما از کس نہان نیست

یعنی زمین وآسمان دونوں اعلیٰ رتبہ والے ہیں مگر درویش کا ان دونوں میں گھر ہے نظر نے دیکھنے میں قصور کیا ورنہ ہمارا محبوب کسی سے چھپا نہیں۔

القصہ ایک مرتبہ اسی کتاب کی تصنیف کے وقت میرے دل میں سلطان الشہد اءؒ کے نسب کے بارے میں وہم ہوا تو ایک رات خواب دیکھا کہ سلطان الشہد اءؒ سفید گھوڑے پر سوار بہرائچ کی جانب سے تشریف لا رہے ہیں جب پاس آئے تو فقیر (عبدالرحمٰن چشتیؒ) سے فرمایا کہ ہم اپنے آباء واجداد کی قبروں کی زیارت (ق/189) کو چلتے ہیں تم بھی ہمراہ چلو تا کہ ہمارے نسب کا شک وشبہ ختم ہو جائے حکم کے مطابق فقیر بھی ہمراہ ہوا۔ سالار ساہوؒ تا محمد حنفیہ غازیؒ 1 ایک ایک کی فقیر کو دکھائیں بعد ازاں برائے زیارت اسد اللہ الغالب علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کی جانب روانہ ہوئے۔ جب حرم کعبہ آئے تو میں نے دور سے دیکھا کہ اسد اللہ الغالب صلواۃ اللہ علیہ فاختائی لباس پہنے کعبہ کے درمیان دروازہ خانہ کعبہ پر تکیہ کیے ہوئے ہیں اس دوران دیکھا کہ دو مرد سفید ریش اور سفید لباس زیب تن کیے ہوئے دروازہ خانہ کعبہ کے پاس تشریف فرما ہیں اور نقطہ چینی کرتے ہوئے فرمایا کہ معلوم نہیں پیری و مریدی کی رسم کہاں سے ظاہر ہوئی ہے؟ فقیر (عبدالرحمٰن چشتی) نے تردید کرتے ہوئے کہا جب یہ آیت نازل ہوئی:۔ **ان الذین یبایعونك انما یبایعون اللہ الی اخیرہ** ۔ اے محبوب ﷺ جو آپ سے بیعت کرتے ہیں وہ اللہ سے بیعت کرتے ہیں۔ حضرت رسالت پناہ ﷺ تشریف (ق/190) لائے دیکھنے میں موجود نہ تھے۔ پھر اسد اللہ الغالب کرم اللہ وجہہ کی جانب اشارہ کیا کہ طریقہ پیری اور مریدی ان خلیفہ (حضرت علیؓ) اور جانشین حضرت رسالت پناہ ﷺ سے ہے کسی نے

خودتراشی نہیں کی ہے۔لیکن تم اس آدمی کی خلافت سے انکاری ہو۔ دونوں بزرگ آدمیوں نے اس جواب سے سرجھکالیا خاموش ہوگئے۔ بعدازاں بندہ نے سلطان الشہد اؒ کے وسیلہ سے آگے بڑھ کرامیرالمومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی قدم بوسی وفائض حاصل کیا جوکچھ تکراران ہردوبوڑھے مردوں سے ہوئی تھی عرض کی حضرت امیرالمومنین علی کرم الہ وجہہ نے رضاء میں سرہلایا یعنی اچھا کہا بعداس کے اٹھے اور خانہ کعبہ کے وسط میں جاکرنماز میں مصروف ہوئے۔ بندہ نے بھی ساتھ ان کے پیروی کی۔اس وقت سے مثل اس کے معلوم ہوا کہ امیرالمومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا مقام خانہ کعبہ ہے۔ اور ہر وقت خانہ کعبہ کے دروازے پر بیٹھ(ق/ 191) کرمردان اللہ یعنی درویشان اور روئے زمین کے بادشاہوں کی علیٰحدگی اور تقرری اللہ تعالیٰ کی مرضی کے مطابق کرتے ہیں۔تعریف اس رب العزت کی کہ ہرحال میں سلطان الشہد اؒ کی اس نعمت سے بہرہ مند ہوئے۔اور مراداس حدیث حضور نبی کریم ﷺ: **انا مدینة العلم وعلی بابھا** میں علم کا شہر ہوں اور علیؓ اس کا دروازہ ہیں ظاہر ہوا۔قصہ مختصر شہادت کے بعد سلطان الشہد اء کی پہلی کرامت جس نے عوام میں شہرت پائی وہ یہ ہے کہ موضع نکرور میں ایک کوبانی رہتا تھا اس کی بیوی کو بانجھ قرار دیا گیا تھا اس کی ساس نے اسے طعنہ دیا کہ میرے مکان سے دور ہو جاؤ میں اپنے فرزند کی شادی اور جگہ بانجھ عورت کو دیکھنا ہی منحوس ہے۔ کوبان عورت غیرت وشرم سے روتی ہوئی گھر سے نکلی اتفاق سے سلطان الشہد اؒ کے آستانہ عالیہ پر پہنچی چند لمحوں کے بعد اس سکون آیا خادمان (ق/192) درگاہ نے اسے غمگین و پریشان پاکر واقعہ حال دریافت کیا۔واقعہ حال بیان کیا تو خادموں نے کہا کہ حضرت سالار عارف ربانی تھے اور پھر خدا کی محبت میں شہید ہوئے تو سچے دل سے نیت کر انشاءاللہ تعالیٰ ان کی برکت سے حق تعالیٰ تمہیں فرزند نرینہ عطا کرے گا تو اس عورت نے بہت خوش ہوکر نیت کی اس کا خاوند بھی عورت مذکور کی تلاش و جستجو میں آکر اسی جگہ پہنچا واقعہ حال سے آگاہ ہوا اس نے بھی نیت کی خاوند ہمراہ بیوی اپنے گھر گیا اسی شب حمل ہوا نو ماہ کے بعد فرزند نرینہ پیدا ہوا اسی دن سے وہ کوبان خود اپنی اہلیہ اور قبیلہ کے ساتھ سوموار کی شب برائے زیارت سلطان الشہد اؒ آنے لگے اور یہ کرامت جگہ جگہ نمایاں ہوئی۔ ہر شخص (ق/ 193) کسی کام اور مشکل کے لئے آکر نیت کرتا تھا تو اللہ تعالی اسی وقت کردیتے۔ زیارت کے لئے آنے والے لوگ روز بروز زیادہ ہوئے تو شہرت غالب ہوئی ان دنوں اللہ تعالیٰ کے محبوب کی کرامات لوگوں پر بمثل برسات نازل ہونے لگیں، نابینا اور برص اور کوڑھ اور دیگر بیماریوں والے اس محبوب خدا کے آستانہ عالیہ پر پہنچتے اور صحت یاب ہوتے اس طرح گاؤں گاؤں اور شہر شہر او ملک بہ ملک کرامات کو شہرت ملی چنانچہ اس وقت سے ان کا آستانہ عالیہ دنیا کی حاجات کا قبلہ ہے۔قصہ مختصر منقول ہے کہ سیّد رکن الدین اور سیّد جمال الدین ان دنوں ولایت سے آکر قصبہ رودلی میں آباد ہوئے سیّد رکن الدین کے دو فرزند تھے اور سیّد جمال الدین کی ایک بارہ سالہ لڑکی کو اللہ تعالیٰ نے اس لڑکی کو کمال حسن سے سجایا تھا (ق/ 194) لیکن بینائی نہ تھی نام اس کا زہرہ تھا سادات مذکور ہر وقت بیٹی کی اس صورت حال سے پریشان رہتے تھے یکا یک چند آدمیوں نے بہرائچ سے آکر بیان کیا کہ حضور ہمارے سامنے آستانہ عالیہ

سالار مسعودؒ 2 پر کچھ نابینا نے بینائی پائی ہے۔سیّد جمال الدینؒ یہ بات سن کر بے حد خوش ہوئے نیت کی کہ اگر سلطان الشہد اؒ کی برکت سے میری لڑکی کی آنکھوں میں نظر آجائے تو ان حضرت کا مزار تعمیر کروں گا بعد اس کے مذکورہ بات اپنی بیٹی کے سامنے بیان کی تو زہرہ نے بھی نیت کی کہ اگر میری نظر آجائے تو پوری زندگی آستانہ سلطان الشہد اؒ جھاڑو دینے کے علاوہ اور کام نہیں کروں گی۔حاصل کلام یہ کہ غائبانہ احوال سلطان الشہد اؒ سن کر زہرہ کے دل میں اس محبوب الٰہی کی محبت بیٹھ گئی ان کے ذکر علاوہ (ق/ 195) کوئی اور بات پسند نہ آتی۔حدیث نبوی ﷺ ہے کہ **من احب قوما اکثر ذکرہ**۔یعنی جو کسی سے محبت کرتا ہے ہمیشہ اسے ہی یاد کرتا رہتا ہے۔اور ہمیشہ سلطان الشہد اؒ کی تسبیح پڑتی رہتی روز بروز محبت بڑھتی گئی۔

نہ تنہا عشق از دیدار خیزد	بسا کین فتنہ از گفتار خیزد

صرف دیکھنے ہی سے محبت نہیں ہوتی بلکہ زیادہ تر یہ فتنہ بات چیت سے بھی ہوتا ہے

اور زہرہ کو اپنے وقت میں زلیخا پر برتری حاصل تھی کیوں کہ زلیخا یوسف علیہ السلام کو خواب میں دیکھ کر ان کے حسن و جمال کی عاشق ہوگئیں تھیں اور زہرہ سلطان الشہد اؒ کا نام ہی سن کر محبت میں گرفتار ہوگئی تھیں۔ چنانچہ کھانا پینا بھی چھوڑ دیا تھا اور شب و روز مسعود مسعود پکارتی۔ایک روز سلطان الشہد اؒ آئے اور اس کے آگے کھڑے ہوگئے اور کہا! اے زہرہ جس شخص کی خواہش مند وطلب گار ہو وہ تیرے آگے کھڑا ہے تو دیکھتی کیوں نہیں؟۔پس زہرہ نے اپنے دونوں ہاتھ بلند کیے اور اللہ تعالیٰ سے دعائیں کی کہ اے اللہ اگر میں عشق (ق/196) سالار مسعودؒ میں سچی ہوں تو میری بینائی دے تاکہ محبوب کے حسن و جمال کا دیدار کرسکوں ورنہ اسی لمحہ مرجاؤں تاکہ فراق کی تکلیف سے نجات ملے۔اللہ تعالیٰ نے اس کی سچی محبت کی وجہ سے اسی لمحہ نظر عطا کی پس پہلی شے جو اسے نظر آئی وہ سلطان الشہد اؒ کا جمال تھا۔سلطان الشہد اؒ کے روح کو دیکھ کر وہ ان کی جانب بھاگی مگر وہ اس کی بینائی عطا فرما کر اس کی نظروں سے اوجھل ہوئے۔اور زہرہ بے حال ہوکر ہائے ہائے کر کے رونے لگی سبحان اللہ والدہ ووالد اور تمام رشتہ دار اس کی آنکھوں کی بینائی پر بے حد خوش ہوئے لیکن وہ محبوب کی جدائی میں کباب ہوگئی جب پریشانی و بے تابی بہت بڑھ گئی تو سلطان الشہد اؒ خواب میں دکھلایا کہ اگر مجھے چاہتی ہو تو بہرائچ آؤ تو (ق/ 197) والدین سے اس نے زیارت کی اجازت طلب کی اور کہا کہ آپ نے مزار بنانے نیت کی تھی اب دیر کرنا اچھا نہیں سیّد رکن الدین اور سیّد جمال الدین اگرچہ بہت دولت مند اور صاحب ثروت اور شاہانہ طرز رکھتے تھے لیکن انہیں باطنی معرفت بھی حاصل تھی اپنے عرفان معرفت سے دختر کے حالات معلوم کرلیے تھے سیّد جمال الدین نے سیّد رکن الدین کے ایک بیٹے اور اپنے ایک سالے کہ ذریعہ بہت سے اموال کے ہمراہ زہرہ کو بہرائچ کی جانب رخصت کیا زہرہ جب آستانہ عالیہ متبرکہ پہنچی تو سلطان الشہد اؒ نے اسے باطنی تلقین کی پس اس دن سے اسے محبوب رب العالمین کی حضوری حاصل ہوئی۔

گر عشق نبودی بخدا کس نرسیدی	چندیں سخن نغز کہ گفتی کہ شنیدی

گر بادنبودی سرزلفش کہ ربودی　　　رخسارہ معشوق بعاشق کہ نمودی

یعنی اگر محبت نہ ہوتو اللہ تعالیٰ تک کون پہنچتا ہے اس قدر عمدہ ونادر گفتگو کون کرتا کون سنتا ہوا نہ ہوتی تو اس کی زلف کون سرکاتا اور رخسار (گال) معشوق، عاشق کو کون دکھاتا ہے

بعدازاں زہرہ برائے عمارت روضہ پاک (ق/198) پابند ہوئیں اوّل روضہ سلطان الشہداءؒ اور سالار سیف الدینؒ درست کیا اس کے بعد جملہ شہداء جو سورج کنڈ میں چھپائے گئے تھے ان سب کا ایک مزار بنوایا اور سلطان الشہداءؒ کے کافی ساتھی وہم نشین گنج شہیداں میں آسودہ خاک ہیں۔اس کے بعد اپنے لیے بھی ایک روضہ اپنے لیے بنوایا وصیت کی کہ مجھے اس روضہ میں دفن کرنا اور جو بیٹا سیّد رکن الدین اور سالا سیّد جمال الدین جو زہرہ کے ساتھ آئے تھے خدمت عمارت مذکوران کے حوالے کی گئی کچھ دن آستانہ عالیہ کی خدمت کرتے رہے ان کو بھی بعد میں توفیق ہوئی کہ ایک روضہ متصل زہرہ کے روضہ کے درست کیا دنیاوی امور ترک کر کے اسی روضہ میں مصروف عبادت ہوئے جب فوت ہوئے (ق/199) ہر دو اشخاص کو اسی مقام پر دفنایا گیا۔نیز جب زہرہ اٹھارہ سال کو پہنچی تو محبت محبوب الٰہی میں اتوار 14 رجب کو کہ اس وقت ہندی قاعدہ سے جیٹھ ماہ کا پہلا دن تھا دوست کو دیکھنے کی غرض سے اپنی جان دوست کے سپرد کی۔اور جب زہرہ غلبہ عشق ومحبت محبوب الٰہیٰ کی ذات کے تصور میں عین صفت اس کی بھی ہوئی حق تعالیٰ نے محبت محبوب کی وجہ سے محبوب کی محبت کرنے والے کو بھی محبوب بنالیا۔

ہر چہ درین عالم است از اثر صحبت است　　　ورنہ کجایافتی چوب بہای نبات

یعنی جو کچھ اس دنیا میں ہے سب صحبت کے اثر سے ہے ورنہ کہاں ممکن تھا چوب میں قیمت مصری و گنے کی ہو

حاصل کلام یہ ہے کہ اس زمانے میں ولایت سے معمار ہندوستان نہ آئے تھے کہ روضہ متبرکہ کا گنبد ولایت کے طرز سے بنایا جاتا معمار ہند (ق/200) یہ طریقہ نہیں جانتے تھے اور جب زہرہ نے محض شوق محبت میں عمارت روضہ بنوائی تھی اس کی محبت کی وجہ سے سلطان الشہداء نے اسی عمارت کو اس وقت تک قبول کیا ہے زمانہ گذشتہ میں بعض لوگوں نے ارادہ کیا کہ عمارت روضہ سلطان الشہداء کے شایان شان بنوائیں تو انہیں باطنی طور پر منع فرمایا آگے اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے کیا ارادہ ہو لیکن اس فقیر (عبدالرحمٰن چشتی) کا پختہ یقین ہے کہ آخر عمارت روضہ متبرکہ عالیشان ہوگی۔سلطان الشہداءؒ کے روضہ کے درمیان قبلہ کی جانب ایک محراب ہے اسی محراب کے نیچے سکندر دیوانہؒ کی قبر واقع ہے اور میر سیّد ابراہیمؒ کی قبر بھی اسی قبر کے پاس (ق/201) محراب کے نیچے مشرقی رخ درمیان میں زہرہ کا روضہ واقع ہے۔قصہ مختصر دونوں محبت کرنے والوں کی قبریں سلطان الشہداءؒ کی قبر اور زہرہؒ کی قبر کے درمیان ہیں مگر زہرہ کی فوقیت ظاہر ہونے سے ان رشتہ داروں کی روح پاک کے لئے کوئی فاتحہ خوانی نہیں کرتے بعض مجاورین کو ان رشتہ داروں کی غیرت سے تکلیف پہنچتی ہے لیکن سمجھتے نہیں ہیں۔قصہ مختصر زہرہ کے انتقال کے بعد اس کی ماں خود معہ رشتہ داران ہر سال برائے عرس رودلی سے آتی تھی اور غلبہ

عشق میں کہتی کہ میں زہرہ کے نکاح وشادی کی غرض سے بہرائچ جاتی ہوں کہ اس کا نکاح سالار مسعودؒ سے کردوں پس بہرائچ آتیں اور عرس شادی وکارخیر کی طرز پر کرتیں۔جتنے سال تک زندہ رہیں اسی طرح (ق/202) کیا۔جو کہ اپنی لڑکی کی محبت فراوانی کی وجہ سے بے اختیار تھیں یہ طریقہ کرتی رہیں۔شوق محبت کی وجہ سے اس وقت تک یہ سنت جاری ہے اور قیامت تک رہے گی۔لیکن فقیر (عبدالرحمٰن چشتیؒ) کا اعتقاد ہے اس طرح ہے کہ یہ شادی محض اس خواب مذکور کا ثمرہ ہے جو سلطان الشہداءؒ نے خود زندگی میں دیکھا تھا کہ ان کے والدین نکاح وشادی کے واسطے طلب فرما رہے ہیں اور یقین ہے کہ شہداء کی شادی جنت کی حوروں سے ہوتی ہے۔جیسے شہداء باطنی طور پر ہمیشہ خوش وخرم و پرسکون ہوتے ہیں اس کا عکس ظاہری دنیا پر بھی پڑتا ہے اس جگہ بھی وہی حالت ظاہر ہوتی ہے اور یہ ظاہری دنیا کا پرتو ہے جس کا جو باطن میں ہوتا ہے اس کا ظاہر (ق/203) میں بھی اسی طرح ہوتا ہے۔ارشاد باری تعالیٰ ہے۔[ھوالاوّل ھوالاخر]{ق۔1ص69}ھوال ظاھر ھوالباطن وھوبکل شیءعلیم۔وہی اوّل وہی آخر وہی ظاہر ہے وہی باطن اور وہی ہر چیز کا جاننے والا ہے۔اے عزیز یہ سب رنگ اور کرشمے عشق کے ہیں۔

برنقش خود است فتنہ نقاش　　　کس نیست درمیان تو خوش باش

ہر نقش خود فتنہ نقاش ہے کوئی نہیں اس درمیان تو خوش رہ۔ایسی چیزیں بدعت کہنا محض جہالت وحماقت ہے حضرت شیخ شرف الدین یحییٰ منیری لکھتے ہیں کہ "علماء ظاہری اپنے علم کی کمی کی وجہ سے عارفین کے کاموں کی مخالفت کرتے ہیں وہ علم نہیں رکھتے کہ ان کی حقیقت کو پہنچیں بسبب خود کو ہلاکت میں ڈالتے ہیں۔منقول ہے کہ جب سلطان الشہداءؒ کی کرامات کو شہرت ہوئی تمام انبوہ خلق چتر رنگ برنگ و نیزے لیے ہوئے ناچتے ہوئے ذوق وشوق سے بنارس کی جانب سے آئے تھے۔جب جونپور شہر پہنچے تو جونپور کے لوگ بھی نیزہا اور چتر (جھنڈے) (ق/204) اور ہزاروں تیر ہا کے ہمراہ ہوئے تو شہر میں شور بپا ہوا۔ایک دانشمند ملاں علم ظاہری کا درس دے رہا تھا اچانک ان آدمیوں کا معہ چتروں و نیزوں کے اس جگہ سے گذر ہوا وہ محبت فراوانی سے رقص کرتے باجا بجاتے اور گاتے جا رہے تھے اس ملاں نے پوچھا یہ کیا شور شرابہ ہے شاگردوں نے کہا یہ لاتعداد خلقت نیزوں اور جھنڈوں کے کے سالار مسعودؒ کی زیارت کے کو جا رہے ہیں عقل کے اندھے ملاں نے کہا کہ یہ بدعت کی قسم ہے آؤ ان آدمیوں کو تعزیر لگائیں شاگردوں کی جماعت کے اٹھ دوڑی جب قریب پہنچی کہ دست اندازی کریں اور طمانچہ غیرت دانشمند کے منہ پر اس طرح لگا کہ بے ہوش ہوکر زمین پر گر پڑا جان دیدی شاگردوں نے اس بے عقل کو اٹھا کر گھر لایا۔شہر کے آدمی یہ واقعہ (ق/205) سن کر آئے جمع ہوئے اور سب آدمیوں نے دیکھا کہ اس ملاں کا منہ سیاہ ہو گیا ہے۔اس وقت سے اکثر ناعاقبت اندیشان سلطان الشہداءؒ کی ولایت پر ایمان لائے اور فرمان بردار ہوئے اور سزا اس کی اس دنیا میں یہی تھی اور اس کا سیاہ رو ہونا بے ایمان ہونے کی دلیل ہے۔حق تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دوست اپنی ہستی سے نکل کر صفت حق میں موصوف ہوتے ہیں، ان کے قول وفعل اللہ کے افعال واقوال کے

مطابق ہوجاتے ہیں ایسے وقت میں کوئی اس طائفہ کے احوال کی مزاحمت کرے تو سزا اس کی ایسی ہی ہے کہ دنیا میں اور آخرت میں وہ سیاہ رو ہوجاتا ہے۔جیسا کہ بزرگ نے کہا ہے:۔

پروانہ ازان سوخت کہ باشمع درافتاد　　　باسوختگان ہر کہ درافتاد برافتاد

یعنی پروانہ اس لئے جلا کہ شمع سے جا لپٹا جو جلنے کے لئے ساتھ لپٹے گا وہ بھی تو جلے گا۔

روایت ہے کہ ایک روز فیروز شاہ بادشاہ دھلی 2ے کی ماں (ق ر 206) چھت پر کھڑی تھی اچانک آدمیوں کا ہجوم رنگ برنگ کے جھنڈے اور نیزے لئے خوش وخرم ناچتے، گاتے اور بجاتے ہوئے برائے زیارت سلطان الشہداءؒ جارہے تھے۔واقعہ حال دیکھ کر بادشاہ مذکور کی والدہ کو حیرت ہوئی کہ یہ کون سا صاحب کرامت ولی ہے۔حاضرین نے سلطان الشہداءؒ کی کرامات بیان کیں۔اور اس وقت سلطان فیروز شاہ ٹھٹھہ کی مہم میں تھا اس لئے سلطان کی ماں نے نیت کی کہ میرا لڑکا اگر ملک ٹھٹھہ سے فتح یاب ہوکر بخیر وعافیت پھر دہلی آجائے تو اس کو سلطان الشہداءؒ کی زیارت کے واسطے بہرائچ بھیجوں گی۔الغرض سلطان مذکور کو ٹھٹھہ میں مشکل وقت پیش آیا تو حق تعالیٰ نے تصرف (کرامت) (ق ر 207) حضرت سلطان الشہداءؒ سے فتح دی اور محفوظ دہلی پہنچا۔اور والدہ سلطان فیروز نے پابندی سے بہرائچ بھیجا۔جب سلطان مذکور بھرائچ کے نزدیک پہنچے تو بعض ناقصان نے کہا سنا ہے کہ قبر سلطان الشہداءؒ کی کسی اور جگہ ہے اور یہ مزار جس کی زیارت لوگ کرتے ہیں قبران محبوب الٰہی کی اس روضہ میں نہیں ہے۔سلطان کو وہم پیدا ہوا کہ زیارت کیسے میسر آسکتی ہے۔پس فرمایا! کہ معلوم کریں اس جگہ کوئی درویش خداشناس پوشیدہ ہو جس کے ہمراہ میں زیارت کروں کہ از نظر صاحب کشف عارف کامل اہل قبور پوشیدہ نہیں ہوتے۔ان دنوں عارف ربانی محبوب سبحانی پوشیدہ راز کو جاننے والے حضرت میر سیّد امیر ماہ قدس سرہ زندہ تھے ان کی خوارق اور کرامات لوگوں پر بارش کی طرح برستی تھیں۔ہر ایک نے ان کے کامل بزرگ ہونے کا سلطان کی خدمت میں التماس کیا۔سلطان فیروزؒ ذوق سے پہلے حضرت میرؒ مذکور کی خدمت میں پہنچے ملاقات میں التماس کیا کہ میں شوق سے سلطان الشہداءؒ کی زیارت کے لئے اس جگہ آیا ہوں۔لیکن لوگ اور طرح کی باتیں کرتے ہیں۔میں چاہتا ہوں کہ حضرت کے ہمراہ زیارت سے مستفید ہوں کیوں کہ آپ سے اہل قبور کے حالات پوشیدہ نہیں ہوں گے۔حضرت میر سیّد ماہؒ قدس سرہ نے فرمایا کہ فلاں دن فلاں تاریخ اسی قبر اور روضہ سے حضرت سلطان الشہداءؒ نکل کر تمہاری امداد کے لئے ٹھٹھہ کی جانب گئے تھے۔جب تم اس جگہ فتح یاب ہوگئے تو میں نے دیکھا کہ وہ اس مقبرہ میں آئے۔سلطان نے واقعہ نویس طلب کیا گیا۔کاغذ واقعہ کا مطالعہ کیا گیا وہی روز وہی تاریخ کہ جو حضرت میرؒ قدس سرہ نے فرمایا۔کاغذ واقعہ کے عین مطابق نکلا۔سلطان فیروزؒ کا ہر دو بزرگوں کی ولایت وکرامات {ق۔1 ص 71} (ق ر 209-208) پر پختہ یقین ہوا ہمراہ حضرت میرؒ قدس سرہ آستانہ عالیہ سلطان الشہداءؒ پہنچے۔چوں کہ لشکر کے سب آدمی زیارت کے لئے گئے تھے خلقت بہت زیادہ تھی۔حضرت میر سیّد ماہؒ قدس سرہ اور سلطان فیروزؒ بادشاہت چھوڑ کر روضہ متبرکہ کے دروازے پر کھڑے

رہے کہ لشکر کے سب لوگ زیارت سے فارغ ہوجائیں اس وقت میں شرف زیارت کروں گا۔پس سلطان نے رخ حضرت میر قدس سرہ کی جانب کرتے ہوئے عرض کی کہ سلطان الشہداءؒ کی کچھ کرامات بیان کیجئے چونکہ اللہ تعالیٰ نے آپؒ کو دوجہاں کی کامل پہچان دی ہے اسی وقت جواب دیا کہ اس سے زیادہ کون سی کرامات سلطان الشہداء کی چاہتے ہیں کہ آپ جیسا بادشاہ اور مجھ جیسا فقیر دونوں دربانی کررہے ہیں۔سلطان بھی اسی بات کی خواہش رکھتا تھا بہت لطف ولذت (ق ر 210) حاصل کر کے محظوظ ہوا۔اور شمس السراج واقعہ نویس سلطان فیروز قسم پنجم مقدمہ اوّل بیان خادم ہونے فیروز شاہ کے اس طرح نقل کرتے ہیں کہ فیروز شاہ اللہ کی مہربانی سے حضرت شیخ علاؤالدین نواسہ شیخ الاسلام شیخ فریدالدین مسعودؒ اجودہی قدس سرہ العزیز سے عقیدت رکھتا (مرید) تھا اپنے عہد حکومت میں اس نے اولیاء کرام کی اطاعت کی۔آخری عمر میں سر حلق کرتے ہوئے 776 ھجری میں بغرض مریدی وبندگی سپہ سالار مسعود غازی رحمتہ اللہ علیہ کی طرف بہرائچ پہنچا تھوڑا عرصہ اس جگہ قیام کیا۔اچانک ایک شب سپہ سالار مسعود غازیؒ 2ے نے خود سلطان فیروز کو خواب میں ظاہر ہوکر دیدار کروایا اپنا ہاتھ چہرہ پر پھیرا یعنی بڑھاپے کے دن آگئے ہیں آخرت کی تیاری کرنی چاہیے اور خود اس کو یاد میں لانا چاہیے (ق ر 211) سلطان شاہسوار نے برائے ہدایت و دستگیری حلق کرواتے ہوئے روضہ سپہ سالار مسعود غازی کے قدموں میں صوفیہ کرام کی جماعت میں شامل ہوا۔غرض کہ اس دن سے فیروز شاہ کی محبت کے سبب اس کے اکثر گھر والے، شہزادے اور امرائے مملکت نے بھی حلق کروایا۔یہ عجیب راز ہے محبت اور دوستی کی داستان کا۔

مرا زندہ پندار چون خویشتن　　　من آیم بجان گر تو آئی بہ تن

مجھ کو اپنی طرح زندہ ہی سمجھو کہ تم اگر جسم کے ساتھ آئے تو میں روح کے ساتھ آیا ہوں۔

منتخب التاریخ میں تحریر ہے کہ بعد ازاں سلطان نے دہلی جا کر خود اپنے نواسہ کو ولی عہد تعینات کرتے ہوئے تخت سلطنت دھلی پر بٹھایا اور خود خلوت وتنہائی اختیار کرتے ہوئے بقیہ عمر یاد الٰہی میں مشغول ہوئے۔حضرت میر سیّد اشرف جہانگیر قدس سرہ اپنے خط نمبر 32 میں رقمطراز ہیں کہ سادات بہرائچ کے بہت صحیح النسب میں مشہور (ق ر 212) ہیں سیّد ابو جعفر میر ماہؒ کو دیکھا ہوا وہ پاکیزگی وپارسائی میں بے مثال تھے۔اور مزار متبرکہ سعید شہید مسعود غازیؒ کے طواف کے دوران روحانیہ مسعودیہ وحضرت خضر علیہ السلام اور سیّد میر ماہؒ اور یہ درویش ایک محفل میں تھے زیادہ تر حالات مشیخت (بزرگی) اور مقامات معرفت وبزرگی حضرت خضر علیہ السلام سے معلوم کیے تھے اس دوران دندان مبارک حضرت خضر علیہ السلام ساتویں مرتبہ از سر نو نکلے تھے۔سبحان اللہ کیا انوکھی مجلس واقع ہوئی تھی۔اس حکایت سے سلطان الشہداء کے کمالات ذہن نشین ہوتے ہیں۔ملفوظ حضرت میر سیّد علی قوام قدس سرہ میں درج ہے کہ حضرت میر نے اپنے خلیفہ اکمل (کامل) شاہ موسیٰ جیسے کو وصیت کی کہ اللہ تعالیٰ کی قربت حاصل کرنے کے لئے اپنی توجہ روحانیت (ق ر 213) سالار مسعودؒ کی جانب ہونی چاہیے اس لئے کہ ان کی روح پاک مثل آفتاب کے خداشناسوں کی نظر میں چمکتی ہے اور یہ لوگ ان سے فیض پاتے

ہیں۔اگر چہ کوئی ایک حرف بھی کافی ہوتا ہے۔خواجہ مصلح الدینؒ کے نبیرہ شیخ مرتضیٰؒ ملفوظ حضرت میر سیّد سلطانؒ قدس سرہ میں اس طرح تحریر کرتے ہیں کہ میر سیّد سلطان نے بارہ برس دہلی میں حوض شمسی کے قریب ایک پرانی قبر جو درمیان سے کھوکھلی اور خالی تھی میں گزارے۔بعداز بارہ برس باہر بیٹھے تھے کہ دیکھا ایک شخص مریض راستے میں جا رہا تھا۔اچانک گھوڑے کے اوپر سے سوار ظاہر ہوا اور اس مریض کو کوڑا مارا اور میر سیّد سلطانؒ کو اس عبارت سے خطاب کیا کہ اے درویش؟ میر نے کچھ نہ کہا۔چند اور کوڑے مریض کو مارے۔زیادتی کی وجہ سے وہ مریض زمین پر کروٹ پہ کروٹ اور ہاتھ زمین پر مارتا رہا کوڑھ کی کھال اتر گئی اور جسم (ق/214) ٹھیک ہوگیا۔کہا چلا جا، یا اس جگہ رہ۔جب مریض چلا گیا تو پھر میر مذکور کو مخاطب کیا۔تیسری دفعہ کہا! اے قطب جہانگیر! تین روز تک اسی لقب سے مخاطب ہوئے۔اور اس دنیا میں کوئی شخص انہیں ایسا نہیں کہتا تھا۔میرؒ مذکور حیران ہوئے اس سوار کی جانب دیکھا اور کہا! تم کون ہو۔کہا کہ ولایت نمک کا حصہ ہر شخص کی دیگ میں میرے ہاتھ سے پڑتا ہے۔ہم کو سالار مسعود کہتے ہیں۔میری قیام گاہ بہرائچ ہے۔صحبت (مجلس) تصور میں واقع ہوئی۔اور شیخ ضیا برنی تواریخ فیروز شاہی جو خود انہی کی تصنیف ہے میں لکھتے ہیں کہ سلطان محمد شاہ تغلق 2 نے عین الملک کے فتنہ (بغاوت) بنگر مئو سے فارغ ہونے کے بعد بہرائچ کا ارادہ کیا اور سپہ سالار مسعود غازیؒ کی زیارت کی بسبب کہ وہ مجاہدین و غازیان وعزیزان سلطان محمود سبکتگین میں سے تھے (ق/215) اور مجاورین مزار کو بے شمار صدقات زر ہا دیئے۔بہرائچ میں احمد ایاز تفیض کیا کہ وہ آگے روانہ ہوں اور لکھنوتی کے راستے میں لشکر گاہ قائم کریں۔نیز خود (بہرائچ) کی حدود میں فرائض سرانجام دیئے۔قصہ مختصر زیادہ تر بادشاہان دھلی برائے زیارت سلطان الشہداءؒ پہنچتے اور ظاہری و باطنی فیض پاتے رہے۔حضرت شیخ محمد فیاضؒ سے روایت ہے کہ قطب الوقت حضرت راجی سیّد نور مانکپوریؒ کے گھر اولاد نہ تھی اہلیہ راجی مذکور یہ نے نیت کی کہ اگر اللہ تعالیٰ مجھے اولاد نرینہ دے دے تو میں خود بیٹے کے ساتھ سلطان الشہداءؒ کی محبت میں زیارت کو بہرائچ جاؤں گی۔ازامداد باطنی (پوشیدہ اعانت) سلطان الشہداء اللہ تعالیٰ نے راجی کو مبارک نام کا بیٹا عطا فرمایا تو راجی سیّد نور کو عورتوں کا بھیجنا دشوار گذرا۔ایک رات کو (ق/216) حجرہ میں مصروف (عبادت) تھے کہ سلطان الشہداءؒ سفید گھوڑا پر سوار ہو کر پہنچے۔اور گھوڑا مذکور سے نیچے اتر کر آگے سیّد راجی نورؒ کے تشریف فرما ہوئے اور فرمایا! اپنے فرزند کو میرے پاس حاضر کریں۔ضروری نہیں کہ تمہارا بیٹا تکلیف اٹھا کر بہرائچ آئے۔تو راجی سیّد نور اٹھے اور سیّد مبارک کو لا کر سلطان الشہداءؒ کے دربار میں ڈال دیا۔سلطان الشہداءؒ نے ان کو بہت دعائیں دیں اور سامنے سے اٹھے۔ایک مرد سر و پا ننگا سلطان الشہداءؒ کا گھوڑا پکڑ کر کھڑا تھا۔راجی سیّد نور نے احوال (ق/217) اور طور طریقہ اس آدمی کا دیکھ کر پوچھا یہ کون شخص ہے؟ سلطان الشہداءؒ نے فرمایا! کہ یہ سکندر دیوانہؒ ہے۔سبحان اللہ! جیسا کہ سکندر دیوانہؒ نے سلطان الشہداءؒ کی محبت میں جان کی بازی ہاری دی۔اس وقت بھی قربت حضوری تمام ہے۔مطابق حدیث نبوی ﷺ کلما تبعثون یموتون کما تموتون تبعثون کما تبعثون تحشرون۔یعنی جیسا کہ اٹھائے جاؤ گے موت کے بعد، جیسا کہ موت آئے گی، اٹھائے جاؤ گے۔جیسا کہ اٹھائے

جاؤ گے قیامت کے دن۔حاصل کلام یہ کہ سلطان الشہداءؒ کی کرامات اور کمالات ولایت دفاتر میں نہیں سما سکتے ہر چند کوئی آدمی تحریر کرے یا کہے اس سے زیادہ ہے۔اور چند کرامات سلطان الشہداءؒ کی اس فقیر (عبدالرحمٰن چشتی) پر ظاہر ہوئی ہیں اگر ان کو درج کیا جائے تو کتاب طویل ہو جائے اہل بصیرت کے لیے یہی پوشیدہ (نکتہ) (ق/218) کافی ہے کہ وہ محبوب الٰہی تھے۔اور سلطان الشہداءؒ کی محبوبیت کی مثال سورج کی طرح روشن ہے کہ اٹھارہ ہزار عالم با ذوق وشوق مسرور پروانوں کی طرح خود کو ان کے آستانہ عالیہ پر نثار کیے ہوئے ہیں۔اور مثل اس کے ہر شخص کا چہرہ شوق حضوری مشاہدہ جمال سے بہرہ مند دکھائی دیتا ہے گویا سب ان کے مشاہدہ جمال سے بہرہ مند ہیں اور جس کسی کو حق تعالیٰ محبوب رکھتا ہے لوگوں کو بھی اس میں مبتلا کر دیتا ہے۔روایت ہے کہ حضرت شیخ شرف الدین یحییٰ منیریؒ کے مرید نے پوچھا کہ یہ کیا رواج ہے کہ سلطان الشہداءؒ کی قبر ہر ملک اور ہر شہر میں بنا دیتے ہیں؟ حضرت شیخ قدس سرہ العزیزؒ نے فرمایا! کہ اللہ تعالیٰ نے کمال کی کرامات (ق/219) سالار مسعودؒ دی تھیں کہ اگر دنیا کے سب آدمی ہر مکان میں ان کی قبر بنا لیں تو اپنی ولایت کے اختیار کی وجہ سے ہر مقام پر خود حاضر ہوں اور فیض پہنچائیں۔مطلب یہ کہ اس قسم کے کمالات محبوب الٰہیؒ کے علاوہ کسی دوسرے میں ہونا ممکن نہ ہیں۔جبکہ سلطان الشہداءؒ نے بکمال شوق اپنی آنکھوں سے دیکھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور جان کی بازی ہاری ہے۔اس وجہ سے ہر دن نئی کرامت اور تازہ ظہور اور جدید ذوق اور نیا حسن اور تازہ عشق اور جدید درد اور نیا ساز اور تازہ سوز اس محبوب رب العالمینؒ کے آستانہ عالیہ پر روشن ہے جس سے دلوں کو راحت وسکون میسر آتا ہے۔

ازسر تا ناخن پایت سراسر نازمی بینم کجا حد است حسنت را ہنوز آغازی بینم

سر سے پاؤں کے ناخن تک سب لاڈ و پیار ہی نظر آتا ہے۔تیری خوبصورتی کی کوئی انتہا نہیں ابھی تو صرف ابتدا ہی دیکھتا ہوں۔(ق/220)۔ختم شد نسخہ مراۃ المسعودی 22 جمادی الاوّل 1074 ھجری

کاتب: مالک محمد اویس بن شیخ لقمان خادم قصبہ خطیرہ بہرائچ۔(ق/221)

حوالہ جات:

1۔ سالار ساہو غازی بن عطا اللہ غازی بن طاہر غازی بن طیب غازی بن محمد غازی بن عمر (علی) غازی بن محمد آصف غازی بن بطل غازی (عون عرف قطب غازی جد اعلیٰ قطب شاہی علوی اعوان) بن عبدالمنان غازی (علی عبدالمناف) بن محمد حنفیہ بن اسد اللہ الغالب علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ

2۔ کتاب سفرنامہ ابن بطوطہ (عربی) کا اردو ترجمہ خان بہادر مولوی محمد حسین ایم اے ریٹائرڈ سیشن جج نے یکم ستمبر 1913ء مقام دہلی میں کیا ہے 2005ء میں مشتاق بک کارنر اردو بازار لاہور نے بھی شائع کیا اس کے ص 206 پر درج ہے "پھر بادشاہ (فیروز شاہ تغلق) نے بہرائچ کی طرف جانے کا ارادہ کیا۔یہ ایک خوبصورت شہر دریائے سرجو (دریا نیپال کے پہاڑ سے نکلتا ہے) کے کنارے واقع ہے سرجو ایک بڑا دریا ہے جو اکثر اپنے کنارے گراتا رہتا ہے بادشاہ شیخ سالار مسعودؒ کی قبر کی زیارت کے لیے دریا پار گیا شیخ سالار مسعود غازی نے اس نواح کے اکثر ملک فتح کیے ہیں۔شیخ سالار مسعود غازی کی قبر کی زیارت کی ان کا مزار ایک برج میں ہے لیکن میں اژدھام کے سبب سے اس کے اندر داخل نہ ہو سکا"۔اسی کے ص 229 پر مترجم

لکھتے ہیں کہ ”سالار مسعودؒ اور سالار رجب (فیروز شاہ کے باپ) کے اس جگہ مزار ہیں فی الحال ملک اودھ میں یہ شہر ایک ضلع کا صدر مقام ہے۔۔ابن بطوطہ کی مراد یقیناً سلطان مسعود غازی سے ہے جن کا مزار بہرائچ واقع ملک اودھ میں ہے۔مشہور ہے کہ آپ سلطان محمود غزنوی کے بھانجے تھے ایک شخص عبدالرحیم (عبدرحمٰن) چشتی نے جہانگیر بادشاہ کے زمانہ میں ایک تاریخ مراۃ مسعودی تصنیف کی ہے۔اس نے آپ کے باپ کا نام ملک ساہو اور ماں کا نام ستر معلیٰ لکھا ہے اور سال ولادت 404ھ اور جائے ولادت اجمیر اور سال وفات 424ھ لکھا ہے ۔ابوالفضل نے سالار مسعود کی بابت یہ لکھا ہے کہ: ”خویشند سلطان محمود غزنوی ست“ فرشتہ لکھتا ہے کہ ”از اقارب سلطان محمود غزنوی بودہ کہ در عہد اولاد سلطان محمود غزنوی در 757ھ بدست کفار مقتول گردید“۔

